VOLUME I NUMBER 2

MAJALLA-I ‘ULŪM-I ISLĀMĪYA

DECEMBER 1960

Published by
THE INSTITUTE OF ISLAMIC STUDIES
ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY
ALIGARH, INDIA

MAJALLA-I 'ULŪM-I ISLĀMĪYA

Vol. I No. 2 December 1960

SYNOPSIS OF CONTENTS

ARTICLES

Ghalib ke Kulliyyat-i-Farsi ka qadim-tarin maujudan uskha by Qazi Abdul Wadood. This paper describes two earliest available manuscripts of the Persian *Kulliyyat* of Mirza Asadullah Khan Ghalib (d. 1869), transcribed in 1254 A.H., and owned by the Khuda Bakhsh Oriental Library, Patna. The differences between this manuscript and the printed (Nawal Kishore) edition have been fully dealt with in this paper.

Bayad-i-Basiti by Professor Syed Hasan · This article describes a rare manuscript of the two centuries old anthology compiled by Bande 'Ali Khan Basiti, and gives an account of the life and works of the compiler who was himself a poet. The anthology contains about four thousand five hundred verses belonging to more than 500 Persian poets and arranged under 93 subject titles.

Mirza Fakhir Makin by Fayyaz ud-Din Haidar: The article introduces a manuscript of Mirza Fakhir Makin's letters, entitled *Gulzar-i-Ja'fari*, which provides information on the life and character of the author.

Diwan-i-Hafiz ka ek qadim makhtuta by Dr. Nazir Ahmad: In this article the Asafiya Library MS., Hyderabad (India), transcribed in 818 A.H., i.e 9 years before the Khalkhali MS., has been introduced. This is a shorter codex, comprising 357 *ghazals*, as against 495 of the Khalkhali, and Mirza Muhammad's assertion regarding all poems not included in the Khalkhali codex as spurious is proved incorrect, for out of these so-called spurious poems, 9

ghazals, 5 *qit'as* and three quatrains are present in the earlier Asafiya codex. The other point to be noted is that the exclusion from the Khalkhali and even Asafiya MS. cannot be the basis of declaring such poems as spurious and redundant. The chances of genuine pieces in this class of poems cannot be ruled out.

Ahli-i-Khurasani by Dr. Muhammad Sham'un Isra'ili : This article deals with an important poet of the late fifteenth and early sixteenth century A.D, when Herat was at the pinnacle of its literary glory under the fostering care and patronage of Mir 'Ali Shir Nawa'i. The information given in the article has been collected from the internal evidence supplied by four manuscripts of *Diwan-i-Ahli* preserved in the Aligarh University Library.

Mathnawi Mazhar al-Barakat by M. Fazlur Rahman Nadwi : The article presents an account of the author and gives a critical survey bringing out the importance of the book. The book which was written by an Indo-Arabic poet, Mir Ghulam 'Ali Azad Bilgrami (d. 1200 A. H.), comprises seven *daftars*, containing about 4,000 *mathnawi* couplets.

Khayyam ka tadhkira Tafsir-i-Kabir men by Shabbir Ahmad Khan Ghori : For some time past scholars are trying to discover all the sources, which contain information regarding 'Umar Khayyam (d. 515). A recent addition to these sources is the *Tafsir-i-Kabir* by Imam Fakhr al-Din al-Razi which has been brought to light by Prof Sa'id Nafisi. Persian scholars, such as Badi'uz Zaman and Dr. Muhammad Mu'in, have expressed the opinion that the reference in the above work is a case of mistaken identity in which 'Umar b. al-Husam (عمر بن الحسام) has been confused with 'Umar b. al-Khayyam (عمر بن الخيام). The present article attempts to counteract the views of the above scholars and advances arguments in favour of the opinion expressed by Prof. Nafisi.

SHORT NOTES AND COMMUNICATIONS

Al-Mufaddaliyyat sahibuha al Asli by Professor 'Abd al-'Aziz al-Maimani : Ibrahim b. 'Abdallah b. al-Hasan b. al-Husain b. 'Ali (d. 145 A.H.) stayed for some time with Mufaddal al-Dabbi. During his stay he took up the study of Arabic poetry, for which Mufaddal had abundant material. He took this opportunity to make a selection of Arabic verse. After the assassination of Imam Ibrahim the selection was brought to light by Mufaddal and, thus, it came to be called *Mufaddaliyyat*. The writer of the article argues that the work should be named *Ibrahimiyyat* after the example of Asma'i's selection which bears the name of *Asma'iyyat*.

Mujmal al-Lughat ka ek qimati nuskha by Dr. Mukhtar-ud-din Ahmad: This article introduces a valuable manuscript of *Mujmal al-Lughat* a well-known work by Ibn Faris The importance of the MS., which is preserved in the Leiden University, is that it is copied by Ibn Maymun al-Baghdadi who utilized it for taking lessons from his tutor Ibn al-Khashshab and contains a certificate to this effect from the latter. This manuscript came in the possession of the renowned poet and writer of Shayzar, Murhaf b. 'Usama (d. 613) and also belonged to the Rasulid ruler, Da'ud b. Yusuf b. 'Umar b. 'Ali b. Rasul (d 721). The manuscript bears the autograph of these people.

Maratib-al-Ijma' by Mas'ud Hasan: Ibn Hazm (d. 456 A.H.) is perhaps one of the most prolific writers in Arabic. Amongst his works which have remained in comparative obscurity is the *Maratib al-Ijma'*. The present article describes the importance of this work and also supplies information regarding two new MSS.

Mir 'Ali al-Katib ka ek shahkar by Dr. Mukhtar-ud-Din Ahmad: Manuscripts written in the handwriting of the well-known copyist of Herat, Mir 'Ali al-Katib (d. 951) are found in various libraries of the world The present article provides a complete list of the manuscripts copied by him. It ends with a detailed description of a manuscript of the *mathnawi* entitled *Guy-u-Chugan* by 'Arifi which was copied by Mir 'Ali al-Katib in Herat in 924 A.H. This manuscript was the property of several Mughal sovereigns and now belongs to the Aligarh University Library.

TEXT

Fada'il man ismuhu Ahmad aw Muhammad by Ibn Bukayr al-Baghdadi edited by Dr Mukhtar-ud-Din Ahmad: A critical edition of one of the tracts of Ibn Bukayr al-Baghdadi (d. 388) based upon two manuscripts in the Leiden University Library. It contains introductory notes on the proper names mentioned in the text, and is preceded by a short preface written by the editor.

فهرس المراجع

(١) ابن تغرى بردى : النجوم الزاهرة (كاليفورنيا ، ١٩٠٩—١٩٢٤) .

(٢) ابن حجر العسقلانى : تهذيب التهذيب (حيدرآباد ، ١٣٢٥—١٣٢٧) .

(٣) ابن خلكان : وفيات الأعيان (القاهرة ، ١٩٤٨) .

(٤) ابن سعد : الطبقات الكبير (ليدن ، ١٣٢١)

(٥) ابن عبد البر : الإستيعاب فى أسماء الأصحاب (حيدرآباد ، ١٣١٩) .

(٦) ابن عساكر : تاريخ دمشق (تهذيبه) (دمشق ، ١٣٢٩—١٣٥١) .

(٧) ابن العماد الحنبلى : شذرات الذهب (القاهرة ، ١٣٥٠) .

(٨) ابن القيسرانى : الجمع فى رجال الصحيحين (حيدرآباد ، ١٣٢٣) .

(٩) ابو بكر بن هداية الله الحسينى الملقب بالمصنف : طبقات الشافعية ' (طبع بغداد) .

(١٠) ابو شامة : الذيل على الروضتين (القاهرة ' ١٩٤٧) .

(١١) البخارى : التاريخ الكبير (حيدرآباد ١٣٦١) .

(١٢) البخارى : التاريخ الصغير (الهند ، ١٣٦٥) .

(١٣) الخزرجى : خلاصة تهذيب الكمال فى أسماء الرجال (مصر ١٣٢٢)

(١٤) الخطيب البغدادى : تاريخ بغداد (القاهرة ، ١٣٤٩) .

(١٥) الذهبى : تاريخ الإسلام ' الجزء الحادى عشر (نسخة اوكسفورد Laud 305) .

(١٦) الذهبى : تذكرة الحفاظ ، الطبعة الثالثة (حيدرآباد ، ١٩٥٥) .

(١٧) الذهبى : المشتبه فى أسماء الرجال (ليدن ، ١٨٦٣) .

(١٨) الذهبى : ميزان الإعتدال (القاهرة ، ١٩٠٩) .

(١٩) الزركلى : الأعلام ، الطبعة الثانية (القاهرة ، ١٣٥٤—١٣٥٩) .

(٢٠) سبط ابن العجمى : التبيين لأسماء المدلسين ' نسخة جامعة علىگڑه .

(٢١) سبط ابن العجمى : الإغتباط بمن رمى بالإختلاط ، نسخة جامعة علىگڑه .

(٢٢) السبكى : طبقات الشافعية الكبرى (القاهرة ، ١٣٢٤) .

(٢٣) السمعانى : كتاب الأنساب (ليدن ، ١٩١٢) .

(٢٤) ياقوت الحموى : معجم البلدان (ليبسيك ، ١٨٦٦—١٨٧٣) .

(٢٥) Brockelmann, *Geschichte der Arabischen Litteratur* (Leiden, 1937-19..)

وبه قال حدثنا ابو العباس جعفر بن محمد الورّاق حدثنا محمد بن على بن الحسين حدثنا عبد المؤمن بن خلف حدثنا جدّى طفيل بن عمرو حدثنا نصر بن عبدالكريم حدثنا محمد بن المفضل عن عثمان بن عطاء(١) عن أبيه (٢) قال: ما من إمرأة حُبلى جعلت فى نفسها إن ولد لها غلام أن تسميه محمداً إلاّ ولدت غلاما وما من أهل بيتٍ فيه اسم محمد إلاّ لم يزالوا يتعارفون البركة ما كان بين أظهرهم .

(١) عثمان بن عطاء بن أبى مسلم الخراسانى . توفى سنة ١٥٥. يروى عن أبيه وغيره . ضعفه مسلم و يحيى بن معين و الدارقطنى وقال الجوزجانى ليس بالقوى . وقال ابن خزيمة لا احتج به . قاله الذهبى فى ميزان الإعتدال (٢ : ١٨٦) .

(٢) هو عطاء بن أبى مسلم (٥٠—١٣٣) ذكره العقيلى و ابن حبان و البخارى فى الضعفاء . و هو كثير الإرسال عن الصحابة و إنما سمع عن أبى بريدة والتابعين . و له ترجمة فى شذرات الذهب (١ ١٩٢) و ميزان الاعتدال (٢ : ١٩٨) .

بنت سعيد قالت: حدثتني أم كلثوم بنت عقبة عن أمها خليلة بنت عقبة عن عبد الجليل قالت قلتُ يا رسول الله أني إمراة لا يعيش لي ولد فما تأمرني؟ قال: احعلي لله عليك أن يسمى محمداً فإنه يعيش، وفعلتُ فعاش. فما في البحرين أهل بيت أكثر منه.

وبه قال حدثنا أبو يعقوب يوسف بن علي بن خم القرانوتي حدثنا أبو بكر أحمد بن شاذان البزّاز[١]، بمغداد حدثنا أبوالقاسم عبيد الله[٢] بن محمد بن عامر الطائي حدثنا أبي حدثنا علي[٣] بن موسى الرضى عن أبيه عن جدّه جعفر[٤] بن محمد عن أبيه عن جدّه عن الحسين بن علي بن أبي طالب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا سميتم الولد محمداً فاكرموه و وسعوا له في المجلس ولا تقبحوا له وجهاً.

(١) ابوبكر أحمد بن ابراهيم بن الحسن بن محمد شاذان ابو بكر البغدادي البزاز المحدث المتقن. و كان يتجر في البز إلى مصر وغيرها توفي سنة ٣٨٣ عن ٨٦٠ وله ترحمة في شذرات الذهب (٣: ١٠٤) و تاريخ بغداد للخطيب (٤:١٨).

(٢) رواية اللبودي: «عبدالله بن أحمد بن علي بن سليمان الطائي».

(٣) هو علي بن موسى بن جعفر بن محمد الهاشمي العلوي الرضا. توفي سنة ٢٠٣. قال ابن طاهر يأتي عن أبيه بعجائب. قال الذهبي انما الشأن في ثبوت السند إليه فالرجل قد كذب عليه و وضع عليه نسخة سائر الكذب على جده جعفر الصادق. فروى عنه أبوالصلت الهروي أحد المتهمين. ولأبي أحمد عامر بن سليمان الطائي عنه نسخة كبيرة. قال الدارقطني عن ابن حبان انه يروي عن أبيه عجائب يهم و يخطيء. راجع ميزان الإعتدال (٢: ٢٣٩).

(٤) الإمام سلالة النبوة جعفر الصادق بن محمد الباقر بن زين العابدين بن علي بن الحسين الهاشمي العلوي (٨٠—١٤٨) روى عن أبيه وجده القاسم. راجع شذرات الذهب (١: ٢٢٠)

جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ولد له ثلاثة فلم يسمّ أحدهم باسمي(١) فقد جفاني.

وبه قال حدثنا أبو يعقوب يوسف بن علي الفقيه حدثنا أبو بكر بن شاذان ببغداد حدثنا ابو القاسم [عبدالله بن أحمد بن عامر بن سليمان] الطائي حدثنا أبي حدثنا أبو الحسن [علي بن موسى] الرضا عن موسى بن جعفر الصادق عن أبيه عن جده عن علي بن الحسين زين العابدين عن الحسين بن علي بن أبي طالب رضي الله عنه عن أبيه رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه و سلم: ما من مائدة وُضعت وحضر(٢) عليها من اسمه محمد أو أحمد إلاّ قدّس [الله] ذلك المنزل في كلّ يوم مرّتين.

وبه قال حدثنا عبد الرحمن بن محمد بن رضوان حدثنا أحمد بن محمد بن الحسن الاستراباذي حدثنا أبي حدثنا عبدالله بن محمد بن خلاد حدثنا عبد الرحمن بن عمرو بن جبلة(٣) حدثنا رشدة

(١) رواية اللبودي «محمداً» موضع «باسمي».

(٢) رواية اللبودي: «و حضر»

(٣) في الأصل: «حيلة» تصحيف «جبلة». و هو عبد الرحمن بن عمرو بن جبلة الباهلي، قال أبو حاتم كان يكذب و قال الدار قطني متروك يضع الحديث. و زاد ابن حجر قول البغوي انه ضعيف الحديث جداً. راجع ميزان الإعتدال (١١٣:٢) ولسان الميزان (٣: ٤٤٤).

بن سلمة عن عمرو بن دينار(١) عن جابر بن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس أحد من أهل الجنة إلا وهو يُدعى(٢) باسمه إلاّ أذم فانه يُدعى بأبي محمد.

وبه حدثنا جعفر بن حمد بن محمد بن اسمعيل حدثنا خلف بن محمد(٣) حدثنا عبد السميع بن أحمد حدثنا قتيبة(٤) حدثنا ابراهيم بن زكريا حدثنا عبد الملك بن هارون بن عنترة(٥) عن أبيه عن

(١) عمرو بن دينار، أبو محمد الجمحي الحافظ الإمام. سمع جابر بن عبد الله و غيره و حدث عنه الحمادان وغيرهما مات سنة ١٢٦ أو نحوها له ترجمة فى ابن الأثير (٥ : ١٠٨) و تذكرة الحفاظ (١ : ٦) و شذرات الذهب (١٧٠:١)

(٢) فى اللبودى « مدعاً ».

(٣) هو خلف بن محمد بن اسمعيل الخيام البخارى مات فى حدود السنة ٣٥٠ قال الحاكم سقط حديثه قال أبويعلى الخليلى خلط وهو ضعيف جداً روى متوناً لا تعرف و له ترجمة فى ميزان الإعتدال (١ : ٣١٠) ولسان الميزان (٢ : ٤٠٤)

(٤) فى الأصل: « قسه » غير منقوط. وهو ابو رجاء قتيبة بن سعيد الثقفى الحافظ و اسمه يحيى وقيل على، سمع مالكاً و الليث و غيرهما و رحل العلماء إليه من الأقطار تو فى ٢٤٠هـ عن ٩١ سنة. راجع شذرات الذهب (٢ : ٩٤) و تذكرة الحفاظ (٢ : ٣٠).

(٥) فى الأصل: « عسرة » والتصحيح عن اللبودى وميزان الإعتدال. وهو عبد الملك بن هارون بن عنترة. روى عن أبيه قال الدارقطنى هما ضعيفان، و قال ابن حبان واضع الحديث و قال السعدى دجال كذاب. راجع ميزان الإعتدال (٢ : ١٥٤).

وبه حدثنا عبدالرحيم [10a] بن أحمد البخارى حدثنا محمد بن على الجابرى حدثنا أبويعلى عبد المؤمن بن خلف حدثنا الفضل[1] بن محمد الأنطاكى حدثنا محمد بن مصفى حدثنا عثمان بن عبد الرحمن(٢) عن محمد بن عبد الملك[٣] عن يحيى بن سعيد(٤) عن سعيد بن المسيب(٥) قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : لا يدخل الفقر بيتاً فيه اسمى

وبه حدثنا جعفر بن محمد الحافظ حدثنا زاهر بن أحمد حدثنا محمد بن زهير حدثنا على بن عبد الحميد حدثنا محمد بن اسماعيل الموصلى حدثنا عبد الملك بن ابراهيم الحدى(٦) عن حماد(٧)

(١) اللودى : « الفضل بن عبد الله بن سليمان العطار بانطاكية »

(٢) عثمان بن عبدالرحمن الطرائفى المؤدب أحد علماء الحديث بحران مات فى سنة ٢٠٣هـ راجع شذرات الذهب (٢ : ٦) .

(٣) لعله محمد بن عبد الملك الأنصارى الضرير المدنى كان يضع الحديث روى عن يحيى بن سعيد الحمصى راجع تاريخ بغداد (٢ : ٣٤٠).

(٤) يحيى بن سعيد الأنصارى المدينى تابعى ثقة و كان له فقه و ولى القضاء . سمع أنس بن مالك و السائب بن يزيد و سعيد بن المسيب و غيرهم مات بالعراق سنة ١٤٣ و له ترجمة فى تاريخ بغداد (١٤ : ١٠١) .

(٥) سعيد بن المسيب هو من أجل التابعين توفى سنة ٩٤ . راجع طبقات ابن سعد (٢ : ١٢٨) و تذكرة الحفاظ (١ : ٥٤) و شذرات الذهب (١ : ١٠٢) .

(٦) الأصل : « الحدى » وهو تصحيف « الجدى » من «جدة» بالضم و التشديد و هو بلد على ساحل بحر اليمن . و ينسب إلى « جدة » جماعة منهم عبدالملك بن ابراهيم الجدى راجع معجم البلدان (٢ : ٤١) .

(٧) هو أحد الحمادين و أجلهما حماد بن سلمة بن دينار البصرى الحافظ كان سيد أهل وقته توفى سنة ١٦٧هـ راجع شذرات الذهب (١ : ٢٦٢) .

و به حدثنا أبوبكر محمد بن أحمد بن صالح بن خلف حدثنا ابراهيم بن محمد بن عبد الله الرازى حدثنا أحمد بن محمد بن مهدى الأهوازى حدثنا على بن أبى طاهر حدثنا على بن ميمون حدثنا عثمان بن عبد الرحمن عن عمر بن موسى عن القاسم بن واثلة بن الأسقع قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ولد له مولودان فلم يسمّ أحدهما محمداً فقد جهل.

وبه حدثنا جعفر بن محمد السفى حدثنا فارس بن عبد الله المروزى حدثنا محمد بن زكريا السرخسى حدثنا العباس بن الفضل بن بشر [الأسفاطى]* حدثنا [أبو عثمان]* سعيد بن سليمان [الشيطى(١)]* حدثنا الحكم بن عطية(٢) عن ثابت(٣) عن أنس [بن مالك رضى الله عنه]* قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أتسمونهم محمداً ثم تشتمونهم(٤)

---

(١) روايةاللودى « المسطى » و لعله « الشيطى » وهو سعيد بن سليمان الشيطى البصرى ابن بنت شيط روى عن حماد بن سلمة قال أبوزرعة ليس بالقوى و قال أبو حاتم فيه نظر. ميزان الإعتدال (١ : ٣٨٣).

(٢) الحكم بن عطية العيسى المصرى روى عن ثابت و ابن سيرين وجماعة. وثقه ابن معين. ميزان الإعتدال (١ : ٢٧٠).

(٣) ثابت بن أسلم البنانى كان من سادة التابعين علماً و فضلاً و عبادةً و نبلاً. وكان من خواص أنس رض و روى عن غيره من الصحابة توفى سنة ١٢٣. شذرات الذهب (١ : ١٦١) و ميزان الإعتدال (١ : ١٦٨).

(٤) الخبر فى ميزان الإعتدال (١ : ٢٧٠) عن الحكم عن ثابت عن أنس و روايته: « تسمونهم محمداً ثم تلعنونهم ».

و حدثنا عبيد الله بن محمد بن أحمد بن يحيى الأفشنى (١) حدثنا أحمد بن سعيد حدثنا ابو عبد الرحمن بن أبى الليث حدثنا أحمد بن عبدالرحمن بن وهب(٢) حدثنا عبد الله بن عثمان(٣) عن عمته عائشة(٤) عن أبيها(٥) سعد بن أبى وقاص قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: هل إمرأة من نسائكم حُبلى؟ قال رجل نعم يا رسول الله! إمرأتى حامل، قال: إذا رجعتَ إلى بيتك فضع يدك على بطن زوجتك وقل: بسم الله اللهم إنى أسمى ما فى بطنها محمداً وإن الله تعالى يأتى به رجلاً (٦).

---

(١) نسبة إلى أفشنة بفتح الهمـــزة و سكون الفاء و الشين المعجمة مفتوحة من قرى بخارا، راجع معجم البلدان (١ : ٣٣٠).

(٢) هو أبو عبيدالله أحمد بن عبدالرحمن بن وهب المصرى. قال ابن عدى رأيت شوخ مصر مجمعين على ضعفه وقال ابن يونس لا يقوم به حجة. توفى ٢٦٤ ه راجع ميزان الإعتدال (١ : ٥٣) وقال ابن العماد روى الكثير عن عمه عبدالله. و له أحاديث مناكير شذرات الذهب (٢ : ١٤٧).

(٣) هو عثمان بن عبد الرحمن القرشى الزهرى الوقاصى المالكى ميزان الإعتدال (٢ : ١٨٤).

(٤) لها ترجمة فى ميزان الإعتدال (٣ : ٣٩٨).

(٥) فى الأصل «عن أبيها عن سعد بن أبى وقاص».

(٦) الحديث باختلاف الألفاظ فى ميزان الإعتدال (٢ : ١٨٤) و فيه: «هل إمرأة من نسآئكم حامل فقال رجل أنا. فقال ضع يدك على بطنها و سمه محمداً فانه يأتى ذكراً». و هذا سلسلة السند: أحمد بن أخى وهب حدثنا عبدالله بن وهيب عن عثمان بن عبد الرحمن الوقاصى عن عمته عائشة بنت سعد عن أبيها الخ.

بن محمد بن عبد الله حدثنا محمد بن رجاء الواسطى حدثنا على بن زكريا الدارمى(١) حدثنا هشيم(٢) [بن بشير] * عن يونس(٣) [بن عبيد] * عن الحسن [البصرى] * انّ الله ليوقف عبداً بين يديه يوم القيامة اسمه أحمد أو محمد فيقول الله تعالىٰ عبدى ! أما استحييت(٤) منى وأنت تعصينى و اسمك على اسم حبيبى محمد. قال: فينكس العبد رأسه فيقول: أى ربّ! قد كان ذلك(٥). فيقول الله تعالىٰ: يا جبرئيل: خلّ من عبدى و حبيبى(٦) فإنى استحيى أن أعذب بالنار من كان اسمه على اسم(٧) حبيبى محمد صلى الله عليه وسلم.

(١) فى الأصل: «زياد الدمى» والتصحيح من اللبودى

(٢) فى الأصل: «هشام» و هشام بن بشير لا نعرفه و نظنه هشيم بن بشير الواسطى السلمى محدّث بغداد توفى سنة ١٨٣ هـ. وله ترجمة فى تذكرة الحفاظ (١: ٢٢٩) و النجوم الزاهرة (١: ٥٠٧) و ميزان الإعتدال (٣: ٢٥٧) و شذرات الذهب (١: ٣٠٣) و تاريخ بغداد لابن الخطيب (١٤: ٨٥)؛ و تقريب التهذيب لابن حجر (١١: ٥٩) و هو من رجال الصحيحين راجع القيسرانى: ٥٥٦.

(٣) هو يونس بن عُبيد بن دينار العبدى القيسى المصرى؛ رأى أنساً و أخذ عن الحسن المصرى و روى عنه الثورى و هشيم بن بشير توفى سنة ١٣٩ هـ. راجع القيسرانى: ٥٨٤ و شذرات الذهب (١: ٢٠٧).

(٤) رواية اللبودى: «ما استحييتنى».

(٥) اللبودى: «ثم يقول اللهم انى فعلتُ» موضع: «أى رب قد كان ذلك».

(٦) رواية اللبودى: «خذ بيد عبدى فادخله الجنة».

(٧) اللبودى: «باسم» موضع «على اسم».

حدثنا محمد بن جعفر غُندر(١) يقول خرجتُ إلى السوق فاشتريتُ للمنزل حوائج فحملتُ على رحلٍ و تقدمتُ فصرتُ إلى مسجد الأنصار فالتفتُ ولم أر الحمال ووقفتُ حتى بصرتُ به من بعيد فقلتُ : يا حمال اسرع ، فاسرع حتى وافانى وقلتُ : ما اسمك ؟ قال : محمد . فقلت له : ضع السلة و حملتها على رأسى حتى أتيتُ منزلى ودخلتُ وفرغتُ السلة ثم خرجتُ بها إلى الحمال فقلتُ له أنا اكتريتك بدانقٍ ولك دانق و دانق حتى تمّ درهماً كرامةً لاسم محمد صلى الله عليه وسلم .

وبه قال حدثنا أبو العباس محمد بن أحمد بن محمد املاءً أخبرنا محمد بن محمد بن على المروزى حدثنا يحيى بن محمد بن عبد الله العنبرى(٢) حدثنى [أبو عيسى](٤) محمد بن أحمد بن حكيم السلمىّ حدثنا محمد

(١) فى الأصل : « عندز » مصحفاً و هو « غُندر » الحافظ الكبير أبو بكر غندر محمد بن جعفر البغدادى الوراق الثقة . كان رحالاً جوالاً توفى بأطراف خراسان غريباً . سمع بالشام والعراق و مصر و الجزيرة . كتب من الحديث مالم يتقدمه فيه أحد كثرة . توفى فى سنة ١٩٣ ﻫ وله ترجمة فى الوافى بالوفيات لصلاح الدين الصفدى (٢ : ٣٠٢) و تاريخ بغداد لابن الخطيب (٢ : ١٥٢) و شذرات الذهب (٣ : ٧٣) و تذكرة الحفاظ (٣ : ٩٦٠) و ميزان الإعتدال (٣ : ٣٦) .

(٢) هو ابو زكريا يحيى بن محمد بن عبد الله بن عنبر بن صالح العنبرى السلمى من أهل نيسابور ينسب إلى جده الأعلى وليس من بالعنبر و كان من مشاهير علماء المحدثين له ترجمة فى كتاب الأنساب للسمعانى ([illegible]) .

بن حميد عن ابى اسحق(١) عن الأصبع(٢) بن نُباتة(٣) عن على رضى الله عنه أن النبى صلى الله عليه وسلم قال: مامن أهل بيت فيهم اسم نبيّ إلاّ بعث الله إليهم ملكاً يقدسُهمُ [بالغداة والعشيّ]* .

أخبرنا أبوبكر محمد بن ابراهيم الفقيه حدثنا عبد الله بن محمد بن اسفنديار الدامغانى حدثنا ابو الفضل بن أبى عبد الله حدثنا محمد بن هانى حدثنا يحيى بن عبد الله بن ثلج حدثنا اسحق بن ابراهيم حدثنا يعلىٰ بن عبيد عن عمرو بن عاصم قال قال أبو هريرة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سمى المؤمن ولده محمداً ثم ناداه يا محمد أجابه حملة العرش لبيك يا ولى الله أبشر فانك شريكنا فى الآخرة و أعطاه الله تعالىٰ يوم القيامة ثواب حملة العرش.

وبه قال أخبرنا أبوالحسن محمد بن عبد الله السرخسى حدثنا الحسن بن أبى الحسن الخراسانى حدثنا ابراهيم بن عبد الله الرينبى(٤)

(١) لعله ابو اسحاق الأشجعى راجع لسان الميزان (٦ : ٧٨١) .

(٢) فى الأصل : «أصبغ بن نبانة» و «نبانة» تصحيف والصواب «نباتة» كما أثبتناه .

(٣) أصبغ بن نباتة الحنظلى المجاشعى الكوفى روى عن على وغيره قال أبو بكر بن عياش : كذاب و قال ابن معين : ليس بثقة . و قالا النسائى و ابن حبان متروك . ميزان الإعتدال (١ : ١٢٥) .

(٤) فى الأصل : «الرنيبى» و لعله تصحيف «الزينبى»

قال سمعتُ هشام بن عروة(١) يقول دخلتُ على المصور أمير المؤمنين فقال : كم ولدك يا هشام؟ فقلت : محمد و فلان و ولان . فقال لى : كيف سميت ولدك محمداً و تركت الزبير و عروه؟ وقلتُ ، تبركاً باسم النبى صلى الله عليه وسلم فقال ، أنت لموضع البركة و اليُمن . ثم قال حدثنى أبى محمد بن على يقول سمعت أبى على يقول سمعت أبى عبدالله بن عباس يقول سمعتُ النبى صلى الله عليه وسلم يقول : من كان له حمل فنوى أن يسميه محمداً أذكرَ إن شاء الله .

وبه قال أخبرنا ابراهيم بن أحمد بن سعيد البخارى أخبرنا أبو نصر أحمد بن مسلم بن عمر البخارى حدثنا أبو أحمد عبدالرحمن بن محمد بن دلة حدثنا ابو يعقوب اسحق بن أحمد حدثنا محمد بن حميد حدثنا ابراهيم بن المختار(٢) عن النضر(٣)

(١) هشام بن عروة بن الزبير بن العوام الإمام الحافظ الفقيه أحد حفاظ الحديث . و كان ثبتاً متقناً . توفى ببغداد فى سنة ١٤٦ و له ٨٠ سنة و صلى عليه المنصور العباسى . له ترجمة فى شذرات الذهب (١ : ٢١٧) و تذكرة الحفاظ (١ : ١٣٦) و وفيات الأعيان لابن خلكان (رقم : ٧٥٢) و ميزان الإعتدال (٣ : ٢٥٥) و الإغتباط بمن رمى بالإختلاط لسبط ابن العجمى (رقم : ٩٦) . و فيها انه اختلط و تغير . و قال الذهبى : نسى بعض محفوظه أو وهم .

(٢) فى الأصل «مختار» و هو ابراهيم بن المختار الرازى ابو اسماعيل صاحب ابن اسحاق روى عنه ابن حميد وطائفة . ميزان الإعتدال (١ : ٣١) .

(٣) نضر بن حميد أبو الجارود الكندى روى عن أبى اسحاق . قال أبو حاتم : متروك الحديث و قال البخارى : منكر الحديث . له ترجمة فى لسان الميزان (٦ : ١٦٠) و ميزان الإعتدال (٣ : ٢٣٣) .

و به قال واخبرنا ابراهيم بن أحمد بن سعيد حدثنا أحمد بن محمد بن اسمعيل حدثنا محمد بن عبد الله بن محمد بن يعقوب حدثنا العباس بن عزيز القطان حدثنا محمد بن حرث حدثنا يعلیٰ بن عبيد (١) عن يحيى بن عبيد الله (٢) عن أبيه (٣) عن أبي هريرة (٤) رضى الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : إذا سمى المؤمن والده محمداً كتب الله له عبادة سنة و رفع له ثلاثين درجة.

و به قال أخبرنا محمد بن ادريس بن محمد حدثنا محمد بن عمران بن موسى الصوفى حدثنا محمد بن حبان حدثنا محمد بن عبد الله الأنماطى حدثنا نصر بن الفتح الخراسانى حدثنا محمد بن عبد الله بن زريق

(١) لعله يعلى بن عبيد بن أبى أمية الطنافسى الايادى الكوفى المتوفى سنة ٢٠٩ ﻫ و له ترجمة فى تاريخ الكبير للبخارى (رقم: ٣٥٥٢) و شذرات الذهب (٢ : ٢٣) و ميزان الإعتدال (٣ : ٢٢٦) و القيسرانى : ٥٨٧.

(٢) هو يحيى بن عبيدالله بن موهب التميمى. روى عن أبيه عن أبى هريرة قال أحمد: أحاديثه مناكير و قال مرة: ليس بثقة. قال ابن معين: ليس بشىء و ضعفه ابن عيينة. راجع ميزان الإعتدال (٣ : ٢٩٧).

(٣) هو عبيد الله بن عبد الله بن موهب التيمى والد يحيى. قال أحمد : أحاديثه مناكير لا يعرف لا هو ولا أبوه . قال الذهبى روى عن ابى هريرة و عنه ابنه. له ترجمة فى ميزان الإعتدال (٢ : ١٦٨).

(٤) ابوهريرة عبدالرحمن بن صخرالدوسى توفى سنة ٥٧ﻫ كان حافظ الصحابة و أكثرهم رواية و مروياته خمسة آلاف و ثلاث مائة وأربعة و سبعون شذرات الذهب (١ : ٦٣).

بن عون[١] حدثنا المعلى بن عرفان[٢] قال سمعت أبا جعفر محمد بن على الباقر يقول: أحبّ الأسماء إلى الله [تعالى]* محمد و أصدقها عبد الله وأبغضها خالد.

وباسناده عن حُميد بن زنجويه حدثنا اسمعيل بن أبى أويس[٣] حدثنى محمد بن عبد الرحمن الجدعانى[٤] عن أبى جريح يرفع الحديث إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال: من كان له ذو بطن فاجمع أن يسميه محمداً، رزقه الله غلاماً، و ما كان اسم محمد فى بيت إلاّ جعل الله فى ذلك البيت بركةً.

(١) لعله أبو عون جعفر بن عون بن حريث المخزومى الكوفى. سمع من الأعمش و اسماعيل بن أبى خالد. توفى سنة ٢٠٧ هـ عن نيف و سبعين سنة.

(٢) المعلى بن عرفان الأسدى. قال ابن معين ليس بشىء و قال البخارى هو منكر الحديث و قال النسائى متروك الحديث و ذكره العقيلى فى الضعفا. له ترجمة فى لسان الميزان (٦ : ٦٤) و ميزان الإعتدال (٣ ١٨٦) و ذكره البخارى فى التاريخ الكبير (رقم: ١٧٢٥) و فى التاريخ الصغير: ١٧٤.

(٣) اسماعيل بن ابى أويس بن مالك بن أبى عامر الأصبحى. قال النسائى: ضعيف و قال الدارقطنى لا اختاره فى الصحيح قال ابن معين: هو و أبوه يسرقان الحديث. و قال الدولابى فى الضعفاء سمعت النضر بن سلمة المروزى يقول هو كذاب توفى سنة ٢٢٦هـ و له ترجمة فى تذكرة الحفاظ (١ : ٣٦٩) و ميزان الإعتدال (١ ١٠٣).

(٤) محمد بن عبدالرحمن بن ابى بكر التيمى الجدعانى المليكى روى عن القاسم بن محمد و ابن ابى مليكة و عن عبيد الله بن عمر. قال أحمد لابأس به وقال البخارى منكر الحديث روى عنه اسماعيل بن ابى أويس ميزان الإعتدال (٣ : ٩٠).

محمد بن يعقوب بن اسحق الاقرانى حدثنا [ابوالعباس][٣] محمد بن يعقوب[١] [بن معقل][٣] قالا حدثنا الحسين بن على بن عفان حدثنا عثمان بن عبد الرحمن الحرانى عن أحمد بن حفص الجررى عن أبى الطفيل [عامر بن واثلة الليثى[٢]][٣] عن على بن أبى طالب رضى الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اجتمع قوم فى مشورة و معهم رجل اسمه محمد و لم يدخلوه فى مشورتهم إلا لم يبارك لهم.

و به قال أخبرنا أبو محمد الحسن بن اسمعيل بن محمد بن العباس المجكى أخبرنا أبو حامد أحمد بن خلف الليثى المحكثى حدثنا ابو عبد الله محمد بن شعيب القرانكى حدثنا ابو على أحمد بن محمد بن القاسم النسوى حدثنا حُميد بن زنجويه[٣] حدثنا جعفر

(١) ابوالعباس محمد بن يعقوب بن يوسف بن معقل بن سنان الأموى محدث خراسان و مسند العصر رحل إليه خلق كثير. قال الحاكم ما رأيت الرحالة فى بلد أكثر منهم إليه رأيت جماعة من الأندلس و من أهل فارس على بابه. توفى سنة ٣٤٦هـ. شذرات الذهب (٢ : ٢٧٤).

(٢) عامر بن واثلة بن الأسقع الكنانى الليثى توفى سنة ١٠٠ هـ و هو آخر من مات ممن رأى النبىّ صلى الله عليه و سلم فى الدنيا. وكان يفضل علياً و يثنى على الشيخين و يترحم على عثمان. راجع شذرات الذهب (١ : ١١٨).

(٣) هو ابو أحمد حميد بن زنجويه الأزدى النسوى صاحب «كتاب الترغيب» و «كتاب الأموال» و «الآداب النبوية». و كان من الثقات روى عن النضر بن شميل و خلق بعده. توفى سنة ٢٥٣ هـ. راجع شذرات الذهب (٢ : ٢٤) و تذكرة الحفاظ (٢ : ٥٥٠) و معجم البلدان (٤ : ٧٧٨).

حدثنا محمد بن أحمد بن شعيب القطان عن خالد بن جعفر عن محمد عن آبائه [١٠١] عن ابن عباس قال إذا كان يوم القيامة ينادى منادٍ فى الموقف ألا مَن كان إسمه محمد فليدخل الجنة بلا حسابٍ لكرامة سميه.

و به قال حدثنا أبوبكر محمد بن أحمد بن حاف الورّاق حدثنا ابراهيم بن محمد بن عبد الله المطوّعى حدثنا أبى حدثنا عيسىٰ بن محمد البرمكى حدثنا على بن اسمعيل الجلعانى حدثنا ابراهيم بن حسان الأنصارى حدثنا حماد بن سلمة عن أيوب عن ابراهيم(١) عن علقمة(٢) عن ابن مسعود(٣) قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سمىّ ولده باسمى حُباً لى كان هو و ولده معى فى الجنة.

و به قال حدثنا أبو سهل محمد بن على بن الحسن السرخسى حدثنا ابو الحسن محمد بن أحمد بن الحسين الترابى(٤) بمرو، حدثنا

(١) الإمام الجليل فقيه العراق بالإتفاق ابراهيم بن يزيد النخعى توفى سنة ٩٥. شذرات الذهب (١ : ١١١).

(٢) علقمة بن قيس النخعى الكوفى الفقيه صاحب ابن مسعود توفى سنة ٦٣. شذرات الذهب (١ : ٧٠).

(٣) عبدالله بن مسعود الهذلى هو أحد القراء الأربعة و من أهل السوابق فى الإسلام و من علماء الصحابة مات عن نيف وستين سنة فى ٣٢. شذرات الذهب (١ . ٣٩).

(٤) الترابى بضم التاء و الراء المهملة المخففة يسمون بهذه النسبة جماعة من العلماء منهم ابو الحسن الترابى. راجع كتاب الأنساب للسمعانى (f 101 b) و مشتبه النسبة للذهبى : ٣٩١

حدثنا الفضل بن محمد(١) حدثنا محمد(٢) بن مصفى حدثنا بقية(٣) عن أبى حفص الأزدى(٤) عن حفص بن عمر عن أبى سعيد ىن الخدرى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من كان فى بيته ثلاثة أسماء: أحمد و محمد و عبد الله لم يصب ذلك البيت فقر.

وبه قال حدثنا أبوالعباس جعفر بن محمد الخطيب(٥) حدثنا زاهر بن أحمد السرخسى(٦) حدثنا أبو الحسن الأُشنانى(٧) القاضى

(١) هو الفضل بن عبد الله بن سليمان العطار الأنطاكى كما سيأتى.

(٢) محمد بن مصفى الحمصى المتوفى سنة ٢٤٦ ﻫ صدوق مشهور له ترجمة فى ميزان الإعتدال (٢ : ١٢٧) و معجم البلدان (٤ : ٨٥) مادة [حمص].

(٣) فى الأصل «فقيه» وهو بقية بن الوليد أبو محمد الحميدى الكلاعى التيمى الحصى (١١٠—١٩٧ ﻫ) ميزان الإعتدال (١ : ١٥٨).

(٤) له ترجمة فى ميزان الإعتدال (٢ : ٢٥٤).

(٥) هو ابو العباس جعفر بن محمد بن المعتز بن المستغفر بن الفتح النسفى الحافظ صاحب التصانيف الكثيرة. روى عن زاهر السرخسى و طبقته. عاش ثمانين سنة. كان محدث ماوراء النهر فى زمانه كان حافظاً مصنفاً ثقةً مبرزاً على أقرانه لكنه يروى الموضوعات من غير تبيين مات فى سنة ٤٣٢ ﻫ راجع شذرات الذهب (٣ : ٢٤٩). و تذكرة الحفاظ (٣ : ١١٠٢).

(٦) أبو على زاهر بن أحمد بن محمد عيسى السرخسى الفقيه المحدث شيخ عصره بخراسان توفى سنة ٣٨٩ ﻫ. له ترجمة فى شذرات الذهب (٣ : ١٣١) وانظر تذكرة الحفاظ (٣ : ١٠٢١) و معجم البلدان مادة [سرخس].

(٧) هو القاضى ابوالحسن عمر بن الحسن بن على الأشنانى البغدادى المتوفى سنة ٣٣٩ﻫ انظر تذكرة الحفاظ (٣ : ٨٥١) و ميزان الإعتدال (٢ : ٢٥١).

حدثنا أبى حدثنا على بن موسى العلوى(١) حدثنا أبى موسى العلوى حدثنا أبى موسى بن جعفر عن أبيه عن جدّه محمد بن على الباقر(٢) عن جدّه الحسين بن على بن أبى طالب عن أبيه علىٍ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما من قوم كانت لهم مشورة فحضر معهم من اسمه أحمد أو محمد فادخلوه فى مشورتهم إلاّ خيرٌ لهم.

وبه قال حدثنا عبدالرحيم بن محمد بن أحمد البخارى(٣) حدثنا أبو أحمد محمد بن على الجابرى بنسف حدثنا عبد المؤمن بن خلف النسفى(٤)

(١) على بن موسى بن جعفر بن محمد الهاشمى العلوى الرضا. روىٰ عن أبيه عن جده، قيل يأتى عن أبيه بعجائب. مات فى سنة ٢٠٣ هـ. راجع ميزان الإعتدال (٢ : ٢٣٩).

(٢) محمد بن على الباقر، أحد الأعلام روى عن أبيه وغيره وحدث عنه ابنه جعفر بن محمد وغيره. ولد فى سنة ٥٦ هـ و مات فى سنة ١١٤ أو ١١٧ هـ. انظر تذكرة الحفاظ (١ : ١١٧).

(٣) أبو زكريا عبدالرحيم بن أحمد بن نصر التميمى البخارى الحافظ. ذوالرحلة الواسعة. كان من الحفاظ النقاد والرحالين الأثبات عاش تسعاً و سبعين سنة و مات فى سنة ٤٦١ هـ له ترجمة فى شذرات الذهب (٣:٣٠٩) و تذكرة الحفاظ (٣ : ١١٥٧) و النجوم الزاهرة (٢ : ٤٣) و معجم البلدان (١ : ٥٢١).

(٤) هو أبو يعلى عبد المؤمن بن خلف الحافظ الإمام النسفى (٢٥٧هـ-٣٤٦ هـ) رحل و طوف و سمع أبا حاتم الرازى و طبقته. كان عظيم القدر عالماً زاهداً و كان مفتياً ظاهرياً أثرياً أخذ عن أبى بكر بن داؤد الظاهرى أنظر شذرات الذهب (٢ : ٣٧٣) و تذكرة الحفاظ (٣:٨٦٦).

و به قال حدثنا على بن أحمد بن محمد بن اسحق البزاز حدثنا
أبو عمرو بن أبى بكر جابر المؤذن حدثنا محمد بن حريث حدثنا
٣ محمد بن نوح حدثنا مطرف بن عبد الله(١) عن عبد الرحمن بن أبى الموالى(٢)
عن أبيه عن أبى مليكة(٣) عن أبيه أنّ رسول الله صلى الله عليه وسلم
قال: ما ضرّ أحدكم أن يكون فى بيته محمد و محمدان و ثلاثة.
٦ وبه قال حدثنا يوسف بن على بن خم الفقيه حدثنا أحمد بن
ابراهيم بن الحسن البغدادى حدثنا عبدالله بن أحمد بن عامر الطائى(٤)

(١) مطرف بن عبد الله بن مطرف بن سليمان بن يسار أبو مصعب المدنى. هو من كبار الفقهاء مات فى سنة ٢٣٠ ﻫ عن ٨٣ سنة. روى عن عبد الرحمن بن أبى الموالى. قال ابو حاتم: صدوق مضطرب الحديث و قال ابن عدى: يأتى بمناكيره. راجع تذكرة الحفاظ (٣ : ١٢٥) و تهذيب التهذيب (١٠ : ١٧٥) و ميزان الإعتدال (٣ : ١٧٥) و تاريخ الكبير للبخارى (رقم: ١٧٣١) و القيسرانى: ٥٠٣

(٢) عبد الرحمن بن أبى الموالى المدنى وقيل ابن أبى الموال، ثقة مات ١٧٣ ﻫ روى عنه مطرف. راجع تذكرة الحفاظ (٣ : ١٧٥) و تهذيب التهذيب (١٠ : ١٧٥) و القيسرانى: ٢٩٤ و ميزان الإعتدال (٢ : ١١٩).

(٣) هو أبو مليكة القرشى التيمى، اسمه زهير بن عبد الله بن جدعان جد ابن أبى مليكة المحدث. راجع الإستيعاب لابن عبدالبر : ٦٨٥

(٤) عبد الله بن أحمد بن عامر بن سليمان الطائى روى عن أبيه عن على بن موسى الرضا عن آبائه مات فى سنة ٣٢٤ ﻫ. راجع لسان الميزان (٣ : ٢٥٢) و ميزان الإعتدال (٢ : ٢٢) و تاريخ بغداد للخطيب (٩ : ٣٨٥).

محمد بن ابراهيم(١) حدثنا محمد بن نصر المروزي(٢) حدثنا علي بن حجر(٣) حدثنا عبد الرزاق بن عمر(٤) عن هشام بن يحيى الغساني(٥) عن أبيه(٦) أن رسول

٣ الله صلى الله عليه وسلم قال: من ولد له أربعة أولاد فلم يسمّ أحدهم محمداً لم يدخل حبّ محمد صلى الله عليه وسلم في قلبه.

(١) أحمد بن محمد بن ابراهيم بن حازم ابو يحيى السمرقندي الكرابيسي روى عن محمد بن نصر المروزي و ابن خزيمة و عنه الإدريسي و قال اتهم في اكثاره عن ابن نصر. راجع ميزان الإعتدال (١ : ٦١).

(٢) الفقيه أبو عبد الله الحافظ (٢٠٢ — ٢٩٤ هـ) إمام في الفقه والحديث. كان من أعلم الناس بإختلاف الصحابة و من بعدهم في الأحكام و قال ابن حبان: كان أحد الأئمة في الدنيا ممن جمع وصنف. راجع تهذيب التهذيب (٩ : ٤٨٩) و تذكرة الحفاظ (٢ : ٦٥٠) و الأعلام (٧ : ٣٤٦) و Brock. GAL Suppl. I, 2528, 350

(٣) هو علي بن حجر بن اياس، ابوالحسن المروزي (١٥٤—٢٤٤هـ) راجع ابن عساكر (٧ : ٢٩٣) و تذكرة الحفاظ (٢ : ٤٥٠).

(٤) هو عبد الرزاق بن عمر الثقفي ابوبكر الدمشقي صاحب الزهري. قال أبو مسهر سمعت سعيداً يقول ذهبت كتبه وخلط و اضطرب توفي سنة ٢١١ هـ. راجع ميزان الإعتدال (١ : ١٢٦) و شذرات الذهب(٢٧.٢).

(٥) هشام بن يحيى الغساني راجع التاريخ الكبير للبخاري (رقم ٢٦٦٦).

(٦) هو يحيى بن أبي زكريا الغساني أبو مروان الواسطي المتوفى سنة ١٨٨ هـ. قال ابن معين لا أدري و قال أبو حاتم ليس بالمشهور و قال ابوداؤد ضعيف. راجع تهذيب التهذيب (١١ : ٢١١)، تاريخ الكبير للبخاري (رقم: ٢٩٧٥) و ميزان الإعتدال (٣ : ٢٨٨).

قال حدثنا أبي قال حدثنا حميد بن الطويل(١) عن أنس بن مالك(٢) [قال]* قال رسول الله صلى الله عليه و سلم : يوقف(٣) عبدان بين يدى الله تعالىٰ فيأمر بهما إلى الجنة ، فيقولان : ربنا بما استأهلنا دخول الجنة(٤)، و لم نعمل عملاً [صالحاً]* يجازينا الجنة . فيقول(٥) لهما ادخلا عبدَيَّ فإني آليتُ على نفسي أن لا يدخل النار من اسمه أحمد و محمد .

و به أخبرنا أحمد بن محمد بن القاسم المدينى حدثنا أحمد بن

---

(١) حُميد بن أبي حميد بن الطويل أبو عبيدة الخزاعي روى عن أنس بن مالك توفي في سنة ١٤٢ هـ أو في ١٤٣ و قد أتت عليه ٧٥ سنة أحد الثقات التابعين البصريين راجع التهذيب لابن حجر (٣ : ٤٠) و شذرات الذهب (١ : ٢١١) و ميزان الإعتدال (١ : ٢٨٦) . قال الذهبي : اجمعوا على الاحتجاج بحميد إذا قال « سمعت » و أورده العقيلي ابن عدى في الضعفاء و عدّه سبط ابن العجمي من المدلسين .

(٢) أنس بن مالك الأنصاري خادم رسول الله صلى الله عليه وسلم توفي سنة ٩٣ راجع طبقات ابن سعد (٧ : ١٠) و تهذيب ابن عساكر (٣ : ١٣٩) و شذرات الذهب (١ : ١٠١) .

(٣) في رواية اللبودي : « موقف » بدل « يوقف » غلطاً

(٤) رواية اللبودي : « استاهلنا الجنة » .

(٥) رواية اللبودي : « فيقول الله عز و جل عبدى ادخلا الجنة فاني آليتُ » .

(*) ما بين المعكوفتين زيادة من رواية اللبودي .

جمادى الأولى سنة سبع و ستين و أربع مائة ، قال أخبرنا الشيخ الفقيه أبو منصور محمد بن عبد الوهاب الرحمانى قال أخبرنا الشيخ الفقيه الحافظ أبو اسحق حمزة بن أحمد الكلاباذى(١) قال ٣
أخبرنا أحمد بن محمد بن الفضل البخارى قال حدثنا الحسين بن أحمد بن بُكير البغدادى(٢) قال حدثنا أحمد بن نصير بن عبدالله بن الفتح [الرشك]* قال حدثنا جدى لأمى [ابوالعباس]* صدقة بن موسى(٣) ٣
[بن مسلم بن ربيعة بن ضمرة]* العبدى [مولى على بن أبى طالب]*

---

(١) كلا باذ محلة كبيرة من بخارا راجع «البلدان» مادة [كلاباذ] والمشتبه فى أسماء الرجال الذهبى : ٤٥٠ (ليدن، ١٨٦٣)

(٢) الحافظ الإمام أبو عبد الله الحسن بن أحمد بن عبد الله بن بُكير البغدادى الصيرفى روى عن اسماعيل الصفار و طبقته و كان عجباً فى حفظ الحديث و سرده و روى عنه أبو حفص بن شاهين شيخه مع تقدمه. توفى سنة ٣٨٨ هـ و له ٦١ سنة راجع شذرات الذهب لابن العماد (٣ : ١٢٨) و لسان الميزان (٢ . ٢٦٢) و طبقات الحفاظ للذهبى (٣ : ١٠١٧) [الطبعة الثالثة] و مختصر طبقات الحفاظ (٣ : ٤) [طبع گوتنگن].

(٣) صدقة بن موسى بن تميم العبدى روى عن أبيه عن حميد بن الطويل بخبر باطل. و هذا الشيخ ماروى عنه سوى أحمد بن عبد الله الدارع ذاك الكذاب و أكثر عنه روى موسى عن أبيه عن حميد بن الطويل. له ترجمة فى ميزان الإعتدال (١ : ٤٦٦) و لسان الميزان (٢ : ١٨٧).

(*) ما بين المعكوفتين زيادة من رواية الموصلى نسخة لائدن (رقم : ١٨٢٢)

أبو سعيد عبدالكريم بن محمد بن منصور السمعانى(١) قال قرأتُ عليه بسمرقند و ذلك فى مسجد المنارة فى شهر رمضان سنة سبع و أربعين و خمس مائة فأقرّ به، قال حدثنا الشيخ الإمام أبو حفص عمر بن محمد بن على السرخسى(٢) و أبو نصر محمد بن محمود(٣) السرزند(٤) السرخسى قال حدثنا الشيخ الفقيه الأديب الزاهد أبو ذر عبد الرحمن بن أحمد بن محمد السرخسى(٥) قال قرأتُ عليه فى مدرسة أبيه فى

(١) صاحب كتاب الأنساب (٥٠٦ هـ—٥٦٢). راجع لترجمته تذكرة الحفاظ للذهبى (٤ : ١٠٧)؛ وفيات الأعيان لابن خلكان: (رقم: ٣١٨) و النجوم الزاهرة لابن تغرى بردى [نشر پوپر] (٣ : ١٢٣) و طبقات الشافعية للسبكى (٤ : ٢٥٩) و Brockelmann, *GAL* i, 329, Suppl. i 564

(٢) الشيرزى (٤٤٩ — ٥٢٩) امام مناظر مقرى لغوى شاعر اديب كثير المحفوظات تفقه أولاً بسرخس و بلخ على الامام أبى حامد الشجاعى و سمع بسرخس أبا ذر عبدالرحمن بن أحمد بن محمد الأدرمى والسمعانى بمرو. و كان الشهاب الوزير يقول: لو فصد عمر السرخسى لجرى منه الفقه مكان الدم. راجع طبقات الشافعية للسبكى (٤ : ٢٨٨) و معجم البلدان لياقوت الحموى مادة [شيرز].

(٣) هو محمد بن محمود السرخسى، ابو نصر الشجاعى المتوفى ٥٣٤ هـ. له ترجمة فى طبقات الشافعية للسبكى (٤ : ١٨٤).

(٤) فى الأصل: «السرند» (؟) و لعله «السره مرد» بفتح السين و الراء المهملتين و سكون الهاء و فتح الميم و سكون الراء الثانية بعدها دال، لقب.

(٥) راجع طبقات الشافعية للسبكى (٣ : ٢٢١)، و طبقات الشافعية لأبى بكر بن هداية الله المصنف : ٦٥

بسم الله الرحمن الرحيم

[قال أمين الدولة أبو الغنائم مسلم بن محمود الشيزري]

حدثني الشيخ الفقيه المحدّث تقي الدين(١) أبو عبد الله محمد بن طرخان الدمشقي الصالحي قال حدثنا الشيخ العالم الشريف افتخار الدين(٢) شرف الإسلام أبو هاشم عبد المطلب [81b] بن الفضل بن عبد المطلب الهاشمي(٣) ٣
المدرس بمدرسته، بمدينة حلب حرّسها الله و ذلك في رابع عشر شوال سنة ثلاث وستّ مائة. قال حدثنا الشيخ الإمام قوام الدين تاج الإسلام

---

(١) هو تقي الدين ابو عبد الله محمد بن طرخان بن أبي الحسن علي بن عبد الله السلمي الدمشقي الصالحي الحنبلي. ولد بقاسيون في سنة ٥٦١هـ و روى عن ابن صابر و أبي المجد البانياسي و طائفة. و كان فقيهاً جليلاً متودداً و سمع بمكة والمدينة واليمن وحدث. و توفي ٦٣٧ هـ بالجبل. راجع تاريخ الإسلام للذهبي (الجزء الحادي عشر) ورقة: ١٣٢ نسخة اوكسفورد (Laud. 305) و شذرات الذهب لابن العماد (٥ : ١٨٦).

(٢) و في الذيل على الروضتين لأبي شامة: مختار الدين

(٣) هو الإفتخار الهاشمي العباسي البلخي ثم الحلبي الحنفي (٥٣٩—٦١٦ هـ) امام المذهب بحلب سمع بماوراء النهر من القاضي عمر بن علي المحمودي و أبي شجاع البسطامي و جماعة. و برع في المذهب و ناظر و صنف و شرح «الجامع الكبير» و تخرج به الأصحاب. والمولىٰ كمال الدين أبي القاسم ابن العديم (م ٦٦٠هـ) هو من تلامذته. راجع شذرات الذهب (٥ : ٦٩) و الأعلام للزركلي (٤ : ٢٩٨).

اس رسالے کا متن کتب خانۂ جامعۂ لائیڈن کے دو نسخوں کو سامنے رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ یہ دونوں نسخے، اصل رسالے کے اختصارات ہیں ایک مسلم بن محمود الشیزری کا انتخاب ہے اور دوسرا ابن اللبودی کا ۔موجوہ متن کی بنیاد شیزری کی روایت پر ہے لیکن تصحیح میں ابن اللبودی کے انتخاب سے مدد لی گئی ہے۔

راقم کتب خانۂ جامعۂ لائیڈن کے ناظم A. Kessen اور بالخصوص Dr. P Voorhoeve کا ممنون ہے جن کی توجہ و عنایت سے اس رسالے کی عکسی نقلیں حاصل ہوئیں۔ اس مہربانی کے لیے ان کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

مختار الدین احمد

ادارۂ علوم اسلامیہ
علی گڑھ
١٥ دسمبر ١٩٥٩ع

شیزری کے یہاں حدیثوں کی مجموعی تعداد ۲٦ ہے ان میں ۸ حدیثیں، احادیث رقم : ۷ ، ۸ ، ١٦ ، ١٩ ، ۲۰ ، ۲۲ ، ۲۳ ، ۲۵ دونوں میں مشترک ہیں. بقیہ احادیث ابن اللبودی کے اختصار میں نہیں ملتیں. ان کی جگہ کچھ احادیث مندرج ہیں جو شیزری کے یہاں موجود نہیں. یہ حدیثیں ابن بُکیر کے یہاں تو ہوں گی لیکن کسی وجہ سے شیزری کے اختصار میں جگہ نہ پاسکیں.

ابن بُکیر کے رسالے میں سات حدیثیں ایسی ہیں جن کا ذکر طاہر الفتنی نے « تذکرۃ الموضوعات » میں کیا ہے اور ان کے راویوں کے متعلق « فیہ متہم بالوضع » ، « غیر محفوظ » ، « لا یصح » « باطل » ، « فیہ لیث متروک» « منکر » ، « موضوع » کے الفاظ استعمال کیے ہیں [1].

صغانی (م ٦٥٠ ھ) نے « تذکرۃ الموضوعات » میں لکھا ہے کہ احمد نام رکھنے کی فضیلت سے متعلق جو احادیث روایت کی جاتی ہیں ان کی کوئی اصل نہیں اور وہ پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچتیں [2]. ابن بُکیر کے رسالے میں مندرج احادیث کے سلسلۂ اسانید پر ایک نظر ڈالنے سے بھی اندازہ ہوتا ہے کہ ثقہ اور معتمد راویوں کے دوش بدوش واضع، متروک، مدلس، غیر معروف ہر قسم کے اصحاب جمع ہیں. فضائل کے باب میں کچھ لوگ یوں بھی سلسلۂ اسناد کا زیادہ خیال نہیں کرتے اور راویوں کی زیادہ جانچ پرکھ کی ضرورت محسوس نہیں کرتے. السلمی (م٤١٢ ھ) ، المحاسبی (م ٢٤٣ ھ) اور دوسرے صوفی مصنفین کے یہاں کثرت سے ایسی حدیثیں ملتی ہیں جو محدثین کے معیار تنقید پر پوری نہیں اترتیں اسی لیے ان کی کتابوں میں وہ موجود نہیں لیکن تصوف کی اہم کتابوں میں وہ بڑے شوق سے نقل کی جاتی ہیں.

(١) طاہر بن علی الفتنی تذکرۃ الموضوعات (قاہرہ، ١٣٤٣) . ٩

(٢) تذکرۃ الموضوعات ٨٨ ، ٨٩

اس نسخے کی کتابت سنہ ۷٤٠ ھجری میں حسن بن محمد بن محمد بن زکریا بن یحیی بن مسعود السویداوی القدسی المتوفی ۷٦٠ ھجری نے کی ھے.

تیسرا اختصار احمد بن خلیل ابن اللبودی الصالحی (م بعد ۸٦۷)[1] کا کیا ھوا ملتا ھے. یہ دمشق کے فضلاء میں تھے ان کی تصانیف میں «أخبار الأخیار» اور «غایات الأخبار فیما وجد علی القبور من الأشعار» قابل ذکر ھیں. اس اختصار کا ایک نسخہ[2] لائیڈن یونیورسٹی لائبریری کے کتبخانے میں محفوظ ھے[3]. یہ نسخہ خود ابن اللبودی کے ھاتھ کا لکھا ھوا ھے. آخر میں یہ عبارت درج ھے :

«علقه لنفسه أحمد بن خليل بن أحمد بن ابراهيم اللبودى الأثرى عفا الله عنه سنة ۸٦۷ هـ بمنزله الصالحية دمشق».

شیزری اور ابن اللبودی کے اختصارات میں ایک نمایاں فرق یہ نظر آتا ھے کہ ابن اللبودی کے یہاں احادیث کی تعداد کم ھے اور یہ اختصار شیزری کی بہ نسبت مختصر ھے. شیزری نے راویوں کے نام مختصر کردیے ھیں جبکہ دوسرے کے یہاں پورے نام درج کیے گئے ھیں. حدیث «من سمى ولده باسمى حباً لى كان هو و ولده معى فى الجنة» شیزری کے یہاں عبد اللہ بن مسعود سے مروی ھے لیکن ابن اللبودی کے اختصار میں ان کی جگہ ابو امامۃ الباھلی کا نام ھے. سیوطی کی «کتاب الوجیز» اور طاھر الفتنی کی «تذکرۃ الموضوعات» میں یہ حدیث ابو امامہ ھی سے مروی ھے. دونوں روایتوں کے متن میں اختلاف الفاظ کی مثالیں بھی ملتی ھیں.

راویوں سے قطع نظر متن حدیث میں بھی ابن اللبودی کے یہاں اضافے ملتے ھیں. پیش کردہ متن میں ایسے سارے اضافے کھڑے بریکٹوں کے اندر رکھے گئے ھیں اور ھر جگہ ذیلی حاشیے میں ذکر کرنے کے بجائے ایسے مقامات پر ستارے لگا دیے گئے ھیں.

(١) اسماعیل پاشا البغدادی. ھدیۃ العارفین ١ : ١٤٣ میں اس کا ذکر ھے لیکن سال وفات ۹٤٥ ھے جو یقیناً درست نہیں ھو سکتا.
الضوء اللامع ۲ : (١٢ ٢٦٠) میں صرف نام درج ھے حالات زندگی مندرج نہیں ھیں.

(٢) No. 1822 (Or. 2164)

(٣) P. Voorhoeve, *Handlist of Arabic MSS* (Leiden 1957) p. 73

اور دوسری کتاب کا نسخہ کتب خانۂ جامعۂ لائیڈن میں محفوظ ھے. ان کتابوں کے کسی اور نسخے کے وجود کی اب تک اطلاع نہیں ھے.

ابن بُکیر کا رسالہ «فضائل» ان کتابوں میں ھے جو مسلم الشیزری کے پیش نظر رھی ھے. انھوں نے «جمهرة الإسلام» کے پہلے باب میں یہ رسالہ نقل کردیا ھے. رسالے کا مکمل متن انھوں نے درج نہیں کیا ھے بلکہ اسکا انتخاب اور اختصار انھوں نے شامل کتاب کیا ھے.

ابن بُکیر کے رسالے کا دوسرا اختصار عبداللطیف بن عبدالمنعم الحرانی[1] کے ایک شاگرد نے کیا ھے. یہ ساتویں صدی ھجری میں دیار مصریہ کے ایک حنبلی فقیہ تھے اور اپنے زمانے کے مشہور محدث. ان کی کتابوں میں «السماعیات» اور «معجم الشیوخ» کا ذکر آتا ھے. ان کے تلامذہ میں سے کسی نے جس کا نام معلوم نہیں ھوسکا ابن بُکیر کے موجودہ رسالے کا اختصار کیا اور اسے اپنے شیخ عبد اللطیف بن عبدالمنعم سے پڑھا اس اختصار کا ایک نسخہ ایک مجموعے[2] میں برلن کے کتب خانۂ شاھی میں تھا[3] جسے دوسری جنگ عظیم کے دوران میں ٹوبنگن یونیورسٹی لائبریری کے ایک حصے میں محفوظ کردیا گیا ھے. اسکے سرورق پر: «جزء فیه فضائل من اسمه أحمد و محمد» درج ھے. ابتدا اس طرح ھوتی ھے:

«قرأت علی الشیخ .. ابی الفرج عبد اللطیف بن ابی محمد عبد المنعم بن علی بن نصر بن الصیقل الحرانی .. باب ما روی من الآثار الجمیلة السند الجلیة البهیة فی فضل من اسمه أحمد و محمد».

اسکی پہلی حدیث وھی ھے: «یوقف عبدان بین یدی الله تعالیٰ».

خاتمے کی سطریں یہ ھیں:

«للرجل سوءاً وهدیة یثیبه الله تعالیٰ علیها.
آخرالجزء والحمد لله .. وسلم تسلیما».

(١) الحرانی ٥٨٧—٦٧٢) کے حالات کے لیے دیکھیے شذرات الذهب (٥ : ٣٣٦ ؛ النجوم الزاهرة (٧ : ٢٤٤) الأعلام للزرکلی : ٤ : ١٨٢)

(٢) No 1565 Mq. 125 (18) [f. 177-182]

(٣) Ahlwardt, *Verzeichnis der ar. Hdss. der Kgl Bibliothek Zu Berlin*, (Berlin, 1887-1899) Vol. ii, p. 253.

ابن بکیر کا یہ رسالہ اپنے موضوع کے لحاظ سے اس عہد کے لوگوں کی بڑی دلچسپی کا موجب ہوا ہوگا. اسی لیے مختلف زمانے میں مختلف لوگوں نے اسکے اختصارات مرتب کیے جن میں اپنے ذوق کے مطابق انھوں نے کچھ حدیثیں منتخب کرلیں. ایسے تین اختصارات کا اب تک پتا چلا ہے[۱]. ابن بُکیر کے رسالے کی اصل روایت راقم کی نظر سے نہیں گذری بروکلمان[۲] نے دمشق میں اس رسالے کے جس نسخے کے وجود کی اطلاع دی ہے معلوم نہیں وہ اصل کتاب ہے یا وہ بھی کتاب کا اختصار[۳].

اس رسالے کا قدیم ترین موجودہ اختصار وہ ہے جو امین الدولہ مسلم بن محمود الشیزری نے کیا ہے.

امین الدولہ ابو الغنائم مسلم بن محمود الشیزری[۴]، ابو الثناء محمود بن نعمة الشیزری ایک شامی شاعر اور نحوی کے بیٹے تھے جو دمشق کی جامع مسجد میں پچاس سال تک نحو کا درس دیتے رہے. مسلم کی ولادت غالباً دمشق میں ہوئی اور ان کی زندگی کا بیشتر حصہ یمن کے ایوبی حکمرانوں سیف الإسلام الملک العزیز طغتکین (عہد حکومت: ۵۷۸—۵۹۳ ھ) الملک المعز (۵۹۳—۵۹۸ ھ) الملک الناصر (۵۹۸—۶۱۱ ھ) اور الملک المسعود (۶۱۲—۶۲۶ ھ) کے درباروں میں گزرا.

ان کی تصانیف میں جو دست برد زمانہ سے محفوظ رہ گئی ہیں دو کتابیں «عجائب الأشعار و غرائب الأخبار» اور «جمهرة الإسلام ذات النثر و النظام» قابل ذکر ہیں. پہلی کتاب کا ایک نسخہ اسلامیہ کالج پشاور

---

(۱) ان تین رسالوں میں کسی کا بھی بروکلمان کے یہاں ذکر موجود نہیں.

(۲) Brockelmann, *GAL* Suppl. III p. 1315

(۳) استاد حبیب الزیات نے کتب‌خانۂ ظاہریہ کے مخطوطات کے ذیل میں جس «کتاب فی فضائل من اسمه أحمد و محمد، جمع ابی عبدالله الحسین بن بکیر الحافظ» کا ذکر کیا ہے یہ وہی نسخہ ہے جسکا بروکلمان نے پتا دیا ہے. حبیب الزیات: خزائن الکتب فی دمشق و ضواحیها (قاهره، ۱۹۰۲) ص: ۵۰ [مجموعه ۲۰: ۳].
زیات نے اس کتاب کا ذکر کتب تصوف کے ذیل میں کیا ہے.

(۴) Brockelmann *GAL* Suppl. I, 460

ابو عبداللہ الحسین بن احمد بن عبداللہ بن بکیر بغداد کے مشہور صوفی اور محدث تھے[1]. ان کے اساتذہ میں اسماعیل الصفار[2] (متوفی ۳۴۱ ھ)، ابن البختری[3] (م ۳۳۹ ھ)، النجاد[4] (م ۳۴۸ ھ) اور تلامذہ میں ابو حفص بن شاہین[5] (م ۳۸۵ ھ)، ابوالحسین بن العریق، امام دار قطنی[6] (م ۳۸۵ ھ) اسماعیل الوراق اور ابو القاسم الأزہری قابل ذکر ہیں. حفظ حدیث میں وہ عجائب زمانہ تھے. ان کے حافظے کا کمال یہ تھا کہ جب کوئی شخص کسی حدیث کی متن انہیں سناتا تو وہ اپنے حافظے سے اس حدیث کی پوری سند سنادیتے اور جب کوئی کسی سند کا ذکر کرتا تو وہ اس سند کی روایت کی ہوئی حدیث پڑھ دیتے. ایک بار نہیں بلکہ کئی بار متعدد لوگوں کے سامنے اسکا تجربہ ہوا. ان کا انتقال ۶۱ سال کی عمر میں سنہ ۳۸۸ ھجری میں ہوا.

ان کی تصانیف میں ایک مختصر رسالہ «فضائل من اسمه أحمد و محمد» یاد گار ہے جس میں «احمد» اور «محمد» نام رکھنے کی فضیلت کی حدیثیں انہوں نے جمع کی ہیں.

(۱) بروکلمان یا الزرکلی کی «الأعلام» میں ابن بکیر کے حالات زندگی درج نہیں. ان کے مختصر حالات کے لیے دیکھیے ابن العماد شذرات الذهب (۳ ۱۲۸)؛ ذهبی طبقات الحفاظ (۳ ۲۰۸)، ابن حجر، لسان المیزان ۲ ۲۶۲)

(۲) الزرکلی. الأعلام ۱ ۳۲۱،

(۳) ابن العماد شذرات الذهب، ۲ ۳۵

(٤) الأعلام (۱ ۱۲۷.

(۵) الأعلام ۵ ۱۹۶، شذرات الذهب ۳ ۱۱۷).

(۶) الخطيب البغدادي. تاريخ بغداد (۱۲ ۳٤)، السبكي طبقات الشافعية ۲ ۳۱۰).

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ
۱۹۶۱ع

كتـاب
فضـائل من اسمه أحمد أو محمد


تأليف

الحـافظ أبي عبدالله الحسين بن أحمد بن بُكير البغدادي
المتوفى ٣٨٨هـ

تحقـــيق

مختار الدين أحمد

معهـد الدراسـات الإسلاميـة
بجـامعة على كڑه
الهنـد




وانگاه مرا بلطف بسیار
اسپی داد و هزار دینار


تا هست فلک بقای شه باد
بر دست فلک دعای شه باد

تم

کتبه العبد الفقیر المذنب علی الحسینی الکاتب
غفر الله ذنوبه وستر عیوبه فی اوایل شهر
ربیع الاول سنه ست وعشرین وتسعمایه
بمدینة الهراة

مثنوی « گوی و چوگان » مکتوبه میر علی الکاتب هرات ٩٢٦ هجری


گوی از رشادی بپای برجست
در خدمت آن آفتاب مه روی
آرام نداشت بر زمین گوی


بر دوست نگاه کردی	حیران بزمین نگاه کردی

نگاه ز دور دید کوسی	سرگشته و خسته دل چو اوی

سرگشته بکوی تیر اسیی	رقاص بباد و خاکساری

برخاک نیاز رو نهاده	وز پی همه آرزو نهاده

از چرخ بسی جفا کشیده	در عاشقی آن بلا کشیده

گرد سرش پر و نشسته	آوازه او فسرده پشته

خشک و تر روزگار دیده	درد و سر بی شمار دیده

صد کوه ز روزگار خورده	صد زخم ز دست دید خورده

در دیده وفا و دیده عنبری	بر باد هوا و دیده عنبری

هم کرده بباد هم عنانی	هم کرده بخاک سپرکرانی

درویش دو دید بر سر او	وز پای نشست در بر او

تا حال که نشسته باز گوید	با کوی شکسته راز گوید

القصه بکوی راز دل گفت	وز عجز خود و نیاز دل گفت

چون کوی شنید گفت و گوش	برخاک قدم نهاد دوش


از فرق تخت [illegible] فرقش	وانگه [illegible] کفش

کای شیفته ستم رسیده	صد کونه بلا و غم کشیده

بر [illegible] خاک [illegible]	[illegible] گذشت گویم

[illegible] گذشت بر سر من	وز پس [illegible] گذشت بر سر من

[illegible]



مثنوی " گوی و چوگان " مکتوبہ میر علی الکاتب کا پہلا صفحہ

ممکن ہے اس نے اس عرصے میں کچھ اور کتب خانوں کی بھی سیر کی ہو . آخر سنہ ۱۲۶۲ ھ میں قطب الدولہ بہادر اسے خرید کر اپنے کتب خانے میں داخل کرتے ہیں . لیکن یہ قیام بھی عارضی ثابت ہوتا ہے اور ۷ سال کے بعد سنہ ۱۲۶۹ میں محمد مصاحب خان اس کتاب کو اپنے کتب خانے کے لیے قطب‌الدولہ سے خرید لیتے ہیں .

ممکن ہے درمیانی عرصے میں اور لوگ بھی اسکے مالک رہے ہوں ، ہمیں صرف اسیقدر معلوم ہے کہ یہ کتاب بارھویں صدی کے آخر میں ریاست الور کے مہاراج کے پاس تھی انھوں نے کارکردگی کے صلے میں اسے منشی وزیر محمد خان اکبرابادی میر منشی نواب گورنر جنرل بہادر کو بخش دی ، جن سے ۱۳۲۱ ہجری میں صدر یار جنگ مولانا حبیب الرحمن خان شروانی نے حاصل کی اور عرصے تک ان کے کتب خانے کی زینت رہی .

۱۵ جمادی‌الآخرة ۱۳۸۰ ھ (۵ دسمبر ۱۹۶۰ع) کو کتب خانۂ حبیب گنج کا سارا ذخیرہ علی گڑھ یونیورسٹی لائبریری میں منتقل ہوگیا اور اب یہ نادر کتاب علی‌گڑھ کے کتب خانے کی زینت ہے . اسطرح یہ کتاب جسکے کئی صفحوں کے عکس* ناظرین کی خدمت میں پیش کیے جارہے ہیں تقریباً ساڑھے تین سو سال سفر میں گزار کر ہرات سے چل کر علی گڑھ پہونچی ہے .

علی گڑھ   ڈاکٹر مختار الدین احمد

استدراک .

یہ مضمون کمپوز ہو چکا تھا کہ حافظ نذیر احمد کے مضمون مطبوعہ JASB (1918) Vol XIV سے میر علی کی لکھی ہوئی مندرجہ ذیل کتابوں کا علم ہوا . ان کے متعلق تفصیلات ایک علیحدہ مضمون میں پیش کی جائیں گی

(i) بوستان سعدی	مکتوبہ ۹۲۷ ہجری ہرات	[رضا لائبریری ، رامپور]
(ii) صد پند لقمان	مکتوبہ ۹۴۵ ہجری	[رضا لائبریری ، رامپور]
(iii) رسالۂ خواجہ عبداللہ انصاری	مکتوبہ ۹۴۵ ہجری	[رضا لائبریری ، رامپور]
(iv) خردنامۂ اسکندری جامی	مکتوبہ ۹۴۰ ہجری	[پی. سی. چندر گھوش ، کلکتہ]

* ان عکسوں کے لیے پروفیسر سید بشیرالدین صاحب لائبریرین مولانا آزاد لائبریری کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے .

دوسری میں یہ عبارت منقوش ہے : « مہر کوٹھہ کتابخانۂ محی الدین علی خان بہادر ۱۱۶۳ » .

اس صفحے پر کتب خانۂ حبیب گنج کی مہر اور یہ تحریر درج ہے « از آگرہ بقیمت مبلغ یکصد و ہفتاد روپیہ خریدہ شد محمد حبیب الرحمن خان غرۂ صفر المظفر سنہ ۱۳۲۱ ہجری »

مثنوی « گوی و چوگان » کے پیش نظر نسخے کی مختصر تاریخ جس حد تک ان تحریروں اور مہروں سے معلوم ہو سکی ہے یہ ہے۔ اس کی کتابت میر علی الحسینی نے ہرات میں سنہ ۹۲۶ ہجری میں کی۔ ہرات سے یہ نسخہ سفر کرتا ہوا ہندوستان وارد ہوا اور کسی طرح حیدرآباد پہنچا. جب اورنگ زیب عالمگیر نے گولکنڈہ فتح کیا تو مال غنیمت کے ساتھ یہ انمول موتی بھی ہاتھ لگا. گولکنڈہ ۱۴ ذوالقعدہ سنہ ۱۰۹۸ ھ ۲۱ ستمبر ۱۶۸۷ع کو فتح ہوا تھا تقریباً دو مہینے کے بعد یکم ذوالحجہ سنہ ۱۰۹۸ ھ کو یہ کتاب ایک شاہی منصبدار خواجہ سہیل کی تحویل میں دے کر شاہی کتب خانے میں محفوظ کر دی گئی۔ خواجہ سہیل کی تحریر کے بعد محمد فاضل کی لکھی ہوئی تحریر کتاب پر درج ہے۔ یہ کتاب اس منصبدار کی تحویل میں تقریباً ۱۸ سال تک رہی۔ اسکے انتقال کے بعد یکم جمادی الاولیٰ سنہ ۴۹ جلوس عالمگیری کو محمد رضا کی تحویل میں کتاب پہنچ جاتی ہے.

کچھ ہی دنوں کے بعد سنہ ۱۱۱۸ ہجری میں عالمگیر کا انتقال ہوجاتا ہے اسکے بعد یہ کتاب اسکے اخلاف میں بہادر شاہ متوفی سنہ ۱۱۲۴ ھ کے کتب خانے میں منتقل ہو گئی اسوقت کے منصبداروں کی تحریریں اور مہریں اسکا ثبوت ہیں

اب یہ کتاب دو امیروں کے ہاتھوں میں پہنچتی ہے۔ ان میں ایک صلابت الدولہ ضیاء الدین خان بہادر اور دوسرے محی الدین علی خان بہادر ہیں۔ قیاس غالب ہے کہ پہلے اول الذکر کے کتب خانے میں یہ کتاب سنہ ۱۱۹۷ میں پہنچی ہے پھر دوسرے کے پاس

ایک نمایاں مدور مہر وسط صفحے پر ثبت ہے یہ مہر ساری مہروں میں تقطیع کے لحاظ سے بڑی ہے. اس میں صاحب مہر کا نام بالکل نہیں پڑھا جاتا بقیہ عبارت یہ ہے : ... خان خانہ زاد شاہ عالم غازی ۱۱۲۰ اس مہر کے نیچے یہ عبارت ہے :

« چہاردهم ربیع الاول سنہ ٤ جلوس والا عرض دیده شد »

اس ورق کی پیشانی کے بائیں گوشے پر یہ عبارت لکھی ملتی ہے :

« بتاریخ نوردهم شہر رجب المرجب سنہ ۱۱۹۷ هجری
کتاب گوی جوگان بقیمت دوصد و ده روپیه خریده
داخل سیاههٔ کتب خانه شد » .

پھر قطب الدولہ کی یہ تحریر :

مبلغ دو صد پنجاه روپیه خریده شد سنه ۱۲٦٤
قطب‌الدوله بہادر

اسکے نیچے یہ اندراج :

کتاب هذا از قطب الدوله خریده داخل
کتب خانهٔ محمد مصاحب خاں صاحب
کرده شد سنه ۱۲٦۹ھ

ان تحریروں کے علاوہ اس صفحے پر حسب ذیل قدیم اندراجات ہیں.

- غرهٔ صفر سنه ۳ عرض دیده شد
- ربیع الثانی سنه ٤ جلوس اقدس عرض دیده شد
- ٤ شعبان سنه ۳ عرض دیده شد
- چہاردهم ربیع الاول سنه ٤ جلوس والا عرض دیده شد
- چہارم شعبان سنه ۳ وحره محمد حافظ تحویل محمد . . . خان شد

اگلا ورق جو اصل کتاب کا ورق ۱ (الف) ہے اس پر « قابل خاں خانہ زاد بادشاہ عالمگیر » کی مہر ایک مہر ہے اور ٤ شعبان سنہ ۳ کے دو عرض دیدہ اور ایک مہر ثبت ہے جس میں کفایت‌الله ابن امانت الله منقوش ہے.

دو اور مربع مہریں بھی ثبت ہیں دونوں مہریں دو کتب خانوں کی ہیں ایک مہر میں کتاب خانۂ ضیاء الدولہ ضیاء الدین خاں بہادر ۱۱٦۰ اور

اس عبارت کے پہلو میں ایک مدور مہر ہے جسمیں: « قابل خاں[1] خانہ زاد بادشاہ عالم گیر ۱۰۹۷ » منقوش ہے. اس عبارت کے پاس ھی باریک قلم سے: « داخل سیاھہ تحویل محمد فاصل غرۂ ذی الحجہ سنہ ۳۱ » اور اسکے بعد دوسرے قلم سے یہ عبارت درج ہے:

« از وجوہ محمد فاصل غرۂ جمادی الاولیٰ سنہ ۴۹ تحویل محمد رضا شد »

بائیں ھاتھ کو حسب ذیل عبارت درج ہے۔

« ششم ربیع الاول سنہ ۲۳ از وجوہ محافظ خان در وجہ تحویل محمد حافظ شد ».

محافظ خاں اور محمد حافظ دونوں عالمگیری منصبداروں میں تھے. دیوان میرزا کامراں نسخۂ خدابخش (نمبر ۲۳۷) پر اور تحویلوں اور عرض دیدہ کے علاوہ مندرجہ ذیل تحریر ہے:

« ۲۷ شوال سنہ ۱۹ از وجوہ محافظ خان تحویل دار متوفی تحویل محمد حافظ شد ».

اسطرح « دیوان حافظ » نسخۂ خدابخش (نمبر ۱۵۱) پر جو مختلف مغل بادشاھوں کے کتب خانے میں رھا تھا یہ تحریر درج ہے:

« ٤ ربیع الآخر سنہ ۸ تحویل محافظ خان شد ».

اوپر کی طرف ایک چھوٹی بیضاوی مہر لگی ہوئی ہے جسمیں کفایت اللہ خاں ۱۱۱۹[2] منقوش ہے اور اس کے نیچے یہ عبارت درج ہے۔

« ششم ربیع الاول سنہ ۲۳ عرض دیدہ شد »

اسی تاریخ کا لکھا ہوا ایک اور عرض دیدہ کسی دوسرے شخص کا لکھا ہوا ملتا ہے اور اس پر دو مہریں ثبت ہیں. ایک مہر طاہرا کسی شخص کی ہے اور دوسری کسی کتب خانے کی.

۱ — شیخ ابو الولی قابل خاں، شاہی کتابخانے کا ناظم تھا اسکا تقرر کتاب خانے کی داروغگی پر تقریباً اواسط عہد عالمگیر میں ہوا تھا دیکھیے کیول رام تذکرۃ الامراء ... نسخۂ حبیب گنج علی گڑھ (۳۲ ۵۷).

۲ — خمسۂ نظامی کا ایک نسخہ جےپور میں محفوظ ہے اس پر والی گولکنڈہ کی مہر کے علاوہ ایک مہر کفایت اللہ خاں کی بھی ہے جس پر ۱۱۱۷ کا سال کندہ ہے غالباً یہ دونوں ایک ھی بزرگ ہیں (فہرست نمایش مخطوطات مرتبہ جناب احترام الدین احمد شاغل)

« کتبه العبد الفقیر المذنب علی الحسینی الکاتب غفر الله ذنوبه و ستر عیوبه فی أوائل شهر ربیع الأول سنة ست و عشرین و تسعمائة بمدینة الهراة » .

کتاب کھولتے ھی ایک سادہ ورق سامنے آتا ھے (یہ ورق فاضل ھے اور اصل کتاب کے ۳۳ اوراق میں محسوب نہیں). اس صفحے کی پیشانی پر دو سطریں قدیم خط میں لکھی ھوئی ھیں :

« گوی و چوگان بابت کتابخانۂ امانی محل
باسمہ[1] مجلس تصویر وسی وسہ ورق »

ایسا معلوم ھوتا ھے کہ اسقدر کاغذ جسپر یہ عبارت تحریر ھے کہیں سے علحدہ کرکے اس صفحے پر چپکا دیا گیا ھے .

اب ورق الٹیے تو اسکی پشت کا صفحہ ، آٹھ چھوٹی بڑی مہروں عرض دیدہ اور دوسری تحریروں سے بھرا پڑا ھے . ان میں سب سے ممتاز اور قدیم تحریر یہ ھے :

هو

« کتاب گوی و چوگان بخط ایام کمال استاد الکتاب ملا میر علی بابت فتح گلکنڈہ غرۂ ذی الحجہ سال سی ویکم جلوس اقبال بتحویل سهیل نموده شده ع د اوراق سی وسی و قیمت دو هزار روپیه » .

خواجہ سهیل عالمگیری منصبداروں میں تھے ، بعض شاھی مخطوطات ان کی تحویل میں رھے تھے اور ان پر یہ اطلاع درج ھے « دیوان حافظ » نسخۂ خدا بخش (نمبر ۱۵۱) جسے بار بار ھمایوں اور جھانگیر نے فال لینے کے لیے استعمال کیا ھے ، « دیوان کامران » نسخۂ خدا بخش (نمبر ۲۳۷) اور « تاریخ خاندان تیموریہ » نسخۂ خدابخش (نمبر ۵۵۱) بھی خواجہ سهیل کی تحویل میں رھے تھے .

۱ ــ نواب صدر یار جنگ نے اس لفظ کو « بابۃ » (بابت) پڑھا ھے لیکن قرین بہ یقین ھے کہ یہ لفظ « باسمہ مجلس تصویر » ھے . تصویریں در اصل چار ھیں ایک شمار کرنے سے رہ گئی ھوگی

ملا محمود عارفی ہرات کے رہنے والے تھے سلطان شاہ رخ (۸۰۷—۸۵۰ھ) کے عہد حکومت میں انھوں نے زندگی بسر کی اور وہیں سنہ ۸۵۳ ہجری میں انھوں نے وفات پائی . ان کی تصانیف سے متعدد نظموں کے علاوہ ایک مثنوی « حال نامہ » جو «گوی و چوگاں» کے نام سے زیادہ شہرت رکھتی ہے قابل ذکر ہے . سال تصنیف ۸۴۲ ہجری ہے . صاحب « طبقات شاہجہانی » کے بیان کے مطابق یہ مثنوی عارفی نے شیراز میں میرزا عبداللہ بن ابراہیم سلطان بن شاہرخ کے لیے نظم کی تھی .

مثنوی کے قلمی نسخے یورپ اور ہندستان کے متعدد کتبخانوں میں پائے جاتے ہیں اس کا جوایڈیشن R. S. Greenshields نے لندن سے ۱۹۳۱ میں شائع کیا ہے وہ قابل ذکر ہے .

یہاں ایک ایسے نسخے کا تعارف مقصود ہے جو باعتبار خط اور بعض دوسرے امور کے بہت اہمیت رکھتا ہے .

کتب خانۂ حبیب گنج میں جو اب مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ یونیورسٹی میں منتقل ہوگیا ہے مثنوی « گوی و چوگاں » کا ایک نسخہ ہے جسکی کتابت ملا میر علی کاتب نے ہرات میں سنہ ۹۲۶ھجری میں بعمر ۴۵ سال کی تھی جو زمانہ اسکے کمال خطاطی کا سمجھا جاتا ہے . اسکی کچھ خصوصیات[1] یہاں درج کی جاتی ہیں .

اس نسخے کی کتابت جلی قلم سے کی گئی ہے کاغذ زرافشاں عنوان لاجوردی طلائی میناکار . بین السطور در صفحۂ اول لاجوردی میناکار طلائی . عنوان ہر باب لاجوردی میناکار طلائی .

کتاب میں دو نقشے بھی لگے ہوئے ہیں یہ حرم محترم مکہ مکرمہ اور مسجد نبوی کے ہیں اور کہاجاتا ہے بہزاد کے قلم کے ہیں دو صفحوں پر رنگین باغ کی مصوری کی گئی ہے . کتاب کے آخری صفحے پر حسب ذیل ترقیمہ درج ہے :

۱ یہ اس نسخے کے مطالعہ اور نواب صدریار جنگ کی اس یادداشت پر مبنی ہے جو انھوں نے اپنے کتبخانے کی بعض کتابوں کے متعلق لکھی ہیں .

(۳۱) یوسف زلیخای جامی* مکتوبه ۹۳۰ هجری
[[1] Metropolitan Museum of Art, New York]

(۳۲) تحفة الاحرار جامی مکتوبه ۹۱۵ هجری [Chester Beatty]

(۳۳) خمسهٔ نظامی مکتوبه ۹۱۵ هجری [Chester Beatty]

(۳٤) چہل حدیث رسول نوائی مکتوبه ۹۳۰ (سمرقند) [[4] Chester Beatty]

(۳۵) گلستان سعدی مکتوبه ۹٤۷ (بخارا) [برٹش میوزیم ، لندن]

(۳٦) بوستان سعدی مکتوبه ۹٤۹ (بخارا)

(۳۷) خمسهٔ نظامی بدون تاریخ [انڈیا آفس ، لندن]

(۳۸) هفت منظر هاتفی مکتوبه ۹٤٤ (بخارا)

(۳۹) یوسف زلیخای جامی مکتوبه ۹٤٤ هجری (بخارا)
[[2] Kevorkian Foundation, New York]

(٤٠) سبحة الابرار [3] جامی مکتوبه ۹۳۵ هجری

(٤۱) بوستان سعدی مکتوبه ۹۳۱ هجری [*Vever Coll Paris]

(٤۲) بیاض اشعار مکتوبه ۹۳۰ هجری

اس بیاض کے کچھ اجزا کی کتابت میرعلی نے کی ھے
[*Freer Gallery, Washington.]

(٤۳) مخزن الاسرار نظامی مکتوبه ۹۵۲ (بخارا) [کتبخانهٔ ملی ، پیرس [6]]

اس فہرست کے مطالعه سے معلوم ہوگا که جس کتاب سے میر علی کو سب سے زیادہ دل چسپی تھی اور جس کے کئی نسخے اس نے اپنے قلم سے لکھے ھیں وه ملا عارفی کی مثنوی «گوی و چوگان» تھی .

۱ اس مخطوطے کی 2a fol کا عکس عجائب خانو کی فہرست میں شائع ہوا ہو .

۲ Robinson, CXXX

۳ Robinson, CXXIX

٤ Minorsky. *A Cat. of the Turkish MSS and Miniatures* (Dublin, 1958) p. 13

۵ B. W. G., *Persian Miniature Painting* plate LXXXIX

٦ Pope, *Survey of Persian Art* V, p. 885

ان کتابوں اور وصلیوں کے علاوہ مختلف کتب خانوں میں میر علی کے ہاتھ کی لکھی ہوئی یا ان کی طرف منسوب جو تحریریں ملتی ہیں ذیل میں درج کی جاتی ہیں :

(۱۵)	خمسۂ نظامی	مکتوبہ ۹۲۸ ہجری	[کتبخانۂ شاہنشاہی ایران[1]]
(۱۶)	جام جم اوحدی	مکتوبہ ۹۲۹ھ (ہرات)	[کتبخانۂ شاہنشاہی ایران[1]]
(۱۷)	روضۃالانوار[2] خواجوی	مکتوبہ ۹۲۷ھ (ہرات)	[کتبخانۂ شاہنشاہی ایران[1]]
(۱۸)	ہفت اورنگ جامی		[کتبخانۂ شاہنشاہی ایران[1]]
(۱۹)	بوستان سعدی		[کتبخانۂ شاہنشاہی ایران[1]]
(۲۰)	تیمور نامہ ہاتفی		[کتبخانۂ شاہنشاہی ایران[1]]
(۲۱)	خمسۂ نظامی	بدون تاریخ	[باڈلین ، اوکسفورڈ[3]]
(۲۲)	دیوان حافظ	مکتوبہ ۹۲۷ ہجری	[باڈلین ، اوکسفورڈ[3]]
(۲۳)	دیوان مغربی	مکتوبہ ۹۲۷ ہجری	[باڈلین ، اوکسفورڈ[3]]
(۲۴)	دیوان قاسم انوار	مکتوبہ ۹۳۳ (۹۴۳؟)	[باڈلین ، اوکسفورڈ[3]]
(۲۵)	مخزن الاسرار[4] نظامی	مکتوبہ ۹۴۴؟ (بخارا)	[کتبخانۂ ملی ، پیرس[5]]
(۲۶)	یوسف زلیخای[6] جامی	مکتوبہ ۹۳۰ (ہرات)	[خدا بخش ، بانکی پور[8]]
(۲۷)	گوی و چوگان عارفی	بدون تاریخ	[خدا بخش ، بانکی پور]
(۲۸)	دیوان شاہی	مکتوبہ ۹۱۵ ہجری	[خدا بخش ، بانکی پور]
(۲۹)	مطلع الانوار[7] خسرو	مکتوبہ ۹۴۷ (بخارا)	[خدا بخش ، بانکی پور]
(۳۰)	؟	مکتوبہ ۹۴۳ (بخارا)	[استانبول]

۱ مہدی بیانی فہرست نمونۂ خطوط خوش کتابخانۂ شاہنشاہی ایران (تہران ، ۱۳۲۹) ۱۲۹

۲ اسکے آخری صفحے کا عکس مہدی بیانی نے اپنی فہرست میں شائع کردیا ہے دیکھیے عکس رقم ۱۵۰

۳ Sachau and Ethé, *Catalogue of Persian MSS* (Oxford, 1889) pp. 190, 580, 594

۴ برائے کتبخانۂ عبدالعزیز خان بن عبید خان سلطان بخارا

۵ Blochet, *Peintures des manuscripts arabes, de la Bibliotheque Nationale* p. 7

۶ یہ نسخہ خانخاناں نے جہانگیر کو سنہ ۱۰۱۹ میں نذر کیا تھا اسکا ذکر مآثر جہانگیری میں موجود ہے

۷ اسکی کتابت عبدالعزیز خان کے کتبخانے کے لیے سلطان میرک کتابدار کے زیر اہتمام ہوئی ہے۔

۸ William Jackson, *A Catalogue of Persian MSS* (New York, 1914) p. 145

میر علی کے ہاتھ کی لکھی ہوئی کتابیں یا اس کی طرف منسوب بہت سے نسخے دنیا کے مختلف کتب خانوں میں ملتے ہیں ۔ یہاں انکی ایک مختصر سی فہرست پیش کی جاتی ہے یہ نہ کسی طرح جامع کہی جاسکتی ہے اور نہ اسے مکمل کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔

پہلے وہ کتابیں اور قطعات ذیل میں درج کیے جاتے ہیں جن پر میر علی کے دستخط ہیں اور جو لندن کی ایک نمایش میں پیش کیے گئے تھے ۔

(۱) مخزن الاسرار حیدر مکتوبہ ۹۰۸ ھجری [مملوکہ M. H. Vever]

(۲) تحفة الاحرار جامی[1] مکتوبہ ۹۱۵ ھجری (بخارا) [Chester Beatty]

(۳) خمسۂ جامی مکتوبہ ۹۲۸ ھجری [عجائب خانۂ تہران]

(٤) صفات العاشقین ھلالی مکتوبہ ۹۲۹ ھجری [دارالکتب ، قاھرہ]

(۵) گوی و چوگان عارفی مکتوبہ ۹۲۹ ھجری (ھرات) [Cartier Coll. Paris]

(٦) نمونۂ خطاطی مکتوبہ ۹۳۰ ھجری [M. Louis Cartier]

(۷) بوستان سعدی مکتوبہ ۹۳۱ ھجری [M. H. Vever]

(۸) لوائح جامی مکتوبہ ۹۳۲ ھجری تقریباً [M. H. Vever]

(۹) گوی و چوگان عارفی مکتوبہ ۹۳٤ ھجری (ھرات) [Chester Beatty]

(۱۰) وصلی مکتوبہ ۹۳۷ ھجری [M. H. Vever]

(۱۱) اسمائے حسنی[1] مکتوبہ ۹٤۱ ھجری (بخارا) [Chester Beatty]

(۱۲) مہر و مشتری عصار [M. H. Vever]

ان بارہ کتابوں اور وصلیوں کے علاوہ دو اور تحریریں جو میر علی کی طرف منسوب ہیں نمایش میں رکھی گئی تھیں ۔

(۱۳) مجموعۂ وصلیات [مملوکہ Y. Dawed]

(۱٤)[2] تحفة الاحرار جامی مکتوبہ ۹۰٦ ھجری تقریباً [[1] Henry F. Sempty]

۱ تحفة الاحرار کی کتابت سلطان میرک کتابدار عبدالعزیز خاں ابن عبید خاں حاکم بخارا (عہد حکومت ۹٤۷—۹۵۷ھ) کے زیر اہتمام ہوئی ہے ۔

۲ ان ۱٤ کتابوں کے متعلق اطلاع Arthur Upham Pope کی کتاب *A Survey of Persian Art* سے ماخوذ ہے ۔

میرعلی الکاتب کا ایک شاہکار

میر علی الحسینی اپنے عہد کے نامور ترین خوش نویسوں میں تھا ۔ وہ « کاتبِ سلطان » کے لقب سے ملقب تھا اور اپنی تحریروں پر « میر علی سلطانی » ، « میر علی کاتب السلطانی » ، « میر علی حسینی هروی » ، « میر علی » لکھتا تھا اور کبھی کبھی صرف « علی » ہی رقم کر دیا کرتا تھا ۔

میر علی نے خط نستعلیق کی ابتدائی تعلیم هرات میں سلطان علی مشہدی (م ٩٢٠) کے شاگرد زین الدین محمود (م ٩١٨) سے حاصل کی پھر وہ مشہد گیا اور ایک مدت تک سلطان علی مشہدی کی خدمت میں رہا اور ان سے فیض حاصل کرتا رہا پھر هرات واپس آکر وہ اپنے فن کی تکمیل میں مشغول ہوگیا ۔ آخر خط نستعلیق میں اسکی مشق اس درجے کو پہنچ گئی کہ متأخرین میں کوئی اسکے پایہ کو نہ پہنچ سکا ۔

میرعلی هرات میں سلطان حسین مرزا بایقرا کے دربار سے منسلک تھا جب عبیدالله خاں ازبک (م ٩٤٥) حاکم بخارا کی فوجوں نے سنہ ٩٣٥ ھ میں هرات فتح کیا تو میر علی دوسرے فنکاروں کے ساتھ جبرا بخارا بھیج دیا گیا جہاں بقیہ زندگی وہ اپنے فن کی خدمت میں مشغول رہا ۔ اس نے وہیں انتقال کیا اور جوار مزار سیف الدین باخرزی میں بمقام فتح آباد مدفون ہوا

میر علی ، خوش نویس ہونے کے علاوہ شاعر ، انشاپرداز اور معمائی بھی تھا اسکی تصانیف میں کچھ مختصر رسالے آداب مشق و تعلیم خط میں یادگار باقی رہ گئے ہیں ۔

میر علی کے سال وفات میں اختلاف ہے ، ٩٢٤ ، ٩٢٥ ، ٩٤٠ ، ٩٥١ ، ٩٥٧ ، ٩٦٦ اور ٩٧٦ سال وفات بتایا جاتا ہے ۔ ٩٥١ ظاہرا صحیح قول ہے ۔ تذکرۂ « مذکر احباب » کے مؤلف نے بھی جو خود بخاری تھا اور هرات میں بھی رہ چکا تھا اس کا سال وفات ٩٥١ لکھا ہے ۔

ھیں . شان کتابت عام مغربی خط نسخ سے ملتی ھے اور مخطوطه کے اندلسی الاصل ھونے کی شہادت دیتی ھے . جیسا که عام طور پر قدیم مخطوطات میں ہوا کرتا ھے نقطے اکثر جگہوں میں نہیں دیے گئے ھیں اور ھمزہ کی جگه پر ھر جگه « ی » استعمال کی گئی ھے . کاتب نے اپنا نام نہیں لکھا ھے لیکن ترقیمے میں سال کتابت ۸۶۷ھ درج ھے . شروع اور آخر کے کچھ اوراق کرم خوردہ ھیں مگر کتاب کا کوئی حصه ضائع نہیں ھوا ھے سر ورق پر کتاب اور مصنف کا پورا نام اس طرح درج ھے :

« کتاب مراتب الإجماع من جمع الإمام أبی محمد علی بن أحمد بن سعید بن حزم الفارسی » .

ترقیمے کی عبارت یه ھے :

« تم هذا الكتاب بحمد الله وعونه فی يوم الإثنين المبارك تاسع جمادی الثانی من شهور سنة سبع وستين وثمانیمائة أحسن الله عاقبتنا فی خير و سلامة لمحمد وآله آمين آمين آمين » .

کلکته

مسعود حسن

۱٤ المزارعة والمساقاة	۳۰ الشفعة	٤٦ الایمان والنذور
۱۵ الإجارات	۳۱ الشرکة	٤۷ العتق
۱٦ اللقیط	۳۲ القراض	٤۸ السواک
۱۷ الصلح	۳۳ القرض	٤۰ الإجماع فی الإعتقادات

آخری باب «الإجماع فی الإعتقادات» میں اسلام کے ان بنیادی عقائد کا مفصل ذکر ہے جن پر بالاتفاق ہر مسلمان کا ایمان لانا فرض ہے اور جن کے بغیر مسلمان، مسلمان نہیں رہتا ہے. مصنف نے اسی سلسلے میں ان باتوں کا بھی ذکر کیا ہے جو کسی زمانے میں مختلف فیہ رہی ہیں.

جیسا کہ میں نے اوپر عرض کیا «مراتب الإجماع» کے دو قلمی نسخے اب تک دستیاب ہو سکے ہیں، نسخۂ بانکی پور اور نسخۂ بمبئی.

(۱) نسخۂ کتب خانۂ خدابخش بانکی پور: بانکی پور لائبریری کے فہرست نگار اس نسخے کو منحصر بہ فرد قرار دیتے ہیں یہ خط نسخ میں لکھا ہوا ہے اور غلطیوں سے پُر ہے اوراق ٤۲ ہیں. کاتب کا نام علی بن محمد اور کتابت کی تاریخ سنہ ۱۰۵۹ھ ہے[۱] نسخۂ بمبئی کی طرح اس میں بھی مصنف کا نام یا کتاب کا عنوان متن کتاب میں نہیں ملتا صرف سر ورق پر یہ عبارت درج ہے.

کتاب مراتب الإجماع لابن حزم الظاهری

(۲) نسخۂ بمبئی: یہ نسخہ جسے میں نے سنہ 1951 میں بمبئی کے ایک تاجر کتب سے حاصل کیا ہے نہ صرف قدیم تر بلکہ صحیح تر ہے. یہ ۳۹ اوراق پر مشتمل ہے اور ہر ورق میں تقریباً ۲۳ کمحاں سطریں

۱ فہرست بانکی پور میں سنہ کتابت ۱۰۵۷ھ درج ہے جو غلط ہے. مخطوطے کے آخر میں یہ عبارت صاف موجود ہے

«وکان الفراغ له سحاً یوم الست فی شهر رجب الأصب أحد شهور سنة تسعة و خمسین والف»

سے ہوتی ہے پھر اجماع پر ایک مفصل تمہیدی مقالہ درج ہے ۔ مصنف نے ، جنہوں نے ، بعد میں ظاہری مذہب قبول کر لیا تھا اور اخیر عمر تک اسکے بڑے سرگرم علمبردار رہے ، اجماع کی اہمیت اسکے مختلف اقسام ، اسکے احکامات اور اس کی نوعیت پر خالص اہل سنت والجماعت کے مسلک کے مطابق تفصیلی روشنی ڈالی ہے اس لیے ظاہر ہے کہ یہ تصنیف اس زمانے کی ہوگی جب وہ شافعی مذہب کے پیرو تھے ۔ یہ مقالہ کتاب کا اہم ترین حصہ ہے ۔ مصنف نے پھر فقہ اصول فقہ ، اور علم کلام کے مختلف مسلکوں پر فقہاء کی تصانیف کے طرز پر اور ان کی ترتیب کی اتباع کرتے ہوئے بحث کی ہے ۔ وہ ہر موضوع کی ابتدا اُن مسائل سے کرتے ہیں جو کسی عہد میں بالاتفاق تسلیم کر لیے گئے تھے پھر ان چیزوں کو بیان کرتے ہیں جن میں اختلافات ہوتے ہیں اکثر صورتوں میں وہ اختلاف کرنے والوں کے نام کی بھی تصریح کر دیتے ہیں ۔ ذیل میں کتاب کے ابواب کی ایک فہرست درج کی جاتی ہے جس سے اسکے مندرجات اور مباحث کا کسی قدر اندازہ ہو سکے گا :

۱ الطہارة	۱۸ الرھون	۳٤ العارية
۲ الصلوٰة	۱۹ الوديعة	۳۵ احياء الموات
۳ الجنائز	۲۰ الوكالات	۳٦ الفرائض
٤ الزكوٰة	۲ الحوالة	۳۷ الوصايا والأوصيا
۵ الركاز	۲۲ الكفالة	۳۸ الفئ و الجهادو السير
٦ الصيام	۲۳ النكاح	۳۹ الإمامة و حرب أهل الردة
۷ الحج	۲٤ الطلاق و الخلع	٤۰ الحدود
۸ الأضحية	۲۵ الرضاع والنفقات	٤۱ الأشربة
۹ التفليس	۲٦ اللعان	٤۲ الدماء
۱۰ الحجر	۲۷ الظهار	٤۳ الديات
۱۱ الغصب	۲۸ اختلاف الزوجين فى متاع البيت	٤٤ الصيد والذبائح والضحايا والعقيقة
۱۲ اللقطه و الضالة		
۱۳ الآبق	۲۹ البيوع	٤۵ السبق و الرمى

ہے[1]۔ ایک داخلی شہادت بھی ملتی ہے جو کچھ بہت اہم نہیں ہے مگر اور شہادتوں کی موجودگی میں تصدیق کا کام انجام دیتی ہے۔ مصنف نے دیباچے میں ایک بزرگ* یونس بن عبداللہ القاضی کا نام لیا ہے اور ان سے کوئی بیان نقل کیا ہے۔ اور پھر بالکل اسی حیثیت سے مصنف ان کا نام اپنی تصنیف «طوق الحمامة»[2] میں بھی لیتے ہیں۔ غالباً انہیں شہادتوں کی وجہ سے بروکلمان[3] اور کتب خانۂ خدا بخش بانکی پور کے فہرست نگار نے[4] «مراتب الإجماع» کو ابن حزم کی تصنیف قرار دینے میں کسی طرح کا شبہ نہیں ظاہر کیا ہے۔ راقم الحروف کو بھی اب تک جو معلومات فراہم ہو سکے ہیں ان کی روشنی میں ان دونوں کی رائے سے اتفاق کرنے میں تامل نہیں ہے۔

«مراتب الإجماع» ابن حزم کے ان متعدد رسالوں میں سے ایک ہے جو نسبۃً غیر اہم ہیں اور جو ان کی دوسری ضخیم مبسوط اور مشہور تصانیف کی وجہ سے اور خاص طور پر ان کی کتاب «الفصل فی الملل والأهواء والنحل» کی وجہ سے پردۂ گمنامی میں چھپ گئی۔ اسکی ابتدا حمد و نعت

۱ معجم الأدباء (٥ ۹٤) و کتاب منتقى الاجماع و بیانه من جملة ما لا یعرف فیه اختلاف.
وفيات الأعيان (۱ ۳۸) و کتاب فی الإجماع و مسائله علی أبواب الفقه.
نفح الطيب (۱ ۳٥۹) و کتاب منتقى الإجماع و بیانه من جملة ما لا یعرف فیه اختلاف.
کشف الظنون ٥ ٤۸٥—۸٦) مراتب الاجماع فی العبادات والاعتقادات لأبی محمد أحمد بن سعید (؟) بن حزم الأندلسی
ابن بسام: الذخيرة فی محاسن الجزيرة (۱ ۱٤۳) کتاب منتقى الاجماع وبيانه من جملة ما لا یعرف فیه اختلاف

* [قاضی ابو الولید یونس بن عبداللہ بن محمد مغیث بن الصفار متوفی سنہ ٤۲۹ھ خلیفہ ہشام بن محمد المروانی نے سنہ ٤۱۹ ہجری میں انہیں عہدۂ قضاء تفویض کیا۔ اپنے زمانہ کے مشہور اہل علم تھے۔ حدیث اور لغت میں انہیں خاص دستگاہ حاصل تھی۔ ابوبکر محمد بن یحیی بن زرب متوفی سنہ ۳٥۱ھ کے شاگردوں میں تھے۔ ابوالحسن علی بن الصفار ان کے پوتے تھے۔ دیکھیے: المغرب فی حلی المغرب (۱ ۲۰۹،۱٦٥) تحقیق شوقی ضیف (القاهرة ۱۹٥۳)؛ القفطی: إنباه الرواة علی أنباه النحاة (۳ ۳۱٤) تحقیق ابو الفضل محمد ابراهیم (القاهرة ۱۹٥٥)؛ ابن الفرضی: علماء الاندلس (۱ ۳۸۷)؛ سیوطی: بغیة الوعاة ۱۱۲ (ایڈیشن

۲ طوق الحمامة فی الألفة والألاف ۷۸ طبع Dr K. Petrof (لیدن، ۱۹۱٤

۳ Brockelmann, *Geschichte der Arabischen Litteratur* Suppl. I, p. 695

٤ Abdul Hamid, *Catalogue of the Arabic and Persian MSS in the Oriental Public Library at Bankipur* vol 19 (pt II) p 125

ان دو نسخوں کے علاوہ کسی تیسرے نسخے کا اب تک سراغ نہیں مل سکا ہے۔ براکلمان نے تصریح کی ہے کہ یہ رسالہ ابن تیمیہ کی کسی کتاب کے حاشیے پر چھپا ہے لیکن سعی و تلاش کے باوجود راقم کو اسکا پتا نہ چل سکا*۔

« مراتب الإجماع » واقعی ابن حزم کی تصنیف ہے یا نہیں یہ مسئلہ توجہ کا مستحق ہے۔ خصوصاً ایسی صورت میں کہ ابن حزم کے قدیم سیرت نگار مثلاً ابن بشکوال، ابن القفطی، عبدالواحد المراکشی، الیافعی اور ابن العماد الحنبلی اُس کا کوئی ذکر نہیں کرتے ہیں۔ ان میں سے بعض نے مصنف کی تصنیفات کی لمبی فہرستیں بھی دی ہیں مگر ان میں « مراتب الإجماع » نام کی کوئی کتاب نہیں ملتی ہے۔ کتاب کے متن میں نہ مصنف کا نام درج ہے اور نہ کتاب کا۔ مگر دوسری طرف کچھ ایسی شہادتیں بھی موجود ہیں جنکی بنا پر ابن حزم کی طرف کتاب کا انتساب پورے یقین کے ساتھ کیا جاسکتا ہے۔ یاقوت[1] ابن خلکان، الذهبی اور المقری جیسے مستند اصحاب قلم نے یہ تصریح کی ہے کہ ابن حزم نے فقہ اور کلام کے ان مسائل پر ایک کتاب لکھی تھی جن پر علما کا متفقہ فیصلہ ہو چکا تھا[1]۔ یاقوت، الذهبی اور المقری یہ بھی بتاتے ہیں کہ اس کتاب کا نام « منتقی الإجماع » تھا۔ قلمی نسخوں پر جو کتاب کا نام « مراتب الإجماع » درج ہے اسکی تائید حاجی خلیفہ نے « کشف الظنون » میں کی ہے[2]۔ ابن خلکان، المقری اور حاجی خلیفہ نے کتاب کا جو مختصر تعارف کرایا ہے وہ « مراتب الإجماع » کے مباحث پر پورا پورا منطبق ہوتا

* [حسام الدین القدسی نے سنہ ۱۳۵۸ ھجری میں قاہرہ سے ابو عبداللہ محمد بن عبدالرحمن البخاری کی « محاسن الإسلام و شرائع الإسلام » کے ساتھ ابن حزم کی « مراتب الاجماع » بھی چھاپ دی ہے « مراتب » کے ذیلی حاشیے میں « نقد مراتب الاجماع » کے نام سے ابن تیمیہ کا مکمل رسالہ شائع کردیا ہے (ایڈیٹر)]

۱ یاقوت الحموی. معجم الأدباء (۵ : ۹٤) ؛ ابن خلکان : وفيات الأعيان (۱ : ۳۸ طبع ووستنفلڈ ؛ ذهبی : تذكرة الحفاظ (۳ : ۳۲۷) ؛ المقری : نفح الطيب (۱ : ۳۵۹ تحقیق . R. Dozy

۲ کشف الظنون (۵ : ۸٦ — ٤۸۵) تحقیق : Flugel

مراتب الإجماع لابن حزم


ابن حزم (٤٥٦ھ—٣٨٤ھ) کے متعلق بلا خوف تردید یہ کہا جاسکتا ہے کہ وہ اندلس کے سب سے بڑے محدث، فقیہ، عالم، مؤرخ اور ماہر انساب تھے۔ انہوں نے مختلف فنون میں بے شمار تصانیف یادگار چھوڑیں[1]۔ چنانچہ تنہا انکے صاحبزادے کے پاس انکی چار سو کتابیں محفوظ تھیں جنکے اوراق کی تعداد اسی ہزار تک پہنچتی ہے، اور یہ سب کی سب ابن حزم کے ہاتھ کی لکھی ہوئی تھیں[2]۔ اسی بنا پر کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ عربی زبان میں طبری کے بعد سب سے بڑا تحریری سرمایہ جس شخص نے پیش کیا وہ وہ ابن حزم تھے۔ افسوس ہے کہ انکی تصانیف کا ایک بہت بڑا حصہ ہمیشہ کے لیے تلف ہو گیا۔ پھر جو کتابیں محفوظ رہ سکیں ان میں سے بھی بہت ساری منظر عام پر نہ آسکیں[3]۔ «مراتب الإجماع» کا شمار ان ہی مؤخر الذکر کتابوں میں ہے۔ چند سال ہوئے جب راقم الحروف ابن حزم کی ایک اور کتاب «جمہرة أنساب العرب»[4] پر کام کر رہا تھا اور کتب خانۂ خدا بخش بانکی پور کے عربی مخطوطات دیکھ رہا تھا تو اتفاق سے ابن حزم کی «مراتب الإجماع» کا ایک قلمی نسخہ اسکے سامنے آگیا۔ وہ عرصہ تک اس کے دوسرے نسخے کی تلاش میں رہا یہاں تک کہ سنہ ١٩٥١ع میں بمبئی سے اس کا ایک اور مخطوطہ ہاتھ آیا۔ جہاں تک راقم کی تحقیق و تفتیش کا تعلق ہے اور جہاں تک موجودہ ذرائع معلومات ہماری مدد کرتے ہیں «مراتب» کے

١ یاقوت الحموی معجم الأدباء ٥ ٩٣

٢ ذهبی تذکرة الحفاظ (٣ ٣٢٣) طبع دائرة المعارف (حیدرآباد، ١٣٣٤

٣ معجم الأدباء (٥ ٩٣، ٩٥)، تذکرة الحفاظ ٣ ٣٢٧


٤ دیکھیے راقم کا انگریزی مقالہ Ibn Hazm and his Jamharat al-Ansab, *Journal of the Asiatic Society, Bengal* vol XII, No. 1, (1947), pp 7-18
یہ کتاب Levi-Provençal نے مرتب کرکے ١٩٤٨ میں مصر سے شائع کردی ہے۔



ويقال ان الصمعوري اللئيم والصمعورة من الحيات الخبيثة
ويقال لكل شديد صمعر والصمعرة ما غلظ من الارض ٥
والصعبنة ان تصومع الثريدة ويقال ان الصلمعة والصلقعة
الافلاس والصملك الشديد القوة وصوت صمعلق اي
شديد انشد ابي ابن احمر
صمعلق الصوت اذا ما غدت لم يجمع الصفر بها المنكدر
وامراة صمعلقة سخابة والصمعلة الداهية وصواب مكان
والمصطار الخمر اذا احمضت ٥ تم باب الصاد
والحمد لله رب العالمين تتلوه في الجزء الثاني باب الضاد
باب الضاد وما بعدها في المضاعف والمطابق
وصلى الله على رسوله محمد النبي واله وسلم تسليما

هذا صحيح وكتب ابن الخشاب

«مجمل اللغة» كا آخری صفحه جس پر ابن میمون اور ابن الخشاب کی تحریریں هیں



«مجمل اللغة» لابن فارس (نسخہ بغداد) کا [illegible]
الملک المؤید [illegible]

سنہ ٥٦٥ میں مرهف بن أسامه کو بطور تحفه ملتا هے اس کے بعد یه نسخه رسولی خاندان کے فرماں روا کے پاس یمن پہنچتا هے ان سبھوں کی تحریریں سرورق پر درج هیں. ایک اور تحریر بھی صفحے کے زیریں حصے پر درج هے لیکن وه پڑھی نہیں جاتی یه تحریریں آٹھویں صدی هجری کی ابتدا تک کی هیں اندازه هے که کئی سو سال تک یه نسخه کسی کتب خانے میں جاکر گوشه نشین هوگیا اور تھکے هارے مسافر نے کچھ آرام لیا. وهاں سے بارهویں اور تیرهویں صدی میں اس کا سفر پھر شروع هوتا هے. اس زمانے میں کئی . . مالکوں سے اس کی ملاقات هوتی هے اور کئی اصحاب ذوق کا وه جلیس و هم نشین بنتا هے. ان اصحاب کی تحریریں اور مہریں سرورق کی زینت هیں. ان میں عبداللطیف بن ابراهیم، ابو بکر بن ابی العز بن (؟) الأنصاری(؟) کے دستخط اور احمد بن ابراهیم کی تحریر اور مہر حسن پر ۱۲۱۹ کنده هے پڑھی جاتی هیں' بقیه دو دستخط اور چار مہریں اس طرح مٹادی گئی هیں که پڑھی نہیں جاتیں. اس کتاب پر ابوبکر نے ۱۱۰۳ھ میں دستخط کیے هیں.

تیرهویں صدی کے آخر میں یه نسخه امین الحلوانی المدنی متوفی ۱۳۱٦ھ ۱۸۹۸م کے پاس پہنچتا هے اور (۱۸۸۳م ۱۳۰۱ھ) میں اس کا پورا ذخیرۂ کتب جو نفیس، قیمتی اور نادر کتابوں پر مشتمل تھا هولینڈ پہنچتا هے. پہلے E. J. Brill کے پاس رهتا هے پھر یه سارا ذخیره کتب خانۂ لائیڈن کے لیے خرید لیا جاتا هے اور اس طرح سے ابن میمون کے هاتھ کا لکھا هوا یه نسخه جو اس کے درس میں ره چکا هے اور جس پر ابن الخشاب، مرهف بن أسامه اور الملک المؤید داؤد بن یوسف بن عمر بن علی بن رسول کی تحریریں ثبت هیں مختلف ممالک کی سیر کرتا هوا اور مختلف مشاهیر اور علماء کے پاس کچھ دن گذارتا هوا کتب خانۂ لائیڈن (هولینڈ) میں پہنچ کر اطمینان کا سانس لیتا هے.

علی گڑھ ڈاکٹر مختار الدین احمد

اور بڑا علم دوست حکمران اس نے «الجمهرة فی المیزرة» کا انتخاب مرتب کیا تھا جس میں بہت سے مفید مباحث کا اس نے اپنی طرف سے اضافہ بھی کیا تھا. اس نے ایک نفیس کتب خانہ بھی جمع کیا تھا جس میں کتابوں کی تعداد ایک لاکھ بتائی جاتی ہے.

«مجمل اللغة» کے پیش نظر نسخے کے سرورق پر الملک المؤید کے قلم کی مخصوص تحریر نمایاں طور پر لکھی ملتی ہے:

من کتب العبد الفقیر إلی الله تعالیٰ
داؤد بن یوسف بن عمر بن علی بن
رسول عفا الله عنه . . .

یمن کے شاہی کتب خانے سے ہوتا ہوا یہ نسخہ غالبا وہاں کے بعض علماء کے پاس رہا اور پھر کتابوں کے ایک شائق امین المدنی[1] کے پاس پہنچا. ان کی تحریر یا دستخط سرورق پر موجود نہیں لیکن ایک اور جگہ ظاہرا انہیں کی لکھی ہوئی حسب ذیل دو سطریں مندرج ہیں:

«اما ترجمة أسامة وكمية اعطاء هذا الكتاب له من العادل فهو
مفصل فی تاریخ ابن خلکان فی الجزء الأول فی حرف الهمزة والراجع».

یہ تحریر صحت سے عاری ہے. «وفیات الأعیان» کے موجودہ ایڈیشنوں میں امیر أسامة بن منقذ الشیزری یا کسی اور کے ترجمے میں «مجمل اللغة» کے پیش نظر نسخے کا کوئی ذکر نہیں ملتا. پھر یہ نسخہ أسامة کے پاس نہیں بلکہ ان کے بیٹے مرهف بن أسامة کے پاس رہا تھا اور یہ بخشش الملک العادل کی نہیں بلکہ اس کے متوسلین میں ایک امیر عزّ الإسلام حسن بن محمد الملکی العادلی کی تھی.

«مجمل اللغة» کے پیش نظر نسخے نے خاصی لمبی سیاحت کی ہے اس کی مختصر روئداد یہاں پیش کی جاتی ہے

بغداد میں ابن میمون اس کی کتابت سے ٥٤٦ هجری میں فارغ ہوتے ہیں. اسی سال وہ ابن الخشاب سے اسے پڑھتے ہیں. کچھ دن بغداد میں ابن میمون کے پاس رہ کر یہ نسخہ عز الاسلام کے پاس جا پہنچتا ہے وہاں سے

١ سرکیس معجم المطبوعات العربیة ١٧٢٠ (قاهره، ١٩٤٩)، الزرکلی الأعلام (١ : ٣٥٨)

« مجمل اللغة » دو جلدوں میں مکمل ہوئی تھی . نسخۂ لائیڈن بھی دو جلدوں میں تھا . ٥٦٥ ھ تک دونوں جلدیں موجود تھیں اب لائیڈن میں صرف پہلی جلد ہے جو ۳۰٦ اوراق پر ختم ہوتی ہے دوسری جلد کا پتا نہیں چلتا . یہ عجب اتفاق ہے کہ راقم کے پیش نظر اس کتاب کے دو مطبوعہ نسخے ہیں لیکن دونوں کی دوسری جلدیں غائب ہیں . مطبوعہ نسخوں میں پہلی جلد « باب الدال و اللام » پر ختم ہوتی ہے جب کہ نسخۂ لائیڈن کی پہلی جلد « کتاب الضاد » پر ختم ہوکر دوسری جلد « کتاب الضاد » سے شروع ہوتی ہے .

نسخۂ لائیڈن کی کتابت ابن میمون نے ٥٤٦ ھ میں کی ہے[1]. ابن الخشاب سے انہوں نے اس کتاب کو ٥٤٦ ھ میں پڑھا . یہ نسخہ ان کے پاس کم از کم ٥٤٩ ھ تک ضرور رہا . لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ قیمتی نسخہ ابن میمون کی زندگی ہی میں ان سے علحدہ ہوگیا اس لیے کہ ٥٨٩ ھجری تک ان کا زندہ رہنا معلوم ہے . لیکن ہمیں ٥٦٥ ھجری سے پہلے عزالاسلام ابو علی الحسن بن محمد الملکی العادلی کے پاس اس نسخے کے موجود ہونے کا علم ہوتا ہے اسی سال یہ نسخہ وہ شیزر کے مشہور شاعر اور مصنف أسامة بن منقذ الشیزری (٤٨٤—٥٨٠ ھ) کے بیٹے مرهف بن أسامه (٥٢٠—٦١٣ ھ) کو مرحمت کر دیتے ہیں جو خود صاحب ذوق ادیب اور شاعر تھے اور جنھیں کتابیں جمع کرنے کا بڑی بڑا شوق تھا . مرهف بن أسامه کے ہاتھ کی حسب ذیل تحریر سرورق پر درج ہے :

« صار هذا الکتاب هبةً و انعاماً من المولیٰ بدر الدین عزّالإسلام أبی علیٍ الحسن بن محمد الملکی العادلی أدام الله أیامه إلی أصغر خدمه مرهف بن أسامة بن مرشد بن علی بن منقذٍ الکنانی المالکی فی شهور سنة خمس و ستین و خمسمائة بحلب المحروسة ».

یمن کا مشہور رسولی فرماں روا السلطان الملک المؤید هزبر الدین داؤد بن یوسف بن عمر بن علی بن رسول (متوفی ۷۲۱ھ , ۱۳۲۲ م) خود بھی ادیب تھا

1 Dr. P. Voorhoeve نے سال کتابت ٥٤٦ ھجری درج کیا ہے . کاتب کے متعلق وہ بھی خاموش ہیں

ہوئی ہے سیکڑوں مصنفین اور شعرا کی تحریروں کے عکس شائع کیے ہیں لیکن ابن الخشاب کی کسی تحریر یا دستخط کا وہاں بھی پتا نہیں اس لحاظ سے ابن الخشاب کی تحریر کا عکس جو اس مضمون کے ساتھ شائع ہو رہا ہے دلچسپی سے دیکھا جائیگا . ابن الخشاب کا خط عالمانہ اور پختہ ہے اور واقعی بہت خوبصورت . «مجمل اللغة» کے سرورق پر جو ان کی تحریر ہے وہ یہاں درج کی جاتی ہے :

« قرأ عليّ هذا الجزء من أوله إلى آخره الرئيس الأجل العالم الولد شرف الرؤساء أبوغالب محمد بن المبارك بن محمد بن محمد بن ميمون نفعه الله بالعلم قراءة ضبط و تصحيح و اتقان في مدة آخرها في محرّم سنة ست و أربعين و خمس مائة .

و كتب عبد الله بن أحمد بن أحمد بن أحمد بن الخشاب بخطه في التاريخ حامداً لله تعالى و مصلياً على سيدنا محمد النبي و على آله و مسلماً » .

« مجمل اللغة » کے پیش نظر نسخے کے آخر میں ابن میمون کے ہاتھ کی لکھی ہوئی مندرجہ ذیل تحریر ملتی ہے :

« قابلتُ من ترجمة « رود » في الثلاثي إلى هذا الموضع سوى مجلس فاتني وهو من باب الراء والجيم و ما يتلوهما إلى ترجمة « رس » بهذه النسخة خط شيخنا و سيدنا و عالمنا و أوحدنا أبي محمد عبد الله بن أحمد بن أحمد بن الخشاب أدام الله حياته في مجلسه و هو يسمع و ذلك في سنة تسع و أربعين و خمس مائة و كنتُ قرأتُ جميع هذا الجزء عليه قراءة ضبط و مقابلة في مدة آخرها محرم سنة ست و أربعين و خمس مائة و خطه حرسه الله في أوله بذلك و كتب محمد بن المبارك بن محمد بن ميمون حامداً لله و مصليا على عبده و نبيه محمد و على آله » .

اس تحریر کے نیچے ابن الخشاب کی مندرجہ ذیل تحریر ہے .

« هذا صحيح و كتب ابن الخشاب بخطه » .

* راقم لائیڈن یونیورسٹی لائبریری کے Dr. Huisman اور Dr. Voorhoeve کا ممنون ہے، جن کی توجہ سے یہ عکس حاصل ہوئے

کی کوشش کی گئی ہے کہ اس نسخے کا کاتب کون ہے. راقم کا خیال ہے اور اس کی تصدیق Dr. S. M. Stern نے بھی کی ہے[1] کہ یہ پورا نسخہ ابن میمون البغدادی کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے.

محمد بن المبارک بن محمد بن محمد بن میمون البغدادی[2] کے سنین ولادت و وفات معلوم نہیں لیکن اس قدر یقینی ہے کہ وہ ۵۸۹ ھ تک ضرور زندہ تھے اس لیے کہ اسی سال انہوں نے بغداد میں اپنی کتاب « منتہی الطلب من أشعار العرب» مکمل کی. اس میں ایک ہزار قصیدے انہوں نے ان عرب شعرا کے کلام سے انتخاب کرکے جمع کیے ہیں جن کے اشعار سند سمجھے جاتے ہیں اور بطور شواہد پیش کیے جاتے ہیں. اس کے نسخے ترکی اور مصر میں ملتے ہیں. اس پر ڈاکٹر معظم حسین ڈھاکا یونیورسٹی نے ایک تفصیلی مضمون شائع کیا ہے[3].

ابن میمون، مشہور نحوی ابن الخشاب البغدادی[4] (۴۹۲—۵۶۷ ھ) کے شاگرد تھے اور کتابوں کے علاوہ انہوں نے ابن فارس کی « مجمل اللغة » بھی ان سے پڑھی تھی. قراءت کے وقت خود ابن میمون کے ہاتھ کا لکھا ہوا یہ نسخہ پیش نظر تھا اور اختتام کے بعد ابن الخشاب نے اس بات کی سند لکھ دی کہ ابن میمون نے یہ کتاب ان سے پڑھی ہے.

ابن الخشاب کی شان خط کے متعلق ابن القفطی، عمادالدین اصفہانی کے حوالے سے لکھتے ہیں: «وإذا كتب كتاباً بخطه اشترى بالمئين». ابن خلکان لکھتے ہیں «وکان خطه فی نهاية الحسن». ابن الخشاب کے ہاتھ کی لکھی ہوئی کوئی کتاب امتداد زمانہ سے محفوظ نہیں رہی. راقم کو ان کی کسی تحریر کا بھی علم نہیں ہوسکا ہے. خیرالدین زرکلی نے اپنی کتاب «الأعلام» کے دوسرے ایڈیشن میں جو دس جلدوں میں ۱۹۵۹ ع میں مصر سے شائع

---

۱ S. M. Stern, "Some manuscripts of Abu'l-'Ala al-Ma'arri", *ORIENS*, vol. 7 (1954), p. 328

۲ Brockelmann, *GAL* Suppl, I, 494

۳ S. Mu'azzam Husain, *JRAS* (1937) p. 133

۴ ابن القفطی إنباه الرواة ، ۲ ، ۹۹) ، یاقوت الحموی معجم الأدباء ، ٤ ، ٢٨٦ ، Brockelmann, *GAL* Suppl. I, 493

مجمل اللغة لابن فارس کا ایک قیمتی نسخه

ابوالحسین احمد بن فارس بن زکریاء القزوینی الرازی (۳۲۹—۳۹۵ھ) لغت و ادب کے ائمه میں شمار کیے جاتے هیں. وه قزوین کے رهنے والے تھے ایک عرصے تک انهوں نے همدان میں سکونت اختیار کی پھر رے منتقل هوئے اور وهیں وفات پائی. ان کی جلالت شان کا اندازه اس امر سے هوسکتا هے که بدیع الزمان همذانی (۳۵۸—۳۹۸ھ) اور صاحب بن عباد (۳۲۶ — ۳۸۵ھ) جیسے ائمهٔ فن ان کے شاگردوں میں تھے. ان کی تصانیف میں «مقاییس اللغة» «الصاحبی» «الیروز» «الحماسة المحدثة» «المصح» «تمام الفصیح» «فقه اللغة» «ذم الخطأ فی الشعر» اور «مجمل اللغة» قابل ذکر هیں.

آخر الذکر کتاب، لغت کی اهم کتابوں میں شمار کی جاتی هے. اس کے متعدد نسخوں کا ذکر بروکلمان کی تاریخ ادبیات عربی[1] میں دیکھا جاسکتا هے. اس میں اس کتاب کے صرف ایک ایڈیشن (۱۳۳۲ھ ۱۹۱۳ء م) کا ذکر هے مصر هی سے ۱۹٤۷ میں جو اس کا ایک اور ایڈیشن نکلا هے اس کا ذکر بروکلمان نے نہیں کیا هے.

«مجمل اللغة» کا ایک بہت اهم نسخه کتب خانهٔ جامعهٔ لائیڈن میں محفوظ هے[2] اور راقم کی نظر سے گذرا هے. اس کا بہت مختصر سا تذکره (P. Voorhoeve) اور Th. Houtsma نے کتب خانهٔ لائیڈن کی فهرست مخطوطات میں کیا هے[3] لیکن اس سے نسخے کی اصل اهمیت کا احساس نہیں هوتا. نه اس میں ان مشاهیر کا ذکر هے جن کے کتب خانوں میں یه نسخه ره چکا هے اور جن کے دستخطوں سے یه مزین هے اور نه اس میں اس امر کا پتا چلایے

۱ Brockelmann G.AL Suppl. I 197

۲ P. Voorhoeve, *Handlist of Arabic Manuscripts*, (Leiden 1957) p. 222

۳ De Goeje, Th. Houtsma, *Catalogus Codicum Arabicorum* (Leiden, 1888) p. 4

ولا نُثبت اسم المفضل الذى زاد فيها كما لم نُثبت أسامى آخرين ممن زادوا فيها أو فى «الأصمعيات» و درجوا جنوحاً إلى الإنصاف و تخليداً لذكرى هذا الإمام الجليل قتيل باخمرى رضى الله عنه. والله أعلم.

ثم إنى وجدت الخبر فى نسخة «إنباه الرواة»* للقفطى عن العباس بن بكار الضبى بعد خمسة أعوام.

كراتشى عبدالعزيز الميمنى

*[القفطى : إنباه الرواة على أنباه النحاة (٣ . ٣٠٤) تحقيق ابو الفضل ابراهيم (القاهرة، ١٩٥٥)]

«أنه نزل على المفضل الضبي فى وقت استتاره قال و كان المفضل زيديّاً فقال له إبراهيم ائتنى بشيء من كتبك أنظر فيه فإن صدرى يضيق إذا خرجت [وكان يخرج إلى ضيعة له]. وأتاه بشيء من أشعار العرب. واختار منها قصائد كتبها مفردة فى كتاب. قال المفضل ولما قتل إبراهيم أظهرتها فنسبها الناس إلىّ. وهى القصائد التى تسمى اختيار المفضل السبعين قصيدة ثم زدتها و جعلتها ثمة مائة و عشرين» و هذا يحدث إلى تزييف مزعم[1] الصديق أن الباقى من ١٢٠ كلمة بعد الثمانين التى هى اختيار المفضل من اختيار الأصمعىّ و مثله رواية أخرى فيه[2] و نقلها ابن أبى الحديد أيضاً[3]

و نقل السيوطى فى «المزهر»[4] عن «فوائد النحيرمى»[5] بحدثه قال العباس بن بكار الضبىّ قلت للمفضل «ما أحسن اختيارك للأشعار فلو زدتنا من اختيارك! فقال والله ما هذا الاختيار لى ولكن إبراهيم بن عبدالله استتر عندى الخ» وفيه أن إبراهيم كان أعلم على الأشعار ولم يذكر أنه كتبها مفردة.

وروى هذا الخبر ابن المهنأ الحسنى المتوفى سنة ٨٢٨ ﻫ فى «عمدة الطالب»[6] ببعض اختلاف و فيه: «أنه أعلم على ثمانين قصيدة فلما قتل أخرجها المفضل و قرئت بعدُ على الأصمعى فزاد فيها»

و غرضى هنا من كل ما سردته عليكم أنه إذا كانت المفضليات «مفضليات» و الأصمعيات «أصمعيات» مع ما زيد فيهما و أضيف إليهما بعلم رواة أو بغيره أو لم يعرفوا فلماذا لا نعزو «المفضليات» إلى مختارها الأول فنقول.

«الإبراهيميات اختيار إبراهيم الإمام و صنعة[7] المفضل أو القصائد المختارة اختيار الخ».

١ معظم حسين مقدمة الاختيارين ١٣
٢ مقاتل الطالبيين ١٣١ (ايران ١٣٠٧)، ٣٣٩ طبعة أحمد صقر (القاهرة ١٩٤٩)
٣ ابن أبى الحديد شرح نهج البلاغة ١ ٣٢٤
٤ السيوطى المزهر ٢ ١٦٥ طبع ١٢٨٢ ﻫ
٥ هما نحيرميان ابواسحق إبراهيم صاحب «أيمان العرب» ترجم له فى «معجم الأدباء» و «البغية» ١٨١ و تلميذ تلميذه ابو يعقوب يوسف (البغية ٤٢٥)، و لهما فى إنباه الرواة القفطى وانظر أيضاً صاحب «الفوائد» و لعله الأولى
٦ ابن المهنأ عمدة الطالب: ٨٥ بمباى ١٣١٨)
٧ ليعلم أن المفضل كان تكلم على الأبيات كما نقل الأنبارى عنه فى غير ما موضع و كما قد نبهنا عليه فى «إقليد الخزانة»

١٢٦ كلمة زيدت عليها ٤ ، والموجود فى طبعة « الأصمعيات » وهى عن نسخة[١] كوبرولراده ٧٧ كلمة ، و زيادات الجزء الثانى من « الإختيارين » ٧٢ كلمة، و زيادة نسخة دار التحف البريطانية كلمتان فتم المطبوع المعروف من « الإختيارين » ٢٨١ كلمة . ولو أسعدنا الحظ بالجزء الأول من « الإختيارين » لقبضنا أيدينا على نحو ٣٥٠ كلمة . زد إلى ذلك ما لا يوجد فى جميعها من أبيات رووها عن «الأصمعيات» و لكن خلت عنها هذه الطبعات أثرها كما قد دللتُ عليه فى «ذيل اللآلى» و كما أشار اليه صديقى الأستاذ معظم حسين فى مقدمة « الإختيارين »[٢] و هناك روايات مختلفة فى عداد قصائد «المفضليات» ؛ ففى شرح التبريزى الذى رأيت منه باستنبول و مصر عدة نسخ أنها ١٢٤ و نسبها الندیم ص ٦٨ إلى ١٢٨ وقال و قد تزيد و تنقص و تتقدم القصائد و تتأخر بحسب الرواية عنه والصحيحة التى رواها ابن الأعرابى . والذى يتخلص من كل هذه الأقوال المتضاربة بعد عرضها على محكّ النقد أن جملة اختيار إبراهيم وهى السبعون التى صدر بها المفضل اختياره ثم ما زاده إليها توجد فى روايات الأنبارى و المرزوقى و التبريزى تامة كاملة مجموعةً . و هذا بخلاف نسخ «الأصمعيات» فلا يوجد فيها مجموع اختيار الأصمعى بل أدمج فيها اختياره و اختيار رواته من أصحابه و غيرهم ممن لم يُثبتوا أسماءهم ولا أفردوا زياداتهم .

٥ ٥ ٥

هذا وقد سلفتْ فى سنة اختيار المفضل إليه على رواية يرويها أربعة من علماء الشيعة اثنان منهما متقدمان لم يتنبه لها فيما أظن أحد أحببتُ عرضها فى سوقكم ليجرى فى نصابه و يحوز الثمن من هو أولى به :

روى أبوالفرج فى « مقاتل الطالبيين »[٣] فى خبر مقتل إبراهيم الإمام ابن عبدالله بن الحسن بن الحسن بن على رضى الله عنه وكان رحمه الله خرج على المنصور بعد أخيه النفس الزكية بباخمرى وقتله و ذلك سنة ١٤٥ ﻫ :

١ نقلت عنها نسخة فيها و نسخة الشنقيطى بدار الكتب المصرية و وهم الصديق الفاضل أحمد محمد شاكر فى مقدمة طبعته الحديثة المفضليات من جهة عدم وقوفه على أصل كوبرولو

٢ مقدمة كتاب الأختيارين ٢٠

٣ ابوالفرج الأصفهانى مقاتل الطالبيين ١١٩ (ايران ، ١٣٠٧ ، ٣٧٣ طبعة احمد صقر (القاهرة ، ١٩٤٩) .

المفضليات صاحبها الأصلي

تقدم* لهذا العاجز الكلام على «المفضليات» في هذا المؤتمر بيتنه. و مغزاه التنبيه على سقطتين للمفضل نفسه و لأبي عبيدة كما كنت ألمعتُ به في نكتي على «خزانة الأدب»[1] وجرى ذكره في طرّة «شرح المختار من أشعار بشار»[2].

و خلاصته أن الصواب:

(لأبي السماح بُكير بن معدان يرثي يحيى بن مبشّر)

لا : (للسماح بن بُكير يرثي يحيى بن ميسرة)

كما قد زعما[3] استناداً إلى ما جاء في «الموفقيات» للزبير بن أبي بكر (وصاحب البيت أدرى بما فيه)، و «أنساب الأشراف»[4] للبلاذري و «مطلعات مراثٍ» عن ابن الأعرابي، و إلى بيت لجرير رثى فيه ابن مبشر هذا.

٭ ٭ ٭

و هذا مقامي بين أظهركم للبحث عن مختار هذه القصائد. و أقدم ما بلغنا في ذلك رواية أبي علي القالي[5] و نصه مفصلاً. و ذكر أبو عكرمة أن المفضل أخرج منها ثمانين قصيدة (و ثلاثين في «شرح المرزوقي» تصحيف ليس إلا :) للمهدي و قُرئت بعدُ على الأصمعي فصارت ١٢٠». ثم ذكر ما معناه أن أصحاب الأصمعي زادوا فيها وكثرت حتى أ قلتُ يوجد في هذه القطعة

---

١ عبد القادر البغدادي: خزانة الأدب (١ : ٢٦٤) طبعة السلفية (القاهرة، ١٣٤٨).

٢ التجيبي: شرح المختار من أشعار بشار ١٩٠ تحقيق السيد بدر الدين العلوي (القاهرة، ١٩٣٤)

٣ المفضليات مع الشرح ٦٣٠ (اوكسفورد، ١٩٢١)

٤ البلاذري: أنساب الأشراف (٥ : ٣٤٩)

٥ القالي: كتاب الأمالي (٣ : ١٣٠) (القاهرة، ١٩٢٦)
وانظر الكلام الماهر عليه سمط اللآلي ٦١

* مقالة قرئت بمؤتمر مستشرقي الهند في بنارس (الهند).

ہیئت کی تاریخ کے اندر مشاہیر افاصل میں محسوب ہوتا ہے۔ اتنا بڑا فاصل کہ زیج ملکشاہی کے متولیوں میں کل سرسد کی حیثیت رکھتا تھا۔ لہذا آقائے سعید نفیسی پر ڈاکٹر محمد معین کا تعقب اور اس تعقب پر استاد فروزانفر کی تصویب کہ : « بنا بر آنچه گذشت قول فخر رازی دربارهٔ عمر بن الحسام بوده که در شرح میبدی به عمر بن حیام تحریف شده است[1] » یقیناً صحیح نہیں ہے۔ آقائے سعید نفیسی نے ذکر خیام کا ایک اور قدیم ماخذ دریافت کیا ہے جو « نزهة الأرواح » کے (جسے زوکووسکی نے قدیم ترین مأخذ بتایا تھا) تقریباً برابر ہی قدیم ہے اور اگر ڈاکٹر محمد معین استعمال سے کام نہ لیتے تو اس کی صحت و افادیت سے تعلیقات « چہار مقالہ » میں انکار نہ فرماتے۔ ہاں اقائے سعید نفیسی کے اس خیال میں کوئی وزن نہیں ہے کہ « تفسیر کبیر » ذکر خیام کا قدیم ترین مأخذ ہے[2] کیونکہ «چہار مقالہ» اور « تتمهٔ صوان الحکمة » دونوں « تفسیر کبیر » سے اقدم ہیں

اور اب تو «چہار مقالہ» اور «تتمهٔ صوان الحکمة» سے بھی قدیم تر مآخذ و مصادر دریافت ہوچکے ہیں یعنی «مکاتیب حکیم سنائی» رسالہ «الزاجر الصغار » للزمخشری اور « میزان الحکمة » للخازنی اور ان میں سے بعض تو خیام کی زندگی ہی میں تالیف ہوچکے تھے مثلاً عبدالرحمن الخازنی کی « میزان الحکمة » جس کے متعلق مؤلف کتاب نے تصریح کی ہے کہ یہ ۵۱۵ ھ کی تصنیف ہے :

« و صنفت کتاباً فی میزان الحکمة لخزانة المعمورة فی شهور سنة خمس عشرة و خمسمائة لهجرة نبینا محمد المصطفی علیه السلام».[3]

لیکن ان میں سے قدیم ترین ماخذ کی تحقیق موضوع پیش نظر سے باہر ہے اور ایک مستقل کوشش کی مقتضی ہے۔

[۱۹۶۰ ,۱۲/۲۸]

۱ چہار مقالہ (تعلیقات) ۲۹۵

۲ «معظم له ذکروی (امام رازی) را از خیام اقدم منابع می داند».

۳ الخازنی : میزان الحکمة . ۹ (حیدرآباد ، ۱۳۵۹)

منها ولها مياه و كروم و بساتين كثيرة و نهر و هموم طين و بينهما و بين شبورقان مرحلة في بادية الجنوب .. ينسب إليها قوم منهم أبو الحسن علي بن محمد الأنباري »[1].

اسی «انبار» جوزجان کو «انبیر» بھی کہتے تھے[2] چنانچہ یاقوت «انبیر» کے ذکر میں لکھتا ہے :

« أنبير بكسر الباء الموحدة و ياء ساكنة وراء مدينة بالجوزجان بين مروالروذ و بلخ من خراسان بها قتل يحيى بن زيد بن علي بن الحسين بن علي بن أبي طالب رضي الله عنه و لعلها أنبار المتقدم ذكرها والله أعلم »[3].

یہ بھی واضح رہے کہ اس علاقہ (جوزجان) میں «انبار» اور «انبیر» ہی اکیلا ایسا شہر نہیں ہے جس میں الف اور یا کا ایک دوسرے سے بدل ہوجانا ہے۔ دوسرے شہر اور بھی ہیں مثلاً «فاراب» جس سے نسبت ، «فارابی» «فیریابی» اور «فریابی» تینوں طرح آتی ہے[4].

اس لیے یہ بات اب کسی مزید ثبوت کی محتاج نہیں رہی کہ «تتمة صوان الحكمة» اور «تفسیر کبیر» میں مذکور أستاد ابوالحسن (یا عمر) کی نسبت «الأبهری» نہیں ہے بلکہ «الأنبیری» ہے لہذا ڈاکٹر محمد معین کی یہ تصحیح جو اُنہوں نے تعلیقات چہار مقالہ میں کی ہے وہ بھی صواب نہیں[5].

ظاہر ہے جب «الأنبیری» کے اندر نسخ و کتابت میں یہ تحریف ہو سکتی ہے تو پھر «الخیام» بھی کاتبوں کے تصرف سے نہیں بچ سکتا اگر ح اور ی کے نقطے اُڑ جائیں تو پھر «الخیام» کو «الحسام» پڑھنا بالکل فطری ہے

یہ بھی واضح رہے کہ «عمر بن الحسام» (جیسا کہ مطبوعہ «تفسیر کبیر» میں ڈاکٹر محمد معین کو ملا) بالکل غیر معروف نام ہے . تاریخ و تراجم کی کتابوں میں اس نام کا کوئی «مجسطی خوان» نہیں ملتا . البتہ عمر خیام بیشک اسلامی

١ معجم البلدان (١ : ٣٤٠)
٢ تفصیل کے لیے دیکھیے Le Strange, *The Lands of the Eastern Caliphate*, [illegible]
٣ معجم البلدان (١ : ٣٤٣)
٤ سمعانی : کتاب الأنساب ورق ٤١٦ ب ، ٤١٧ الف ، ٤٢٦ ب
٥ چہار مقالہ (تعلیقات) ٦٩٥ «چنین است بجائے عمرالأبہری که باید» .

اور «انبار» یا بغداد کے مغرب میں واقع تھا[1]، یا خراسان کے مشرقی حصے میں[2] یا پھر وہ مرو کا ایک محلہ تھا[3].

یہی اعتراض «الأنبری» اور «الأنباری» پر بھی ہوسکتا ہے. اور اسی میں اصل مسئلہ کا حل مضمر ہے. اس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

قرون وسطیٰ میں ایران کا مشرقی صوبہ خراسان تھا. عرب جغرافیہ نویس سہولت کے لیے اس وسیع صوبے کو چار ربعوں میں تقسیم کیا کرتے تھے: نیشاپور، مرو، ہرات اور بلخ. مشرقی ربع بلخ دارالحکومت شہر بلخ اور اُس کے مضافات کے علاوہ دو حصوں میں منقسم تھا. مشرقی حصہ طخارستان اور مغربی جوزجان کہلاتا تھا. اسی علاقہ سے ہوکر مروالروذ سے بلخ جانے والی سڑک گذرتی تھی. مروالروذ سے تین منزل کے فاصلہ پر طالقان کا شہر تھا جس کا نام اب نقشہ سے مٹ چکا ہے صرف چاچکتہ کے قریب اس کے کھنڈر رہگئے ہیں طالقان پر یہ سڑک دوشاہراہوں میں بٹ گئی تھی. شمالی شاہراہ سے بلخ پہونچنے کے لیے دو بڑے شہروں فاریاب (طاہرفاریابی کا وطن) اور شبورقان سے گذرنا ہوتا تھا. فاریاب کسی زمانہ میں بڑے درجہ کا شہر تھا لیکن اب اس کا نشان نہیں ملتا اسے آج کل کے خیراباد کے قریب سمجھنا چاہیے. شبورقان اب بھی موجود ہے. تیسری صدی ہجری میں یہ جوزجان کا صدر مقام تھا. جنوبی شاہراہ سے بھی بلخ پہونچنے کے لیے دوشہروں سے گذرنا پڑتا تھا یہودیہ جو طالقان سے دو منزل آگے جانے والی سڑک پر تھا اور جو قدیم زمانہ میں یوریہ کہلاتا تھا اور اب بھی ایک بارونق شہر ہے، اور دوسرا «انبار» جو شبورقان کے محاذی جنوب میں ایک دن کی راہ پر واقع تھا چنانچہ یاقوت لکھتا ہے:

«الأنبار بفتح أوله مدينة بقرب بلخ وهى قصبة ناحية جوزجان و بها كان مقام السلطان وهى على الجبل وهى أكبر مروالرود و بالقرب

١ معجم البلدان (١ ٣٤١) «والأنبار ايضاً مدينة على الفرات فى غربى بغداد بينهما عشرة فراسخ» اسی انبار کی طرف «نزهة الألباء» کے مصنف کمال‌الدین ابوالبرکات الأنباری منسوب ہیں.

٢ تفصیل آگے آرہی ہے.

٣ معجم البلدان (١ ٣٤٢) «والأنبار ايضاً سكة الأنبار بمرو فى أعلى البلد ينسب إليها أبو بكر محمد بن عبدويه الأنباري».

اس مبحث کی تحریر کے وقت مولانا سید سلیمان ندوی کے پیش نظر محمد بن یوسف طبیب هروی کا طبی لغت «بحرالجواهر» بھی تھا اور اس میں بھی شاگرد کا نام خیام اور اُستاد کا نام ابوالحسن الأنباری ہے چنانچه وه لکھتے ہیں[۱] :

«خیام کے اساتذهٔ هیئت میں ایک نام نمایاں نظر آتا هے اور وه نام ابوالحسن الأنباری (یا الأنبیری) کا هے. ابوالحسن بیهقی، شهرزوری اور محمد بن یوسف طبیب هروی نے اس کی تصریح کی هے».

دوسری جگه اُنھوں نے شهرزوری ترجمهٔ ابوالحسن الأنبیری، «درة الأخبار» ص ۷۵ اور بحرالجواهر (لغت طب) تصنیف محمد بن یوسف طبیب هروی فصل (الف) کے حوالوں کو پڑھکر لکھا هے[۲] :

«ایک دن ابوالحسن انبیری خیام کو مجسطی پڑھا رها تھا، ایک مولوی صاحب کا سامنے سے گزر هوا، پوچھا کیا پڑھا رہے هو؟ بولا قرآن پاک کی ایک آیت کی تفسیر پڑھا رها هوں. پوچھا کس آیت کی؟ جواب دیا: «أفلم ینظروا إلی السماء فوقهم کیف بنیناها» کی تفسیر کر رها هوں».

ان شواهد کے بعد کوئی شک نہیں رهتا که «تتمهٔ صوان الحکمة» میں اُستاد کا نام «ابوالحسن الأنبری» اور شاگرد کا «الحکیم عمر الخیام» تھا ایک اور بات جو «تتمهٔ صوان الحکمة» میں تصحیف و تحریف کے عدم امکان کی موید هے وه یه هے که عنوان میں اُستاد کی نسبت «الأنبیری» هے اور متن میں دوجگه «الأنباری». «أنبیری» اور «أبهری» ایک دوسرے کی تحریف هو سکتے هیں، مگر «أنباری» یقیناً «أبهری» کی تحریف نہیں هو سکتا. یه بھی ناقابل قیاس هے که استاد کی دو نسبتیں هوں (أبهری اور أنباری) اور وه بھی یه که ایک هی عبارت میں وه ایسے دو شہروں کی طرف منسوب هو جو ایک دوسرے سے فاصلهٔ بعیده پر واقع هیں، کیونکه شهر «ابهر» ایران کے صوبه جبال (عراق عجم) کے وسط میں واقع هے

---

۱ خیام. ۸۰ ۲ ایضاً ۸۱

میں «الأنباری» ھے جو «الأنبیری» کی دوسری قراءت ھے (تفصیل آگے آرھی ھے) صرف برلن کے نسخے میں «الأنبیری» ھے جو «أبھری» کے مقابلے میں «الأنبیری» کی تصحیف معلوم ھوتی ھے. پھر اصل واقعے میں نسخۂ کوپریلی زادہ کے اندر اور اسی طرح دوسرے نسخوں میں «الأنباری» ھے صرف برلن کے مخطوطے میں الأنباری» (بغیر نقطۂ باء موحدہ) ھے. دوسری مرتبہ پھر نسخۂ کوپریلی زادہ میں «الأنباری» ھے اسی طرح نسخۂ کتب خانۂ بشیر آغا میں بھی «الأنباری» ھے. نسخۂ ملا مراد میں عنواں کی طرح «الأنبیری» ھے صرف برلن کے نسخۂ میں «الأنبیری» ھے جو جیسا کہ اوپر مذکور ھوا «الأبھری» کے مقابلے میں «الأنبیری» کی تصحیف ھے.

«تتمۂ صوان الحکمة» کے محتویات کو شھرزوری نے بلا کم و کاست «نزھة الأرواح و روضة الأفراح» میں نقل کردیا ھے. پروفیسر محمد شفیع کو «نزھة الأرواح» کے جتنے نسخے ملے اُن میں اُستاد کی نسبت «الأنبیری» اور شاگرد کا نام «خیامی» مکتوب ھے. صرف برلن کے نسخے میں عنوان کے اندر «الأنبری» (بغیر نقطۂ نون) جو الأنبری=الأنبیری کی تصحیف ھے اور اصل واقعے میں پہلی مرتبہ «الأنباری» (نون اور باء موحدہ کے نقطوں کے بغیر) ھے جو یقیناً «الأنباری» ھے[1].

ندوة العلماء لکھنؤ کے نسخۂ «نزھة الأرواح» کی متعلقہ عبارت سید سلیمان ندوی مرحوم نے «خیام» میں نقل کی ھے جو حسب ذیل ھے:

> «ابوالحسن الأنبیری کان حکیماً و الغالب علیه الهندسة [و الهیئة] و کان الخیامی یستفید منه وهو یقرء له المجسطی».

«تتمۂ صوان الحکمة» کا فارسی ترجمہ «درة الأخبار» ھے. اس میں شاگرد کا نام «عمر بن خیام» ھی مذکور ھے[2]:

> «باوجود تبحر در علوم حکمی هندسه بر وی غالب بود و حکیم فیلسوف عمر بن خیام از وی استفادت می کرد و مجسطی از وی فرا گرفت».

۱ سید سلیمان ندوی: خیام ۱۸ ۲ ایضاً. ۱۸

«تتمۂ صوان الحکمۃ» میں محرف ہوکر «عمر الأ[illegible]» اور «عمر الخیام» منقول ہوگئے ہوں مگر یہ مفروضہ بھی ناقابل تسلیم ہے بوجوہ ذیل:

اولاً «تتمۂ صوان الحکمۃ» کا سال تصنیف «[illegible]» سے مقدم ہے [illegible] بیہقی «تتمۂ صوان الحکمۃ» مرتب کررہا تھا امام رازی کی عمر [illegible] سال کی قریب ہوگی اس لیے «تتمۂ صوان الحکمۃ» کا بیان «[illegible]» [illegible] پر مرجح ہے پھر ظہیرالدین بیہقی خیام سے ذاتی واقفیت رکھتا [illegible] کرچکا تھا[1] اس کا باپ خیام کے خاص [illegible] وہ اس سے [illegible] زندگی کے اہم واقعات نقل کیا کرتا تھا[2] [illegible] خیام کے متعلق لکھا ہے وہ [illegible] داماد امام محمد بغدادی کی وساطت سے[3] [illegible] جو خیام سے براہ راست واقف تھے [illegible] نے جو کچھ خیام کے بارے میں لکھا ہے [illegible]

ثانیاً: اس کا بھی امکان نہیں ہے کہ رازی [illegible] لکھا تھا (بالخصوص ابوالحسن الأ[illegible]) [illegible] کاتبوں نے تحریف کردی ہو کیونکہ [illegible] مرتب کتاب [illegible] اور «عمرالأبہری» نہیں ملا [illegible] صاف «الحکیم عمر الخیامی» لکھا ہے [illegible] کتابوں میں مشہور ہے [illegible] طرح استاد کی نسبت عراق میں [illegible] ہے، کتب خانہ ملا مراد کے نسخے میں [illegible] اور «ابہاری» ہی کی ایک قرأت ہے [illegible] قرأت ہے (مزید تفصیل [illegible]) [illegible]

١ تتمۂ صوان الحکمۃ ١١٦ [illegible] سبع و خمسمائہ [illegible]
٢ ایضاً ١١٥ وحکی الامام [illegible]
٣ ایضاً ١١٦ وحکی لی [illegible] محمد البغدادی [illegible] الالٰہیات من الشفاء

بعینہ یہی واقعہ « تتمۃ صوان الحکمۃ » مؤلفہ سنہ ٥٥٣ — ٥٦٠ ھ میں مذکور ہے)۔

پھر تاریخ و تراجم کی کتابوں میں کسی اور « عمر الأبہری » کا ذکر نہیں ملتا جو ریاضی و ہیئت میں اس درجہ کمال رکھتا ہو کہ مجسطی جیسی کتاب کے درس و تدریس کے لیے مرجع انام ہو۔ بلکہ واقعہ یہ ہے کہ « عمر الأبہری » اور « عمر اسری » دونوں « عمر الأنیری » کی تصحیف ہیں۔ مزید تحقیق آگے آرہی ہے۔

(٢) اسی طرح مطبوعہ « تفسیر کبیر » میں مذکور « عمر بن الحسام »، « عمر خیام » کی تحریف ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے[١] :

امام رازی نے «تفسیر کبیر» میں جس واقعے کی طرف اشارہ کیا ہے، ظہیر الدین بیہقی نے « تتمۃ صوان الحکمۃ » میں اُسے بالتفصیل بیان کیا ہے :

« ابوالحسن الأنباری الحکیم : کان حکیماً والغالب علیه علم الهندسة و کان الحکیم عمر الخیام یستفید منه و هو یقرء له المجسطی. وقال بعض الفقهاء یوماً للأنباری ما تدرس فقال أفسر آیة من کتاب الله تعالیٰ فقال الفقیه و ما تلک الآیة. فقال الأنباری قول الله تعالیٰ « أولم ینظروا إلی السماء فوقهم کیف بنیناها » وانا أفسر کیفیة بناءها »

اب تین صورتیں ہیں :

(الف) « تفسیر کبیر » اور « تتمۃ صوان الحکمۃ » میں مذکور دو مختلف واقعے ہوں۔ مگر یہ مفروضہ ناقابل قیاس ہے۔ اتفاقات دنیا میں ضرور ہوتے ہیں مگر ان کی بھی حدود ہوتی ہیں۔ اتفاق ایک ہی عجیب ہوتا ہے مگر جب ایک سے زیادہ اتفاقات جمع ہونے لگیں تو پھر استبعاد محال بننے لگتا ہے۔ یہاں دونوں شاگردوں کے نام ایک ہیں، واقعے کی جزئیات ایک ہیں، سوال ایک ہے، جواب ایک ہے، توجیہ ایک ہے اس لیے یہ دو الگ الگ واقعے نہیں ہیں بلکہ ایک ہی واقعہ ہے۔

(ب) اس میں اُستاد اور شاگرد کے نام «عمر الأبہری» اور «عمر بن الحسام» ہوں جیسا کہ مطبوعہ «تفسیر کبیر» میں چھپے ہوئے ملتے ہیں اور

١ تتمۃ صوان الحکمۃ ٩٢

(۱) ابہر میں ایک مشہور فاضل اثیرالدین ابہری گذرے ہیں۔ اُن کا نام مفضل بن عمر تھا۔

حمد اللہ مستوفی نے لکھا ہے[1]:

«اثیرالدین ابہری: اسمه مفضل. او پیشتر از عهد هلاکو در گزشت. سر آمد زمان خود بود. کتاب کشف در حکمت و محصول و اشارات و زبدهٔ مومنان و هدایه از تصانیف اوست».

اثیرالدین کے پدر بزرگوار کا نام «عمر الأبہری» ہوگا۔ یہ نہیں معلوم کہ وہ بھی اپنے زمانے کے عالم اور ریاضی وہیئت میں مرجع انام تھے یا نہیں ویسے اثیرالدین ابہری فلسفہ و معقولات کے علاوہ ریاضیات میں بھی دستگاہ عالی رکھتے تھے چنانچہ متأخرین ہند میں اسلام میں جن محققین نے اُقلیدس کے پانچویں مصادرے (Parallel Postulate) کے سلسلے میں تحقیق کی ہے، اُن میں اثیر الدین ابہری کا نام خصوصیت سے قابل ذکر ہے۔ مگر نہ تو اُن کے اساتذہ کا حال معلوم ہے اور نہ اُن کے آباء واجداد کے بارے ہی میں کوئی تحقیقی بات معلوم ہے۔

مگر ایسا اندیشہ ہوتا ہے کہ «تفسیر کبیر» کے ناشر کا ذہن «عمر الأنبیری» پڑھتے وقت «اثیرالدین ابہری» کے والد «عمر الأبہری» کی طرف کسی طرح متبادر ہوگیا اور اُنھوں نے اسے «عمر الأبہری» سمجھ لیا۔ لیکن فرض کیجیے اثیرالدین ابہری کے والد بزرگوار «عمر الأنبیری» ریاضیات میں بھی ید طولیٰ رکھتے ہوں (جس کا کوئی ثبوت نہیں ہے) تب بھی وہ مطبوعہ «تفسیر کبیر» کے مزعوم «عمر الأبہری» (تصحیف عمر الأنبیری) نہیں ہو سکتے کیونکہ اثیرالدین مفضل بن عمر الأنبیری کا سال وفات حدود سنہ ٦٦٠ ھ ہے اور اس لیے اُن کے والد کا زمانہ (بالتخصیص زمانہ درس و تدریس) ساتویں صدی کے آغاز سے پہلے نہیں ہوسکتا حالانکہ «تفسیر کبیر» کا سال تصنیف سنہ ٦٠٣ ہجری ہے اور اس لیے اس میں مذکور «عمر الأبہری» (یعنی عمر الأنبیری) کا زمانہ چھٹی صدی کے آغاز بلکہ اس سے بھی کہیں پہلے ہونا چاہیے (کیونکہ

---

۱ تاریخ گزیدہ. ۸۰۱

و چون تولد و وفات امام فخر رازی (٥٤٣ یا ٥٤٤-٦٠٦ھ) است معظم له ذکر وی را از خیام اقدم منابع می دانند هرچند که ایشان در تفسیر کبیر جستجو کرده اند و چنین مطلبی را نیافته اند »[١].

ڈاکٹر محمد معین کا خیال ھے کہ میبذی کے حاشیۂ «دیوان علی» میں جس « عمر اسری » کا ذکر ھے ، اُس کا صحیح نام « عمر الأبہری » ھے اور اگرچہ آقاے سعید نفیسی کو «تفسیر کبیر» میں یہ مقام باوجود تلاش بسیار نہ مل سکا مگر ڈاکٹر محمد معین نے اسے ڈھونڈ ھی لیا . رازی کی اصل عبارت یہ ھے[٢] :

« روی أن عمر بن الحسام کان یقرء کتاب المجسطی علیٰ عمر الأبہری فقال بعض الفقہاء یوماً ما الذی تقرؤنه فقال أفسر آية من القرآن و ھی قوله تعالی : «أفلم ینظروا إلی السماء فوقهم کیف بنیناها » فانا أفسر کیفیة بنیانها و لقد صدق الأبہری فیما قال»[٨] .

اپنی اس دریافت کی بنیاد پر استاد بدیع‌الزمان فروزانفر کے مشورے سے ڈاکٹر محمد معین نے یہ راے قائم کی ھے کہ آقاے سعید نفیسی کی وہ دریافت بیکار ھے کیونکہ «تفسیر کبیر» میں « عمر خیام » کا تذکرہ نہیں ھے بلکہ «عمر بن الحسام» کا ذکر ھے جو محرف ھوکر حاشیۂ «دیوان علی» میں « عمر بن خیام » چھپ گیا ھے . اسی طرح اُن کے اُستاد کا نام « عمر الأبہری » ھے جو تحریف ھوکر « اسری » چھپ گیا ھے . چنانچہ فرماتے ھیں[٣] :

« بنا بر آنچہ گذشت قول فخر رازی دربارۂ « عمر بن الحسام » بوده که در شرح میبذی به «عمر بن خیام» تحریف شده است».

لیکن اس عاجز کا خیال ھے کہ ڈاکٹر معین کا یہ اعتراض صحیح نہیں ھے نہ تو « اسری » « الأبہری » کی تحریف ھے اور نہ «عمر بن خیام» « عمر بن الحسام » کی تصحیف ھے.

١ چہار مقاله (تعلیقات) ٢٩٥
٢ امام رازی تفسیر کبیر ٢ ٨٣
٣ ایضاً . ٢ : ٢٩٥

سنہ ۵۵۳ ھ کے بعد تالیف ہوئی تھی. خود ظہیر الدین بیہقی نے اس کتاب میں ابن التلمید کے تذکرے میں ابوبکر بن عروہ کا سال وفات سنہ ۵۵۳ ہجری بتایا ہے.[1]

اب تو «تتمۂ صوان الحکمۃ» کی اقدمیت کا خیال تقویم پارینہ بن چکا ہے[2] اور محققین نے اُس سے کہیں زیادہ قدیم مآخذ و مصادر دریافت کر لیے ہیں جن میں سے بعض تو خود خیام کی زندگی ہی میں مرتب ہوچکے تھے.

اس ضمن میں فضلاے ایران کی مساعی جمیلہ کا استقصا ڈاکٹر محمد معین نے «چہار مقالہ» کے جدید ایڈیشن کی تعلیقات میں کیا ہے اور اس کے لیے ایک مستقل عنوان «مآخذ مربوط بخیام بترتیب تاریخ» کے نام سے قائم کیا ہے. اس ذیل میں سب سے پہلے اُنھوں نے آقاے سعید نفیسی کا ایک افادہ نقل کیا ہے:

> «آقای سعید نفیسی در شرح دیوان منسوب بعلی از ابن حسین بن معین‌الدین میبذی چاپ ۱۲۸۵ قمری ص ۴۹ بدین عبارت برخورده اند: امام فخرالدین در تفسیر کبیر گوید. عمر بن خیام پیش عمر اسری مجسطی می خواند بعضی فقها گفتند این چیست که شما می‌خوانید؟ گفتند: تفسیر «أو لم ینظروا إلی السماء فوقهم کیف بنیناها» می گوئیم. و جمهور متشرعه فلک اطلس را عرش می دانند و فلک ثوابت را کرسی.

۱ چنانچه قزوینی نے جن سے پروفیسر کلیم‌الله کی سنہ ۱۹۳۳ میں پیرس میں ملاقات ہوئی تھی اس کتاب کے زمانۂ تصنیف کے بارے میں لکھا ہے: تاریخ تالیف کتاب تاریخ تالیف تتمۂ صوان الحکمۃ را علی التحقیق راقم السطور تاکنون نتوانسته ام معلوم نمایم ولی چون از طرفی در این کتاب وفات ابوبکر بن عروہ که در سنہ پانصد و پنجاه و سه واقع شده مذکور است (ورق ۸۰ (ب)) و از طرف دیگر چون وفات خود مولف چنانکه گذشت در سنہ پانصد و شصت و پنج است، پس تالیف این کتاب بالضرورة محصور خواهد شد بین دو سنہ مذکوره یعنی سنہ ۵۵۳ — ۵۶۵. (بیست مقاله ۲ ۱۲۷)

۲ خود قزوینی نے دوسری جگہ غیر مبہم الفاظ میں تصریح کی ہے کہ تتمۂ صوان الحکمہ، چہار مقالہ کے بعد میں تالیف ہوا تھا: «تاریخ تالیف «تتمۂ صوان الحکمۃ» بطور تحقیق برای راقم سطور معلوم نیست ولی از اینکه تاریخ وفات ابوبکر بن عروہ را که در سنہ ۵۵۳ است بدست میدهد (رجوع بفهرست نسخ عربی بریتش ۹ ۴۵۷) و از اینکه وفات خود مولف چنانکه گذشت در سنہ ۵۶۵ است واضح می شود که «تتمۂ صوان الحکمۃ» مابین سنوات ۵۵۳ — ۵۶۵ تالیف شده است یعنی فقط چند سال بعد از تالیف «چهار مقاله» که در حدود سنہ ۵۵۰ است» (بیست مقاله . ۲ ۱۲۰)

اختلاف دارند. علامه مرحوم محمد قزوینی در تعلیقات کتاب حاضر چهار مقاله را قدیم ترین نسخه دانسته اند. و آن بدلائل و قرائنی که در ذیل نقل خواهم کرد درست نیست».

«چهار مقاله» کا سال تصنیف حسب تصریح قزوینی ۵٤۷ ھ اور ۵۵۲ ھ کے درمیان ھے اور راقم السطور کے خیال میں آخر سنه ۵٤۷ ھ. ڈاکٹر کلیم‌الله حسینی[۱] نے «چهار مقاله» کی اقدمیت کو چیلنج کر کے «تتمة صوان‌الحکمة» مؤلفه ظهیر الدین بیهقی کو خیام کا قدیم ترین ماخذ بتایا ھے مگر قابل غور بات یه ھے که «چهار مقاله» کا سال تصنیف آخر سنه ۵٤۷ ھ ھے اور «تتمهٔ صوان الحکمة» غالباً سنه ۵٦۰ ھ کے بعد تصنیف هوئی تھی اگر یه بھی فرض کر لیا جائے که «چهار مقاله» سنه ۵۵۲ ھ ھی کی تصنیف ھے تو بھی «تتمهٔ صوان‌الحکمة» اس سے بهر صورت مؤخر ھے[۲] کیونکه یقیناً یه

۱ Islamic Culture p 51 (1960)
Contribution of Zahiruddin al-Bayhaqi to Arabic and Persian Literature

۲ اس خیال کی وجه یه ھے که «تتمة صوان‌الحکمة» میں بیهقی نے امین‌الدوله ابن التلمید کی وفات کا ذکر کیا ھے: «الحکیم ابوالحسن ابن التلمید البغدادی... توفی فی شهور سنه تسع و اربعین و خمسمائة (تتمة صوان الحکمة: ۱٤۱ — ۱٤۳) مرتبه پروفیسر محمد شفیع مطبوعه لاهور. اگرچه یه سال وفات باتفاق مؤرخین غلط ھے تاهم اتنا متحقق ھے که یه کتاب امین الدوله ابن التلمید کی وفات کے بعد تالیف هوئی بهر حال امین الدوله ابن التلمیذ کا سال وفات متفقه طور پر سنه ۵٦۰ ھ ھے چنانچه ابن خلکان لکھتا ھے. «ابوالحسن هبة الله بن ابی الغنائم... المعروف بابن التلمید النصرانی الطبیب الملقب بامین الدوله البغدادی.. توفی فی صفر سنه ستین و خمسمائه و قد ناهز المائة من عمره» وفیات الأعیان ۲: ۱۹۱-۱۹۳). ابن القفطی لکھتا ھے. «سلطان الحکماء امین الدوله ابوالحسن هبة الله بن صاعد الطبیب النصرانی یعرف بابن التلمید وتوفی هبة‌الله بن صاعد فی صفر سنة ستین و خمسمائة و قد قارب المائة و ذهنه بحاله» (اخبار العلماء باخبار الحکما ۲۲۳ — ۲۲٤) اسی طرح ابن أبی أصیبعه بھی جس نے اطباء کا مستقل تذکره لکھا ھے اس کا سال وفات سنه ۵٦۰ ھ ھی بتاتا ھے. وکانت وفاة امین الدوله ببغداد فی الثامن والعشرین من شهر ربیع‌الأول سنة ستین و خمسمائه وله من العمر اربع و تسعون سنة (عیون الأنباء فی طبقات الأطباء ۱. ۲٦٤)

شهرزوری کی «نزهة الأرواح» تتمة صوان الحکمة هی کی نقل ھے اور برلن میں اس کتاب کا جو نسخه ھے اُس کے اندر جس صفحه پر ابن التلمید کا ترجمه ھے، اُس صفحه کے حاشیه پر کسی نے غالباً ذهبی کی «تاریخ الاسلام» سے حسب ذیل عبارت نقل کی ھے: «وفی تاریخ الکبیر: توفی هبة‌الله ابن الصاعد یعنی ابن التلمیذ فی صفر سنة ستین و خمسمائة»

ان تصریحات کے بعد اس باب میں کوئی شک نہیں رهتا که بیهقی سے ابن التلمید کا سال وفات ثبت کرنے میں سهو هوا ھے. اور چونکه ابن التلمید کا سال وفات سنه ۵٦۰ ھ ھے لهذا تتمة صوان‌الحکمة سنه ۵٦۰ ھ سے بعد کی تصنیف ھے.

زندگی ملتے ہیں، شہرزوری کی «نزھةالأرواح» ہے جس کا سال تصنیف حسب تحقیق ڈاکٹر زخاؤ (Sachau) سنہ ۵۸۶ ھ اور ۶۱۱ ھ کے درمیان ہے.

سنہ ۱۸۹۸ع میں ڈینی‌سن راس Denison Ross نے روکوسکی کے مقالے کو انگریزی میں منتقل کر کے *Journal of the Royal Asiatic Society* میں شائع کیا. اس سے انگریز محققین میں بھی «خیامیات» کے مطالعہ کا شوق پیدا ہوا اور اگلے سال اسی رسالے میں پروفیسر براؤن نے خیام پر ایک مختصر مضمون کے ضمن میں کچھ نئے ماخذوں کی طرف توجہ دلائی. سنہ ۱۹۰۰ع میں فٹزجیرالڈ (Fitzgerald) کے انگریزی ترجمۂ رباعیات عمر خیام کا نیا ایڈیشن ڈینی سن راس کے مقدمے کے ساتھ شائع ہوا. اس مقدمے میں ڈینی سن راس نے جن مآخذ و مصادر سے استفادہ کیا ہے، اُن میں سب سے قدیم نظامی عروضی سمرقندی کا «چہار مقالہ» ہے.

سنہ ۱۹۰۶ میں پروفیسر براؤن نے *Literary History of Persia* کی دوسری جلد شائع کی جس میں خیام کا بھی ذکر کیا. جن ماخذوں سے خیام کا ذکر مرتب کیا گیا اُن میں بھی قدیم ترین «چہار مقالہ» ہی ہے. سنہ ۱۹۱۰ع میں مرزا محمد قزوینی نے «چہار مقالہ» ایڈٹ کیا اور اس کے مقدمے میں براؤن ہی کی رائے کی تائید کی[1]

«مقالهٔ سوم بواسطهٔ اشتمال آن بر بعضی معلومات در خصوص عمر خیام . . . دارای اهمیتی مخصوص است زیرا که چهار مقاله اولین کتابی باشد که ذکری از عمر خیام درآن شده و انگهی مصنف خود معاصر او بوده و با وی ملاقات نموده است»

بعد میں محققین مشرق بالخصوص فضلائے ایران نے قدیم تر حوالوں کی دریافت کو جاری رکھا چنانچہ حال ہی میں «چہار مقالہ» کا جدید ایڈیشن ڈاکٹر محمد معین کی تعلیقات کے ساتھ شائع ہوا ہے، اس میں انھوں نے لکھا ہے[2]:

«محققان معاصر درباره اقدم کتب که ذکری از خیام کرده‌اند،

۱ نظامی عروضی · چهارمقاله : مقدمهٔ مصحح د ــ ه ، ایران، ۱۹۲۷
۲ ایضاً · (تعلیقات) ۲۹۴ طبع ڈاکٹر محمد معین

خیام کا تذکرہ تفسیر کبیر میں

شبیر احمد خاں غوری*

بیسویں صدی کے آغاز سے مشرقیین و مستشرقین دونوں کو خیام کے آثار و احوال سے غیر معمولی دلچسپی ہوگئی ہے چنانچہ آقاے مجتبیٰ مینوی نے « پانزدہ گفتار » میں لکھا ہے : « شک نیست که از میان شعرای ایران یکی نیست که شہرت او باندازۂ خیام جهانگیر باشد »[1].

اہل مغرب نے تو اُس کی یادگار میں ایک مستقل انجمن Omar Khayyam Club کے نام سے سنہ ۱۸۹۲ع سے قائم کر رکھی ہے. بعض ادباء نے اُس کی رباعیات کے صحیح ترین نسخوں کی تلاش اور منسوب و منحول رباعیات کی چھان بین کے لیے اپنی علمی تحقیقات وقف کر رکھی ہیں. بعض فضلاء نے اس کی تصانیف کی دریافت کو اپنی کاوشوں کا موضوع بنایا ہے اور کچھ محققین نے خیام کے احوال و آثار کے مصادر کی دریافت ہی کو موضوع تحقیق بنالیا ہے.

اس سلسلے میں سب سے پہلی قابل ستائش کوشش روسی مستشرق ژوکووسکی (Zhukovsky) نے کی تھی. سنہ ۱۸۹۷ع میں وکٹر روزن کی پروفیسری کی بست و پنج سالہ یادگار کے موقع پر جو (Presentation Volume) اس کے شاگردوں نے مرتب کی تھی، اس میں ژوکووسکی نے حالات خیام کے مآخذ و مصادر پر ایک مبسوط مقالہ لکھا تھا. اس مقالے کی رو سے قدیم ترین کتاب جس میں خیام کے حالات

۱ مجتبیٰ مینوی : پانزدہ گفتار ۰ ۳۰۰ (تہران ، ۱۳۳۳) بحوالۂ چہار مقالہ : ۳۳۵ طبع ڈاکٹر محمد معین

*شبیر احمد خاں غوری. رجسٹرار امتحانات عربی و فارسی، الہ‌آباد

(٦) آزاد کے یہاں تاریخی شخصیتیں ہمیشہ اپنا مقام رکھتی ہیں ۔ اس لیے چند غیر معروف اور عام مقامی ہستیوں کے علاوہ حضرت رابعہ، زین العابدین، عیسیٰ موتم الاشبال، افلاطون اور الپ ارسلان جیسے باعظمت و حکمت نادرۂ روزگار افراد بھی ملیں گے، جن کے متعلق کچھ پڑھنا اور سننا روح و قالب کی ترو تازگی کا سبب بنتا ہے ۔

(۷) آزاد کے یہاں تکرار ملتی ہے ۔ ایک ہی شخص کی مختلف کہانیاں درج ہیں ۔ اس سے بڑھ کر کبھی مضامین کی تکرار ہے اور بسا اوقات مصرع تک دھرایا گیا ہے :

راح آزاد کم إلی العدم واسئلوا حاله عن القلم (دفتر : ۱، نمبر ۱۱)

» » » تائب عنه ساجع القلم (دفتر ۲، نمبر ۱۲)

(۸) اس میں شک نہیں کہ آزاد کو طبع رسا ملی تھی، اور اکثر اس کی مثالیں ان کی تصنیفات میں ملتی ہیں ۔ ان کی تصنیفات میں تذکروں کا اہم مقام ہے اور اس دور کی پٹی پٹائی روش سے یہ بالکل مختلف ہیں ۔ لیکن کئی حیثیتوں سے آزاد اپنے کو اس دور کی عام فضا سے الگ نہیں کر سکے ہیں خصوصاً شعر و شاعری کے میدان میں ان کا طرز تقریباً وہی ہے جو اس دور کے شعرا کا تھا ۔ یہی نہیں کہ عجمی شعرا کی خصوصیت لکیر پیٹنا بن گئی تھی بلکہ اس دور کے عربی شعرا بھی عجمی تتبع میں ان کے دوش بدوش تھے ۔ اس لحاظ سے آزاد کے یہاں آپ کو کوئی ندرت نہیں ملے گی اور نہ ان کی شاعری میں کسی نئی صبح کی جھلک دیکھ سکتے ہیں ۔ ہاں انھوں نے بعض صنائع لفظی و معنوی کو آگے بڑھانے کی کوشش ضرور کی ہے مگر زمانہ تھک ہار کر بیٹھ چکا تھا اس لیے شاید ہی کسی نے ان کا تتبع کیا ہو ۔

[۱۹٦۰ ۱۲ ۲۰]

(۱) هندستانی عام روش کے مطابق تعلی کا عنصر یہاں بھی ملتا ہے .
چنانچہ دفتر اول کے خاتمے پر یہ شعر ہے :

أنت سیف مهند والله للمعـانی مجدد والله

(۲) آزاد نے اپنی تصنیفات میں لغوی تحقیقات کی طرف خاص توجہ دی ہے . « سبحة المرجان » میں اور عربی کے تمام دواوین میں جہاں کہیں بھی مشکل الفاظ ، محاورات ، تمثیلیں یا تلمیحیں آئی ہیں وہاں آزاد نے مشکلات کے رخ سے پردہ اُٹھانے کی کوشش کی ہے جو اکثر نہایت اہم تشریحات اور پر از معلومات توضیحات پر مشتمل ہیں . ان مثنویوں میں بھی یہ روش بحالہ قائم ہے . محاورات ، امثال ، تلمیحات اور دیگر مشکلات کو ہر مثنوی کے آخر میں حل کرنے کی کامیاب کوشش ہے . کہیں کہیں نفس مضمون کے سمجھنے میں مدد دینے کے لیے مقدمہ یا تتمہ ہے .

(۳) آزاد قرآنی الفاظ کو اکثر استعمال کرتے ہیں . قیس کی کہانی میں «العرجون» کا لفظ بھی قرآنی ہے ، « والقمرُ قدّرناهُ منازلَ حتیٰ عادَ کالعرجونِ القدیم » : (یسین : ٤٠) . اسی طرح « شجر الطور » کی ترکیب « شجر الطور قده الخطار » میں ، اس آیت کی طرف تلمیح ہے ، « فلما أتها نودی من شاطی الوادِ الأیمنِ فی البقعةِ المبارکةِ من الشجرة أن یا موسیٰ إنی أنا الله ربُ العالمین » : (القصص : ۳۰) .

(٤) اس حقیقت کے باوجود کہ ہندیوں میں آزاد کا عربی شاعری میں کوئی ثانی نہیں اکثر اُن کے یہاں فقرے ، ترکیبیں یا محاورات ایسے ملیں گے جو ان کی عجمیت کی غماری کرتے ہیں . قیس کی کہانی میں «غوثنا و مولانا» کر کے خطاب کرنا ایک ایسی ہی مثال ہے یا سرمد کی مثنوی میں « صاحب الحال » کی ترکیب فوراً ہندستانی حال و قال کی یاد دلاتی ہے .

(٥) آزاد کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ اپنے اشعار میں وہ مقامی رنگ (Local colour) ضرور بھرتے ہیں . ان مثنویوں میں مقامی کہانیاں اکثر و بیشتر ملیں گی مگر حکایة الستی (دفتر : ۷ ، نمبر ۸) یا حکایة شارب التنباک (دفتر : ۷ ، نمبر ۱۰) اور خان عالم (م ۱۱٦۷ ھ) کے عشق و محبت کی داستان ہندیت کا خاص پرتو ہیں .

نازعوا فی خلافة الغرّاء　　حقّ من هذه من الکبراء
قال : یا غوثنا و مولانا　　هی واللہ حقّ لیلانا
ذائق العشق فی الهویٰ مغلوب　　لایریٰ عینه سوی المحبوب
قول «آزاد» أحسن الملح　　یوقع السامعین فی الفرح

دوسری کہانی فارسی کی مشہور مثل «لیلیٰ را بچشم مجنوں باید دید» کی مصداق ھے. کسی نے مجنوں سے لیلی کی شکایت کی کہ وہ خوش صورت نہیں، کالی کلوٹی، بدشکل ھے، اور تعجب ظاہر کیا کہ کس طرح مجنوں جیسا شکیل و جمیل اس پر فریفتہ اور وارفتہ ھے جب کہ اس کے قبیلے اور دوسرے قبیلوں میں ماہرووٴں کی کمی نہیں. مجنوں نے جواب مختصر مگر جامع دیا کہ «لو تریٰ وجهها بناظرتی» اس کے ساتھ ساتھ آزاد کی معنی پر حقائق تاویل بڑی دلچسپی سے پڑھی جائیگی. یہ کہانی بھی پوری سن لیجیے.

نقلوا أن قیس بن المجنون　　قلبه فی ید الهویٰ مرهون
حُبّ لیلیٰ أذاب مهجته　　هجرُ لیلیٰ أسال مقلته
عابَه واحد من الأقران　　غافل عن حقیقة الهیمان
أنّ لیلیٰ کریهة شوهاء　　أمة عامریة سوداء
کیف آثرتها من الحسنات　　کیف أحسنها من الحسنات
قال یا صاحِ أنت معذورٌ　　فی ملام العشیر مجبورٌ
لا تعب انتخاب ناصرتی　　لو تریٰ وجهها بناظرتی
وضع اللہ خالق النسب　　نسبةً فی المحب و الحب
هی ترمی النفوس فی الغمم　　هی تلقی القلوب فی الألم
أن یحب العشوق عوراءا　　أن یودّ المشوق عمیاءا
فاعذروا أنه لمجذوبٌ　　وارحموا أنه لمغلوبٌ
کیف ودّ الحدید مقناطیس　　فیهما نسبة بلا تلبیس
الحدیدُ الکثیرُ موجودٌ　　أثرُ الحسن فیه مفقودٌ
راح «آزاد» کم إلی العدم　　فاسئلوا حاله عن القلم

آزاد کی زیر بحث مثنوی میں ان کی دیگر تصانیف کی خصوصیات تقریباً تمام پائی جاتی ھیں :

اس پر حضرت سلیمان کی آنکھوں سے خون رواں ہوگئے اور ان موحد کو یہ خیال پیدا ہوا کہ پرندہ تو شرکت قبول نہ کرے، خدا کی محبت کہاں شریک گوارہ کرے گی؟ یہاں بیان میں ابہام رکھ کر شعری جان ڈال دی ہے اور سوتن ڈاہ کو حُطیئة (کمین و بدشکل) کے لفظ نے اس طرح عیاں کیا ہے کہ شاید اس سے بہتر ممکن نہ ہو.

چند حقائق: اخیر میں قیس مجنوں کی دو مختصر حکایتیں (دفتر: ۱ نمبر ۱۰، ۱۱) دی جاتی ہیں. پہلی کہانی گو مزاحیہ انداز میں ہے لیکن اس حقیقت کا مظہر ہے کہ «تو ہی بس اک دیدہ ہے تیرے سوا نادیدہ ہے». محبوب کے سوا عاشق کی نظروں میں کوئی نہیں جچتا. وہاں عقل کی حکمرانی نہیں ہوتی بلکہ دل کے اقلیم میں وجدان و ذوق کی کارفرمائی ہوتی ہے. یہی وجہ ہے کہ عقل کا تتبع عشق خام کی دلیل ہے. دنیا پختگی اس وقت تسلیم کرتی ہے جب عاشق کو «سرحد ادراک» سے پرے دیکھتی ہے. کسی نے مجنوں سے پوچھا کہ سرور کائنات ص کے بعد خلافت کے بارے میں جو اختلاف ہوا تھا اس سے متعلق تمھاری رائے کیا ہے؟ اور حق خلافت کس کا تھا؟ مناسب جواب جو بھی ہوتا، مجنوں سے جس جواب کی امید کی جاسکتی تھی وہی جواب اس نے دیا کہ «یہ لیلی کا حق تھا». آپ اس جواب کو عقل کی کسوٹی پر پرکھ کر بے موقع، بے محل جو چاہیں کہ لیں لیکن مذہب عشق کی شریعت میں اس سے زیادہ مناسب فیصلہ اور برمحل جواب کیا ہوسکتا ہے؟

چند اشعار کی یہ پوری کہانی سن لیجیے:

کابد العشق قیس ن المجنون	عاد بعد الغرام کالعرجون[1]
صرف العمرفی هوی[1] لیلی[1]	ماطوی الکشح عن جفا لیلی[1]
بعض أهل الزمان سائله	فی مقام الخطاب قائله
قال: یا سیدی و قاک الله	من أشد الضنا شفاک الله
بعد ما مات أفضل البشر	بعد مافات أکمل البشر

۱ العرجون: الغصن اليابس المعوج، الضنا: أشد الهزال من المرض، الملح: ج ملحة بالضم: هو الكلمة المليحة.

نے معتوب کیا مگر حلاج کا ظرف بلند دشنام طرازوں اور حشت باروں کو بھی محبوب خیال کرتا ہے ۔ یہ دو بیت ملاحظہ ہوں :

سأل السائلون یا رحلُ　　سرحیق محرق ثملُ
ما رفعت الأبین بالحجر　　و رفعت الهویل بالزهر

اس پر حلاج کا جواب سننے کے قابل ہے :

حجر الجاهلین لی زهرُ　　زهر العارفین لی حجرُ

اس مبہم جواب میں «أنا الحق» کا سا مبہم پہلو پوشیدہ ہے ۔ بقدر ظرف و فہم اس کے معنی نکالے جاسکتے ہیں مگر اس کو آزاد بلگرامی حسن و عشق کی بازی گری کا پرتو خیال کرتے ہوئے یوں فلسفیانہ نتیجہ نکالتے اور اسے معذور سمجھتے ہیں :

کان هذا الحسین مقلوبا　　سعير الغرام مشبوبا

دفتر : ۵ نمبر ۸ میں «حکایة العصفور و العصفورة» ہے ۔ یہ وہ عام کہانی ہے جو زبان زد خلائق ہے ۔ حضرت سلیمان کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ بہائم اور طیور کی زبان راز سے واقف تھے ۔ ایک مرتبہ ان کا ایک ایسے سایہ دار درخت سے گذر ہوا جہاں ایک چڑا اور چڑی محبت و رفاقت کی شکوہ سنجیوں میں آرام جسم و جان حاصل کر رہے تھے آپ نے ان کی باتوں کو نہایت لطف و مسرت سے سنا ۔ چڑا اپنی بیوی سے کہ رہا تھا کہ تم کیوں متفکر اور پریشان خاطر ہو ، اگر تمہاری خوشی اس میں ہے کہ تخت سلیمان کو اپنی منقار میں لے کر پھینک دوں تو اس کو بیک اشارہ انجام دے سکتا ہوں حضرت سلیمان کو تاب ضبط نہ رہا ۔ آپ نے پوچھا کہ کیا واقعی تم میں اتنی طاقت ہے کہ تم اپنے قول کو پورا کرسکو ؟ اس نے جواب دیا کہ یہ خوش گپی تھی ۔

یفخر المرء وقت حاجته　　یعظم النفس عند زوجته

پھر حضرت سلیمان نے گوریا سے پوچھا کہ تم کیوں اپنے شوہر سے ناراض ہو جبکہ وہ تم سے اتنی محبت کرتا ہے :

فاجابته أیها الآداب　　هو والله مدّع کذاب
هو یهویُ حطینة أخریٰ　　شرکة الحب اوة عظمیٰ

ہے کھل کھیلے ہیں ۔ اور ایسے فقرے ، الفاظ اور حمایے استعمال کرتے ہیں جو حقیقت سے پردہ اُٹھاتے ہیں ۔ اکبر کی گمرہی اور « دین الٰہی » کا باطل دعوی اب کوئی ڈھکی چھپی چیز نہیں رہی ہے ۔ اس کے نظم مملکت پر دو مختلف رائیں ہوسکتی ہیں جو موافق و مخالف دونوں ہوں گی مگر جس دین کی اشاعت بعض نفس پرست اور ہوا و ہوس کے دیوانے علما کے زیر تحقیق ہو رہی تھی اس کو باطل اور ضلالت ماننے میں موافقین کو بھی تامل نہ ہوگا ۔

حکایة السلطان اکبر (دفتر : ٦، نمبر ١٦) میں اس واقعہ کو نظم کیا گیا ہے جب اکبر نے یہ حکم دیا تھا کہ کچھ بچے اس طرح پرورش کیے جائیں کہ ان کو نطق و گویائی نہ سکھائی جائے تاکہ اصل رجحان طبع کا نفسیاتی تجربہ حاصل ہو حسب الحکم ان کی پرورش و پرداخت ہوئی ۔ جب یہ بل کر جوان ہوئے تو بالکل گونگے بہرے نھے ۔ اس مثنوی کے چند ابیات جو شروع کے ہیں ، قابل غور ہیں ۔ انسان کا فکر و خیال اور میلان طبع کبھی ساتھ نہیں چھوڑتا ۔ آزاد ، اکبر کے «دین الٰہی» کو اچھی نظر سے نہیں دیکھتے تھے ۔ چونکہ قریب العہد ہیں اس لیے اس دور کی گمراہیوں کے آثار کو انھوں نے بچشم خود دیکھا ہوگا ۔ اکبر پر چند تعارفی بیت لکھتے ہوئے ، اس کی اصل کو واشگاف کرتے ہیں :

ملک الهند أکبر المشهور   وهو فی قید نفسه ماسور
کان أفعاله من الأغلاط   کان أعماله من الأسقاط[1]

خالص تصوفانہ مسائل : حسین بن منصور الحلاج (٢٤٤/٨٥٨—٣١٠/٩٢٢) کی صدائے « أنا الحق » پر صوفی اور غیر صوفی حلقوں میں مختلف زاویہ ہائے نظر سے گفتگوئیں ہوتی رہی ہیں ۔ معتزلہ نے « شعوذة[2] » کی تہمت لگائی اور اس کے نتیجے میں اسے سولی پر چڑھنا پڑا ۔ حکایة المنصور (دفتر : ٣ ، نمبر ٨) میں اسی واقعے کو نظم کیا ہے اور فلسفۂ « أنالحق » کا تجزیہ پیش کیا ہے ۔ حلاج کی اس کیفیت خاص پر بعضوں نے مدح سرائی کی اور جو مخالف تھے انھوں نے اینٹ پتھروں سے نوازا ۔ چند کی نظروں میں محبوب ہوا اور بعضوں

١ سقط کی جمع ہے اور مالا خیر فیہ کے معنی ہیں ۔
٢ ایک طرح کا شعبدہ جس کی وجہ سے حقیقت حال کچھ ہو اور نظروں کو کچھ دکھلائی دے ۔

میں کوئی کسر نہ اُٹھا رکھی ۔ مگر سرمد پر ایک طرح کی جذبی کیفیت طاری تھی اس لیے لوازم دین و دنیا سے پرے حد کو گذر گئے تھے، اور دین کی بعض اہم مقتضیات کو بھی نہیں برتتے تھے' چنانچہ ستر پوشی کا لحاظ بھی نہ رہا تھا۔ ظاہر ھے شریعت اس صورت میں جو فتوی صادر کرے گی وہ ظاہر حال کے مطابق ہوگا۔ اس حقیقت سے متعلق چند بیت ملاحظہ ہوں :

کان لا یعتنی بحالته — لا یبالی بکشف عورته
أجمع الأتقیاء والعلماء — و وعاة الشریعة الغرّاء
ثم قالوا لشاه عالم کبیر — تارک الستر واجب التعزیر
لا یواری الخلیع عورته — بل یری الناظرین عورته

پہلے تو یہ فتوی دیا گیا تھا کہ ان کو قید و بند کی سختیوں کے ذریعہ اس فعل قبیح سے باز رکھا جائے لیکن معاملہ اس پر بس نہیں ہوا بلکہ سولی پر چڑھانے کی نوبت آئی۔ قبل تصلیب کسی نے یہ کہا کہ ان کو کپڑا پہنا دیا جائے اس پر سرمد کا « شیطانی الرجیم قوی » کا ذو معنی فقرہ چست کرنا اپنے اندر بڑی وسعت معنی رکھتا ہے۔ اس واقعے کو یوں نظم کیا ھے :

قال شخص لواجب التعذیب — قبل أن یدعوه للتصلیب
لم لا تکتسی بادنی الزی — قال : شیطانی الرجیم قوی
صان « آزاد » عن ید الضرّاء — اتباع الشریعة الغرّاء

اس پورے واقعے کو نظم کرنے میں آزاد نے اپنی رائے کو دخل نہیں دیا ھے۔ واقعہ کو واقعہ کی حیثیت سے رکھنے کی کوشش کی ھے لیکن رجحان طبع آزاد کے چھپائے نہ چھپ سکا اور مقطع سے بے نقاب ہوگیا۔ یہ فن کارانہ کمال ھے کہ اس ایجاز کے ساتھ وہ سب کچھ کہدیا جو سرمد کے احترام کے باوجود کہا جاسکتا تھا۔ حالانکہ ابتدا اس طرح کی گئی تھی گویا آزاد بھی عام تاویلات کو جو اس سلسلہ میں کی جاتی ھیں' صحیح مانتے ھیں۔

اس کے باوجود کہ آزاد نے واقعات و کیفیات کو بجنسہ رکھنے کی کوشش کی ھے' ان مقامات پر جہاں خاموشی کسی فتنہ کا باعث بن سکتی

فلسفۂ حسن و عشق : رومانی کہانیاں بڑی اکثر ملتی ھیں جو اپنے اندر خاص تصوفانہ فکر رکھتی ھیں ۔ ایسی کہانیوں میں سرمد شہید (م۱۰۷۲ھ) کا واقعۂ جذب و عشق لیا جاتا ھے ۔ (حکایۃ سرمد ، دفتر: ٦، نمبر٦) آزاد نے «اوحد» کا لفظ ان کے لیے استعمال کیا ھے ۔ سرمد کو راہ عشق میں منفرد کہنا صاف پتا دیتا ھے کہ عام فکر سے ھٹ کر اور ظاھر سے صرف نظر کرکے ایک بات کہی جارھی ھے ۔ اورنگ زیب عالمگیر کا شریعت پر کار بند ھوکر سزاے موت دینا ظاھر بینی پر محمول کیا جائے گا جو نگاہ تصوف میں کچھ زیادہ وقیع نہیں ۔ سرمد کی اصل اور حلقہ‌بگوش اسلام ھونے کو کس شاعرانہ طرز پر بیان کیا ھے اور اس کو اثر پذیری نہیں بلکہ الہامی کہا ھے :

کان فی الهند عاشق أوحد　　صاحب الحال اسمه «سرمد»
الیهودی ساکن الایران　　إذ تجلیٰ لعینه البرهان
مال عن دینه إلی الإسلام　　اثر الإهتداء بالإلهام
سار من داره إلی تته　　هی دار المسرة البته

«صاحب الحال» کہنا خالص عجمی طرز گفتگو ھے ۔

سرمد عاشق ھوتے ھیں اور سب کچھ محبوب کی خاطر تج دیتے ھیں اور محبوب بھی وفاشعاری میں کوئی کمی نہیں کرتا ۔ ایسے محبوب کا نقشہ آزاد کے قلم نے یہ کھنچا ھے: اس کے مصحف رخ کا تل یہی نہیں کہ حسن‌افروز تھا بلکہ بوئے محبت بھی دیتا تھا ، اس کا تبسم برق باش عقل و خرد تھا ، باتیں جب کرتا تو موتی جھڑتے ، اس کے قد و قامت میں وہ رعنائی تھی جو شجر بان (عربوں میں حسن قامت کے لیے ممتاز ھے) کو بھی میسر نہیں ، چال جیسے کڑی کمان کا تیر ھو یا شجر طور کی طرح زیر دامن آگ رکھتی ھو ۔

صاحب الحسن ساکن الهند　　خاله عنبر من الهند
وامض رائق تبسمه　　لؤلؤ فائق تکلمه
قدّه فائق علی البان　　بارک الله ماله ثان
شجر الطور قدّه الخطار　　آنس الشائمون فیه النار

دارا شکوہ سرمد کا بہت معتقد ھوگیا اور اس نے ان کی تعظیم و تکریم

کافر الحاجبین محتدعاں　　لاذی المسامین محتمعاں
طرفہا فی السقام محتال　　إن شقی الله فہو قتال

مسائل کا آسان حل: حرص و ھوا. طمع اور لالچ انسان کو مطمئن نہیں ھونے دیتے. جتنا میسر ھوگا اس پر قانع نہ ھوکر، «ھل من مزید» کا نعرہ بلند ھوتا رھے گا. صرف قناعت کی دولت وہ دولت ھے جو تھوڑے کو بہت پر اور کہتر کو بہتر پر فوقیت دیتی ھے. حکایۃ الشیخ (دفتر: ۵، نمبر ۱۰) کوئی اھم کہانی نہیں لیکن بعض امور ھے اگر انسان طے کرلے کہ مشکلات پر قابو پانا ھے تو وہ دانی قربانی دے کر قابو حاصل کر سکتا ھے. جب کسی نے شیخ سے شکایت کی کہ گوشت کی جنس شہر میں کم یاب ھورھی ھے تو انہوں نے ایک آسان حل یہ بتایا کہ میں گوشت کھانا چھوڑ دیتا ھوں اس طرح گوشت کی ضرورت باقی نہ رھے گی. ظاھر ھے کہ ایک شخص کے گوشت نہ کھانے سے مسئلے کا حل نہیں نکلتا بلکہ یہاں گوشت کے نہ کھانے کے فلسفے کو رکھنا مقصود ھے لیکن فلسفیانہ موشگافیوں کے ساتھ نہیں بلکہ قناعت کی اساس میں تاکہ انسانی خواھش قانع ھوکر اس پر قابو پالے. ھے تو فلسفہ لیکن کتنا سیدھا سادہ فلسفہ. کہانی یہ ھے:

قلّ جنس اللحوم فی البلد　　أوقع الأکلین فی الکمد
جاء بعض الوریٰ إلی شیخ　　وشکا ماجری الی شیخ
قال: إنی أرخص اللحما　　هین أن اوسع الشحما
قال: یا شیخ کیف ترخصہ　　عن غلاء کذا تخلصہ
قال: إنی لاترک الأکلا　　أجعل الأمر هینا سهلا
آفۃ المرء شیمۃ الطمع　　راحۃ المرء همۃ القنع
امض «آزاد» عن متاًلمکا　　اغمض العین عن مآربکا

اوپر کی کہانی میں نصیحت صاف صاف الفاظ میں کی گئی ھے. ممکن ھے براہ راست نصیحت گوئی کو یہ کہا جائے کہ اثر پذیری میں کم ھوگی. چونکہ خود شیخ نے گوشت نہ کھانے کا عملی نمونہ رکھا ھے اس لیے کردار کا جو اثر ھوسکتا ھے ھوگا.

آیا تو محمد بن قاسم (م٩٤ ٧١٢)کے ساتھیوں نے اس کی دو بیٹیوں کو جو نہایت شکیل و جمیل تھیں قید کرلیا . اس واقعہ کو آزاد نظم کرتے ھیں . بنت داھر کا سراپا جس انداز میں کھینچا ھے وہ دیکھنے کے قابل ھے . گو تصور اور طرز تصویر کشی بالکل عجمی ھے لیکن انداز بیان کی ندرت ساتھ لیے ھوئے ھے .

تمھیداً ان کے حسن و جمال کا اجمالی بیان ھے . چونکہ آزاد کے معیار حسن پر دونوں یکساں نہیں اترتی ھیں اس لیے بڑی لڑکی کی زیبائی و رعنائی کو ترجیح حاصل ھے . یہی نہیں کہ ان کے حسن‌وجمال کا صرف ذکر ھو بلکہ شکست خوردہ باپ کی بیٹیوں پر جو سراسیمگی طاری ھوگی وہ غزالہ زیر دام کی کیفیت سے زیادہ ملتی جلتی ھوگی . بسا اوقات حسن مرعوب و متحیر اپنی رعنائیوں کو دو چند کردیتا ھے . اس میں قنص (شکار کرنا) ظبیة (ھرنی) ساحرہ اور کاسرہ (بے بال و پر کرنے والی) کے الفاظ تصویر میں جان ڈالتے ھیں . خصوصاً بڑی لڑکی کے جلوۂ جمال کو قیامت کبریٰ کی صبح قرار دینا عجیب دلکش تصویر پیش کرتا ھے . اس پر بلاغت کی حد ھے کہ ادات تشبیہ حذف کردیا ھے تاکہ مشبہ اور مشبہ بہ میں کوئی فرق باقی نہ رھے .

یہ ھیں وہ بیت :

کانما غادتین ساحرتین لماوب الرحال کاسرتین
سیما بنت داھرالاولیٰ أم صبح القیامة الکبریٰ

اس کی زلف دراز کا بیان، چہرے مکھڑے کی دمک اور تمتماھٹ، ماتھے کی شکنیں، ابروےکشیدہ کی تصویر کشی ، یہ تمام ایک خاص ترتیب سے اختصار کے ساتھ رکھے گئے ھیں . پھر بیمار نظریں جو ناتواں ھوکر بھی کسی کے لیے قاتل ھوسکتی ھیں، کس لطیف انداز میں بیان کی گئی ھیں . بعض متضاد چیزوں کو نہایت حسین پیرایۂ بیان میں رکھا ھے .

إنما الفرع لیلة اللقیان طولها طول لیلة الھجران
وجھھا من عجائب الباری جنة کونت من النار

ھیں ۔ ان میں سبق آموز کہانیاں ھیں، فلسفیانہ اور کلامی بحثیں ھیں، اور تصوف کے بعض اھم مسائل زیر بحث آئے ھیں ۔ اسی طرح بعض مثنویاں طنز و مزاح کا پہلو لیے ھوئی ھیں گو سبق آموزی کا خیال بہرنوع پوشیدہ ھے ۔ ان مضامین کی فہرست اور مندرجات کے علم کے بعد یہ کہا جاسکتا ھے کہ مجموعی طور پر یہ مثنویاں صوفی مزدوجہ کی فہرست میں رکھی جائیں گی ۔

ذیل میں کچھ اشعار کے نمونے دیے جاتے ھیں جن سے آزاد کی مثنوی طرز نگارش میں کامیابی اور ناکامی کا پتا چلے گا اور یہ فیصلہ بھی کرنا آسان ھوگا کہ انھوں نے کہاں تک اس کا حق ادا کیا ھے ۔

کیفیت اور واقعہ نگاری : مثنوی کی اھم خصوصیات میں سے ایک خصوصیت کیفیت اور واقعہ نگاری بھی ھے ۔ واقعہ کو واقعہ کی حیثیت سے پیش کرنا تاکہ پڑھنے والا اس کا منظر اپنی آنکھوں سے دیکھ لے بڑی مہارت کا کام ھے ۔ پھر وہ کیفیت جس کو شاعر اجاگر کرنا چاھتا ھے وہ بھی ماند نہ ھو، بغیر خیال و الفاظ کی ھم آھنگی کے انجام نہیں پا سکتا ۔ یہ خوبی فارسی کی مشہور مثنویوں میں بدرجہ اتم ملتی ھے ۔ مثلاً مولانا روم کو لیں تو ھم دیکھیں گے کہ وھاں فلسفہ کے لیے فلسفیانہ مگر سادہ الفاظ استعمال کیے گئے ھیں حسن و عشق کا اگر ذکر ھے تو سوز و ساز سے لبریز فقرے، جملے اور الفاظ ملیں گے ۔ اگر نغمہ سرائی مقصود ھے، گو وہ بھی سبق آموزی سے خالی نہیں، تو وھاں الفاظ کے زیروبم شراب دوآتشہ کا کیف و سرور بخشتے ھیں ۔ اگر اس قدر نہیں تو اس سے کچھ کم درجے میں آزاد نے کوشش کی ھے کہ الفاظ و معانی میں ھم‌آھنگی ضرور رھے ۔ چونکہ عربی میں اس طرح کی بہت کم کوششیں کی گئی ھیں اس لیے آزاد نے مثنویوں کے لیے جو طرز بیان اور اسلوب کلام اختیار کیا ھے باوجود عجمیت بڑا مؤثر معلوم ھوتا ھے ۔

حکایت بنت داھر (دفتر : ٦، نمبر ١٣) کو دیکھیے کہ اس نقطۂ نگاہ سے کہاں تک پوری اترتی ھے ۔ جب سندھ کا راجا داھر جنگ میں کام

اطلاع پہلی مرتبہ یہاں ملتی ھے ۔ اورنگ‌آباد اور حیدر آباد کے درمیان حو آمد رفت کا سلسلہ رھا ھے اس سے متعلق قیمتی معلومات ھمیں یہیں بہم ھیں ۔ بعض دواوین کی وجہ تالیف کا پتا بھی چلتا ھے چنانچہ آزاد کا مردف دیوان عربی ان کے پوتے میر حیدر بن نورالحسن کی درخواست پر محرم سنہ ۱۱۹۰ھ میں چند مہینوں کی مدت میں لکھا اور ترتیب دیا گیا تھا ۔ یہ بھی پتا چلتا ھے کہ فارسی شعرا کی مثالیں سامنے تھیں کیونکہ یہ صنف عربی شاعری میں رائج نہ تھی ۔ آزاد کی عربی تصنیف « شفاء العلیل فی اصلاحات کلام ابی‌الطیب » کے سال تصنیف کا پتا بھی واضح الفاظ میں ملتا ھے ۔

« مظہرالبرکات » بحر خفیف میں ھے اور آزاد کا دعوی ھے کہ ان سے پہلے کسی نے اس بحر میں مزدوجہ کہنے کی کوشش نہیں کی ھے. آزاد نے ابتدا میں صرف چار دفتر نظم کر کے چھوڑ دیا تھا ۔ میر حیدر ابن نور الحسن کی درخواست پر اس کے بقیہ تین دفتر مکمل کیے گئے ۔

دفتر اول : اسے آزاد نے سنہ ۱۱۹٤ھ / ۱۷۸۰ع میں ایک سال سے کم کی مدت میں بمقام اورنگ آباد نظم کیا تھا ۔

دفتر دوم : حیدر آباد میں تقریباً پانچ مہینوں کی مدت میں نظم ھوا اس لیے کہ آزاد محرم ۱۱۹۵ھ /۱۷۸۱ع میں وھاں گئے تھے اور جمادی الاولیٰ میں اورنگ آباد روانہ ھوگئے ۔

دفاتر سوم ، چہارم : آزاد جمادی‌الاخریٰ ۱۱۹۵ع کو حیدرآباد سے اورنگ‌آباد وارد ھوے ، یہیں چند مہینوں میں تیسرا اور چوتھا دفتر نظم ھوا جو شعبان ۱۱۹۵ھ میں ختم ھوا ۔

دفاتر پنجم ، ششم ، ھفتم : ۱۱۹٦ھ, ۱۷۸۲ میں نظم کیے گئے ۔ دفتر اول میں « حمد » نہیں ھے دیگر تمام دفتروں کی ابتدا « حمد » سے ھوتی ھے ۔ ھر دفتر کے آخر میں ایک خاتمہ ھے ۔

فہرست مضامین کے مطالعے سے یہ بات واضح ھوتی ھے کہ مصنف کے پیش نظر مولانا روم کے طرز کی مثنویوں کا تتبع تھا ، چنانچہ ھم ان مثنویوں میں ھر طرح کے خیالات و افکار کو جلوہ آرا دیکھتے

گیا ہوگا ۔ اس نسخے کے آخر میں ایک عام تبصرہ اور مصنف کے حالات درج ہیں جو علی گڑھ کے نسخے سے ساقط ہے ۔ اس کے آخر صفحہ پر نواب صدیق حسن خاں کی مہر ثبت ہے ۔

حالات زندگی سے متعلق تقریباً وہی باتیں لکھی ہوئی ہیں جو آزاد نے اپنے قلم سے « سبحۃالمرجان » اور بعض دواوین عربی کے مقدمے میں یا فارسی تصنیفات کے دیباچے کے طور پر لکھا ہے ۔ اس ترجمے اور تبصرے کا ایک معتد بہ حصہ خطبے کے طور پر آزاد کے چوتھے عربی دیوان میں موجود ہے[۱] اور وہاں سے مختلف ہے جہاں دیگر تصانیف اور دواوین پر تنقید و تبصرہ ہے ۔

اس تنقید و تبصرہ کے اندر مختلف مقامات پر ایسے الفاظ اور جملے ملتے ہیں جن سے یہ خیال محکم ہوتا ہے کہ آزاد کے زمانۂ حیات میں یہ مقدمہ لکھا گیا تھا ، چنانچہ غائب کے صیغے اکثر ملتے ہیں اکثر « سلمہ‌اللہ » کے فقرے لکھے گئے ہیں جو عام طور پر متکلم اپنے لیے نہیں لکھتا ہے ۔ ایک جگہ یہ جملہ ہے ۔

« قال آزاد سلمه الله تعالیٰ هو من قصیدته الداخلة فی الدیوان المردف » ۔

ایک دوسری جگہ آزاد کو « حسان الہند » کے نام سے یاد کیا گیا ہے :

« هو حسان الهند مدح النبی صلی الله علیه وسلم فی الدواوین السبعة و أوجد فی مدحه معانی کثیرة نادرة» ۔

آزاد کی عربی غزلوں پر عام تبصرہ کرتے ہوئے بایں الفاظ سراہا گیا ہے :

« وله فی التغزل طور خاص قلما یوجد فی کلام غیره یعرفه أصحاب الفن » ۔

اس تبصرے میں بعض تاریخی باتیں نہایت اہم ہیں اور آزاد کا سوانح‌نگار ان کو کافی اہمیت دے گا ۔ آزاد کی بعض نقل و حرکت کی

۱ السبعة السیارة (ذخیرۂ ڈاکٹر عبدالعلی ۳۹۳) ایضاً (نسخۂ نواب سید علی حسن : ۵۵۲)

القصص والأخبار و سموها « المثنوی » . امااللسان العربی فهی فیه غیر طبیعیة لا تأتی إلا بالشحم کماأن القصیدة فی اللسان الهندی غیر طبیعیة لیس وجودها فیه أصلاً . یعرف هذه المراتب من له معرفة تامة بهذه الألسنة ولهذا ما نظم المزدوجة من شعراء العرب إلا أشخاص معدودة منهم الشیخ ابویعلیٰ محمد بن الهبارية العباسی[1] نظم « الصادح و الباغم[2] » فی الرجز أولها :

الحمد لله الذی حیانی بالأصغرین القلب و اللسان
و إنما فضیلة الإنسان و فخره بالعقل و البیان

و منهم الشیخ بهاء الدین العاملی[3] نظم مزدوجة فی الوافر سماها « ریاض الأرواح » منها :

ألا یا خالصاً بحر الأمانی هداک الله ما هذا التوانی
أضعت العمر عصیاناً وجهلاً فمهلاً أیها المغرور مهلاً

و نظم مزدوجة أخریٰ فی الرمل سماها « سوانح سفر الحجاز » منها :

یا ندیمی ضاع عمری و انقضیٰ قم لاستدراک وقت قد مضیٰ
واغسل الأدناس عنی بالمدام و املأ الأقداح منها یا غلام

و مارأیت شاعراً عربیاً نظم المزدوجة فی الخفیف و نظمها فیه شعراء الفرس کثیراً و هو أوفق بالمزدوجة فی اللسان العربی . أیضاً اختلج فی خاطری أن أنظم المزدوجة العربیة فی الخفیف » .

دارالعلوم ندوۃالعلماء، لکھنؤ کا نسخہ خط نستعلیق میں نہایت قدیم اور خوشخط ہے. گو سنہ کتابت درج نہیں اور نہ کاتب کا نام لکھا ہوا ہے لیکن اس کے اندرونی شواہد بتاتے ہیں کہ یہ مصنف کے زمانۂ حیات مین نقل کیا

١ محمد بن محمد بن صالح ، نظام الدین المعروف بابن الهبارية (٤١٤ ١٠٢٣ — ٥٠٩ ١١١٥ . دیکھیو وفیات الأعیان (٢: ١٥)، الوافی بالوفیات (١: ١٣٠) ، النجوم الزاهرة (٥: ٢١٠) ، لسان المیزان (٥: ٣٦٧) ، مرآة الزمان (٨: ٥٨) ، شذرات الذهب (٤: ٢٤)، الأعلام (٧: ٢٤٨)، براکلمن (١. ٢٩٢) ، ذیل (١. ٤٤٦) اور معجم المطبوعات (٢. ٢٧١) .

٢ بیروت مین سنه ١٨٨٦ع میں چھپ چکی ہو . « کلیله و دمنه » کی طرز پر ہزار اشعار پر مشتمل ہو . دیکھیو معجم المطبوعات (٢ : ٢٧٢) .

٣ محمد بن حسین بن عبدالصمد حارثی عاملی (٩٥٣ ١٥٣٧ — ١٠٣١ ١٦٢٢) دیکھیو حالات ، خلاصة الأثر (٣ : ٤٤٠) ، روضات الجنات : ٥٣٢ ، نزهة الجلیس (١: ٢٤٩) ، الأعلام (٦: ٣٣٤ — ٣٣٥) براکلمن (٢: ٥٤٦) ، ذیل (٢: ٥٩٥) اور معجم المطبوعات (٧: ١٢٦٢) .

آزاد بلگرامی (۱۱۱۶ــ۱۲۰۰ھ) کی عربی مثنویوں کی قدر و قیمت بہت بڑھ جاتی ھے . عربی ادب کی پوری تاریخ میں، خواہ عرب ھو یا عجم، صرف یہی وہ شخصیت ھے جس نے عربی مثنویوں کے لیے خاص اہتمام کیا ھے اور ایک قابل ذکر سرمایۂ ادب یادگار زمانہ چھوڑا ھے . « مظہر البرکات فی أنواع من القصص و الحکایات » اپنی نوعیت کی واحد مثنوی ھے جو خاص اہتمام کے ساتھ لکھی گئی ھے اور صنف مثنوی کی معنوی اور ظاہری تمام وسعتوں کو اپنے اندر سموتی ھے . مثنوی « مظہر البرکات » کے قلمی نسخے مختلف کتاب خانوں[1] میں ملتے ھیں . راقم کے پیش نظر ذیل کے دو نسخے ھیں :

(۱) نسخۂ جامعۂ اسلامیہ علی گڑھ، ذخیرۂ احسن: (۸۹۱۵۷۱) .

(۲) نسخۂ دارالعلوم ندوۃ العلماء، لکھنؤ (۳۰۷۵۰۲۰) .

اول الذکر نسخے کو سنہ ۱۳۰۲ھ میں ایم اے او کالج کے ایک طالب علم قاسم علی نے نقل کیا ھے صحت کی طرف کم توجہ کی ھے . خط نسخ ھے لیکن اچھا نمونہ نہیں . ان نسخوں کی ابتدا میں ایک مختصر خطبہ آزاد کے قلم کا ھے جس کی چند سطریں مثنوی کی صنف شاعری سے متعلق ھیں . آزاد نے اپنے علم کے مطابق عربی مثنوی کی ابتدا، اس راہ کی دشواریوں اور اپنی مثنویوں کی خصوصیت کا اجمالاً ذکر کیا ھے . گو میں نے اس مضمون کے مقدمے میں مثنوی صنف شاعری کا ایک سرسری جائزہ لیا ھے، لیکن وہ اس خطبے سے کسی قدر مختلف ھے، اس لیے آزاد کی ان ابتدائی سطور کا درج ذیل کرنا فائدہ سے خالی نہ ھوگا :

« الحمد لله و کفی و سلام علی عباده الذین اصطفی . أما بعد فیقول العبد الملتجی إلی جناب ربه السامی آزاد الحسینی الواسطی البلکرامی أن المزدوجة من أقسام الموزونات حق اللسان الفارسی فإنها فیه طبیعیة تأتی عفواً بلا تکلف وضعها شعراء الفرس لنظم

[1] دیکھیے Wahid Husain J R A S B Vol II (1930) p 121.
Storey Persian Literature 1 p 861.

فارسی زبان میں مثنوی کا دامن بڑا وسیع ہے اور اس میں ہر طرح کے خیالات جلوہ آرا نظر آتے ہیں۔ اخلاقی تصورات و افکار سے لے کر فلسفیانہ جمالیاتی سبق آموز خیالات تک نے اس کی بساط سراپا نشاط میں جگہ حاصل کی ہے اور تصوف کا تو خاص جولاں گاہ رہی ہے، مگر اس قسم کی کوئی وسعت عربی شاعری میں نہیں ملتی۔ اگر چند متقدمین نے اس باب میں کوئی کوشش کی ہے تو وہ صرف برائے بیت ہی کہی جاسکتی ہے۔ انھوں نے کوئی قابل ذکر سرمایۂ ادب نہیں چھوڑا ہے، جو عربی دنیا کی توجہات کو اپنی طرف مبذول کراتا۔ مثنوی طرز کی شاعری کی غالباً پہلی مثال ثعالبی (م٤٢٩ / ١٠٣٧) کی «یتیمۃ الدہر» میں ملتی ہے[1]۔ ہاں رجز نے اموی دور میں کافی ترقی کی تھی، جس کے انداز بیان سے مثنوی کا دھوکا ہوتا ہے۔ رؤبۃ العجاج تمیمی (م١٤٥ ، ٧٦٢) نے ایک طویل رجز یادگار چھوڑا ہے۔ حریری (م ٥١٦ / ١١٢٢) نے اعراب سے متعلق ایک مقامہ لکھا ہے۔ ابو عبداللہ محمد بن مالک (م٦٧٢ / ١٢٧٤) نے «الفیہ» میں نحوی مسائل کو اس خاص طرز پر نظم کرنے کی بڑی کامیاب کوشش کی ہے[2]، پھر بھی ان نظموں کو مثنوی کے نام سے موسوم نہیں کیا جاسکتا۔

اوپر جو کچھ عرض کیا گیا ہے اس سے یہ بات واضح ہوگئی ہوگی کہ عربی ادب میں مثنوی نگاری کا کوئی خاص مقام نہیں رہا ہے۔ قدیم و جدید شعرا نے اس کی طرف کم توجہ کی ہے۔ اگر خال خال اس کی مثالیں ملتی ہیں تو وہ ایرانی شعرا کے تتبع میں ہے اور اس کو برائے تفنن طبع کہا جاسکتا ہے۔ اس پس منظر کو سامنے رکھتے ہوئے میر غلام علی

١ احمد بن محمد بن زید، ابوالفضل سکری مروزی نے مزدوجہ صنف شاعری میں فارسی امثال کا ترجمہ پیش کیا تھا، چنانچہ خود کہتا ہے۔

من مثل الفرس ذوی الأبصار — الثوب رهن فی ید القصار

ان الغیر یمص الحشاشا — لکنه فی أنفه ما عاشا

ثعالبی نے سکری پر گفتگو کرتے ہوئے مختلف بحروں کی مثالیں پیش کی ہیں جن میں رجز، بسیط، متقارب، طویل، سریع، رمل اور منسرح کے اشعار شامل ہیں۔ تفصیل کے لیے دیکھیے یتیمۃ الدہر (٤ ، ٨٨ ، ٨٩) طبع (قاہرہ، ١٩٤٧)۔

٢ اس کا مطلع یہ ہے۔

قال محمد هو ابن مالک — أحمد ربی الله خیر مالک

کی برق پائی، نہ سنگلاخ میدان، نہ دشوار گذار گھاٹیاں، نہ دیار محبوب، نہ اس کے کھنڈر، بلکہ اس کے برعکس تمام عجمی جلوہ آرائیاں اور اس تہذیب و تمدن کی رعنائیاں و برنائیاں اجاگر ہوکر عربی شعر و شاعری میں جگہ پاتی چلی جارہی تھیں. عباسی دور کی شعر و شاعری کا نقشہ تو اس قدر بدل گیا کہ قیس بھی لیلی کی قلمی تصویر نہیں پہچان سکتا.

یہ حقیقت ہے اور اس سے انکار کی مجال نہیں کہ عجم نے اول اول عربی شعرا اور ان کی شعر و شاعری کو سنگ میل بنایا مگر کبھی بھی ان کو اپنے سفر کی منزل نہیں سمجھا. وہ شاگرد جو ایک آدھ صدی قبل عرب کے آگے زانوے تلمذ تہ کرچکا تھا اب میدان شعر و شاعری میں طرح طرح کی بوقلمونیاں دیکھانے لگا اور اس نے یہاں تک کمال حاصل کیا کہ خود عرب کو بھی اس سے استفادہ کرنا پڑا[1].

یہی وہ زمانہ ہے جبکہ عربی شاعری نے بعض عجمی ترقی یافتہ صنائع و بدائع کی طرف قدم بڑھایا اور اس کی کوشش کی کہ اپنے دامن وسعت میں سمولے. عربی شاعری میں اسی وقت سے بطرز مثنوی[2] اشعار کہنے کا پتا چلتا ہے. یہ طے کرنا تو مشکل ہے کہ صنف مثنوی کی ایجاد عجمی ہے یا کہیں اور سے اخذ کی گئی ہے، یا عربی شاعری کی بعض شکلوں کو پیش نظر رکھ کر ترقی دی گئی ہے، جنہیں عام طور پر رجز کے نام سے یاد کرتے ہیں اس کا بھی تعین مشکل معلوم ہوتا ہے کہ مثنوی نگاری کب فارسی شاعری میں شروع ہوئی اور اس کا پہلا ناظم کون تھا[3].

---

۱ چوتھی صدی کے آغاز میں جو فارسی شاعری کا اوائل شباب تھا، عربی شعرا اکثر فارسی کی ضرب المثلیں، مشہور جملے اور نادر مضامین ترجمے کی صورت میں ادا کرتے تھے (شعرالعجم ۴ : ۱۱۹) نیز دیکھیے ثعالبی یتیمۃالدہر (۴ ۸۸) جہاں اس قسم کے ترجموں کے نمونے مندرج ہیں.

۲ ہفت اقلیم میں مثنوی کی یہ تعریف دی گئی ہے:

«والمثنوی عندالعجم أبیات متفقة الوزن، کل مصراع منها یوافق المصراع الآخرالمحاذی فی القافیه»

۳ مصنف «ہفت اقلیم» نے مثنوی کی صنف کو عجمی قرار دیا ہے اور اس دعوی کے ثبوت میں «میزان الواو» سے یہ عبارت نقل کی ہے

«ولم تکن المتقدمین من العرب إلا القطعات و القصائد و المتأخرون أحدثوا سائر أنواع الأبیات من العجم کالرباعی المشتهر بالدوبیت و المزدوجة المعروفة بالمثنوی» (ہفت اقلیم ۲)

عربی شعرا کے کلام کو حفظ کرنا، ان پر عبور حاصل کرنا، عجمی شعرا کے لیے طرۂ امتیاز سمجھا جاتا تھا چنانچہ عربی شعراء کا نام وہ بڑے فخر و امتیاز کے ساتھ لیتے تھے[1]، جو کھلی ہوئی شہادت ہے کہ عربی شعر و شاعری اور ان کے شعرا کی عظمت ان کے ذہن میں رچی بسی تھی۔

فارسی کی بحرین عربی کی بحروں سے بہت مختلف ہیں، پھر بھی قدماے ایران نے عربی قصیدوں کی پیروی کی ہے اور ان بحور میں طبع آزمائی کو دخور خیال کیا ہے۔ چنانچہ آپ کو ایسا بھی ملے گا کہ عربی مصرع پر فارسی تضمینیں کی گئی ہیں یا کبھی پورا کا پورا عربی مصرع لے لیا گیا ہے۔ اس کی مثالیں آپ کو حافظ، سعدی، جامی اور ایسے ہی دوسرے مشہور شعرا کے یہاں بکثرت ملیں گی۔ اخذ مضامین کی مثالیں وہ کونسا شاعر ہے جس کے یہاں آپ کو نہ ملیں۔ عربی کے امثال و محاورات، اس طرز کی بندشیں اگر فارسی شعرا کے کلام سے جمع کی جائیں تو ایک عظیم دفتر بن سکتا ہے۔

اس حقیقت کے باوجود آپ ایرانی اور عربی شعر و شاعری کا تقابلی مطالعہ کریں تو اندازہ ہوگا کہ اختلاط عرب و عجم کے بعد عربی شاعری اپنی ہیئت کذائی میں جاہلی اور ابتدائی اموی دور کی شاعری سے بالکل مختلف ہے۔ عرب کا تمدن جہاں بدلا وہیں اس کا مظہر، جو شعر و شاعری کا میدان تھا، یکسر بدل گیا۔ خیالات، طرز ادا، تشبیہ و استعارہ، نوعیت مضامین، قصائد و غزل کی بندشیں، پرواز فکر اور اس کا سارا خمیر کچھ کا کچھ ہوگیا۔ اب عربی شعر و شاعری صحرا نشینی کے خم و پیچ کا صرف مظہر نہ تھی بلکہ وہ تہذیب و تمدن کی ایک عظیم شاہ راہ بن گئی تھی جہاں شعرا عجمی جلوہ سامانیوں کے ساتھ رواں دواں تھے۔ صرف زبان باقی تھی مگر وہ بھی اپنے اندر سے جاہلی دور کی روح کھوچکی تھی۔ اب نہ پہاڑوں کی بلندیوں کا ذکر تھا اور نہ صاف و شفاف آب رواں کی روانی، نہ باد سموم کی لپٹ، نہ اونٹوں کی ریل پیل، نہ تودۂ ریگ کا منظر، نہ تازی گھوڑوں

[1] اوحد الدین انوری (م ۵۴۷/۱۱۵۲) ایک موقع پر بڑے فخر و احترام کے ساتھ کہتا ہے:
شاعری دانی کدامی قوم کردند آنکه بود   اول شان «امرؤالقیس» آخر شان «بوفراس»

مثنوی مظہر البرکات

محمد فضل الرحمن ندوی*

جب دو قوموں کا باہم اختلاط ہوتا ہے تو چاہے فاتح قوم ہو یا مفتوح ایک دوسرے سے اثرپذیر ضرور ہوتی ہیں۔ یہ اثرپذیری زندگی کے ہر میدان میں پائی جاتی ہے۔ ریت اور رسم کو اپنانے کی کوشش ہوتی ہے، تہذیب و ثقافت کے مرکز بدل جاتے ہیں۔ اشیاء کے اقدار کے پیمانے بھی اپنے کو الگ تھلگ نہیں رکھ سکتے۔ حسن و قبح کا نظریہ، ان کے جانچ تول کے سانچے، بھلائی برائی کا معیار، غرض تمام چیزیں دانستہ و نادانستہ باہم متاثر ہوتی ہیں اور ایک دوسرے کو متاثر کرتی ہیں یہاں تک کہ وہ چیزیں جو وجدانی اور ذوقی کہی جاتی ہیں وہ بھی دیر یا سویر اثر پذیر ضرور ہوتی ہیں۔

عرب و عجم کے اختلاط میں جہاں تہذیبی و ثقافتی اور علمی و ادبی سانچے ٹوٹے اور بنے وہاں وجدانی اور ذوقی معیار بھی بدلے۔ خود وہ پیمانے جو ایک مدت دراز سے کسی ملک کے معیار مطلوب تھے ان میں نئی تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ یہی حال شعر و شاعری کا ہوا۔ خیالات و افکار کے اظہار و ادا میں ایک دوسرے سے بڑی حد تک متاثر ہوئے یہاں تک کہ بحور و قوافی بھی اس سے مستثنیٰ نہ رہ سکے۔ اہل عجم ہر موقع پر اس کا اعتراف کرتے ہیں کہ انھوں نے عربوں کی شاعری سے فائدہ اٹھایا ہے[1]۔

۱ منوچہری (متوفی ۴۳۲/۱۰۴۰) اپنے کو دوسرے ہم عصر شعرا پر یوں ترجیح دیتا ہے
من بسی دیوان شعر تازیان دارم ز بر تو ندانی خواند الا ھبی بصحنک فاصبحین

*محمد فضل الرحمن ندوی۔ ریسرچ اسسٹنٹ ادارۂ علوم اسلامیہ، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

آب روی گلعذاران چمن بر خاک ریخت　　قطره‌های خون کزان رخسار گلگون میچکد
چون بوصف لعل گوهربارت «اهلی» دم زند　　از نی کلکش سخن چون در مکنون میچکد

★

نمیدانم چه بد گفتند با او دشمنان از من
که می با دیگری خورد است سر بامن گران دارد

★

بگسلد رشتهٔ جان چون رود آنسرو بلند　　این چه نخلیست که دارد برگ جان پیوند

★

بسکه در عشق تو کار من ز سوای کشید　　دوست دشمن گشت بامن آشنا بیگانه شد

★

سیه شد روزگارم بر امید انکه یکروزی　　نگاهی برمن بد روز ازان چشم سیاه افتد

★

نمی پوشد بذیل عفو زاهد عیب رندانرا　　که بینم غرق عصیان خرقهٔ تزویر و پرهیزش

★

سرو را پا در گل است از قامت دلجوی او
گل در آب و آتش است از روی گلبرگ ترش

★

تا عاشق صادق ز مقلد بشناسی　　با هر که دم از مهر زند بر سر کین باش

★

مرا گویند مشکلهای عشق از صبر بکشاید　　اگر بودی مرا صبری نگشتی کار من مشکل

★

توئی آن قبلهٔ مقصود کز هر سو جهانی را　　نهاده چشم بر محراب ابروی تو می بینم

★

موی ژولیده که بر سر من ابتر دارم　　سایهٔ دولت عشق ست که بر سر دارم

★

گرچه خونم ریختی گشتم ز عشقت سرخ رو
گرچه بردارم کشیدی سر بلندم ساختی

اس قسم کے اشعار کی تعداد میں معتد بہ اضافہ کیا جا سکتا ہے لیکن اہلی خراسانی کی صلاحیت و استعداد کا صحیح اندازہ اسی وقت ممکن ہے جبکہ اس کے دیوان کا تفصیلی مطالعہ کیا جائے۔

[۲۰/۱۲/۱۹۵۹]

اسکا اصلی مقام حاصل نہ ہو تو یہ بلا شبہ اس کے ساتھ بڑی بےانصافی ہوگی اور ساتھ ساتھ ایک عظیم ادبی خسارہ بھی.

ذیل میں اھلی کے کچھ اشعار دیوان سے انتخاب کر کے درج کیے جاتے ھیں :

بر فلک هر شب رسانم برق آه خویش را
تا بسوزم کوکب بخت سیاه خویش را

★

دو چشمم فرش آن منزل که سازی جلوه گاه انجا
بهر جا پا نهی خواهم که گردم خاک راه انجا

نگردد سبز و خرم تربتم گر صد بهار آید
چنین سوزیکه من دارم کجا روید گیاه انجا

★

گرچه می سوخت زخوبان دل پردرد مرا
گرمی عشق تو کرد از همه دل سرد مرا

شوق دیدار تو و جاذبهٔ عشق تو بود
که بسرحدِ وجود از عدم آورد مرا

★

بقتل عاشقان ای کاش خوبان محضری سازند
که من صد جا بخون خویش بنویسم گواهی را

★

ز شرح درد من خون شد دل خلقی بمحفلها
سخن کز روی درد آید کند تاثیر در دلها

گر از یک شمع بودی سوز دل پروانه را چون من
نگشتی این همه سر گشته گرد شمع محفلها

★

مکن روز وصال ای نازنین از گریه منع من
که می شویم ز لوح دل غبار شام هجرانرا

★

هر شعر «اهلی» از گل رویت رساله ایست
چون گل برند دست بدست این رساله را

★

ز جعد ماه وشان روزگار من سیه است
گناه بخت پریشان و جرم اختر نیست

شکل مجنون را مصور دیدم و پنداشتم
همچو من دیوانهٔ آشفته حال دیگر است

★

اهلی کا کلام خود اسکی زندگی میں کافی مقبولیت حاصل کر چکا تھا اور معاصر ناقدین بھی اس کے اعلیٰ معیار سے متاثر نظر آتے ھیں. علی شیر نوائی، اهلی خراسانی کے بارے میں لکھتا ھے : « شخصی اهل بود وکسی بس خوش‌طبع می نمود و در شعر او چاشنی خوب بود »[1]. « تحفهٔ سامی» میں ھے . « در شیرینی اشعار و حلاوت گفتار شکرریز »[2]. «ریاض الشعراء » کا مؤلف اهلی خراسانی کے اشعار پر تبصره کرتے ہوئے لکھتا ھے : « اگر در عالم سخنوری بمولانا اهلی شیرازی نمیرسد لیکن او نیز از استادانست »[3]. « نظم گزیده » کا مؤلف ناظم تبریزی رقمطراز ھے : « بعد از اهلی شیرازی بوده و طرز غزلش بطرز وی بسیار آشنا ست واین نهایت تعریف اوست»[4] اشپرنگر کے نزدیک اسکے عشقیه اشعار اپنی قلبی حرارت اور سوز و گداز کی وجه سے ممتاز هیں[5].

اپنے اشعار کی قبولیت کے بارے میں اهلی خراسانی خود لکھتا ھے :

« اهلی » قبول اهل نظر یافت شعر تو   با مدعی بگو نتوان کرد رد مرا

★

ز رشحهٔ قلمم سوخت عالمی «اهلی»   چه آتش است که در نظم‌آبدارمنست

اس کے بعد اهلی اپنے اشعار کی ارزش اسطرح بیان کرتا ھے :

بهر محفل‌که بکشایند چون گل‌دفتر «اهلی»   هم بوی حقیقت آید از عشق مجاز من

★

سرمه از خاک در «اهلی» برند اهل نظر   گر رسد بر آستانش گرد دامان کسی

★

هرشعر«اهلی» ازگل رویت رساله ایست   چون‌گل برند دست‌بدست این رساله را

★

«اهلی»ازگفتارخود نامی برآرم در جهان   گر قبول طبع شاه نامدار من شود

اگر علی‌گڑھ کے چاروں نسخوں کا دقت نظر سے مطالعه کیا جائے تو یه معلوم ہوگا که اهلی خراسانی غزل گوئی میں ایک ممتاز اور نمایاں حیثیت کا مالک ھے اور اگر دنیاے ادب فارسی میں اهلی خراسانی کو

۱ مجالس النفایس : ۲۵۱
۲ تحفهٔ سامی : ۱۰۷، ۱۰۸
۳ ریاض‌الشعراء (نسخهٔ علی‌گڑھ) ورق : ۲۳ (الف)
٤ نظم گزیده (نسخهٔ علی‌گڑھ) ورق : ١٦ (الف)
٥ دیکھیے A. Sprenger, *A Cat of the Arabic, Persian MSS* p. 319

دیوان اهلی خراسانی کے نسخ علی‌گڑھ کی تفصیلات درج‌ذیل هیں :

(۱) «دیوان اهلی خراسانی» (شیفته : ۱۶۱ ۱۳۷) اوراق ۳۷ تقطیع 10½ × 6½ 7½ × 4½ خط جدید نستعلیق اس دیوان میں حروف الفبای کے مطابق غزلیات درج هیں اور پهلا شعر نسخهٔ باڈلین کے مطابق هے.

اس نسخے میں ۱۲۸ غزلیات اور ۱۱ رباعیات هیں. ترقیمے میں «تمام شد دیوان اهلی شیرازی» لکھا هے. ظاهر هے که یه عبارت صحت سے عاری هے.

(۲) «دیوان اهلی خراسانی» (یونیورسٹی : فارسیه ۱ــ۱۰۶) کاتب نهال خان. تاریخ کتابت ۱۱۹۶هجری مطابق ۱۷۸۱ع اس دیوان کو راجا جسونت سنگھ «پروانه» کے لیے نقل کیا گیا هے. اوراق ۵۶. تقطیع [illegible] سطور ۱۲ خط نستعلیق. غزلیات کی ابتدا حسب ذیل شعر سے هوتی هے :

برفلک هرشب برسانم برق آه خویش را تا بسوزم کوکب بخت سیاه خویش را

اس دیوان میں ۱۵۸ غزلیات هیں اور ۲۹ رباعیات. آخری صفحے پر یه عبارت درج هے : «دیوان مولانا اهلی خراسانی با تمام رسید».

(۳) «دیوان اهلی خراسانی» (سبحان الله ضمیمه : ۸۹۱۰۵۵۱۱|۹۴) کاتب تفضل حسین. سنه کتابت ۱۲۴۸ فصلی. اوراق ۳۷ تقطیع [illegible] سطور ۲۱ خط نستعلیق و شکسته مخلوط. کرم خورده و آب خورده. غزلیات حسب ذیل شعر سے شروع هوتی هیں :

بر فلک هرشب رسانم برق آه خویش را تا بسوزم کوکب بخت سیاه خویش را

آخری صفحے پر یه عبارت درج هے : «تمام شد کتاب دیوان شیرازی» اس نسخے میں غزلیات کی سب سے زیاده تعداد هے یعنی ۱۶۸

(۴) «دیوان اهلی خراسانی» (سبحان‌الله : ۸۹۱۰۵۵۱۱|۷۳) کاتب شمس‌الدین محمد بن دوست محمد. اوراق ۳۲ تقطیع [illegible] سطور ۱۷ خط نستعلیق سرصفحه مذهب. غزلیات کی ابتدا حسب ذیل شعر سے شروع هوتی هے.

گرچه میسوخت ز خوبان دل پردرد مرا آتش عشق تو کرد از همه دل سرد مرا

اس نسخے کے آخری صفحے پر یه عبارت درج هے : «باتمام رسید دیوان کمال‌الدین مولانا اهلی» اس دیوان میں ۱۲۸ غزلیات هیں اور رباعیات کی تعداد سب نسخوں سے زائد یعنی ۲۸ هے.

اشپرنگر لکھتا ہے کہ تقی کاشی نے اہلی خراسانی کا دیوان دیکھا ہے جو تین ہزار اشعار پر مشتمل تھا.[۱]

اہلی خراسانی کے دیوان کے نسخے جو مختلف کتبخانوں میں ملتے ہیں وہ حسب ذیل ہیں :

(۱) اشپرنگر، کتب خانۂ شاہان اودھ میں اہلی حراسانی کے ایک دیوان کی موجودگی کا ذکر کرتا ہے. وہ کہتا ہے دیوان اہلی خراسانی میں صرف غزلیاں ہیں اور ابتدا اس شعر سے ہوتی ہے :

دو چشم فرش آن منزل که سازی جلوه گاه انجا
بهر جا پا نهی خواهم که باشم خاک راه انجا

اس دیوان میں ۳۰ اوراق ہیں اور ہر ورق میں ۳۰ سطور کتابت واضح اور صاف ہے[۲].

(۲) دیوان کا ایک نسخہ کتبخانۂ باڈلین (اوکسفورڈ) میں محفوظ ہے اور اس کا ذکر Ethe کی مرتب کردہ فہرست میں ملتا ہے یہ غالباً اہلی خراسانی کے دیوان کا انتخاب ہے. اس پر کوئی تاریخ کتابت مرقوم نہیں ہے، یہ بھی ۳۰ اوراق پر مشتمل ہے. اس انتخاب میں کچھ غزلیات ہیں اور کچھ رباعیات. ابتدا حسب ذیل شعر سے ہوتی ہے :

دو چشم فرش آنمنزل که سازی جلوه گاه انجا
بهر جا پا نهی خواهم که باشم خاک راه انجا

علی گڑھ کے مخطوطات کے قابل قدر مجموعے میں اہلی خراسانی کے چار نہایت نادر و نفیس نسخے موجود ہیں. یہ چاروں نسخے مندرجات کے اعتبار سے آپس میں متفق ہیں لیکن «اہلی شیرازی» کے اُس دیوان سے بالکل مختلف ہیں جو علی گڑھ کے ایک قلمی مجموعے میں پایا جاتا ہے.

---

۱ A. Sprenger, *A Cat. of the Arabic, Persian MSS.* p. 319

۲ مصدر سابق : ۳۱۹

اهلی خراسانی کی زندگی میں عشق الہی کے تاثرات پوری طرح کارفرما نظر آتے ھیں اور اسی لیے ھم یہ دیکھتے ھیں کہ اهلی دنیا کی نعمتوں اور اس کے عیش و نشاط کے سامنے نہیں جھکتا، ایک مقام پر عشق کی لذات کی ترجمانی اس طرح پر کرتا ھے:

اسیر عشق داند لذت وارستگی «اهلی» نباشد ذوق ایمعنی گرفتاران دنیا را

ایک اور موقع پر وہ یوں نغمہ سرا ھے:

گر از یک شمع بودی سوز دل پروانہ را چون من
نگشتی این همه سرگشته گرد شمع محفلها

جہاں تک مذھبی اعتقادات کا تعلق ھے اهلی خراسانی عقیدۃً شیعہ تھا ابتدا میں اس کا مربی سلطان حسین بھی شیعہ عقیدہ کا تھا جیسا کہ پروفیسر براون نے لکھا ھے[1]

چونکہ اهلی خراسانی شیعہ عقائد کا پابند تھا لہذا ظن غالب یہ ھے کہ سلطان حسین کی حکومت کے بعد وہ پہلے مشہد پہنچا جہاں اس نے ائمۂ کرام کی منقبت میں قصائد لکھے، گو اهلی کی موجودہ مطبوعات میں اس قسم کا کوئی قصیدہ نظر نہیں آتا. اهلی کے اشعار کی داخلی شہادت سے اس کے عقاید پر روشنی پڑتی ھے. مثلاً

منم که نادعلی ورد صبحگاه منست بهر بلا که رسد دوران پناه منست
مرا بسینه چراغیست مهر آل علی که هر کجا بهم روی شمع راه منست
جز آستان علی التجای «اهلی» نیست گدای آن سر کو مهر پادشاه منست

آخری شعر سے بھی یہ بات ظاہر ھے کہ اهلی کا مربی سلطان حسین بھی عقاید کے اعتبار سے شیعہ تھا.

جہاں تک اهلی خراسانی کے دیوان اور اشعار کی تعداد کا تعلق ھے سوانح نگار آپس میں متفق نظر نہیں آتے. «نظم گزیدہ» کا مؤلف لکھتا ھے[2]:

«دیوان غزلیات او زیاده بر هزار بیت بنظر فقیر نرسیده ظاهرا که همین گفته باشد».

---

۱ E. G. Browne, Literary History of Persia, iii, pp. 390-391, 421 (Cambridge, 1951)

۲ نظم گزیدہ ورق: ۱۶ (الف)

اهلی اپنے مُسن ہونے کا ذکر اپنے اشعار میں اس طرح کرتا ہے:

چون کمان شد قامت «اهلی» بترس از آه او
باز نتوان داشت چون تیر از کمان آید برون

★

قامتم خم گشته همچون چنگ در هجران او
هر سر موی ز درد دل بافغان آمده

اهلی کو عمر کے آخری حصہ میں متعدد مصائب سے دو چار ہونا پڑا وہ اپنے رنج و آلام کا ذکر اپنے اشعار میں اس طرح کرتا ہے:

بجان آمد دلم از قید هستی کاشکی هرگز نیفتادی گذر بر محنت آباد جهان ما را

★

برمن چنان فضای جهان تنگ شد که نیست زین تنگنا امید نجات از لحد ما را

★

خواهم از عالم فانی سفر کرد «اهلی» زانکه دلگیر درین گوشهٔ ویرانه شدم

★

«اهلی» مطلب بوی وفا از چمن دهر کاغشته بخوناب جگر هست گیاهش

بہر حال اهلی کی وفات ایک طویل زندگی کے بعد تبریز کے مقام پر ۹۳٤ ھ میں ہوئی. خواجه خلیل الله زرگر نے اس کی وفات پر مندرجه ذیل مادۂ تاریخ نکالا: «اهلی مرد نام نکویش بماند و بس».

اهلی جیسا که اس سے قبل بیان ہوچکا ہے ایک انتہائی مذہبی خانوادے میں پیدا ہوا تھا اور اس مذہبی ماحول اور تربیت کا اس کی زندگی پر پورا اثر تھا. اسی لیے باوجود مفلسی و ناداری کے اس کو اخلاقی اقدار کا پورا احساس تھا اور یه احساس اس کے کردار و عمل میں پوری طرح جلوه گر نظر آتا ہے اس کے اشعار اس احساس کے آئینه دار ہیں. وه ایک جگه لکھتا ہے:

گر شدم رند و خراباتی و بد نام چه باک شکر الله که نیم در پی آزار کسی

حالانکه وه ہرات سے ہجرت کرنے کے بعد زندگی کے آخری لمحات تک سخت مالی مشکلات میں مبتلا رہا ہے لیکن دنیا کی متاع غرور کی طرف کبھی اسے رغبت نه ہوئی، خود کہتا ہے:

چون مسیحا پای همت بر سر گردون نهم سر فرو ناید بمحنت خانهٔ دنیا مرا

★

همچو «اهلی» نکشم منت دونان هرگز که بجان از ستم عالم دون آمده ام

رسید «اهلی» بپا بوس شه صاحب قران خود
قضا گر داشت سرگردان بکوی هجر یکچندش

بادشاہ کی تعریف میں اہلی رقمطراز ہے:

فرخ آن شهری که باشد چونتو شاهی شهریار
خرم آن کشور که در وی همچو تو سلطان بود

★

شه صاحب قران ابن حسین آنخسرو دوران
که بر تخت فلک خورشید تابان هست مانندش

★

اگر شاهان دیگر جمله از خیل و سپاه نازند
تو آن شاهی که می نازند صد خیل و سپاه از تو

★

قضا روزی که می انداخت طرح سقف رنگاری
قدر بهر تو می افراخت چتر پادشاهی را

اپنے مربی کے بارے میں اہلی لکھتا ہے۔

ز عالم گر ندارد حظ چو ارباب سخن «اهلی»
بحمد الله که دارد چون تو سلطانی سخندانی

★

خلاصی از ستم روزگار «اهلی» را بغیر مرحمت شاه داد گستر نیست

۹۱۱ ھ میں سلطان حسین کے انتقال کے بعد غالباً اہلی زیادہ عرصہ تک ہرات میں مقیم نہ رہا۔ اشپرنگر کے خیال کے مطابق سلطان حسین کے انتقال کے بعد اہلی مشہد گیا اس کے بعد وہ نہایت عسرت کی حالت میں کاشان آیا۔ یہ بھی قرین قیاس ہے کہ اہلی خراسانی ابتدا میں ہرات سے کاشان جاتے ہوئے کچھ عرصہ کے لیے مشہد مقدس میں قیام پذیر رہا ہو۔ بہر حال یہ بات تو اشعار کی داخلی شہادت سے بھی ہویدا ہے کہ اہلی کا قیام ایک عرصہ تک کاشان میں رہا۔ بالآخر جب اہلی تبریز پہنچا تو وہ عالم شیب میں تھا جیسا کہ خود اس کی غزلیات کی داخلی شہادت اور سوانح نگاروں کی تحریروں سے روشن ہے۔ «تحفۂ سامی» میں ہے[1]:

«بعد از انقراض دولت آن دودمان به تبریز آمد و آخر از پیری و شکستگی گوشه گرفته رخت زندگی بخانهٔ جاودانی کشید».

۱ تحفهٔ سامی: ۱۰۸

این دوبیت از آنجا ست گفته و کاغذ را درمیان موم نهاده
بر سیبی تعبیه کرده و از مرآب باندرون فرستاده است، بیت :

دو چشمم فرش آن منزل که سازی جلوه گاه انجا
بهر جا پا نهی خواهم که گردم خاک راه انجا
چه خوش برمیست رنگین مجلس جانان چسود اما
که نتوان شد سفید از شومی بخت سیاه انجا

بعد از اطلاع آن میرزا اورا طلب داشته در لطف برویش کشاد»[۱] .

«ریاض الشعرا» کے مؤلف نے یہی واقعہ معمولی سی ترمیم و اضافے کے ساتھ نقل کیا ہے[۲] . اشپرنگر نے اس بات کی بھی توضیح کی ہے کہ اهلی کی بارگاہ سلطانی میں باریابی هرات میں منتقل ہونے کے کچھ عرصے کے بعد وقوع میں آئی . سلطان حسین کا دربار اهل علم و فضل کا مرکز تھا اور بہت سے نامور شعرا کو سلطان حسین اور اس کے ممتاز وزیر میر علی شیرنوائی کی تربیت حاصل تھی .

اهلی کا شمار اس دور کے نہایت ممتاز شعرا میں تھا اور اسی لیے میر علی شیر نوائی نے جو شعرا ، اهل قلم اور فنکاروں کی ایک بڑی جماعت کا مربی ہے اور خود بھی ایک بلند پایہ شاعر ہے «مجالس النفائس» میں اهلی خراسانی کا ذکر مجلس سوم میں کیا ہے جس میں وہ ان شعرا کا ذکر کرتا ہے جو اس کے زمانے میں بقید حیات تھے اور جن سے وہ ذاتی طور پر واقف تھا .

اهلی خراسانی نے اپنے دیوان میں کئی مقامات پر اپنے دور کے سلاطین اور انکے دربار میں اپنی باریابی کا ذکر کیا ہے :

اگر در بزم وصلش ره نیابی غم مخور «اهلی»
گدا را نیست ره جای که باشد بادشاه انجا

*

ازان سویش چو گرد افتان و خیزان میرود «اهلی»
که بوسه نعل اسپ خسرو چابکسواران‌را

۱ تحفهٔ سامی ۱۰۸
۲ ریاض الشعرا ورق : ۲۳(الف)

هوای ملک تبریز از خراسان داشتم «اهلی»
ولی بردند از ره ماه رخساران کاشانم

*

شهر کاشانست و هر سو ماه سیمای دگر
جور کم کن ورنه عاشق میشوم جای دگر

*

چه سرزد از مهوشان چین و خوبان چگل «اهلی»
که روز من سیه شد از سیه چشمان کاشانی

یہ اشعار اس امر پر مشعر ہیں کہ اہلی ہرات سے کاشان آیا اور بعد ازاں تبریز پہنچا جہاں اس کا انتقال ہوا جیسا کہ تمام تذکرہ نویس متفقہ طور پر تحریر کرتے ہیں۔ مندرجہ اشعار سے یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ اہلی کاشان کے زمانۂ قیام میں کچھ بہت زیادہ مطمئن نہ تھا اس لیے اس کا تبریز چلا جانا ایک فطری امر ہے۔

ہرات کے قیام کے زمانے میں اہلی، سلطان حسین کے ندیموں میں سے تھا اور اس کے ممتاز وزیر میر علی شیرنوائی نے اہلی کا ذکر ان لوگوں کے ساتھ کیا ہے جن سے وہ ذاتی طور پر اور بخوبی واقف تھا۔ اہلی خراسانی کی سلطان حسین کے دربار میں باریابی کا واقعہ نہایت دلچسپ ہے۔ سام میرزا «تحفۂ سامی» میں یوں رقمطراز ہے:

«در خراسان از مهرروی فریدون حسین میرزا از پای در افتاده مجنون آسا موی ژولیده بگذاشت و داد عاشقی بداد و درین باب گوید:

موی ژولیده که بر سرمن ابتر دارم
سایۂ دولت عشق است که بر سر دارم

آخر شاهزاده آن درویش وفاکیش را پیش خویش طلب داشته مرهم لطفی بر جگر ریشش می نهاد سلطان روزی روی بباغ فرموده بخت نام غلام سیاهی را بدر باغ نشاند که کسی را در باغ نگذارد و مولانا بامید دیدار در باغ شتافته موکل مذکور از دخول وی مانع آمد. لاجرم در بدیهه غزلی که

تفصیلات ہم تک نہیں پہنچی ہیں . قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ شاعر زیادہ عرصہ تک اپنے وطن ترشیز میں مقیم نہ رہا . اشپرنگر کے قول کے مطابق[۱] اہلی ، ہرات جلد ہی آگیا تھا اور ابتدا میں دباغوں اور کمش دوزوں کے لیے اشعار لکھتا تھا بعد میں جب خواجہ عبد الحی زرگر کو اہلی کے معاملات سے کسیقدر دل چسپی اور ہمدردی ہوئی تو اہلی کا تقرر ضرابخانہ (ٹکسال) کے ناظر کی حیثیت سے ہوگیا .

سلطان حسین (متوفی ۹۱۱ھ) کے سلسلۂ ملوک کے زوال کے بعد اہلی ابتدا میں مشہد گیا اور وہاں اس نے ائمہ کی تعریف مین قصاید لکھے اور اس کے بعد نہایت عسرت کی حالت میں وہ کاشان آیا جہاں وہ دریوزہ گری پر مجبور ہوا اور بالآخر تبریز پہنچا جہاں وہ فن تیر اندازی سکھا کر گذر اوقات کرتا رہا[۲] . لیکن سام مرزا کا بیان معاصر کی حیثیت سے زیادہ وقیع ہے . وہ لکھتا ہے :

« بعد از انقراض دولت آن دودمان بہ تبریز آمد . چون در کمان داری صاحب قبضہ بود جوانان انجا اورا از دست یکدیگرمی ربودند و آخر از پیری و شکستگی گوشہ گرفتہ رخت زندگی بخانۂ جاودانی کشید »[۳] .

مندرجہ بالا بیان سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مرزا سلطان حسین کے خاندان کے زوال کے بعد اہلی خراسانی نے تبریز کا رخ کیا جہاں بالآخر اس نے وفات پائی ، لیکن اشپرنگر کا مذکورہ بالا بیان اس سے بالکل مختلف ہے ، اس کا خیال ہے کہ اہلی خراسانی ابتدا میں ہرات سے مشہد گیا ، بعد ازاں کاشان اور بالآخر تبریز . اہلی خراسانی کے اشعار کی داخلی شہادت سے البتہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ اشپرنگر کا بیان ایک حد تک قرین قیاس ہے اہلی خود لکھتا ہے :

۱ A. Sprenger, *A Cat. of the Arabic, Persian and Hindustany MSS, of the Libraries of the king of Oudh* i, 319 (Calcutta, 1854)

۲ مصدر سابق : ۳۲۰

۳ تحفۂ سامی : ۱۰۸

اهلی خراسانی

ڈاکٹر محمد شمعون اسرائیلی*

«اهلی» خراسانی جس کو اهلی ترشیزی کے نام سے بھی یاد کیا جاتا هے ترشیز کے مقام پر جو خراسان کے صوبے میں واقع هے[1] پیدا هوا. کسی بھی سوانح نگار یا تذکرہ نویس نے اهلی کا پورا نام[2] نہیں لکھا هے. علی شیر «نوائی» نے اهلی خراسانی کا ذکر دو موقعوں پر کیا هے[3] ایک دونوں جگہ اس نے صرف «مولانا اهلی» کہنے پر قناعت کی هے. سام میرزا نے اهلی کے ترجمے میں[4] «اهلی خراسانی از اهله واهالی ترشیز است» لکھا هے جبکہ مؤلف «ریاض‌الشعرا»[5] اسے «اهلی خراسانی» اور «تذکرۂ نظم گزیدہ»[6] کا جامع اسے «اهلی ترشیزی» لکھتا هے.

اهلی کا سال ولادت کسی تذکرہ نویس نے نہیں لکھا لیکن یہ قرین بہ یقین هے کہ اس کی پیدایش سنہ ۷۸۳ هجری کے بعد هوئی. اس کی پیدایش ایک ایسے خانوادے میں هوئی جو نہایت مذهبی تھا. اهلی کا باپ مذهب کا نہایت پابند تھا اور اهلی کی ذهنی تربیت اسی مذهبی فضا میں هوئی. جہاں تک اهلی کی ابتدائی زندگی کے حالات کا تعلق هے

---

1. Le Strange *The Lands Of The Eastern Caliphate* p 351 Cambridge 1930)
2. دیوان اهلی کے ایک نسخہ (علی‌گڑھ، ذخیرۂ سبحان‌الله : 7 511 / 801) کے ترقیمہ میں یہ عبارت درج هے . «باتمام رسید دیوان افصح الشعرا کمال الدین مولانا اهلی»
3. علی‌شیر نوائی : مجالس النفایس ۸۰، ۲۵۱ تصحیح علی اصغر حکمت (تهران ۱۳۲۳ شمسی)
4. سام میرزا . تحفۂ سامی : ۱۰۷ (تهران، ۱۹۳۶)
5. علی قلی واله : ریاض الشعرا ورق : ۲۲ (الف) نسخۂ کتبخانۂ مسلم یونیورسٹی علی‌گڑھ
6. ناظم تبریزی : نظم گزیدہ ورق : ٦ (الف) نسخۂ کتبخانۂ مسلم یونیورسٹی علی‌گڑھ

*ڈاکٹر محمد شمعون اسرائیلی، استاذ شعبۂ فارسی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

عدّهٔ غزلیات و عدّهٔ ابیات هر غزلی از ابتدا تا انتهای کتاب فقط و محصراً همان نسخه را اساس کار خود قرار دهم و هرچه در آن نسخه موجود است از غزلیات و مقطعات و مثنویات و رباعیات تماماً بدون هیچ زیاده و نقصان آنها را چاپ کنم و هرچه در آن نسخه موجود نیست خواه غزلیات مستقل و خواه ابیات متفرقهٔ بعضی غزلها یا غیر ذالک آنها را مطلقاً کالعدم انگاشته بکلی از آن صرف نظر نمایم زیرا که چون این نسخهٔ (خلخالی) نسخهٔ کامل تمامی ست از دیوان خواجه و خلاصه و انتخابی از آن نیست. پس هرچه درین نسخه نیست باحتمال بسیار قوی بلکه تقریباً بنحو قطع و یقین الحاقی و اشعار دیگرانست که بعدها در دیوان خواجه داخل کرده اند».

اس نتیجے کے غلط ہونے کا بین ثبوت یہ ہے کہ نسخۂ آصفیہ جو نسخۂ خلخالی سے ۹ سال قبل کا ہے اس میں ۹ غزلیں، ۵ قطعے اور تین رباعیاں زیادہ ہیں. ان زاید حصوں میں سے دو غزلیں خانلری کی ۱۵۲ غزلوں میں بھی موجود ہیں، ایک اور غزل ردیف «ب»[1] کی سید اشرف سمنانی کے ملفوظات میں منقول ہے. اس بنا پر ان زاید مطالب کی صحت و صداقت میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں. گویا یہ حافظ کے دیوان کے حصے تھے جو نسخۂ خلخالی میں شامل نہیں ہوسکے. دوسری بات قابل ذکر یہ ہے کہ جب اس منتخب دیوان کے اتنے حصے نسخۂ خلخالی میں شامل نہیں تو اس آخرالذکر نسخے کی کمی صرف اتنی ہی نہ سمجھنا چاہیے. مختصر یہ کہ یہ بات پوری طرح واضح ہوگئی کہ نسخۂ خلخالی کے علاوہ جو مطالب ہیں ان میں کچھ حصہ ایسا ہے جو یقیناً قابل اعتماد ہے اور جس کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا.
[۱۵ ٤ /۱۹۶۰]

۱ اس غزل کا مطلع جو نسخۂ آصفیہ میں بھی نہیں ہے، یہ ہے:

ز باغ وصل تو یابد ریاض رضوان آب   ز تاب ہجر تو دارد شرار دوزخ تاب

رباعیات

زیر نظر نسخے میں ۲۰ رباعیاں ہیں جن میں حسب ذیل تین، نسخۂ خلخالی میں شامل نہیں[1]:

نام بت من که مه ز رویش خجل است   دو حرف ز نظم «حافظ» مرتحل است

چو جامه ز تن بر کشد آن مشکین خال   ماهی که نظیر خود ندارد بکمال

شیرین دهنان عهد به پایان نبرند   صاحب‌نظران به عاشقی جان نبرند

تفصیلات بالا سے صاف ظاہر ہے کہ آصفیہ کا یہ نسخہ «دیوان حافظ» کا انتخاب ہے کیونکہ دیوان کے کسی نسخے میں اتنے کم اشعار نہیں ملتے. قزوینی نے جن تین قدیم نسخوں کا ذکر کیا ہے ان میں خلخالی کے نسخے میں ۴۹۵ غزلیں، آقای مرآت کے نسخے میں ۴۸۵ اور آقای نخجوانی کے یہاں ۴۹۳ غزلیں ہیں. یہ نہایت قابل قدر نسخے ہیں، اس لیے جس نسخے میں صرف ۳۵۷ غزلیں ہوں وہ یقیناً منتخب ہی دیوان ہوگا، یہی حال قطعات اور رباعیات کا بھی ہے.

اس سلسلے میں ایک قابل توجہ بات یہ ہے کہ جس طرح آصفیہ کے نسخے کے علاوہ جو مطالب ہیں ان کے الحاقی قرار دیے جانے کا فیصلہ غلط ہوگا بالکل اسی طرح نسخۂ خلخالی کے علاوہ جو غزلیں، قطعے، قصیدے اور رباعیاں ہیں اور جن کے الحاقی ہونے کا فیصلہ قزوینی کرچکے ہیں وہ غلط ثابت ہوجاتا ہے. علامۂ مذکور کے الفاظ یہ ہیں[2].

> «چون نسخهٔ (خلخالی) که در سنهٔ ۸۲۷ کتابت شده عجالةً تا نسخهٔ قدیمتری از آن بدست نیامده آن را باید قدیم ترین نسخ موجودهٔ تاریخ دار دیوان حافظ در دنیا محسوب داشت. لهذا من خود را ملتزم و مقید کردم که در خصوص کمیت اشعار یعنی از لحاظ

۱ منسوب رباعیوں میں بھی شامل نہیں۔ پہلی رباعی «دیوان حافظ» طبع نول کشور میں نہیں ہے البتہ باقی دو رباعیاں موجود ہیں (دیوان ۴۲۳، ۴۳۹)

۲ قزوینی. مقدمهٔ دیوان حافظ ص لط

ردیف : ہ (ح : ٤٢٤) ١٠ غزلیں، خلخالی میں تین غزلیں نمبر ٤١٨، ٤٢٢ اور ٤٢٨ موجود نہیں ہیں۔

ردیف : ی (ح : ٤٢٤) ٥٠ غزلیں، خلخالی میں ١٩ غزلیں زیادہ ہیں جن کے نمبر یہ ہیں : ٤٣٠—٤٣٢، ٤٣٧، ٤٤٠، ٤٤٥، ٤٤٦، ٤٥٢، ٤٥٥، ٤٥٧، ٤٦١، ٤٦٦، ٤٧٢، ٤٧٥، ٤٨٢، ٤٨٤، ٤٨٩، ٤٩٠، ٤٩٦
لیکن زیر نظر نسخے کی حسب ذیل دو غزلیں نسخۂ خلخالی[1] میں سے خارج اور بقول قزوینی الحاقی ہیں۔ یہ دونوں طبع نول کشور میں موجود ہیں گو ایک ترکیب بند کے ذیل میں نقل ہوئی ہے۔

ای ز شرم عارضت گل غرق خوی در عرق پیش حقیقت جام می

ساقی اگرت هوای ما هی جز باده میار پیش ما شی

المقطعات :

نسخۂ آصفیہ میں ١٢ قطعے ہیں اور نسخۂ خلخالی میں ٢٩، نسخۂ اول کے حسب ذیل ٥ قطعے نسخۂ دوم میں شامل نہیں ہیں :

که بحکمت قطره را گردانده او در صدف
که بقدرت خاره را لعل بدخشان ساخته
(٢ بیت)

ای جهان و هر چه هست از آفرینش در جهان
کرده در فطرت طفیلت خالق کون و مکان
(٢ بیت)

دل منه ای مرد بخرد بر سخای عمرو و زید
کس نمیداند که کارش از کجا خواهد کشاد
(٤ بیت)

حسن این نظم از بیان مستغنی ست بر فروغ خود کسی گوید دلیل

دریغا خلعت و حسن و جوانی گرش بودی طراز جاودانی
(٤ بیت)

١ «غزلیات منسوب» میں شامل ہیں (نمبر : ٨٣،٧٧) مگر دوسری غزل کا پہلا مصرع اس طرح ہو:
ساقی اگرت هوا ست با می

نسخهٔ خلخالی سے خارج اور قروینی کے نزدیک الحاقی ھے :

صبا بمقدم گل راح روح بخشد باز کجاست بلبل خوشگوی گو برآر آواز

ردیف : س (ح : ٣٧٤) میں ٤ غزلیں ، نسخۂ خلخالی کی نمبر ٢٦٩، ٢٧١ اس میں نہیں ھیں لیکن حسب ذیل غزل جو طبع نول کشور میں ص ٢٠١ پر منقول ھے ، خلخالی سے خارج اور قزوینی کے فیصلے کے مطابق الحاقی ھے . لطف یہ ھے کہ طبع خالمری میں جس کی میعاد سنہ ٨١٣-٨١٤ هجری کا مکتوبہ نسخہ ھے یہ غزل ص ١٢٣ پر موجود ھے ، مگر مرتب نے نہ اس غزل کے اور نہ ردیف « د » کی ایک اور زاید غزل کے ضمن میں کوئی توضیحی نوٹ لکھا ھے :

جانان ترا که گفت که احوال ما مپرس بیگانه گرد و قصهٔ هیچ آشنا مپرس

ردیف : ش (ح : ٣٧٦) میں ١٢ غزلیں ، نسخۂ خلخالی کی ٨ غزلیں اس میں شامل نہیں جن کے نمبر یہ ھیں : ٢٧٢ ، ٢٧٤—٢٧٧ ، ٢٨٠ ، ٢٨٢ ، ٢٩١ .

ردیف : ع (ح : ٣٨١) دو غزلیں ، خلخالی کی غزل نمبر ٢٩٢ موجود نہیں .

ردیف : غ کوئی غزل نہیں ، خلخالی میں ایک غزل ھے .

ردیف : ف (ح : ٣٨٢) ایک غزل ، وھی خلخالی میں بھی ھے .

ردیف : ق (ح : ٣٨٣) دو غزلیں ، وھی خلخالی میں بھی ھیں

ردیف : ک (ح : ٣٨٤) تین غزلیں ، وھی خلخالی میں بھی ھیں

ردیف : ل (ح : ٣٨٦) تین غزلیں ، خلخالی میں ٤ غزلیں زاید ھیں جن کے نمبر یہ ھیں : ٣٠٢ ، ٣٠٦—٣٠٨

ردیف : م (ح : ٣٨٧) ٤٨ غزلیں ، خلخالی میں ٢٥ غزلیں زیادہ ھیں . ان کے نمبر یہ ھیں : ٣١١ ، ٣١٢ ، ٣١٤ ، ٣٢٣ ، ٣٢٥—٣٢٨ ، ٣٣٠ ، ٣٣٢ ، ٣٣٤ ، ٣٣٦ ، ٣٣٧ ، ٣٤٢ ، ٣٤٤ ، ٣٤٥ ، ٣٤٧—٣٥٠ ، ٣٦٠ ، ٣٦٧ ، ٣٦٨ ، ٣٧٠ ، ٣٧١

ردیف : ن (ح : ٤١١) ١٥ غزلیں ، خلخالی میں ٨ غزلیں زیادہ ھیں ان کے نمبر یہ ھیں : ٣٨٣ ، ٣٨٤ ، ٣٩١ ، ٣٩٣ ، ٣٩٨ ، ٤٠٠ ، ٤٠٣ ، ٤٠٥

ردیف : و (ح : ٤١٩) ١٠ غزلیں ، خلخالی میں ایک غزل نمبر ٤١٣ زیادہ ھے .

ز دل بر آمدم و کار بر نمی آید ز خود بدر شدم و یار در نمی آید

تین غزلیں جو طبع نول کشور میں ہیں وہ یہ ہیں :

داد گرا ترا فلک جرعه کش پیاله باذ
دشمن دل سیاه تو غرقه بخون چون لاله باذ

مژده ای دل که مسیحا نفسی می آید
که ز انفاس خوششش بوی کسی می آیذ

مرا می دگر باره از دست برد بمن باز آورد می دست برد

قزوینی نے ان چاروں غزلوں کو الحاقی قرار دے کر اپنے مرتب کیے ہوئے نسخے سے انہیں خارج کردیا ہے حالانکہ خلخالی نے « غزلیات منسوب » کے ضمن میں پہلی اور تیسری غزل کو نقل کیا ہے. ظاہر ہے کہ قزوینی کا یہ فیصلہ قطعی بے بنیاد ہے. یہ حافظ ہی کی غزلیں ہیں لطف یہ ہے کہ برٹش میوزیم کے نسخے میں بھی غزل نمبر ۳ موجود ہے. غرض خلخالی کے مخطوطے کی قدامت کی بنا پر یہ غزلیں الحاقی قرار دی گئی تھیں تو اس سے قدیم نسخے میں شامل ہونے کی وجہ سے ان کی صحت متیقن ہوگئی.

ردیف : ر (حاشیه : ٣٦٥)، دس غزلیں، نسخهٔ خلخالی میں تین غزلیں نمبر ۲۵۰، ۲۵۳، ۲۵٦ زیادہ ہیں مگر اس نسخے کی حسب ذیل غزل جو طبع نول کشور ص ۲۸٦ پر موجود ہے، خلخالی کے نسخے سے خارج[1] اور بقول قزوینی الحاقی ہے :

ساقیا مایهٔ شراب بیار یک دو ساغر شراب ناب بیار

ردیف : ز (حاشیه : ٣٧١) میں چھه غزلیں، نسخهٔ خلخالی میں چار غزلیں نمبر ۲۵۹، ۲٦۰، ۲٦٤ اور ۲٦٦ زیادہ ہیں اور اس نسخے کی حسب ذیل غزل جو طبع نول کشور کے نسخے میں ص ۱۹٤ پر موجود ہے

۱ یہ تینوں غزلیں « منسوب غزلوں» میں شامل ہیں، دیکھیے نمبر ٤٥، ٤٩ اور ٥٠ بالترتیب.

غزلیات :

ردیف ا (حاشیہ : ۲۷۳)، ۱۰ غزلیں، حاخالی کے نسخے میں دو غزلیں نمبر ٤ اور ۱۲ زیادہ ھیں۔ ترتیب دونوں کی الگ الگ ھے۔ البتہ پہلی غزل دونوں میں ایک ھی ھے۔

ردیف : ب (حاشیہ : ۲۷۸)، ایک غزل، حلخالی کے نسخے میں غزل نمبر ۱۳ زیادہ ھے[۱]۔

ردیف : ت (حاشیہ : ۲۷۸) ٦٨ غزلیں نسخۂ حلخالی کی ۱۳ غزلیں نمبر ۲۸، ۲۹، ۳۳، ۳۷، ٤۱، ٤۳، ٥٤، ٦۰، ٦۱، ٦۳، ۷۹، ۸٥، اور ۹۱ اس میں نہیں ھیں۔

ردیف : ث، ج، ح میں کوئی غزل نہیں، حلخالی میں ھر ایک ردیف میں ایک ایک غزل ھے۔

ردیف : ح (حاشیہ : ۳۱٥) ایک غزل ھے وھی حلخالی میں بھی ھے۔

ردیف : د (حاشیہ : ۳۱٥)، ۱۰۱ غزلیں ھیں، حلخالی میں ٤۸ غزلیں زیادہ ھیں ان کے نمبر یہ ھیں : ۱۰۰، ۱۰٦، ۱۰۹، ۱۱۱، ۱۱٤، ۱۱٥، ۱۱٦، ۱۲۰، ۱۲۲، ۱۲۳، ۱۲۷، ۱۲۸، ۱۲۹، ۱۳۰، ۱۳٦، ۱۱۳، ۱۳۸، ۱٤۲، ۱٤٤، ۱٥۱، ۱٥٦، ۱٦٦، ۱٦۸، ۱۷۰، ۱۷٥، ۱۷۹، ۱۸۰، ۱۸٤، ۱۸۷، ۱۸۸، ۱۹۲، ۱۹٥، ۱۹۷، ۱۹۸، ۱۹۹، ۲۰٤، ۲۰٥، ۲۰٦، ۲۱٤، ۲۱٥، ۲۲۰، ۲۲٦، ۲۲۷، ۲۲۹، ۲۳٤، ۲۳٦، ۲٤۰، ۲٤۳، لیکن اس نسخے کی ایک سو ایک غزلوں میں ٤ حلخالی میں موجود نہیں ھیں ان میں سے تین، طبع نول کشور میں موجود ھیں لیکن یہ غزل اس میں نہیں ملی۔

۱ ایک قابل توجہ امر یہ ھو کہ ردیف «ب» کی یہ غزل
ز باغ وصل تو یابد ریاض رضوان آب ز تاب هجر تو دارد شرار دوزخ تاب
نسخۂ حلخالی میں شامل نہ ھونے کی بنا پر قزوینی کو نزدیک الحاقی ھو۔ اتفاق یہ کہ یہ غزل آصفیہ کے بھی نسخے میں شامل نہیں۔ لیکن حافظ کے اھم معاصر جہان نے اس شاعر کے متعلق بڑی دلچسپ معلومات اپنی ملفوظات اور مکتوبات میں فراھم کی ھیں، اس غزل کو ملفوظات میں حافظ کے نام درج کرکے اس کی صحت پر مہر صداقت ثبت کردی ھو۔ یہ غزل نول کشور کے مطبوعہ دیوان میں موجود ھو ص ۱٦۔

ساری چیزوں کا تقاضا ہے کہ اس مجموعے کے سارے مندرجات ایک ہی کاتب اور ایک ہی زمانے کے سمجھے جائیں[1]. دیوان حافظ کے حاشیے پر نقل ہونے سے غلط فہمی نہ ہونی چاہیے اس لیے کہ قدیم دواوین میں بیشتر دواوین حاشیے ہی پر لکھے ہوئے ملتے ہیں. صفحہ ٤٦٢ کے حاشیے پر حافظ کا دیوان ختم ہوا ہے اور متن میں «کلیلہ و دمنہ» جس کے بعد خاتمے کی تاریخ ١٢ ربیع الاول ٨٢٨ ہجری درج ہے.

آصفیہ کے کتابخانے کا یہ مجموعہ آخر آبان ١٣٢١ میں کتابخانے میں داخل ہوا تھا. اس پر بہت سی تحریریں تھیں جو مٹادی گئی ہیں. دوسرے ورق سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نسخہ شاہزادہ دانیال کی ملک میں تھا. پہلے ورق پر جو تحریریں باقی ہیں ان میں ١٠١٤، ١٠٢١، ١٠٤٤ وغیرہ کے سنین پڑھے جا سکتے ہیں. اس مجموعے کا وہ حصہ جہاں سے دیوان حافظ شروع ہوتا ہے (ص ٢٧٣—٤٦٢) وہاں سے آخر تک حکومت حیدرآباد کی طرف سے ١٩٤٦ع میں چھپ گیا ہے. «دیوان حافظ» تو حاشیے میں ہے اور متن میں «کلیلہ ودمنہ» کا آخری حصہ ہے. اس پر کسی قسم کی توضیحی عبارت نہیں جس سے اس بات کا اندازہ ہوسکے کہ متن کا یہ حصہ «کلیلہ و دمنہ» ہے. مجموعے کا یہ حصہ جو عکسی طور پر چھپا ہے غالباً شایع نہیں ہوا. سر ورق پر اس نسخے کی کتابت کا سنہ ٨١٨ہجری کے بجائے ٩١٨ ہجری درج ہوگیا ہے.

دیوان حافظ کا نسخۂ آصفیہ حسب ذیل اجزا پر مشتمل ہے:

١—غزلیات، (حاشیہ: ٢٧٣—٤٥٥) ہر صفحے پر عموماً ١٥ ابیات ہیں چند صفحوں پر ١٦ بھی ہیں، پہلا صفحہ ١٤ اور آخری ١١ بیت پر مشتمل ہے.

٢—المقطعات مع رباعیات، قطعوں کی تعداد ١٢ اور رباعیوں کی ٢٠ ہے. ان اجزا کی مزید تفصیل درج ذیل ہے:

١ حوض کی سطح 9.2×16.2 سینٹی میٹر، حاشیہ 2 5 سینٹی میٹر چوڑا ہے، متن چار سطروں سے گھرا ہے. حاشیے کے باہر بھی دوہری سطریں ہیں، ہر غزل کے خاتمے پر «وله» بین السطور میں بڑے اہتمام سے لکھا ہوا ملتا ہے حاشیے کے وسط میں پورے مجموعے میں ایک ہی قسم کا سنہرا پھول ہے ساری سطریں، پھول اور عنوان طلائی ہیں

قیاس بھی نہیں اس لیے کہ فارس کے علم دوست حاکم کی ایسے بے بدل شاعر کے ساتھ غیر معمولی عقیدت جو چند ھی سال پہلے فوت ہوا ھو فطری ھوگی۔

برٹش میوزیم کے نسخے کی غزلیں ڈاکٹر پرویز ناتل خانلری استاذ دانشگاہ تہران کے توسط سے ۱۳۳۷ شمسی میں تہران میں چھپ گیا ھے۔ مرتب نے یہ بھی لکھا[1] ھے کہ حافظ کے دیوان کے چار ایسے نسخے دریافت ھوگئے ھیں جو نسخۂ خلخالی سے قدیم ھیں مگر انھوں نے کسی کی تفصیل درج نہیں کی ھے۔

کتابخانۂ آصفیہ حیدرآباد دکن میں ایک اھم قدیم نسخہ موجود ھے جس کی کتابت سنہ ۸۱۸ ھجری میں ھوئی تھی۔ گویا بہ اعتبار قدامت اب تک کے دریافت شدہ نسخوں میں یہ دوسرا یا تیسرا ھے۔ سب سے قدیم ایا صوفیہ اور برٹش میوزیم کے نسخے ھیں جو ۸۱۳ اور ۸۱٤ کے درمیان لکھے گئے، پھر آصفیہ کا ۸۱۸ کا لکھا ھوا نسخہ، پھر قونیہ کا نسخہ جس کی کتابت ۸۱۹ میں ھوئی، اس کے بعد نسخۂ خلخالی مکتوبہ ۸۲۷ھ۔ اس سے ایک اور قدیم نسخے کا ذکر ڈاکٹر رنہ صدیقی (کلکتہ یونیورسٹی) نے بھی کیا ھے۔

آصفیہ کا نسخہ ایک مجموعے میں شامل ھے جس میں تین کتابیں ھیں:

(۱) کلیلہ ودمنہ (متن: ۱-٤٦۲) اس کے آخر میں یہ ترقیمہ ھے:

و فرغ من کتابته یوم الثلثاء ثانی‌عشر شهر ربیع الاول سنه ثمان عشرو ثمانمائة و الحمد اولی الحمد

(۲) منطق الطیر (حاشیہ: ۱-۲۷۲) خاتمے کی عبارت یہ ھے

تم الکتاب بعون الله و حسن توفیقه والصلوة والسلام علی محمد وآله و صحبه

(۳) دیوان حافظ (حاشیہ: ۲۷۳-٤٦۲) خاتمے کی تحریر یہ ھے:

تمام‌شد دیوان مولانا شمس الدین محمد حافظ الشیرازی رحمه‌الله و حسن توفیقه

متن اور حاشیے کی تحریر کا قلم ایک ھی ھے اور دونوں کا ساتھ ساتھ لکھا جانا تقریباً یقینی ھے۔ تحریر، سیاھی، بین السطور وغیرہ

[1] غزلہای خواجہ حافظ ص۔ یح تہران، ۱۳۳۷

حاشیے پر نقل ہے اس کی ابتدا «ألایا أیها الساقی» والی غزل سے ہوتی ہے اور خاتمہ، قطعہ کی اس بیت پر ہوا ہے۔

شاہ غازی خسرو گیتی ستان   آنکه از شمشیر او خونی چکید

یہ قطعہ نسخۂ خلخالی میں تیسرے نمبر پر ہے جس میں ۱۰ ابیات ہیں اور مندرجہ بالا بیت پانچویں نمبر پر ہے۔ طبع نول کشور میں اس بیت کا یہی نمبر ہے اس سے یہ قیاس ہوتا ہے کہ شاید قونیہ کا نسخہ ناقص الآخر ہو۔ راقم کے پیش نظر ایک قدیم مخطوطہ ہے جس کا تعارف کرایا جارہا ہے۔ اس میں اس قطعے میں صرف چار بیتیں ہیں کیا عجب یہ آخری بیت ہو قونیہ کا یہ مخطوطہ، خلخالی کے نسخے سے ۸ سال قبل کا لکھا ہوا ہے اور اس لحاظ سے نہایت ہی اہم ہے۔

برٹش میوزیم کے ایک مجموعے میں جس کی تفصیل Charles Rieu نے فارسی مخطوطات کی فہرست میں دی ہے[1]، حافظ کی ۱۵۲ غزلیں دو جگہ نقل ہیں (ص ۲۰۴ تا ۲۲۴) سکندر نامۂ نظامی کے حاشیے میں ۱۴۵ غزلیں، ان میں ایک غزل دوبار درج ہوگئی ہے اور پھر ص ۲۳۱-۲۳۲ پر دوسرے شاعروں کی غزلوں کے ساتھ ۹ غزلیں ہیں جن میں دو غزلیں دوبار درج ہوگئی ہیں۔ پورا مجموعہ جمادی الاولیٰ ۸۱۳ اور جمادی الثانی ۸۱۴ ہجری کے درمیان مرتب ہوا ہے۔ اس کے دو کاتب تھے، ایک محمد الحلوائی جو سلطان جلال الدین اسکندر کا پروردہ تھا اور دوسرے کا نام ناصر الکاتب تھا۔ یہ مجموعہ جلال الدین اسکندر بن عمر شیخ ہی کے لیے تیار ہوا تھا۔

یہ بات قابل غور ہے کہ ایا صوفیہ کے کتابخانے کا مخطوطہ بھی ۸۱۳ اور ۸۱۴ ہجری کے درمیان امیر تیمور کے پوتے جلال الدین اسکندر ہی کے لیے مرتب ہوا تھا کیا عجب برٹش میوزیم کا یہ مخطوطہ اور ایا صوفیہ کا نسخہ ایک ہی ہوں۔ بہرحال اگر دو ہیں تو اسکندر بن عمر شیخ کی حافظ سے غیر معمولی عقیدت کا ثبوت ملتا ہے اور یہ بات بعید از

---

۱ دیکھیے Charles Rieu, *Catalogue of the Persian Manuscripts in the British Museum* (London, 1881) ii, p. 868

دیوان حافظ کے قدیم نسخوں کی تلاش میں قزوینی کو ایک ایسے نسخے کی اطلاع ملی جس کی کتابت خود حافظ کی حیات ھی میں ھوئی تھی مگر وہ نسخہ ایران سے باھر چلا گیا اور باوجود تلاش کے اس کا سراغ نہ ملا[۱].

اتفاق سے جرمن مستشرق Professor Hellmut Ritter کو ترکی کے کتابخانے ایا صوفیہ میں دیوان حافظ کا ایک نسخہ ملا (نمبر ۳۹۴۵۰) جس کی کتابت ۸۱۳ اور ۸۱۷ ھجری کے درمیان ھوئی تھی[۲]. یہ نسخہ ان کے قول کے مطابق ۸۱۳ اور ۸۱۷ ھجری میں فارس میں اسکندر بن عمر شیخ[۳] حکمران وقت کے حکم سے لکھا گیا[٤]. یہ نسخہ اس وقت تک کے دریافت شدہ نسخوں میں سب سے قدیم قرار پایا ھے.

دو سال بعد ترکی کے مشہور عالم پروفیسر احمد آتش نے «قونیہ کے بعض اھم مخطوطات» کے عنوان سے ایک مقالہ شائع کیا[٥] جس میں حافظ کے دیوان کے قدیم مخطوطے کا بھی ذکر بطور تمہید کے کیا مگر ان کے بیان کی رو سے اس مخطوطے کی کتابت کی تاریخ ۸۱۳ اور ۸۱٤ ھجری تھی. اس مضمون میں کتبخانۂ متحف قونیہ کے ایک ایسے نسخے کا تعارف کرایا ھے جو ۸۱۹ ھجری میں لکھا گیا. یہ نسخہ «گلشن راز» اور ابن یمین کے مقطعات کے ساتھ ایک مجموعے میں صفحات ۸۱ تا ۳۷۵ کے

---

۱ قزوینی : مقدمۂ دیوان حافظ ص · کط

۲ *Islam Ansiklopedisi* (Istanbul, 1943) IV, p. 70

۳ اسکندر بن عمر شیخ ، تیمور کا پوتا تھا . وہ نہایت علم پرور حاکم تھا ، فارسی کا مشہور شاعر ابو اسحاق اطعمہ اس سے وابستہ تھا پہلے ھمدان کا حاکم تھا پھر سنہ ۸۱۲ میں شیراز کا والی مقرر ھوا مگر قسمت میں یکسوئی نہ تھی ، شاہ رخ سے لڑائی ھوئی جس میں اس کی شکست ھوئی اس نے ۸۱۸ھ میں وفات پائی (براؤن . تاریخ ادبیات فارسی ۳٤٤ــ۳٤٥) مگر ڈاکٹر یار شاطر نے (شعر فارسی در عہد شاھرخ . ۳۷ ، ٤۳) میں بعض متضاد باتیں لکھی ھیں اور قتل کا سال سنہ ۸۲۹ درج کیا ھے جو غلط ھے دیکھیے ص ٦۹ اور ۲٤۸

٤ میں ڈاکٹر سید نعیم الدین صاحب (ناگپور یونیورسٹی) کا شکر گزار ھوں کہ انھوں نے مجھے ان مطالب سے روشناس کرایا

٥ ڈاکٹر سید نعیم الدین نے جن کی توسط سے یہ مقالہ حاصل ھوا ھے یہ اطلاع دی ھے کہ آقای تحسین یازیجی اسسٹنٹ پروفیسر استنبول یونیورسٹی ان دونوں ترکی نسخوں کی مدد سے دیوان حافظ مرتب کر رھے ھیں.

دیوان حافظ کا ایک قدیم مخطوطہ

ڈاکٹر نذیر احمد*

حافظ شیرازی کے دیوان کے متعدد ایڈیشن نکلے اور دنیا کی متعدد زبانوں میں اس کے ترجمے ہوئے مگر اس کثرت اشاعت کے باوجود اس کا دیوان، الحاق سے پاک نہیں چنانچہ فارسی کے شائقین اور حافظ کے دلدادگان نے ہمیشہ اس کے دیوان کے قدیم سے قدیم نسخوں کی تلاش جاری رکھی۔ اسی دوران میں عبدالرحیم خلخالی کو ایک ایسا نسخہ دستیاب ہوا جو حافظ کی وفات کے ۳۵-۳۶ سال بعد لکھا گیا تھا۔ اس مختصر نسخے میں ۴۹۵ غزلیں، ایک مختصر مثنوی (ابیات: ۲۸) ایک مختصر ساقی نامہ (ابیات: ۵۶) ۲۹ قطعات اور ۴۲ رباعیاں شامل ہیں۔ میرزا محمد قزوینی نے اس نسخے کی دریافت کو فارسی زبان کا ایک اہم کارنامہ قرار دیا اور اس پر ایک نفیس تبصرہ شائع کیا[1]۔ سنہ ۱۳۲۰ھ میں انہوں نے ڈاکٹر قاسم غنی کی شرکت میں «دیوان حافظ» کا ایک ناقدانہ ایڈیشن شائع کیا[2] جس کی بنیاد نسخۂ خلخالی پر تھی۔ قزوینی نے اس کے مقدمے میں خلخالی کے نسخے کے مطالب کے علاوہ سارے اور اشعار جو دوسرے نسخوں میں زیادہ ہیں الحاقی قرار دے دیا[3]۔

۱ میرزا محمد ابن عبدالوہاب قزوینی بیست مقالہ ۲:۹۱ ۱۰۱

۲ چاپخانۂ مجلس تہران سے شائع ہوا، اس کا عالمانہ مقدمہ قابل دید ہے۔

۳ مثلاً یہ جملہ دیکھیے: «ہرچہ در این نسخہ نیست احتمال بسیار قوی بلکہ تقریباً بنحو قطع و یقین الحاقی و اشعار دیگران است» مقدمہ ص: (م)

* ڈاکٹر نذیر احمد، پروفیسر شعبۂ فارسی، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

یا کبر و پندار نہ تھا بلکہ احساس کمتری سے پیدا ہونے والی ایک ذہنی بغاوت تھی جو مکین کے کردار میں ایک نمایاں خصوصیت رکھتی ہے اور جس نے ان کے اندر باوجود تین پشتی ہندستانی ہونے کے ایرانی قومیت کا شدید احساس پیدا کر دیا تھا۔ وہ ہندستان کو «ہند جگر خوار» کہتے ہیں، اپنے ہندستانی ہونے پر کف افسوس ملتے ہیں اور ہندستانی شاعروں اور سخنوروں کو جاہل اور ہندستان کی زبان اور شاعری کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں:

«ادراک زشت طبعان ہند معلوم داریم، هرچند خود نہ همین بلا گرفتاریم... پست فطرتان ہند کہ اینہا بطریق اولیٰ محبور اند چه این قاصر الفهمان بسبب عوارض و حوادث کثیره از بخت و روز گار تیره، محروم مانده، اکثر بی تعلیم و تعلم جبلی محل رعایت و ترحم واقع شده اند».

مکین کی اس نسلی اور لسانی انفرادیت کے شدید احساس نے ان کی کسی سے نبھنے نہ دی اور ان کی ساری زندگی جاں کاہیوں اور جاں گدازیوں میں گذری اور اسی کا رد عمل تھا جو سودا اور مکین کی نزاع کی صورت میں رونما ہوا۔

[۱۹۵۹ ۱۲ ۲۰]

اکابر این صوبه خاطر بحال خود خوش است ومی خواهد که همین باشد » .

مکین کی شخصیت اور کردار پر ان کا ماحول بہت زیادہ اثر انداز ہوا تھا. ان کا ذہنی اور فکری نشو و نما ہندستان کی تاریخ کے ایک ایسے المناک دور میں ہوا جو چشم بصیرت کے لیے پیغام عبرت تھا. دولت و اقتدار کی کشمکش اور اس سے پیدا ہونے والے نتایج نے دنیا اور خواہشات دنیا کو ان کی نظر میں بہت ہی بے وقعت بنا دیا تھا، چنانچہ ایک خط میں لکھتے ہیں[1] : « دنیا خوابی و کار دنیا خیالی بیش نیست ». اور اپنی حسرتوں اور ناکامیوں کا ذکر ان الفاظ میں کرتے ہیں[2] :

« چندانکه حسرت در عالم است اگر بخود نسبت بکنم کم است و هر قدر خجلت در جهان پیدا است اگر سنجیم کمتر از خجالت ما شده » .

چنانچہ اسی حسرت و حرمان نے ان کے اندر ایک شدید قنوطیت کو جنم دیا تھا، ایک جگہ لکھتے ہیں[3] :

« بیکسی با وجود هزار کس برای ما آفریده اند، آری از تمام آفرینش همین مارا سزاوار آن دیده اند » .

یا پھر : « خسر الدنیا و الآخرة در حق ما نازل شده » .

اسی قنوطیت اور حیا کے ساتھ رچی ہوئی خودداری نے ان کے اندر ایک کلبیت پیدا کردی تھی. چنانچہ ان کے ایک خط کا حسب ذیل جملہ ان کے اس ذہنی کیفیت کی پوری طرح سے ترجمانی کرتا ہے[4] :

« عمریست که دل باخته ایم و با بیدلیها ساخته ایم، گواهی شوق از کسی از آن نمی شنویم ناچار بدوری می شویم » .

اور یہی سبب تھا کہ ان کے مزاج میں مخصوص شان استغنا پیدا ہوگئی تھی جسے بد دماغی تصور کیا جانے لگا، فی الحقیقت یہ بد دماغی

---

١ گلزار جعفری خط : ٤٥ (چمن چہارم)
٢ ایضاً خط : ٤٧ (چمن چہارم)
٣ ایضاً خط : ١٨ (چمن چہارم)
٤ ایضاً خط : ٢٠ (چمن چہارم)

مکین نے عطیۂ شاہی قبول تو کر لیا لیکن ان کی حد سے بڑھی ہوئی خودداری نے یہ گوارا نہ کیا کہ اسے اپنے پاس رکھیں چنانچہ انہوں نے اس «نیار شاہی» کو حسام الدولہ کے سارندوں کی ندر کردیا[1]:

«واقعی بیاد دوستان قدیمی بخوشی گذشت .. چون بسیار محظوظ کردہ بودند عنایت سرکار والا قسمت انہا شد».

اس ملاقات کے بعد شاہ عالم شاعری میں مکین سے اصلاح لینے لگے اور اب ان کی حیثیت بادشاہ کے استاد کی تھی. دربار سے ماہانہ وظیفہ مقرر ہوا جو ان کے احساس خودی کے پیش نظر ان کے بھانجے کے نام جاری کیا گیا. گو مالی حیثیت سے انھیں ایک گونہ فراغ حاصل ہوگیا تھا لیکن الہ‌آباد کی آب‌وہوا موافق نہیں آئی اکثر بیمار رہنے لگے. اپنے ایک خط میں وہ راغب کولکھتے ہیں[2]:

«چنانچہ استفسار احوال تازہ کہ کردہ اند چہ نویسد مجملاً اینست کہ اکثر با فقیر تا حال بتقریب تازہ بوجہی بادشاہی می کند چنانچہ درین ایام از یکماہ بدست اطبا گرفتارم».

جب سنہ ۱۱۸۵ ھ میں شاہ عالم دلی جانے لگے تو انہیں بھی رخصت مراجعت ملی، تقریباً تین سال کے بعد لکھنو پلٹ کر آئے، شعر و سخن کی مجلس پھر سے گرم ہوئی، ان کے شاگردوں اور عقیدتمندوں کی ایک بڑی جماعت تھی جس میں ہر طبقے اور مذہب و ملت کے لوگ تھے قاضی لطف اللہ خان «ناطق» کے نام ایک خط میں لکھتے ہیں[3]:

«زبان در ادای شکر بی نیار قاصر است کہ چون من ہیچ کارہ را زیاد از لیاقت خوش و خرم میگذارد».

انھیں کے نام ایک دوسرے خط میں وہ یوں رقمطراز ہیں[4]:

«درین گوشہ گیری فراغی بفضلہ و کرمہ حاصل است کہ ملک داغ از آنست. ازین است کہ باوجود کشش اکابر اینجا نلکہ

۱ گلزار جعفری خط : ۳ (چمن چہارم)
۲ ایضاً خط : ۳۰ (چمن چہارم
۳ ایضاً خط : ۱۵ (چمن دوم)
۴ ایضاً خط : ۸ (چمن دوم)

چند بار ارادهٔ حرکت کر[د]م اما پیش نرفت ؛ چه بگویم که چه گذشته و چه می گذرد ، پا شکستهای چند که در لکهنو هستند ، خدا داند که بچه حال اند، ما خود درین حالم که گفتم و نوشتم . مشکل این است که ظل سبحانی دست بر نمی دارند ناچار روزی برای خاطر خان مهربان جان محبان وجیهه الدوله خان سلمه ربه بحضور بعد تکرار طلب رفتم :

دیدند بدوشم نمد فقر گران است   ار بال هما آره کشیدند سرم را

بسیار سلوک بعمل آوردند » .

شاہ عالم کو ان کی نازک مزاجی کا حال معلوم تھا ، چنانچہ ان کی ذکی الحسی کو مد نظر رکھتے ہوئے بڑے تپاک سے ملے . اس ملاقات کا حال مکین کی زبان قلم سے سنیے[1] :

« چنانچه موافق وعده که معرفت راجا رام ناتهہ کرده بردند خود بمجرد رسیدن فقیر فرمودند که بنشینید ، متصل نشستم به بشاشت گفتند که شب ما یکدو مطلع خودبدولت فرموده ایم و از جیب خاص بر آورده خود خوانده گفتند که شما تتمه بگوئید ، گفتم بسروچشم و نشسته ماندم ، راجا و خان ما که همراه برده بودند عوض فقیر آداب و تسلیمات کردند » .

اس کے بعد بادشاہ نے اپنا کلام خود پڑھکر سنایا . تین چار گھنٹوں سے زیادہ یہ صحبت رہی رخصت ہونے کے وقت بادشاہ نے راجا رام ناتھ کو اشارہ کیا . راجا نے دو ایک پارچۂ پشمینہ بقچے میں رکھ کر مکین کے سامنے پیش کیا . چنانچے لکھتے ہیں[1] :

« پرسیدم چیست ؟ گفت عنایت حضور است ، جوابش گفتم عنایت برای همین لطف ملاقات کافی است ، آن بعمل آمد . راجا گفت نیاز کرده اند ، حاصل که رد و بدل بازی طفلانه دیدم ، خاموش شدم » .

۱ گلزار جعفری خط . ۳ (چمن چهارم)

دعوت دی . مکین نے پہلے تو انکار کیا اور اپنی پریشانیوں کا حال بیان کر کے معذرت چاہی ، چنانچہ « سلسلة الاحبا » میں اپنی اور وجیہ‌الدولہ خان کی گفتگو کو وہ یوں نظم کرتے ہیں :

قدم زگوشه برون نه که شاه زمان شنید ذکر تو از راجا رام ناتھ اکثر
چه راجا آنکه مخاطب به «میرزا راجا» بود ز خدمت شاهنشهِ همایون فر
من این شنیدم و از من شنو که خان چه شنید شنید آنکه نیم لایق از سرم بگذر
اگرچه چو من و تو بندهٔ خدا هستند بجز خدای ندارند هیچ کس بر سر
روم بخانه که بخشم تسلی ایشان را بفضل رازق بی چون و خالق داور

لیکن وجیہ‌الدولہ خاں نے بہت اصرار کیا اور بتایا کہ خود بادشاہ کی بھی بہت خواہش ہے کہ آپ ساتھ الہ‌آباد چلیں . مکین نے اپنے ایک خط میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے[1] :

« راجا رام ناتھ را حکم کردند که از من رفته بگو که گوشه گیران را گاهی سیر و سفر بمقتضای وقت می باشد ، بتکرار از حضور بیان شنیده ام این راهم نشنیده داستم » .

بالآخر وجیہ الدولہ خان کے اصرار سے مجبور ہوکر مکین راضی ہوگئے لیکن شرط یہ پیش کی کہ وہ موکب شاہی کے کوچ کے دو تین دن بعد روانہ ہوں گے . چنانچہ ایک رتھ اور چند پیادے چھوڑ کر وجیہ الدولہ خان الہ‌آباد روانہ ہوگئے . ان کے جانے کے بعد مکین حسب وعدہ الہ‌آباد پہنچے . یہاں بھی ان کی طبیعت نہیں لگی اور لکھنؤ جانے کا موقع تلاش کرنے لگے ، اسی اثنا میں دربار شاہی سے طلبی ہونے لگی ، بالآخر شاہ عالم اور وجیہ الدولہ خاں کے اصرار سے مجبور ہوکر وہ بادشاہ کے حضور میں باریاب ہوئے ، الہ‌آباد پہنچ کر وہ اپنا حال یوں لکھتے ہیں[2] :

« درین شهر ناپرسان گرفتارم و غیر از فضل و کرم حق‌تعالیٰ که کس بیکسان است غمخواری ندارم ، درین دو سه هفته

[1] گلزار جعفری خط . ٧ (چمن چهارم) [2] ایضاً خط . ٣ چمن چهارم) .

روز یکشنبه هفتدهم جمادی‌الثانی است انشاءالله مع‌الخیر روانه درگاه سید اشرف جہانگیر طرف کچھوچھه از راه فیض‌آباد می شوم » .

ان دنوں لکھنو میں مکین کا واحد سہارا محمد برهان علی خاں « رهین » کی ذات تھی[1] :

« خصوصاً الحال احوال این شهر و عزیزان و آشنایان دیده خاطر چنان پریشان است که بیان آن ملال انگیز است ، اگر محبت دوست شفقت آئین محمد برهان علی خان « رهین » دامنگیر نمی شد ، نشان مارا تا حال کسی اینجا نمی یافت » .

لکھنو ترک کرنے کے بعد مکین فیض‌آباد ہوتے ہوے درگاہ سید اشرف جہانگیر کی زیارت کو کچھوچھه گئے ، زیارت سے مشرف ہونے کے بعد ہفتہ آٹھ دن وہاں ٹھہرے ھی تھے کہ پریشان حال رشتہ داروں کی یاد آ آ کر ان کے دل کو تڑپانے لگی[2] :

« بیدست‌وپای چند که در خانه از بندگان الهی دارم یاد آمده بیتاب ساختند ، برگشته به فیض آباد رسیدم تا فکری کرده خود را پیش انها برسانم» .

کچھوچھه سے فیض‌آباد آئے ، یہاں انہیں محمد برهان علی خان رهین کے چچا اور اپنے ایک شاگرد خواجه یحییٰ « خرد » کے اصرار سے مجبور ہوکر ماہ صیام تک ٹھہرنا پڑا . آخر ماہ صیام میں سرای یونس کی مسجد میں معتکف ہوئے ، اوایل شوال میں لکھنو واپس جانا ھی چاھتے تھے کہ شاہ عالم کی سواری فیض‌آباد آپہنچی اور ان کے همراه مکین کے دیرینه دوست وجیه الدوله خان بھی شوق ملاقات میں فیض‌آباد آئے . میرزا راجا رام ناتھ ، ناظم بیوتات شاهی بھی شاہ عالم کے همرکاب تھے ، انہیں بھی مکین سے ارادت تھی ، چنانچه ان دونوں کے توسط سے مکین ، شاہ عالم کے حضور میں غایبانه متعارف ہوئے . جب شاہ عالم الهآباد واپس ہونے لگے تو ان کی ایما سے وجیه الدوله خان نے مکین کو ساتھ چلنے کی

---

۱ گلزار جعفری خط : ۳ (چمن دوم)　　۲ ایضاً خط : ۷ (چمن چہارم)

کی بے اعتنائی نے ان کے حساس قلب و دماغ پر بڑا برا اثر ڈالا، صحت خراب رہنے لگی تپ محرقه اور درد گرو میں مبتلا ہوئے، بیماری نے طول کھینچا اور آخرکار اپنی زندگی سے بھی مایوس ہونے لگے[۱].

«احوال این است که زندگی بتر از مرگ می بینم، هر چند از چند ماه توقع از زندگی کجا است که مزاج بحالی ندارم».

اس برے وقت میں لکھنو کے ایک رئیس زادہ محمد برہان علی خان «رہین» جو ان کے شاگرد بھی تھے آڑے آئے اور انھوں نے ہر طرح سے مکین کی دلدھی اور تیمارداری کی. اس کا ذکر مکین یوں کرتے ہیں[۲].

از عوارض تاره بی مزگی و بی لطفی بر مزاج فقیر انچه گذشته و می گذرد اگر دلجوئی های مهربان دلی شفقت آئین محمد برهان علی خان رهین سلمه الله المعین تدارک آن نمی کرد یقین بدانید زندگی دشوار بود».

ایک سال دو ماہ بیمار رہنے کے بعد آخر انھوں نے صحت پائی[۳] صحتیاب ہونے کے بعد قلبی اور روحانی سکون کی تلاش میں کچھوچھہ گئے، جیسا خود لکھتے ہیں[۴] :

«شاید که خاک قدم صاحبدلی و گرد راه کاملی توتیای چشم جان و سرمه دیده دل شود و دل و دیده را بینا سازد».

اور اسی خط میں جو روز شنبه ۱۷ جمادی‌الثانی [۱۱۸۲ھ] کو کچھوچھہ جاتے ہوئے اُنھوں نے راغب کو لکھا ہے اپنی دو سالہ زندگی کی تصویر وہ ان لفظوں میں کھینچتے ہیں :

«انچه در این چند ماه از عوارض جسمانی و عذابهای روحانی گذشته اگر بنویسم دماغی و فراغی می خواهد، صبر و سکون دارم گو دل و جان بکاهد سالها درین صلعه ماندم، زمان و آسمانیکه از آن گریزان بودم همان دیدم، ناچار ازین طورهای بعضی یاران و بد وضعی‌های برخی دوستداران سفر بر حضر گزیدم، چنانچه فردا که

۱ گلزار جعفری خط ۱۳ (چمن چهارم) ۲ ایضاً خط ۱۵ (چمن چهارم)
۳ ایضاً خط ۱۲ (چمن چهارم) ٤ ایضاً خط ۱۸ چمن چهارم

بلکہ اسلامی تاریخ پر بھی ان کی نظر تھی، چنانچہ «گلزار جعفری» کے چمن سوم میں جعفر خان «راغب» نے نظیری اور عرفی کے کئی ایسے اشعار نقل کیے ہیں جن کی تشریح و تحلیل کے لیے لوگوں نے ان سے رجوع کیا تھا، حل تعمیہ میں بالخصوص وہ بڑی دستگاہ رکھتے تھے۔ حضرت رسالت پناہ کی ایک حدیث کی تفسیر سے ان کی اسلامی علوم سے بھی واقفیت کا پتا چلتا ہے۔ لیکن اس کمال کے باوجود مکین کی ساری زندگی عسرت و تنگدستی میں بسر ہوئی۔ ابتدا ہی سے ان کی مالی حالت سقیم تھی اس پر بہت سے قرابت مندوں اور متوسلین کی کفالت کا بار بھی ان کے دوش پر تھا لیکن فطرت کی طرف سے انہیں ایک قناعت پسند مزاج عطا ہوا تھا اور طبیعت میں حیا کے ساتھ خود داری رچی ہوئی تھی۔ وہ راغب کے نام ایک خط میں اپنا حال یوں لکھتے ہیں[1]:

«برای خود کجا پروا هست که مدام مسکین و محتاج بودم، نفس چند که باقیست کریم کارساز غیراز خود حاجتمند کسی نکند، در جوانی شرم نگهداشته در پیری نیز توقع ازست».

حملۂ ابدالی کے بعد جب دلی کا سہاگ لٹا اور اس کی گود اُجڑنے لگی تو مکین نے بھی سفر غربت اختیار کیا، کچھ قرابت مندوں کو دلی میں چھوڑا اور چند کو ساتھ لے کر قسمت آزمائی کے لیے ۱۱۸۳ھ میں وہ لکھنؤ آئے۔ ساتھ آنے والوں کی تعداد کا صحیح پتا نہیں لیکن اتنا ضرور ہے ان میں ان کا ایک بھائی اور ایک بھانجا بھی تھا۔ فیض آباد جاتے ہوئے جو خط راغب کے نام انہوں نے لکھا ہے اس میں اس کی طرف اشارہ پایا جاتا ہے۔[2] وہ الہ‌آباد سے ایک خط میں لکھتے ہیں[3]:

«از چندین ماه بادشاه وجهی بنام همشیرزادهٔ فقیر مقرر کرده است، هرچند من در آن تصرف نمی کنم اما پیش وابستگان به لکهنو و شاهجهان‌آباد می فرستند».

لیکن لکھنؤ کی فضا مکین کو راس نہ آئی، تنگی معاش اور احباب

۱ گلزار جعفری خط ۱۵ (چمن چہارم) ۲ ایضاً خط: ۱۸ (چمن چہارم)
۳ ایضاً خط ۳۳ (چمن چہارم)

میرزا فاخر مکین ایک ایرانی النسل خانوادے کے فرد تھے ، ان کا آبائی وطن نطنز تھا . ان کے پردادا ، نواب علی مردان خان حاکم قندھار کے ساتھ ہندستان آئے اور دلی میں انھوں نے بود و باش اختیار کرلی . مکین کے دادا آقا عبدالکریم کی شادی ملا محمد قاسم « کاھی » جیسے صوفی باصفا اور فارسی گو شاعر کی بیٹی سے ھوئی . آقا عبدالکریم ، علی مردان خان کے بیٹے ابراھیم خان کی سرکار سے وابستہ تھے اور جب ابراھیم خان کو کشمیر کی حکومت تفویض ھوئی تو وہ ان کے ھمراہ کشمیر گئے اور وھیں مکین کے باپ آقا محمد اشرف پیدا ھوئے . مکین کی پیدایش دلی میں ھوئی ، « سفینۂ ھندی » کے مصنف نے مادۂ تاریخ ولادت « صاحبزادہ با بخت و جاہ » لکھا ھے ، اس کے مطابق ان کا سال ولادت سنہ ۱۱۳۸ھ ھوتا ھے Charles Riew نے بھی « انیس الاحباء » کے ذکر میں مکین کا سال ولادت ۱۱۳۸ھ لکھا ھے لیکن خود مکین نے اپنی ایک نظم « سلسلة الاحباء » میں اپنے سفر فیض آباد کی تاریخ ۱۱۸۲ھ اور اس وقت اپنی عمر چالیس سال کی بتائی ھے :

چو زد بہ منزل چہلم مسافر عمر[م] گذر بہ خاطر من کرد شوق سیر و سفر
[گزشته] بود ز ھنگام ھجرت نبوی ھزار یکصد و ھشتاد تا دو سال دگر

لہذا خود مکین کے بیان کی روشنی میں ان کا سال ولادت سنہ ۱۱٤۲ھ قرار پاتا ھے .

مکین کا عہد طفلی و شباب دلی میں گذرا اور اکتیس سال کی عمر تک ان کا ذھنی اور فکری نشو و نما وھاں کی پر آشوب فضا میں ھوا . مصنف « نشتر عشق » کے بیان کے مطابق مکین نے علوم ضروریہ کے ساتھ صرف و نحو ، عروض و بیان اور علم بلاغت کا بھی مطالعہ کیا . ان کے تبحر اور علمی کمالات کا اعتراف «مصحفی» نے کیا ھے[1] . بیس سال کی عمر سے شعر و سخن کی طرف مایل ھوئے ، شاعری میں میرزا عظیمای اکسیر اصفہانی سے تلمذ تھا ، اس سے پہلے بقول مصحفی وہ فتوت خان کشمیری سے اصلاح لیتے تھے . مکین نہ صرف فنون شاعری ھی میں استاد تھے

۱ « الحق مردی محقق است » (عقد ثریا . ٥۳)

میرزا فاخر مکین

(اپنے خطوط کی روشنی میں)

فیاض الدین حیدر*

میرزا فاخر «مکین» کے متعلق اکثر معاصر تذکرے خاموش ہیں اور اگر کسی تذکرے میں اس کا ذکر ملتا بھی ہے تو ضمنی اور سرسری طور پر . لیکن اس سلسلے میں دو تذکرے قابل ذکر ہیں ، موہن لال انیس کا تذکرہ « انیس الاحبا » اور بھگوان داس کا « سفینۂ ہندی » یہ دونوں تذکرے مکین کی زندگی میں لکھے گئے ہیں . « نشتر عشق » اور « عقد ثریا » میں بھی کچھ حالات ملتے ہیں لیکن ان تذکروں کے مندرجات سے مکین کی شخصیت اور اسکے کردار کا صحیح تصور قائم نہیں ہوتا . حسن اتفاق سے راقم کو مکین کے خطوط کا ایک قلمی نسخہ ملا ہے جسکی کتابت مہاراجا کلیان سنگھ کے بیٹے کنور حشمت سنگھ عرف ڈھولو راجا نے سنہ ۱۲۴۲ فصلی میں کی ہے . اس مجموعۂ خطوط کا نام « انشاے گلزار جعفری » ہے اور اسکے مرتب ہدایت اللہ خاں کے بیٹے اور نواب لطف اللہ خان صادق کے پوتے ، محمد جعفر خان «راغب» ہیں جو مکین کے عزیز ترین شاگردوں میں تھے « گلزار جعفری » کا ذکر « انیس الاحبا » اور « سفینۂ ہندی » میں ملتا ہے . یہ مجموعہ مکین کے ان نجی خطوط پر مشتمل ہے جو انہوں نے اپنے دوستوں اور شاگردوں کو لکھے تھے . ان خطوط کے ذریعہ ہم مکین کی شخصیت و کردار اور ان کی ذہنی کیفیتوں اور فکری صلاحیتوں کا پتا لگا سکتے ہیں اور غیر مربوط طور پر کچھ ایسے واقعات کا بھی علم ہوتا ہے جن سے مکین کی زندگی پر بطور مجموعی تبصرہ کیا جا سکتا ہے .

[‡ «انشاے گلزار جعفری» کا ایک نسخہ مکتوبہ سنہ ۱۲۲۰ھ سرجادو ناتھ سرکار کے ذخیرہ میں تھا اور اب نیشنل لائبریری کلکتہ میں منتقل ہوگیا ہے . ان دونوں نسخوں کے علاوہ اس کتاب کے کسی اور نسخے کا اب تک علم نہیں ہوسکا ہے . (مدیر)]

* فیاض الدین حیدر . استاذ شعبۂ فارسی پٹنہ یونیورسٹی

اور رباعی درج ذیل ھے :

تاکی ز غم تو رخ بخون شوید دل   آرار فراق تو بجان حوید دل
رحم آرکز آسمان نمی بارد جان   بخشای که از رمیں نمی روید دل*

[١٩٦٠ ١٢ ٢٥]

* مقاله هذا انجام تک پہنچ چکا تھا که « بیاض باسطی » کی ایک اور نسخے کے مطالعه کا اتفاق ہوا جو ابھی حال میں کتابخانهٔ خدا بخش پٹنه میں خریداری کے لیے آیا ہے اس نسخے اور مذکورالصدر نسخے میں محتویات کے لحاظ سے بہت کم فرق ہے لیکن اس کی اهمیت یه ہے که سرورق پر مالک نسخه کی حسب ذیل تحریر موجود ہے جو بیاض کی ترتیب کی تاریخ متعین کرنے میں مدد دیتی ہے .

« مرسوله برادر صاحب قبله نواب سید محمد علی خان باسطی بعنایت الٰہی من مقام لکھنو
تاریخ ٦ شهر ربیع‌الاول سنه ١١٧٨ ھ روز دوشنبه قاصد اخوره دار رسانید »

اس کا مطلب یه ہے که سنه ١١٧٨ ھ میں اس بیاض کی ترتیب کا کام مکمل ہوچکا تھا افسوس اس نسخے کے مالک کا نام معلوم نه ہو سکا ، کیونکه تحریر کے نیچے کسی کا نام درج نہیں ہے . اس نسخے سے بھی مولف کی خود نوشت سوانحعمری کا حصه غائب ہے ، البته « مثنوی باسطی » کا مکمل متن موجود ہے سرورق پر « تذکرۂ شعرا مکرم علی خان » لکھا ہوا ہے ، اس نام کا سبب سمجھ میں نہیں آیا .

پیش نظر نسخے کی چند اور خصوصیات یه ھیں :

(١) بیاض کا خاتمه یہاں بھی اهلی شیرازی کی ایک بیت پر ہوا ہے لیکن یه بیت نسخهٔ اولی کے شعر سے مختلف ہے

تا ابد نور نبی چون مهر و مه تابنده باد   بر سر ما سایهٔ آل علی پاینده باد

(٢) میر شمس‌الدین فقیر کا اردو شعر موجود نہیں ہے

(٣) اس امر کے باوجود که خود باسطی نے بیاض کو تذکره کہنے سے انکار کیا ہے لوگ اسے « تذکرۂ شاعران » اور « تذکرۂ شعرا » لکھنے سے باز نہیں آئے

(٤) خاتمه کی نثر موجود نہیں ہے

تلف شد و یک نقاش درانی بغارت بُرد این چند شعر که در بیاضی بر آمد بطریق یادگار نوشته می شود » .

اس بیاض میں دو شعر اردو کے بھی ھیں، ایک تو میر شمس الدین فقیر کا ھے، جو اُن کے اپنے ایک فارسی شعر کا ترجمہ ھے وہ دونوں شعر یہ ھیں :

مسی و پان فرودہ زیب دندان   چو اختر از شفق در شام تابان
مسی پر سرخی پان دیکھ میری عقل بھولی ھے
که ھے خورشید تاباں تسپہ ایسی شام پھولی ھے

دوسرا شعر میر حسن کا ھے جو حاشیے پر نقل ھوا ھے، گمان ھے کہ یہ کاتب کا اپنا اضافہ ھے :

حیلہ بازی کر کے بازی دے گئے   دل مرا ھاتھوں ھی ھاتھوں لے گئے

« بیاض باسطی » میں بعض شعرا کا ایسا کلام بھی شامل ھے جو اُن کے کلیات میں موجود نہیں ھے، مثلاً کمال اسمعیل اصفہانی کی یہ رباعی :

رویت دریای حُسن و لعلت مرجان   زلفت عنبر صدف دهن و دُر دندان
ابرو کشتی و چین پیشانی موج   گرداب بلا غبغب و چشمت طوفان

اس طرح ظہیر فاریابی کا ایک قطعہ اور ایک رباعی بھی اُس کے مطبوعہ کلیات میں جو ابھی حال میں ایران سے آقای تقی بینش کی کوشش و اهتمام اور تحقیق و تصحیح کے بعد شائع ھوا ھے، موجود نہیں ھے[1] :

عالمی برفراز منبر گفت   که چون پیدا شود سرای نهفت
ریشهای سفید را ز گناه   بخشد ایزد بریشهای سیاه
باز ریش سیاه روز امید   باشد اندر پناه ریش سفید
مردکی سرخ ریش حاضر بود   دست در ریش‌زد چواین بشنود
گفت ماخود درین شمار نه ایم   در دو گیتی بهیچ کار نه ایم

۱ یہ قطعہ « سفینۂ فرخ » تالیف محمود فرخ خراسانی میں بنام ظہیر فاریابی مندرج ھے . «کلیات ظہیر فاریابی» کا جو ایڈیشن آقای تقی بینش کا مرتب کیا ھوا مشہد سے شائع ھوا ھے اسمیں ایک حصہ « ملحقات » پر بھی مشتمل ھے . مرتب نے مقدمے میں بتایا ھے کہ ٤٨ قطعات کا انتساب مشکوک ھے ، ھو سکتا ھے کہ قطعۂ مذکورہ بھی اسی زمرے میں شامل ھو .

بیاض کی ابتدا سلطان المشائخ ابوسعید ابو الخیر کی اس رباعی سے ہوتی ہے :

اے دردل و جان صورت و معنی همه تو مقصود همه ردین و دنیی همه تو
هم باهمه همدمی و هم بی همه تو ای باهمه تو بی همه توبی همه تو

اور آخری شعر اهلی شیرازی کا ہے :

جان و دل ولی و عدوی تو روز و شب ار وعده و وعید تو پُر نور و نار باد

«بیاض باسطی» کی ترتیب کب ہوئی کہنا مشکل ہے، کیونکہ اشعار کو جمع کرنے کا کام سالوں تک چلتا رہا ہوگا، البتہ اتنا پتا چلتا ہے کہ انتخاب اشعار کا کام غالباً ۱۱۹۵ھ کے پہلے مکمل ہوگیا تھا کیونکہ اس میں میرزا مظہر جانجاناں کا نام «سلمه الله تعالیٰ» کے ساتھ آیا ہے، اور میرزا مظہر جانجاناں کا سال وفات ۱۱۹۵ھ ہے، لہذا یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ ترتیب کا کام اس سال سے پہلے انجام پاچکا تھا، چند اور معاصرین شعرا کا ذکر بھی «سلمه الله تعالیٰ» کے ساتھ ہوا ہے جن میں میرزا محمد سمیع درد (متوفی ۱۳۰۰ھ)، محمدعلی فروغ، حاجی لطف علی بیگ آذر (متوفی ۱۱۹۵ھ) اور میر شمس الدین فقیر [متوفی ۱۱۸۳] قابل ذکر ہیں.

یہ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ یہ بیاض «تذکرۂ شاعران» نہیں ہے، کیونکہ اس میں کسی شاعر کا ترجمۂ احوال درج نہیں ہے، البتہ بعض مقامات پر احیاناً کسی شاعر کی زندگی کا کوئی سانحہ نقل ہوا ہے چنانچہ یک واقعہ شیخ آیت الله کا ہے جو حزین کے خاص عقیدتمندوں میں سے تھے، حزین کی وفات کے دو سال بعد، ۱۱۸۲ ھ میں شیخ مذکور کو بنارس جانے کا اتفاق ہوا تو انھوں نے تربت حزین پر حاضری دی وہاں ایک خادمہ نے انھیں بیاضِ حزین لاکر دی؛ شیخ نے جب بیاض کھولی تو سب سے پہلے یہ شعر سامنے آیا :

دیر آمدی بخاکم وین از تو دور بود دامن فشاندنی بمزارم ضرور بود

اسی طرح باسطی اپنے والد میر حبیب الله کے دیوان کے متعلق لکھتے ہیں :

« میر حبیب الله نعمت اللهی مخاطب بغیرت خان بهادر صلابت جنگ غفرالله والد مؤلف، چون دیوان آن مرحوم در هنگامهٔ نادر شاه

اس میں شک نہیں کہ اس بیاض کی ترتیب کے دوران میں شعرا کے بیسوں دواوین اور شعری مجموعے باسطی کے پیش نظر رہے ہونگے ، ان سبھوں کے نام اور حوالے اس بیاض میں نہیں ملتے ' البتہ بعض مقامات پر اُن مثنویوں کے نام مندرج ہیں جن سے ابیات منتخب کیے گئے ہیں ؛ چنانچہ جن مثنویوں کے حوالے دیے ہیں وہ یہ ہیں :

جامی : یوسف زلیخا
حزیں : فرہنگ نامہ
خسرو : لیلیٰ مجنون، تغلق نامہ ، مطلع الانوار ، قرآن السعدین
حکیم سنائی : حدیقہ
محمد قلی سلیم : فتح بنگالہ
حکیم شفائی : دیدۂ بیدار
شرف الدین علی یزدی : ظفر نامہ
ظہوری : ساقی نامہ
فیضی : مرکزادوار ، نل دمن ،
فغانی : ظفر نامہ
فقیر : درمکنون ' شمس الضحیٰ ، تصویر محبت ، والہ و سلطان
قدسی : شاہجہان نامہ
قاسم گونابادی : لیلیٰ مجنوں ' شاہرخ نامہ
محتشم کاشی : شیرین فرہاد
نظامی : ہفت پیکر ' شیرین خسرو ، سکندر نامہ
ناظم ہروی : یوسف زلیخا
نواب وحید : مثنوی وحید
ہاتفی : شیرین خسرو ، تیمور نامہ
ہلالی : شاہ و گدا

مذکورۂ صدر منظومات کے علاوہ بعض دوسری کتابوں کے حوالے بھی ہیں ، مثلاً : مجالس المؤمنین ، تاریخ عالم آرائے عباسی ، زبورالبدیعہ حزیں اور رسالۂ رباعیات گنجینہ مؤلفہ اہلی شیرازی ۔

[ن]	نعیم خیاط قروینی ۱ : -	ملاروبع واعظ قروینی ۱۱: ۲
نعمت الله ولی ۴ : ۲	میرزا ناصح تبریزی ۱ : ۱۰	وقوعی تبریزی ۹ : -
نصیرالدین طوسی - : ۱	مولانا نامی کاتبی ۱ : -	واصیب قندهاری ۱ : -
نظیری ۹۹: ۱	صفی قلی ناظری ۱ : -	واسع حلی - : ۱
نورالدین اصفهانی ۱۰: -	نزاری قهستانی ۲ : -	[ه]
ناصرخواجه ترمذی ۱۰: -	نصیرالدین همدانی ۳ : -	هلالی ۲۷: ۲
ناصر علی ۱ : ۱	نجیبا کاشی ۳ : -	مولانا همام ۱ : -
نثار علی‌خان نثار - : ۱	نظام شیرازی ۳ : -	هلالی همدانی ۳ : -
شیخ علی نقی کمرۀ ۲۱: ۲	نثاری تبریزی ۱ : -	امیر همایون ۶ : ۲
نوعی خبوشانی ۶ : -	میرزا نوری قنتوری ۱ : -	هوائی [مشهدی] ۱ : -
شیخ نجم‌الدین کبری ۱ : ۱	نجم‌الدین دایه‌تبریزی ۱ : -	همایون بادشاه ۱ : ۱
نظامی ۲۲: ۲	شاه قاسم نوا ۱ : -	هاتفی ۹ : -
ناظم هروی ۱۴: ۱	[و]	ابو علی هاتف ۱ : -
نظام دست‌غیب ۵ : ۳	ملاولی‌دشت بیاض ۱۶: ۱	امتیاز خان هما ۶ : -
میر نجات ۷ : ۱	ملا وحشی ۵۱: ۳	[ی]
نسبتی تهانیسری ۷ : -	وحشی جوشقانی ۳ : -	قاضی یحیی لاهجی ۱۲. ۱
بابا نصیبی گیلانی ۱۱: -	نواب وحید ۳۸: ۱	یحیی میر منشی ۱ : -
ملا نسبتی مشهدی ۱ : -	واله داغستانی ۲۰. ۱۶	میر یعقوب - : ۱
محمد حسین ناجی ۱ : -	ملا وارسته ۳ : ۳	یوسف کوسه‌قراباغی ۱ : -
مولانا نادم لاهجی ۶ : -	میر والی ۸ : ۱	شاه یقین ۱ : -
مرزا نظیر بیگ خادم ۳ : -	میرزا احسن‌واهب ۱۰: -	محمد یوسف حقی ۲ : -
نعمت خان عالی ۱۲: -	رشید وطواط ۱ : ۱	لا معلوم ۳۰. ۹

جن شعرا کے سب سے زیادہ اشعار نقل کیے گئے ہیں وہ حسب ذیل ہیں:

باسطی تعداد ابیات : ۶۱۷ : تعداد رباعیات . ۱۱۰ ؛ صائب ۳۱۵ . ۳۰ ؛ ظهوری ۱۴۵ : ۴۳ ؛ شمس‌الدین فقیر ۱۶۱ : ۲۰ ؛ حزین ۱۶۴ : ۱۲

قاصی احمد نگاری ۲ : ۲

[ق]

محمد جان قدسی ٦٧: ۱
قاسم انوار ۹ : -
مرزا قاسم گنابادی ۱۳: ۲
محمد قاسم رازی ۲ : -
میرزا قلی میلی ۳۲: ۲
قیدی شیرازی ۱ : -
سراج الدین قمری - : ۱
قاسم کاهی ٥ : ۱
قاسم گونابادی ۱۰: -
قاسم سراجی - : ۱
حکیم قطران - : ۱
قاسم اصفهانی ۲ : -
قاسم ناجی ۱ : -
محمد پناه قابل ۳ : -
قاسم‌بیگ قسمی افشار ۱ : -
قاسم اردستانی ۱ : -
شیخ الله قلی نجفی ۱ : -
عبدالغنی بیگ قبول ۲ : -

[ک]

کمال خجند ۱۲: -
کافی سبزواری ٤ : -
کلیم کاشانی ۸۲: ۲
ملا کاہی ٦ : -
کلام اصفہانی ۲ : -
احمد کمانچه کاشی ۱ : ۱۰
کمالی سبزواری ۱ : -

[گ]

گلشن علی جونپوری - : ٥
گمراه (؟) ۲ : -
حسن بیگ شاملو ۳ : -

[ل]

لطف‌الله نیشاپوری ۱ : -
لسانی ۹ : ٦
لطیفی مشهدی ۱ : -
لطیف اصفهانی ۱ : -

[م]

مقیمای احسان ٥ : -
مجیر بیلقانی ٤ : ٤
میر معصوم کاشی ٥۱: -
مومن مرزا تیموری ۱ : -
حکیم مسیحافسوی ۲ : -
ملا مومن یزدی ۲ : ۷
سعید ماهر گیلانی ۱ : -
مانی ۱ : -
مسعود سعد سلمان ۲۰: -
مسعود اصفهانی ۱۰: -
مظفر حسین کاشی - : ۳
حاجی محمد گیلانی ٤۰: -
مشهدی قمی ۲۰: -
امیر مغیث محوی - : ۲
محتشم کاشی ٥٤۰: ۲
میر تقی حیدری ۲ : -
مومن استرابادی ۱ : -
مجدِ همگر - : ٤
متین ٤۰: -
مخلص کاشی ۲۰: -
نقی معروف اصفهانی ۱ : -
مرزا محسن سیرتی ۱ : -
مذاقی اصفهانی ۲ : -
ملا محسن کاشی - :
مسیح کاشی ۷ : -
ملا ملک قمی ۲۹: ٤
ملا ملک مشرقی ٦ : ۳
مغربی ۲ : ۱
مولوی معنوی ۱۸: ۱
ملا شاه ۱ : -
مجرمی اردبیلی ۱ : -
موزون ۱ : -
مرزا مهدی - : ۲
میقمای مقصود ۱ : -
ملا مرشد بروجردی ۲ : ۲
مهستی - : ۳
امیر معزی ۲ : ۱
مبارک خان مدهوش ۱ : -
ملا محترم ۱ : -
مرزا مظهر جانجانان ۱ : -
مجدالدین بغدادی ۲ : -
مطیعی ۱ : -
مصطفی میرزا ۱ : -

عبدی مفرده ۳ : ـ	عصمت بخاری ۸ : ـ	فدائی کرمانی ۱ : ـ
عبدالموالی اصفهانی ۱ : ۱	عثمان مختاری ۲ : ـ	ملا علی فیض ۲ : ـ
عنایت تبریزی ۱ : ـ	عسجدی ۱ : ـ	حکیم فرحی ۲ . ـ
میر عسکری نویدی ۱ : ـ	عزتی سبزواری ۱ : ـ	فروغی ۱ . ـ
عماد فقیه ۲ : ـ	عشرتی یزدی ۱ : ـ	محمود بیگ فسونی ۸ : ۲
علی نقی الهام ـ : ۱	مرزاعلی قلی ندیم ۱ : ـ	فرح الله شوستری ٤ : ـ
عارف لاهوری ـ : ۱	[غ]	عبدالرزاق فیاض ۹۰: ۲
عبدالرحیم خانخانان ۱ : ـ	غزالی مشهدی ۱۲ : ـ	فغفور لاهجی ۸ . ـ
ملا علی عالی ٤ : ـ	غضنفر کلچاری ۱۵: ـ	فوجی نیشاپوری ۱ ـ
عتابی نجفی ۲ : ـ	غنی کشمیری ۲ : ـ	فیاضای امری ۳ : ۱
عبید زاکانی ۱ : ـ	غیرتی شیرازی ٤ : ـ	فخری اتفرشی (باسم) ۱ . ـ
نواب عشرت دهلوی ۱ : ـ	غیاثای حلوائی ۷ : ـ	خواجه دهدار فانی ۱ : ۱
علاء الدین محمد ۱ : ـ	غازی قلندر ۱ : ـ	فخر رازی ۱ . ـ
شاه عباس ثانی ۱ : ـ	غیاث سیستانی ۲ : ـ	فکرت ۱ : ـ
عائشه سمرقندی ـ : ۱	غیاث نقشبندی یزدی ـ : ۱	ملا فتحی ۱ : ـ
ملا عامل بلخی ۱ : ـ	غروری کاشی ۱ : ـ	محمد جامه باف فکری ٤ ـ
عهدی ساوجی ۲ : ـ	حسن غیور ـ : ۱	فصلی خربادقانی ۱ : ـ
سید عطائی ۱ : ـ	[ف]	مرزا محمدعلی فروغ ۱۳: ـ
عتیقی سمرقندی ۱ : ـ	شمس الدین فقیر ۱٦۱: ۲۰	نورالدین محمد ٦ : ۱
عبدالوهاب معموری ۱ : ـ	فغانی ۸۰: ۲	فخر گورکانی ۲ : ـ
عتیقی شروانی ۲ : ـ	فیضی ۵۷: ۱۷	شاه فاتح روح الله ۲ : ـ
عبدالله سلطان ۱ : ـ	فصولی بغدادی ۱ : ـ	علیشیر فانی ۱۰. ۱
حکیم علوی خان ۱ : ـ	فصیحی هروی ٦ : ـ	فارغ کاشی (ابراهیم) ۱۰. ـ
مرزا عسکری ـ : ۱	فردوسی ۱۵: ـ	فصیحی تبریزی ۲۰: ـ
عنوان تبریزی ۱ : ـ	فاضل بادشاه نوازخان ۱ : ـ	ابو تراب فرقتی ۸۰ ـ
عبدی گیلانی ۱ : ـ	ملا فهمی کاشی ۷ : ـ	فاطمه قواله ۱ : ـ
عبدی گنابدی ۱ : ـ	فاخر مکین ٤ : ـ	فخری همدانی ۱ ـ

سوزی ساوجی ۱ : -
سرخوش ۱ : -
سهیلی ۲ : -
سیفی نیشاپوری - : ۱
سلطان محمد قمی ۱ : -
مرزا سلمان وزیر ۱ : -
مرتضیٰ قلی شاملو ۳ : -
میر سکونی ۱ : -

[ش]

حکیم شفائی ۶۳ : ۳
شفیعائی اثر ۳۶ : ۱
شبائی تکلو ۸ : ۱
شجاع کاشی ۷ : -
شیدای هندی ۱ : -
شوکت بخاری ۳ : -
شهیدی قمی ۳۰: -
شهاب الدین مروارید ٤ : -
شریف تبریزی ۸ : ۲
آقا شاپور ۲۰: ۱
شرف جهان قزوینی ۳۸: ۱
محمد شعله اصفهانی ۱ : -
شکوهی همدانی ۲ . -
میر حسین شفیعی ۱ : -
وردی خان شاملو ۱ : ۱
شیخ زاده لاهجی - : ۱
شرمی قزوینی ۲ : -
محمد رضا شکیبی ۲ : ۳

شریف طالقانی ۱ : -
شعیب جوشقانی ۱ : ۱
شمسای صفیر تبریزی ٤ : ۱
شرف الدین یزدی ۹ : -
شاه شجاع ۳ : ۱
شرف الدین یافعی ۳ : -
شیخ حسین شهرت ٤ : -
شجاع الدین محمود ۲ : -
شرف الدین شفروه ۱ : -
شمس الدین محمد جوینی ۱ : -
محمدعلی شکیب ۱ : -
شاکر طهرانی ۱ : -
شوقی خبوشانی - : ۱

[ص]

صیدی تهرانی ۲۹: -
صایب ۳۱۵: ۳
میر صبری ۱۲: -
صالح تبریزی ۱ : -
صالح غنی ۱ : -
میر محمد صالح ۲ : -
صبحی ۱ : -
صادق دست غیب ٥ : ۱
صوفی مازندرانی ۱ : ۱
صرفی ساوجی ٥ : -
مولانا صبوری ۳ : -
میر صابر - : ۱
صادق بیگ افشار ۲ : -

صالح کاشی ۱ : -
شاه صفی ۱ : -
محمد میرک صالحی ٦ : -

[ض]

ملا ضمیری ٥۳: -
ضیاء الدین کاشی ۱ : -

[ط]

طالب آملی ۳۹: ٦
طالب کلیم ۱۳: ۲
طاهر اردستانی ۱ : -
طوفی تبریزی ۸ : -
طاهر وحید ٦ : -
ابوطالب جناب اصفهانی ۲ : -
شاه طاهر دکنی ۱ : -
طلحه مروزی - : ۱

[ظ]

ظهوری ۱٤٥: ٤۳
ظفر همدانی (کافی) ۱ : -
ظهیر فاریابی ٥ : ۲
ظریفی ۳ : -

[ع]

عرفی ۳۱: ۲
عطار ۱۱: ۲
عراقی ٦ : ۱
شاه محمد عارف ۲ : -
خواجه علی خراسانی - : ۱
عرشی یزدی ۳ : -

خواجو کرمانی ١٨: ١
خاقانی شروانی ١١: ٢
خسرو دهلوی ٧٨: ١٣
خاری تبریزی ١ : -
امتیاز خان خالص ٢٨: -
خانخانان ٣ : ٢
خانعالم اکبری ١ : -
خورده کاشی (باقر) ١ : -
میر فطوری قمی ١ : -
خلیل‌الله طالقانی ١ : ١
خیام - : ٢
مولوی خرمی ١ : -
خضر شاه ١ : -
شیخ محمد خاتون ١ : ١

[د]

مرزا داؤد متولی ٥ : -
پیر دهقان - : ١
درویش دهکی ٣ : -
داعی ١ : -
رضی دانش ١ : -

[ذ]

محمد سمیع ذره ٣ : ١
ذوقی اردستانی ٣ : -
ذوقی تونی ٣ : -

[ر]

رضائی شکیبی ١ : ١
رفیع باذل ٥ : -
حکیم رکنا کاشی ٢٢: ٥
رودکی - : ٢
رضا حولاه ١ : -
سلطانعلی بیگ رهی ١٠: ٢
اسعدالدین راقم ٢ : -
رضی نیشاپوری ١ : ١
رضی ارتیمانی ٢ : -
سید جعفر راهب ٦ : ١
کلب‌حسین راغب ١ : -
رازی هروی ١ : -
ریاضی سمرقندی ١ : -
ابوالمفاخر رازی ٣ : -
رشکی همدانی ٦ : -
حسن بیگ رفیع ١٦: -
رضائی کاشی ٨ : -
رضی مسرور ٤ : ١
قاصی محمد رازی ١ : -
رحیم تبریزی ١ : -
مرزا رشید زرگر ١ : -
رکن‌الدین (طبیب) ٢ : -
آقارضی گیلانی ١ : -
رضی اصفهانی ٢ : -
رفیع شهرستانی - : ١
محمدعلی رایج ١ : -

[ز]

زلالی خوانساری ٥ : -
رمانای یزدی ٢ : -
زکی همدانی ٧ : -
زمانای زرکش ٧ : -
مرزا زکی ندیم ٢ : -

[س]

سحابی ٤ : ٤
سنجر کاشی ١٥: -
سنائی ١٥: ٢
محمد قلی سلیم ٧٠: -
محمد بیگ سالم ١ : -
سامی - : ١
سلمان ساوجی ٣١: ١
سعدی ٥٤: ٢
سیف‌الدین باخرزی - : ٢
سلطان المشائخ - ٠ ٢
سیفی عروضی ١ : -
سلطان مرزا صفوی ١ : -
سایر[ی] مشهدی ٩ : -
سالک قزوینی ١١: -
سیفی بخاری ٣ : -
محمدحسین سیفی ١ : -
سائل همدانی ١ : -
سالک یزدی ١ : -
زاهدعلی خان سحا ١ : -
سعیدای سرمد ١ : -
جمال‌الدین سعادت ١ : -
محمدسمیع نیازی - : ١
سام مرزا صفوی ١ : -

جن شعرا کے اشعار بیاض میں شامل ہیں اُن کے نام ابیات اور رباعیوں کی تعداد کے ساتھ ذیل کی فہرست میں بہ ترتیب حرف تہجی درج کیے جاتے ہیں ۔ پہلا ہندسہ، ابیات کی تعداد اور دوسرا ہندسہ رباعیوں کی تعداد بتاتا ہے ۔

ابوالفرج رونی ـ : ۱ محمدامین کوسج کاشی : ۱ ابوالقاسم ۱ : ـ
مرزا احسانی ۳ : ۱ سراج‌الدین‌علی‌آرزو۳ : ـ میر اشکی ۱ : ـ
مرزا اسد بیگ ۲ : ـ یوسف استرابادی ـ : ۱ میر اصیلی قمی ۱ : ـ
اسد اللہ اصفہانی ۱ : ـ اسکندربیگ منشی۲ : ـ امامی ہروی ۱ : ـ
ایوب ابوالبرکہ ۲ : ـ انیسی شاملو ۳ : ۱ ادیب صابر ـ : ۳
احسنی طوسی ۲ : ـ شاہی سبزواری ۱۴: ـ میر باقر اشراق ۱ : ۲
ابن یمین ۴ : ـ شیخ احمد جام ـ : ۱ حلال اسیر ۷: ۱
امینای یزدی ۱ : ـ اوحدی مراغی ۱۵: ۱ محمد سعید اشرف۲۸: ۳
نواب موتمن‌الدولہ ـ : ۱ آذری ۵ : ۱ شفیعای اثر ۳۶: ۱
ابراہیم قانونی ـ : ۱ ابوالفتح گیلانی ۱ : ـ مرزا شرف الہام ۱ : ـ
اثیر اومانی ۱ : ـ ابوالحسن فراہانی۴ : ۳ طہر خاں احسن ۱۰: ـ
اوجی نطنزی ۱ : ـ امیدی رازی ۵ : ۱ امیرخاں انجام ۲ : ـ
حکیم اسدی ۱ : ـ امامی واصلی ۸ : ۱ عنایت خاں آشنا ۵ : ـ
قزلباش خاں امید ۱۶: ـ ابوسعید ابوالخیر ـ : ۵ ابوالقاسم گادرونی ۶ : ـ
احولی سیستانی ۱ : ـ افضل الدین کاشی ـ : ۱۰ قاضی محمد امامی ۱ : ـ
میرزا آہی ۴ : ـ اسمعیل ایما ۱ : ۱ کارکیا احمد خاں ۵ : ـ
انوری ابیوردی ۵ : ۱ مومن اداثی یردی ـ : ۲ لطف علی آذر ـ : ۱
خانہ زاد خاں ۱ : ـ ابراہیم‌ادہم‌ہمدانی۳ : ۲ احمد میرک ۱ . ـ
اثیر اخسیکتی ۱ : ـ سید احمد خاں ـ : ۱ [ب]
اسمعیل اسمینی ۲ : ـ کمال‌اسمعیل‌اصفہانی ۱۱:۱۱ باسطی ۶۷۷ . ۱۱۰
آشوبی نطنزی ۱ : ـ اہلی شیرازی ۶۸: ۷ بہاء الدین آملی ۱ : ۲
میر الہی ہمدانی ۵ : ۲ اہلی خراسانی ۹ : ـ باقر وزیر قورچی ۷ : ۱
ابوالقاسم‌قندوبیکی ۲ : ـ آصفی ۲۱: ۱ بنائی ۵ :

باسطی کی رباعیوں کا کوئی الگ مجموعہ یا «مثنوی باسطی» کا کوئی علیحدہ نسخہ اب دستیاب نہیں ہوتا، اس لحاظ سے اس بیاض کی قدروقیمت اور خاص طور پر زیر نظر نسخے کی اہمیت میں خاصا اضافہ ہوجاتا ہے.

باسطی نے اپنی بیاض میں ۵۱۳ شاعروں کے کلام کا انتخاب پیش کیا ہے اور کثیر تعداد میں اشعار نقل کیے ہیں. غزلوں، قصیدوں اور مثنویوں کے ابیات کی مجموعی تعداد ٤۵۷۹ ہے اور رباعیات کی مجموعی تعداد ۵٦۹ ہے، ان کے علاوہ ۳۰ ابیات اور ۹ رباعیاں ایسے شعرا کی ہیں جن کے نام مؤلف کو معلوم نہ ہوسکے.

باسطی نے جملہ منتخب اشعار کو ۹۳ مختلف عنوانات کے تحت ترتیب دیا ہے، بعض عنوانات یہ ہیں:

حمد و مناجات؛ نعت و منقبت؛ ناز معشوق؛ محویت و بیہوشی عاشق از دیدن جلوۂ معشوق؛ بوسه و خنده و تبسم و دشنام و شیرینی سخن و آغوش در کنار معشوق؛ قهوه و قلیان و تریاک؛ کعبه و بتخانه و شیخ و برهمن و تسبیح و زنار؛ ستایش سلاطین و تعریف اسپ و فیل و دیگر اسباب شوکت و شان؛ اخفاء عشق و محبت از بیم رسوائی؛ وداع؛ فراق؛ حسرت و محرومی و حیرت؛ سراغ و جستجوی دوست و گم گشتهٔ خود؛ خواب دیدن معشوق را؛ اشعار متضمن شکوه و شکایت و گله؛ اشعار انتظار؛ ذکر عید و نوروز و سیر باغ و صحرا؛ مشعر بر عرض احوال و حسن طلب که اهل روزگار بسلاطین و عمده ها نویسند؛ مواعظ و نصائح؛ جواب ناصح؛ عزلت و قناعت؛ تهنیت؛ تعزیت؛ دعائیه.

مضامین کی طویل فہرست کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ باسطی نے شاید ہی زندگی کا کوئی پہلو یا گوشہ ایسا باقی چھوڑا ہو جس کے متعلق کم از کم دو چار شعر نہ جمع کر لیے ہوں. انہوں نے اپنے مجموعۂ اشعار کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے، پہلے دو حصوں میں عام مقصد کے لیے اشعار جمع کیے گئے ہیں، لیکن تیسرے حصے میں، مکتوبی اشعار ہیں، یعنی وہ اشعار جو مراسله و مکاتبه میں استعمال کرنے کی غرض سے اکھٹے کیے گئے ہیں.

عاشقانه :

یارم بمن آشنا نشد، یاری بین   سوی دل من نیاید دلداری بین
او از همه بی نیاز و من کشتهٔ ناز   آن آزادی و این گرفتاری بین
تیر نگهت به مدعا می آید   جان بخش مست و دلربا می آید
از حالت خود خبر ندارم لیکن   از سینه صدای مرحبا می آید

بیاد حزین :

شد قرب محمد و علی حاصل او   شد جنت فردوس برین منزل او
ذوق بخشد باهل دل شعر حزین   بیدرد چه فهمد از ضمیر دل او

در مدح شمس‌الدین فقیر :

ای آنکه بشاعری ترا نیست نظیر   روشنداری برنگ خورشید ضمیر
طبع تو نموده ملک معنی تسخیر   تو خسرو عهدی متخلص به «فقیر»

در تعریف دهلی :

دهلی چه سواد دلپذیری دارد   در دهر چه طرح بی نظیری دارد
آبادی او باین خرابی باقیست   گر یاد شمس نیست فقیری دارد

«مثنوی باسطی» میں ٦٧٧ اشعار هیں اور یه مثنوی دهلی کی تعریف و توصیف، وهاں کی خاک میں آسوده خواجگان چشت کی ستایش اور خواجه عبدالباسط کے حالات زندگی پر مشتمل هے، اس میں مرثیه و سلام کے بهی بهت سے اشعار هیں، یه مثنوی در حقیقت دهلی کی یاد میں لکهی گئی هے اور اس میں وطن سے جدائی اور اپنے پیر و مرشد کی مفارقت کے جذبے کا بڑا تاثیر انگیز اظهار هے. شروع کے چند اشعار درج ذیل هیں:

شوق دهلی از دلم کی میرود   باز مجنون جانب حی میرود
این زمان آن شهر گر ویرانه است   جای مالوف دل دیوانه است
این همان شهر است کو در روزگار   بود بهر هر هنر دارالعیار
این همان شهر است کو را در جهان   کس نه اوی مثل و مانندش نشان
این همان شهر است کو چون گلستان   بوده از خوش جمال گلرخان
این همان شهر است وعشرت گاه ما   کین زمان گشت است عبرت گاه ما
بوده هر کوی ازان شهر خراب   مطلع صد ماه و چندین آفتاب

اور وہ درویشانہ زندگی کی طرف مائل ہوگئے ۔مصحفی کے قول کے مطابق اُن کا انتقال تقریباً ۸۰ سال کی عمر میں ۱۱۹۹ھ میں ہوا [1] ۔

باسطی، صاحب ثروت تھے اور دہلی میں شعرا کے ساتھ صلہ و ہمدردی کا سلوک کیا کرتے تھے ۔ وہ شعر و سخن سے فطری علاقہ رکھتے تھے اور انھوں نے بہت سے فارسی شعرا کے دواوین کا مطالعہ کیا تھا ، مصحفی کا قول ہے کہ بابا فغانی اور نظیری کے دیوان، باسطی ہی نے جمع کیے اور مرزا قلی میلی کا دیوان اُن ہی کے زمانے سے ہندستان میں متداول ہوا ۔ شعرا کے دواوین کے مطالعہ اور ذاتی ذوق شعری کی بدولت جو اشعار موزوں ہوگئے تھے اُن سے باسطی نے خود اپنا دیوان مرتب کیا تھا جسے بعد میں حزیں کے مشورے پر انھوں نے مسترد کر دیا ۔ ان کا جو کلام باقی رہ گیا ہے وہ سو سے زیادہ رباعیوں، ایک مثنوی اور حضرت علی کی منقبت میں ایک قصیدے پر مشتمل ہے ۔

« بیاض باسطی » میں مؤلف نے اپنی ۱۱۰ رباعیاں درج کی ہیں ، تذکرہ نگاروں نے غالباً اسی بیاض سے چند رباعیاں بطور نمونۂ کلام نقل کی ہیں چنانچہ سفینۂ ہندی میں ۱ ، صبح گلشن میں ۳ ، نشتر عشق میں ٤ ، اور گل رعنا میں ۲۱ رباعیاں نقل ہوئی ہیں ۔ ان رباعیوں میں مرثیۂ حضرت سید الشہدا امام حسین رض ، دیگر ائمہ اطہار کی منقبت ، اپنے اساتذہ اور پیر و مرشد کی مدح ، معرفت و موعظت اور عشق و محبت کے مضامین اور عزاداری سے متعلق مختلف مطالب بیان کیے گئے ہیں ، ان سے مصنف کے جوش عقیدت ، پختگی زبان اور رنگینی مضمون کا اظہار ہوتا ہے ۔ چند رباعیاں ملاحظہ ہوں :

مرثیہ :

از درد حسین در جگر خون افتاد درگریہ و نالہ جان محزون اُفتاد
گشتیم سیاہ پوش در ماتم او درد دل ما ز پردہ بیرون اُفتاد

عارفانہ :

موجود حق است و ما سوا چیزی نیست جز ہستی او ہیچ جا چیزی نیست
زنہار [بجز؟] خدا نہ جوئی چیزے ور جوئی ہم بجز خدا چیزی نیست

۱ مصحفی : عقد ثریا ، ۱۵

ای بطبع تو افتخار سخن قامت آفریدگار سخن[۱]
از نم جوئبار خامهٔ تو تازه روئی کند بهار سخن
جز مدادت که رشحهٔ فیض‌ست نشکند بادهٔ خمار سخن
گوهر بحر طبع شادابت آرد ابی بروی کار سخن
نقطهٔ انتخاب خامهٔ تو آفتابیست در کنار سخن
از نوای نئی تو در شورند خوش صفیران شاخسار سخن
سبقت از تست بر سخن سنجان چون تو نبود قلم سوار سخن
نزند دلنشین تر از تو کسی سکه بر کامل العیار سخن

۱۱٦۲ ھ میں جب باسطی نے خواجه محمد باسط سے بیعت طریقت حاصل کرلی اور اُن کے مریدوں کے حلقے میں شامل ھوگئے اس وقت کے تاثرات انھیں کے الفاظ میں دیکھیے[۲] :

« در اوایل حالات جذبهٔ بی احتیار اکثر رباعی صادر میشد و دران حالت چون دعوای مسلمیتِ شاعری در خاطر نیامده بود بی تکلف بر بعض اوراق می نوشتم . . . و بمرور ایام رباعی بسیار جمع شد و در اوقات اقامت که غور کردم باز در وی شعر خود را نا تمام یافتم و چون در تحصیل علم کسب و تربیت کامل آن فن شرطست حالا انچه وارد می شود از نظر میر شمس الدین فقیر مدظله العالی می گذرانم » .

اس طرح باسطی فن رباعی میں میر شمس الدین فقیر کے شاگرد ھوئے . جب فقیر بعزم زیارت عتبات عالیات دھلی سے لکھنؤ آئے اور یہاں ایک سال[۳] تک اقامت کی تو اُسی زمانے میں باسطی کو اُن سے تلمذ حاصل کرنے کا موقع ملا .[٤]

آخر زندگی میں باسطی نے « شیر افگن خان » کا خطاب واپس کردیا

---

۱ کلیات حزیں : [۵۹ (ب) نسخهٔ کتب خانهٔ مسلم یونیورسٹی ، علی‌گڑھ (ذخیرهٔ منیر عالم) رقم ۲۵ مکتوبهٔ زینت النساء بیگم ، عصمت ، ۱۲۱۲ (؟) ھجری در اکبرآباد رقم . (ایڈیٹر)]
۲ گل رعنا : [۴۰ (الف)]
۳ بھگوان داس : سفینهٔ ھندی : | ۱۵۳ (پٹنه ، ۱۹۵۸) مرتبه سید عطاءالرحمن عطا کاکوی '
٤ مصحفی : عقد ثریا : [۱۵ (دھلی ، ۱۹۲٤) مرتبه مولوی عبدالحق '

مرید بادشاه عصر قرار می دهند. اگر خاکسار رعایت طرف لطف را ملحوظ داشته اظهار ارادت خود بجناب آن سید مغفور اُستاد نموده بود، گنجائش داشت، و هر کس که دیده ور است میداند که آن سید جلیل با وجود کمال فضل و استغناء و صفت بذل و علو همت هیچ نسبت با طریقت نداشتند و مرید کسی نشده بودند، پس دیگری را چگونه مرید می کردند».

ثابت کو بھی اپنے شاگرد کی فضیلت و استعداد کا اعتراف تھا، چنانچہ ایک قصیدے میں انھوں نے باسطی کی تعریف ان الفاظ میں کی ھے[1]:

زھی خیال بلند تو آسمان سخن | فزود نسبت شعر تو قدر و شان سخن
نیافت تا ز تو سر مشق حرف لب نکشود | اگرچه خامه بود یکقلم زبان سخن
سخن ز طبع روان تو یافت جان نوی | اگر قبول نداری قسم بجان سخن
ازین که سلسلهٔ شاه نعمت الله هست | بیمن فکر تو برپاست خاندان سخن
دگر ز نسبت ذات تو می شود روشن | چراغ نور سیادت ز دودمان سخن
خطاب تست ازین راه شیر افگن خان | که خامه ات فگند شیرنیستان سخن
لب از زبان و زبان جوید از لبم سبقت | برم چو نام شریف تو درمیان سخن

آخری شعر میں گراں ترین خراج تحسین ھے جو ایک اُستاد اپنے شاگرد کو پیش کرسکتا ھے۔

۱۱۵۲ھ میں ثابت کی وفات کے بعد باسطی نے شیخ علی حزیں کو اپنا اُستاد منتخب کیا اور بنارس پہنچ کر اپنا دیوان اُن کی خدمت میں اصلاح و نظر ثانی کے لیے پیش کیا۔ شیخ نے فرمایا: «از اول تا آخر شستنی است، برای موزونیت طبع گاه گاهی فکر رباعی مضائقه ندارد» استاد کے مشورے کے مطابق باسطی نے اپنا پورا دیوان دریا برد کردیا اور شعر و شاعری سے کنارہ کشی کرلی اور دس برس تک شیخ کی صحبت میں اکتساب فیض کرتے رھے۔ حزیں بھی ثابت کی طرح اپنے تلمیذ کے کمالات شاعری اور مراتب سخن سنجی کے معترف تھے انھوں نے ایک قصیدے میں باسطی کی مدح لکھی ھے جس کے چند اشعار ذیل میں نقل کیے جاتے ھیں:

[1] گل رعنا. ۳۹ (ب)]

« سفینۂ هندی » کے قول کے مطابق اواخر عہد احمد شاہ بادشاہ میں جب جاگیر ضبط ہوگئی تو اس وجہ سے نواب بندہ علی شیر افگن خاں بھی دھلی کی سکونت ترک کر کے لکھنؤ[1] چلے آئے اور یہاں خواجہ عبدالباسط کے حلقۂ ارادت میں شامل ہوگئے ۔ اسی قرابت اور ارادت کی وجہ سے بندہ علی خاں نے اپنا تخلص « باسطی » اختیار کیا ۔

بندہ علی نے اوایل عمر میں فارسی کی تعلیم ایک بزرگ دانشمند سے حاصل کی تھی جس کا نام کہیں مذکور نہیں ھے ، چونکہ فطرت نے ان میں موزوں طبیعت ودیعت کی تھی ، اکثر شعر و سخن سے شغل رکھتے تھے ۔ اور اپنے اشعار بغرض اصلاح شاعر گرامی میر محمد افضل ثابت الہ‌آبادی کے پاس بھیجا کرتے تھے ؛ ان دنوں باسطی کا تخلص « سبقت » تھا ۔ اُستاد سے فرط عقیدت کی بنا پر انھوں نے اپنی مہر پر یہ مصرع کندہ کرایا تھا :

« شیر افگن خان مرید ثابت است » ۔ اس سے بعض لوگوں نے یہ نتیجہ نکالا تھا کہ دونوں میں پیری مریدی کا تعلق ھے ۔ چنانچہ باسطی کو اپنی بیاض کے دیباچے میں اس خیال کی پرزور الفاظ میں تردید کرنی پڑی[2] :

« ضروری شد کہ بنا بر رفع گمان ناظرین انچہ نفس الامر است گذارش نماید ، موافق ضابطۂ اهل روزگار برائی بعض امور مہر علیحدہ می دارند ، این پرهوس نیز آن مہر را کہ نقش نگینش « شیر افگن خان مرید ثابت است » بود مخصوص بر پشت اوراق اول سخنہای دیوان سید مغفور افضل الدین محمد ثابت علیہ الرحمۃ کہ دران ایام متعدد نویسانده بود می نمود ، ولی بر مکاتیب بلکہ بر دیگر کتب هم نمی زد ، معهذا تا آن زمان کہ فیض صحبت صاحبدلی حاصل نکرده بود ، این غافل انکار از صوفیہ داشت و معنی مرید را درست نفهمیده بود ، اما چنین نافہمی خصوصیت بہ بندہ نداشت ، اکثر نوکران بادشاهی خود را در نقش نگین

۱ لکھنؤ آنے کے سال میں اختلاف ھے « صبح گلشن » میں ۱۱۶۰ھ لکھا ھے اور « نشتر عشق » میں ۱۱۶۲ھ

[۲ گل رعنا : ۴۰ (الف)]

بھائی کابل سے ہندستان چلے آئے اور دھلی میں شاہ عالم بادشاہ کے دربار میں اُنھوں نے رسائی حاصل کرلی، بعد ازاں وہ محمد شاہ بادشاہ کے دربار سے منسلک ہوکر امارت کے اعلیٰ مراتب کو پہنچے. شیرافگن‌خان کو دربار شاهی میں میرسامانی کا عہدہ عطا هوا. بندہ علی باسطی کے والد میر حبیب‌الله خاں بن میرک خاں کی شادی اپنی پھوپھی زاد بہن یعنی شیر افگن خاں کی بیٹی سے ہوئی تھی. حبیب‌الله خاں کو دربار شاهی سے منصب شش ہزاری اور غیرت‌خاں کو «صلابت جنگ» کا خطاب عطا ہوا. یہ بھی شاعر تھے اور «غیرت»[1] تخلص کرتے تھے.

بندہ علی خاں تقریباً سنہ ۱۱۱۹ھ یا بقول مؤلف «سفینۂ هندی» سنہ ۱۱۰۹ھ میں شاهجهان‌آباد میں پیدا ہوئے، جب سن بلوغ کو پہنچے تو ان‌کو عمدۃالملک نواب امیر خاں انجام کی وساطت سے دہلی دربار سےمنصب شش‌ہزاری اور خطاب جدمادری یعنی «شیر افگن» عطا هوا. نواب کی وساطت کی وجه غالباً یہ بھی ہوگی که خود نواب موصوف کا سلسلۂ نسب[2] بھی شاہ نعمت الله ولی سے ملتا ہے. بندہ علی کی شادی بہاے روشن‌الدوله کی بیٹی سے ہوئی تھی جو دربار شاهی کے امرائے عظام میں محسوب ہوتے تھے، اس بیوی کی موت کے بعد بندہ علی نے خواجه جعفر کے بیٹے خواجه عبدالباسط کی نواسی سے جو نصیرالدین کی بیٹی تھی، دوسرا بیاہ کیا. خواجه جعفر، امیرالامرا صمصام‌الدوله خان دوران عاصم کے بھائی تھے. خواجه عبدالباسط اور خواجه جعفر دونوں اپنے اهل و عیال کے ساتھ دهلی سے منتقل هوکر لکھنؤ چلے آئے اور یہاں انھوں نے شجاع‌الدوله ناظم اودھ کی ملازمت اختیار کرلی، مؤلف

۱ ان‌کے نام اور تخلص میں اختلاف ہے «سفینۂ هندی» میں جہاں خاص انھیں کے حالات لکھے ہیں ان کا خطاب اور تخلص «غیرت» لکھا ہے لیکن باسطی کے حال کے سلسلے میں «عزت» لکھ دیا ہے، «عقد ثریا» میں بھی «عزت» ہی لکھا ہے. [«عقد ثریا» نسخۂ لوهارو میں «غیرت» (ایڈیٹر)] «گل رعنا»، «نشتر عشق»، «مردم‌دیده» اور «صبح گلشن» میں «غیرت» لکھا ہے. ہو سکتا ہے کہ کاتب کی نقطه گذاری کے سبب یه اختلاف پیدا ہو گیا ہو. [«گل رعنا» نسخۂ علی‌گڑھ میں «عزت» درج ہے لیکن یه نسخه تصحیفات اور اغلاط سے بھرا هوا ہے (ایڈیٹر)

۲ بقول مؤلف «سفینۂ هندی» میر حبیب الله‌خان کا سلسلۂ نسب میر میران شاہ نعمت‌الله ولی تک پہنچتا ہے.

اشعار اساتذۂ سلف و خلف را موافق مذاق خود انتخاب کردہ بیاضی ترتیب دادہ و در آنجا احوال خود مفصل بضبط تحریر در آوردہ » .

لیکن زیر نظر نسخے سے وہ حصہ غائب ہے جس میں مؤلف نے اپنے سوانح حیات قلمبند کیے ہیں . قاضی عبدالودود صاحب نے جو نسخہ مشرقی پاکستان میں دیکھا ہے اس میں سوانح حیات والا حصہ موجود ہے ، خود نوشت سوانح عمری کے کچھ اقتباسات « گل رعنا » ‡ میں نقل ہوئے ہیں .

زیر نظر نسخے کے سرورق پر بیاض کا نام « تذکرۂ شاعران » لکھا ہوا ہے ، لیکن اس بیاض کو تذکرۂ شاعران کہنا نا مناسب ہوگا کیونکہ اس میں کسی شاعر کا ترجمہ موجود نہیں ہے . خود مؤلف نے لکھا ہے « غرض نوشتن تذکرہ نیست کہ احوال کسی را میوان نگاشت زیرا کہ تذکرہ نویسی آداب بسیار دارد ، تفصیل آن بطول می انجامد » . اس سے صاف ظاہر ہے کہ خود مؤلف نے اس کے تذکرہ ہونے کا دعوی نہیں کیا .

« بیاض باسطی » کے مؤلف بندہ علی خاں باسطی ولد میرزا حبیب اللہ خاں اپنے زمانے کے نامور دانشمندوں اور ممتاز سخن وروں میں شمار ہوتے تھے ، ان کے دادا میرک خاں ، جن کا سلسلۂ نسب میر میراں شاہ نعمت اللہ ولی سے ملتا ہے ، ایران سے کابل چلے آئے تھے . یہاں ان کی ایک بہن کی شادی عبدالرزاق پانی پتی سے ہوگئی تھی جو سلسلۂ ملازمت شاہی کابل میں مقیم تھے . عبدالرزاق ، خواجہ عبداللہ انصاری هروی کی اولاد میں سے تھے پہلی بی بی[1] سے ان کے تین بیٹے تھے ، دلیرخاں[2] ، لطف اللہ خاں[3] صادق اور خواجہ شکراللہ شیر افگن خاں ، شیر افگن خاں کی شادی میرک خاں کی دوسری بہن سے ہوئی تھی . کچھ دنوں کے بعد یہ تینوں

[‡ . « گل رعنا » نسخۂ علیگڑھ میں خود نوشت سوانح حیات کے اقتباسات نہیں ملتے . اس میں دیباچہ « بیاض باسطی » کے اقتباسات ضرور درج ہیں جن میں باسطی کے حالات بھی آگئے ہیں (ایڈیٹر)]

۱ دختر نصرت خاں جہانگیری . رک « گلشن صادق »

۲ خواجہ عبداللہ معین الدولہ دلیردل خاں نصیر جنگ وفات ۱۱۴۷ھ ۱۷۳۴ء

۳ نواب شمس الدولہ لطف اللہ خاں بہادر صادق بیکام متہور جنگ مؤلف « گلشن صادق » جو نادرشاہ کے حملۂ دہلی کے وقت شاہجہاں آباد ، دہلی کا ناظم تھا . متوفی ۱۱۶۶ ۱۷۵۳ء

سرورق کی مہروں میں ایک تو بالکل غیر واضح ہے جس کا پڑھنا مشکل ہے، دو مہریں امجد علی شاہ کی ہیں جن میں یہ شعر لکھا ہے:

خاتمِ امجد علی شاہِ زمان عالی جناب ناسخ هر مهر شد چون شد مزین بر کتاب

چوتھی مہر کتب خانۂ سلیمان جاہ کی ہے، خاتمہ والی مہر بھی اسی کتاب خانے کی ہے اور اس میں یہ شعر درج ہے:

خوش است مہر کتبخانۂ سلیمان جاہ بہر کتاب مزین چو نقش بسم‌اللہ

مہروں کے علاوہ «بجائزہ رسید» کی چار یادداشتیں بھی سرورق پر موجود ہیں جن کی تاریخیں یہ ہیں:

۲۱ ربیع‌الاول سنہ ۲۰، ۲۵ صفر سنہ ۱۲۴۴ھ، ۱۷ ربیع‌الثانی سنہ ۱۲۵۶ھ اور پانزدهم شهر محرم یوم چہار شنبہ سنہ ۱۲۶۲ھ

ان یادداشتوں میں پہلی یادداشت قدیم ترین ہے، کیونکہ یہ تاریخ کسی فرمانروا کے سن جلوس سے متعلق ہے اور اودھ کے حکمرانوں میں نواب شجاع‌الدولہ اور نواب آصف‌الدولہ کے سوا اور کسی فرمانروا نے بیس سال سے زیادہ سلطنت نہیں کی. دوسری یادداشت نواب نصیرالدین حیدر اور تیسری اور چوتھی یادداشتیں امجد علی شاہ کے عہد کی ہیں. یہ نسخہ مٹیا برج میں واجدعلی شاہ کے کتابخانے اور پھر مرزا آسمان جاہ کے کتابخانہ میں رہا ہوگا، بعد میں مولوی دلیل‌الدین خاں صاحب کے ہاتھ آیا جو بنگال میں ایک معزز سرکاری افسر تھے. جب سنہ ۱۲۹۶ھ (۱۸۷۹ء) میں خاں‌صاحب کی کتابیں نیلام ہوئیں تو اس نسخے کو لطافت‌حسین نامی ایک شخص نے خرید لیا. اس طرح واجدعلی شاہ کے زمانۂ حیات ہی میں یہ نسخہ شاہی کتابخانے سے باہر ہو چکا تھا.

«گل رعنا» میں «بیاض باسطی» کا ذکر اس طرح ہوا ہے[+]:

بیاضی ترتیب دادہ مشتمل برفصول مطالب، در هر فصل اشعار چیدہ از شعراء سلف و خلف ثبت نمودہ».

اور مؤلف «نشترِ عشق» کا یہ بیان ہے:

[+ اچھمی نراین شفیق: گل رعنا ۳۹ (ب) نسخۂ کتب‌خانۂ مسلم یونیورسٹی علی‌گڑھ (ذخیرۂ احسن) نمبر ۹۲۰/۹ (ایڈیٹر)]

بیاض باسطی

پروفیسر سید حسن*

مرزا معز فطرت موسوی خاں کے مجموعۂ اشعار «گلشن فطرت» کی طرح «بیاض باسطی» بھی منتخب اشعار کا ایک ایسا مجموعہ ہے جس کا ذکر بعض تذکرہ نگاروں نے کیا ہے۔ «گلشن فطرت» اب نایاب ہے اور «بیاض باسطی» بہت ہی کمیاب، راقم السطور کو اب تک اس بیاض کے صرف دو نسخوں کا علم ہو چکا ہے ان میں ایک کے بارے میں جناب قاضی عبدالودود صاحب نے اطلاع دی ہے‡ اور دوسرا نسخہ وہ ہے جسکی بنیاد پر یہ مضمون سپرد قلم کیا جا رہا ہے[1].

پیش نظر نسخے کے خاتمے پر یہ عبارت درج ہے:

در عہد سعادت مہد، دین پناہ معدلت گرامی چغتۂ گورگان تیموریہ مغفوریہ صاحبقران پرست (؟) ظل اللہ خداآگاہ عالی گہر شاہ عالم پادشاہ غازی خلداللہ تعالیٰ ملکہ و سلطنتہ، وافاض علی العالمین بره، و احسانہ دربلدۂ لکھنؤ منمقام نوشتہ بخط احقرالعباد میر بدیع الزماں جعفری برای خاطر عاطر میر حسن صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ صورت تحریر یافت، اُمید کہ بوقت مطالعہ این عاصی را بدعای چند یاد میفرمودہ باشند».

یہ نسخہ کبھی شاہان اودھ کی لائبریری کی زینت تھا چنانچہ سرورق پر شنگرفی روشنائی میں چار مہریں ہیں، اور ایک مہر خاتمہ پر ہے،

[‡ «بیاض باسطی» کا یہ نسخہ ڈاکٹر عندلیب شادانی صاحب ڈھاکا یونیورسٹی کے پاس ہو]

1 نسخۂ کتب‌خانۂ خدابخش، بانکی‌پور نمبر ۲۷۸۹، تقطیع ۱۳ × ۲۱ سنٹی‌میٹر اوراق ۲۵۴.

* پروفیسر سید حسن، ادارۂ تحقیقات عربی و فارسی، پٹنہ

(۲) علی اکبر خاں کے نام کے خط میں چند غیر اہم لفظی اختلافات ہیں ۔

(۳) کظ کا ایک قطعہ ہے :

با سراج الدین احمد چارہ جز تسلیم نیست
ورنہ غالب نیست آہنگ غزلخوانی مرا

کخ میں یہ دو جگہ ہے ، مگر اس فرق کے ساتھ کہ اس میں «نیست آہنگ» کے بدلے «میگزد ذوق» ہے ۔

(٤) کظ کا ایک شعر ہے ،

می پرد مور مگر جان بسلامت ببرد
تاچہ برق است کہ شد نامرد خرمن ما

یہ شعر جس غزل کا ہے وہ حاشیۂ کخ میں ہے ، اور اسمیں «خرمن» کے عوض «دشمن» ہے جو بے محل معلوم ہوتا ہے ۔

(۵) کظ کا ایک مصرع ہے : « خون از جبین و دست ز قصاب شستہ ایم »
یہ حرض کخ میں اسطرح ہے: « تاخون خود ز دامن» الخ ، لیکن حاشیۂ کخ میں مثل کظ ہے ۔

اضافہ :

پروفیسر آل احمد سرور نے اس مقالے کا وہ حصہ جس میں کلیات کے نام کی بحث ہے ، سنکر میری توجہ اس امر کی طرف منعطف کرائی کہ «میخانۂ آرزو سرانجام» ایک مکمل مصرع ہے ۔

نام کے بارے میں عرشی صاحب سے فروری سنہ ٦۰ میں گفتگو ہوئی ، تو یہ معلوم ہوا کہ اب پھر ان کی یہی رائے ہے کہ نام' «میخانۂ آرزو سر انجام» تھا ۔

«پنج آہنگ» طبع ۲ کی نسبت جو بات حافظے سے لکھی تھی صحیح نکلی (مکتوب جناب مالک رام بنام راقم) ۔

[۲۰/۳/۱۹٦۰

غزل (ز) در دست دیگریست سفید و سیاه من
با روز و شب بعر بده بودن چه احتیاج ـــ لا تسبو الدهر فانه هو .
غزل (ح) خوشا سوهن که هرکس غوطه زد دروی تمش جان شد
ـــ نام دریای هند
غزل (ط) پیوسته روان از مژه خون حگر ستم را
رنگسیت رخم را که بریدن نشناسد ـــ است مرا
غزل (ی) یاقوت باده بر فوهٔ آفتاب زد . ڈانک ، دهن افواه حمع او . ۱۲
فوه بالفتح و فاه دهان ، افواه جمع و بفتحتین فراحدهان شدن
بالضم و تشدید واو مفتوح رو دنگ که آنرا روناس گویند
۱۲ منتخب
غزل (ک) جلوه ات گل بکف آیینه پرداز دهد ـــ هر گاه آیینه بینی
غزل (ل) ناله در ایوار شوق توشهٔ راهے نداشت .. شبگیر برد ـــ کوچ رور
غزل (م) خون دشمن سرخ تر از خون فرزندش بود ـــ او دشمن را
زیاده از فرزند حواهد .
غزل (ن) شکسته مشربهٔ آب و پارهٔ ز سویق ـــ سکورهٔ شکسته ، هندی : سبو
غزل (س) لن‌ترانی بجواب ارنی چند و چرا
من نه اینم بشناس و تو نه آئی بشنو ـــ موسی
غزلے چند بهنجار فغانی بشنو ـــ ارمن
پارهٔ گوش یمن دار و معانی بشنو ـــ همین

اس مقالے کی تحریر کے وقت میں نے کنج کے لفظ کا کظ سے مقابلہ نہیں کیا ، مگر چند سال قبل اس کا اتفاق ہوا تھا . اس زمانے میں کنج کے متعلق جو یادداشت میں نے لکھی تھی ، وہ غائب ہو گئی ہے ، لیکن مجھے جہاں تک یاد ہے ' اس سے قطع نظر کہ کون سی نظمیں دونوں میں مشترک یا غیر مشترک ہیں ، اختلافات بہت کم ہیں :

(۱) عنوانات جو کنج سے نقل ہوئے ہیں ' کظ میں نہیں ، اور بعض ہیں تو مختلف طور پر .

(۲) ناخویشتن در اُفت — صیغهٔ امر
(۳) ایاس — ایاز
نثر : ۳ فریور — نادر و خوب
نثر : ۵ اگر مردم — اگر مرد هستم
نثر : ٦ تاز دیوانم که سرمست سخن خواهد شدن — کدامیه
قطعه : ۱ ایبکم از جماعهٔ اَتراک — جمع ترک ، نام قوم
قطعه : ٤۷ لآل — گہرها
مثنوی درد و داغ : دید جوان کاین چه بلاشد چه شد — شاهزاده .
مثنوی باد مخالف : زی یاران — ای جانب یاران . فتنه — مفتون
قصیده : ۷ خیمهٔ کبود — آسماں . نیلگون پرند — آسمان
قصیده : ۹ لبوب — جمع لب . سبط — اولاد
مگر مرا دل کافر بود شب میلاد — سیاه
که رفته بود بدروازهٔ ارم شداد — مراد حسرت
رماد — خاکستر . استواری پاساد — ای حفظ وضع
قصیده : ۳۲ دسمبر — ماه انگریزی در آخر سال
قصیده : ٤۰ رهی — بنده
غزل (الف) گریهٔ ابر بهاری کرده آبی کار ما - خراب کرد کار ما
غزل (ب) یکے بزعم دل نا امیدوار بیا — یک بار
غزل (ج) جہان را دیدم و گردیدم آباد و خرابش را — ضمیر بسوی جہان
ز شادی جان بہا گفتم متاع کم میانش را — ارزاں
غزل (د) هلاکستم فراخیهای عیش سخت جانان را — هلاکم ست (کذا)
پاینیز — خزاں
غزل (ه) از شاخ گل افشاند و ز خارا گہر انگیخت
آیینهٔ ما درخور پرداز ندانست
قسمت متعلق مصرع ۱ ، قضا و قدر متعلق مصرع ۲
غزل (و) که بیوفائی گل در شمار بُلعجبیست — بُلعجبی مثله بُلغار

لب دوختم ز شکوه ز خود فارغم شمرد
نشناخت قدر پرسش پنهان شناختن
نازم دماغ ناز ندانی ز سادگیست
کشتن به ظلم و کشتهٔ احسان شناختن

☆

خواهم شود به شکوه و پیغاره رام من   درگونه گون ادا برباها ستودهٔ
با دوستان مباحثه دارم ز سادگی   در باب آشائی نا آزمودهٔ

★

نگاهش شرمگین باشد چو مژگان سرکشست آری
فرو ماند سپه داری که بر گردد سپاه ازوی

رباعی

ای آنکه براه کعبه روئے داری   نازم که گزیده آرزوئے داری
زین گونه که تند میخرامی دانم   در حانه زن ستیزه جوئے داری

غالب نے حواشی میں دو شعروں کا مطلب خود اپنے ہاتھ سے لکھا ہے بعض اور چیزیں بھی غالباً ان کے قلم سے ہیں مثلاً قطعہ ۱٤ :

شباهتیست مرانرا که بر نیامده است   وگرنه موی بباریکی میان تو نیست

« سب کمر کو بال باندھتے ہیں ، شاعر کہتا ہے کہ استغفراللہ، بال کو کیا نسبت ہے کمر سے کہ نظر آتے ہی نہیں اور بال نظر آتا ہے . ہاں وہ بال جو ابھی نہیں اُگا اور نہیں نکلا اس کو کچھ مشابہت ہے کمر کے ساتھ . غالب »

در صفحه نبودم همهٔ آن چه در دل است
در بزم کمتر است گل و درچمن بسیست

«پھول باغ سے آیا کرتے ہیں ، باغ میں ہزاروں پھول ہوتے ہیں اور میرا دل چمن ہے اور صفحه انجمن . مضامین اتنے ہی نه تھے جو دیوان میں آگئے ، چمن میں پھول اور دل میں معنی بہت ہیں . غالب»

حواشی یا بین السطور میں بعض الفاظ یا بعض اشعار سے متعلق اشارات ہیں ؛ ان کے ذمه دار غالب معلوم ہوتے ہیں :

نثر : ۱ (۱) قطاس — گجگاہ

قلزم فشانیِ مژه از پهلوی دلست   این ابر را برات بدریا نوشته ایم
در هیچ نسخه معنیء لفظ امید نیست   فرهنگ نامهای تمنا نوشته ایم‡
آینده و گزشته تمنا و حسرت ست   یک «کاشکے» بود که بصد جا نوشته ایم‡

★

دوزند گر به فرض زمین را بآسمان
حاشا کزین فشار در ابرو خم افگنم‡

★

نقش به ضمیر آمدۂ نقش طرازم   حاشا که بود دعوی پیدائی خویشم‡

★

جلوۂ معنی بجیب وهم پنهان کرده ایم
یوسفے در چار سوی دهر نقصان کرده ایم

★

هم بعالم ز اهل عالم بر کنار افتاده ام
چون امام سبحه بیرون از شمار افتاده ام‡

★

چه پرسی کز لبت وقت قدح نوشی چه میخواهم
همین بوسیدنی چون مست تر گردی مکیدن هم‡

★

مستم بکنارم خزوتن زن که درین وقت
هرگز نشناسم که چه بود و چه کسست این

★

وای ز دل مردگی خوی بد انگیختن   آه ز افسردگی روی دژم داشتن‡
راز بر انداختن از روش ساختن   دیده و دل باختن پشت و شکم داشتن
باهم اشکستگی دم ز درستے زدن   باهم دل خستگی تاب ستم داشتن
گریه‌ام‌ازبیکسیست بو که‌درین‌پیچ‌وتاب   تن بروانی دهد نامه زنم داشتن‡

★

سر از حجاب تعین اگر برون آید
چه جلوه ها که بهر کیش میتوان کردن

ببزم باده گریبان کشودنش نگرید
خوشا بهانهٔ مستی خوشا رعایت شوق‡
دخان ز آتش یاقوت گر دمد عجبست
عجب ترست ازین بر ابش حکایت شوق
غلط کند ره و آید به کابه ام ناگاه
صنم فریب بود شیوهٔ هدایت شوق
متاع کاسد اهل هوس بهم بر زن
کنون که خود شدهٔ شحنهٔ ولایت شوق

★

مرد آنکه در هجوم تمنا شود هلاک
از رشک تشنهٔ که بدریا شود هلاک‡
گردم هلاک فرّهٔ فرجام رهروی
کاندر تلاش منزل عقا شود هلاک
غم لذتیست خاص که طالب بذوق آن
پنهان نشاط ورزد و پیدا شود هلاک

★

فیض سرگرمی دور قدح مے دریاب
بر گریز ست ،ه دی ماه اگر تاک چه باک

★

ناخن غصه تیز شد دل بستیزه خو گرفت
تا بخود اوفتاده ایم از تو کرانه کرده ایم
«غالب» از انکه خیروشر جز بقضا نبوده است
کار جهان ز پردلی بے خبرانه کرده ایم

★

مو گرفتار تو و دیرینه آزاد خودم
وه چه خوش بودی که بودی ذوق بهباد خودم

★

چون سر آمد پارهٔ از عمر قامت خم گرفت
این منم کز خویشتن بر خویش باری داشتم

زمن مترس که ناگه به پیش قاضی حشر هجوم ناله لبم را ز ناله وا دارد
پئے عتاب همانا بهانه می طلبد شکایتے که زما نیست هم بما دارد
ز جور دست تهی ناله از نهادم جست نئے که برگ ندار و همان نوا دارد
بخون تپیدن گلها نشان یکرنگیست چمن عزای شهیدان کربلا دارد
فغان که رحم بدآموز یارشد «غالب» روا نداشت که بر ما ستم روا دارد‡

★

تا خود بپرده ره ندهد کامجوی را درپرده رخ نمود و دل از پرده دار برد
گفتند حور و کوثر و دادند ذوق کار منع ست نام شاهد و مے آشکار برد‡
تا فتنه را ز گردش چشم سیاه گفت کینے که داشتم بدل از روزگار برد
پیشم ازان بپرس که پرسی واهل کوی گویند خسة زحمت خود زین دیار برد‡
نازم فریب صلح که «غالب» ز کوی تو ناکام رفت و خاطر امیدوار برد

★

تنگست دلم حوصلهٔ راز ندارد آه از نئے تیر تو که آواز ندارد‡
هرچند عدو در غم عشق تو بسازست دانی که چو ما طالع ناساز ندارد
تمکین برهمن دلم از کفر بگرداند بتخانه بتےخانه برانداز ندارد
بےحیله زخوبان نتوان چشم‌ستم داشت رحمست بران خسة که غماز ندارد

★

به مستی چتر بستن های طاؤسست پنداری
نشست ساقی و انگیز مینای مئے نابش

★

مقتول خویشان خودم جوئید خون ریز مرا
زینان که بر نعش منند از بهر شیون گشته جمع
رقصم بذوق روی او چون بینم اندر کوی او
هم رفته نفت و بوریا هم سنگ و آهن گشته جمع
ای عاشق بیچاره را در کوه و صحرا داده سر
فوجے ز خویشانش نگر در کوی و برزن گشته جمع

★

رنگ و بو بود ترا برگ و نوا بود مرا
رنگ و بو گشت کهن برگ و نوا گشت تلف

شه حریر و گدا پلاس برید   انچه من قطع کرده ام نظرست‡
منت از دل نمیتوان برداشت   شکر ایزد که ناله بے اثرست
ریزد آن برگ واین گل افشاند   هم خزان هم بهار در گزرست

★

نشاط جم طلب از آسمان نه شوکت جم
قدح مباش زیاقوت باده گر عنبیست‡

★

آخر از مینا بجاه و پایه افزون نیستی   بندهٔ ساقی شود گردن ز ایماش مپیچ

★

شتاب و زهد چه ناقدر دانی هستیست   بلا بجان جوانان پارسا ریزد

★

گر جلوهٔ رخ تو بساغر ندیده ایم   چندین بذوق باده دل از جا چه میرود

★

شب ز خود رفتم و برشعله کشودم آغوش   کو بدآموز که بیغاره بدلدار برد
گفتة باشی که بهر حیله در آتش فکنش   غیر میخواست مرا بی تو به گلزار برد‡
باز حسپیده لب از جوش حلاوت باهم   مرگ مشکل که زمالدت گفتار برد
مژه ات سفت دل و رفت نگاه تو فرد   کو ضمیرم گلهٔ سرزنش خار برد
می زند دم زفنا «غالب» و تسکینش نیست   تو که توفیق ز گفتار به کردار برد

★

بوسم لب دلدار و گزیدن نتوانم   نرمست دلم حوصلهٔ کام ندارد
آیا بدات واولهٔ کسب هوانیست   یا آنکه سرای تو لب نام ندارد

★

حکیم ساقی ومے تند ومن ز بد خوئی   ز رطل باده بخشم آیم ار گران بود
نگفة ام ستم از جانب خداست وا ے   خدا به عهد تو بر خلق مهربان نبود‡
چو عشرتے که کند فاسق تنک مایه   ز زخم خون بریان لیسم ار روان نبود
زمام ناقه بدست تصرف شوقست   بسوے قیس گرایش ز ساربان نبود‡
مرا که لب بطلب آشنا نخواستهٔ   روا مدار که شاهد ضمیر دان نبود
بالتفات نگارم چه جای تهنیت ست   دعاکنید که نوعے زامتحان نبود‡
عجب بود سر همخوابی کسے «غالب»   مرا که بالش و بستر ز پرنیان نبود

مے نوش و تکیه بر کرم کردگار کن — خط پیاله را رقم چون و چند نیست
«غالب» من و خدا که سرانجام برشکال — غیرازشراب‌وانبه و برف آب و قندنیست

★

هموعده‌وهم منع ز بخشش چه‌حساب ست — جان نیست مکرر نتوان داد شرابست‡
لهر اسپ کجا رفتی و پرویز کجائی — آتشکده ویرانه و میخانه خرابست
دوشینه به مستی که مکیدست لبش را — کامروز به پیمانهٔ مے در شکرابست

★

نگه بچشم نهان و ز جبه چین پیداست — شکرفی تو ز انداز مهر و کین پیداست
فتیلهٔ رگ جان سر بسر گداخته شد — ز پیچ و تاب نفسهاے آتشین پیداست
ز هے شکوه تو کاندر طراز صورت تو — ز خود بر آمدن صورت آفرین پیداست†

★

ظالم هم از نهاد خود آزار میکشد — برفرق ارّه ارّهٔ تشدید بوده است
تلخست تلخ رشک تمنای خویشتن — شادم که‌دل ز وصل‌تونومید بوده است
هر گونه حسرتے که ز ایام می کشیم — دُردِ تهِ پیالهٔ امید بوده است
حق را ز خلق جو که نوآموز دید را — آیینه خانه مکتب توحید بوده است

★

شنیدهٔ که بآتش نسوخت ابراهیم — ببین که بے‌شرر و شعله می توانم سوخت
چه مایه گرم برون آمدی ز خلوت غیر — که شکوه‌دردل و پیغاره برزبانم سوخت
مگر پیام عتابے رسیده است از دوست — شکسته رنگی یاران راز دانم سوخت

★

در عرض غمت پیکر اندیشهٔ لالم — پا تاسرم انداز بیانست و بیان نیست
پهلو بشگافید و به بینید دلم را — تا چند بگویم که چسانست‌وچسان نیست

★

گر منافق وصل ناخوش ور موافق هجر تلخ
دیده داغم کرد روی دوستان دیدن نداشت

★

مستی انداز لغزشے دارد — حیف پائی که آفتش ز سرست‡
دوستان دشمنند ورنه مدام — تیغ او تیز و خون ما هدرست
عقل و دین بردهٔ دل و جان نیز — انچه از مانبردهٔ خبرست

پروردهٔ نازیم برحمتکدهٔ عجز   بر پای تو باشد سر افراختهٔ ما
بودیم نظر باز و تو بر دل زدهٔ باز   ای دیده نوازش ز تو نتواختهٔ ما

★

آوازهٔ شرع از سر منصور بلندست   از شب روی ماست شکوهِ عسس ما+

★

تا چها مجموعهٔ لطف بهاران بودهٔ   تا بزانو سوده پای ما و می پوئیم ما

★

شوخی که خود ز نام وفاننگ داشتی   برباد میدهد بوفا نام و ننگ را

★

شبم تاریک و منزل دور و نقش جاده ناپیدا   هلاکم جلوهٔ برق شراب گاه گاهی را

★

نازم سخنش را و نیابم دهنش را   خوش تفرقه در باطل و حق میکنم امشب

★

حسن تو در حجاب ز شرم گناه کیست   جا بر کرشمه تنگ ز جوش نگاه کیست
ما با تو آشنا و تو بیگانهٔ ز ما   آخر تو و خدا که جهانی گواه کیست
مو بر نتابد این همه پیچ و خم شکن   زلف تو روز نامهٔ بحت سیاه کیست
بیخود بوقت ذبح تپیدن گناه من   دانسته دشنه تیز نکردن گناه کیست+

★

از ناله خیزی دل سختش در آتشم   کاین سنگ پرشرر ز هجوم نگاه کیست
گوید ز عجز چون تو خدا ناشناس حیف   با چون خودی که داور گیتی گواه کیست
با تو به پند حرف به تلخی گناهِ من   با من بعشق غلبه بدعوی گناه کیست

★

دلم بعهد وفای فریفت نامه سپار   خوش ست وعدهٔ تو گرچه از زبان تو نیست
گمان زیست بود بر منت ز بیدردی   بداست مرگ ولی بدتر از گمان تو نیست+
تغافل تو دلیل تجاهل افتاد ست   تو و خدای تو «غالب» ز بندگان تو نیست

★

نگاه خیره شد از پرتو رخش «غالب»   تو گوئی آینهٔ ما سراب دیدار ست

★

عهد وفا ز سوی تو نا استوار بود   بشکستی و ترا به شکستن گزند نیست
آن لابه های مهر فزا را محل نماند   برخوان خود «ان یکاد» که مارا سپند نیست+

تـا براحت مردم و یکره بخـاکم نامدی
دوزخے گرویده اندوه پشیمـانی مرا

☆

مردم به کینه تشنه خون همند و بس
خون می خوریم چون هم ازین مردمیم ما
پنهـان به عـالمیم ز بس عین عـالمیم
چون قطره در روانی دریا گمیم ما

★

خوشا جانے که اندوهے فرو گیرد سراپایش
ز نومیدی توان پرسید لطف انتظار ما
حریفان شورش عشق ترا بے پرده دیدندے
بداما گر نه گشتی موسم گل پرده دار ما
هنوز از مستی چشم تو می بالد تماشائی
بموج باده ماند پرتو شمع مزار ما

★

در عربده چشمک زند و لب گزد از ناز
تا بوسه لبم را ز طلب باز ندارد

☆

لبم از زمزمهٔ یاد تو خاموش مباد
غیر تمثال تو نقش ورق هوش مباد
وعدهٔ گردیده وفا طره پریشانی را
یا رب امشب بدرازی خجل از دوش مباد
هر کرا رخت نمازی نبود از نم مئے
جاے در حلقهٔ رندان قدح نوش مباد

☆

ور نامه تا بنوشتمش کز شهر پنهان میروم
دل بست در مضمون و لے نامم بعنوان خوش نکرد

ز جورش داوری بردم بدیوان لیک زین غافل
که سعی رشکم از خاطر برد نامش گواهان را

★

ازین بیگانگیها می نراود آشنا ئیها
حیا می ورزد و در پرده رسوا می کند مارا

★

فدایت دیده و دل رسم آرایش مپرس از من
خراب ذوق گلچینی چه داند باغبانی را

★

عرصه بر الفت اغیار چه تنگ آمده است
حوش فرو رفته بطبع تو خوشا کینهٔ ما

★

جوئے از باده و جوئے ز عسل دارد خلد
لب لعل تو هم این است و هم آنست مرا

★

بت مشکل پسند از ابتذال شیوه میرنجد
بگوئیدش که از عمرست آخر بے وفائیها

★

زاهد مناز چندیں زنارم ار گسستی از جبهه ام ندزدد کس سجدهٔ صنم را

★

زمن گرت نبود باور انتظار بیا بهانه جوے مباش و ستیزه کار بیا

★

در هجر طرب بیش کند تاب و تبم را مهتاب کف مار سیاهست شبم را
آوخ که چمن جستم و گردون عوض گل در دامن من ریخته پاے طلبم را
از لذت بیداد تو فارغ نتوان زیست در یاب عیار گلهٔ بے سببم را
ترسم که دهد ناله جگر را بدریدن قطع نظر از جیب ندوزید لبم را

★

با همه خرسندی از وے شکوه ها دارم همی
تا نداند صید پرسشهاے پنهانی مرا

« چر گر که ززخمه زخم بر چنگ زند »
« گیرم که ز دهر رسم غم برخیزد »
«بر دل از دیده‌فتح‌باب‌است‌این خواب» . (یه اور اسکے بعد کی ٥ رباعیاں).
« خواهم که دگر سخن بپیغاره کنم »
« در خورد تبر بود در ختیکه مراست» . (یه اور اس کے بعد کی ٥ رباعیاں).
«در باغ مراد نازبیداد تگرگ» .(یه اور اس کے بعد کی ٢ رباعیاں).
«بسمل که سخن طراز مهر آئین است» .(یه اور اس کے بعد کی ٢ رباعیاں).
«اے آں که گرفته ام بکوئے تو پناه».(یه اور اس کے بعد کی ٢ رباعیاں).
«نے کشتهٔ زخم ناوک و شمشیرم»
«تا مرکب شهر یار زین راه گذشت»
چوں درد ته پیاله باقیست هنوز. (یه اور اس کے بعد کی ٥ رباعیاں) .
«دستم بکلید مخزنے میبایست» . (یه اور اس کے بعد کی ٢٧ رباعیاں) .
کظ کی رباعی « تا میکش و جوهر دو سخنور داریم » حاشیه کخ میں هے .
کخ کی رباعی « اے داده بباد عمر در لهو و فسوس » اور حاشیهٔ کخ کی رباعی « اے آن که بدهر نام تو شاه رخ است » کظ میں نہیں .

کخ کے کچھ، اور حاشیهٔ کخ کے ایک شعر پر صاد بنا هوا هے، عجب نہیں که اگر یه فعل خود غالب کا هو[††] :

تعالی الله برحمت شاد کردن بیگناهان را
خجل نپسندد از رم کرم بیدستگاهان را
بنازم خوی خون گرم محبوبے که در مستی
کند ریش از مکیدنها زبان عذر خواهان را

[†† اس بات کی قوی امکانات هیں که ان اشعار پر خود غالب نے « صاد » بنایا هو « پنج آهنگ » کے آهنگ چهارم میں غالب نے اپنے انتخاب کیے هوئے کچھ اشعار درج کیے هیں، ان کے کچھ شعر پیش نظر انتخاب میں بھی موجود هیں - اسی طرح کچھ شعر غالب کے اپنے انتخاب کرده مجموعے میں ملتے هیں جو انهوں نے رامپور بهیجا تها. جهاں جهاں وه شعر آئے هیں وهاں یه نشان (‡)لگا دیا گیا هے .

اصل مضمون میں پورے شعر درج نه تهے بلکه طوالت سے بچنے کے لیے هر شعر کے ابتدائی اور آخری لفظ نقل کردیے گئے تهے اور درمیان میں نقطے ڈال دیے گئے تهے . اس خیال سے که ان اشعار کے پسندیدهٔ غالب هونے کے خاص امکانات هیں، یہاں یه اشعار « کلیات غالب » طبع اول (لکهنؤ ، ١٨٦٣) سے لے کر درج کر دیے گئے هیں . متن کی صحت کی ذمه‌داری مضمون نگار پر نہیں هے اور نه پیش کیا هوا متن نسخهٔ خدابخش کے اس دیوان فارسی کے مطابق هے جس پر یه مضمون لکها گیا هے [ایڈیٹر]

(۱) مشت . . . . غبار خودیم ما (۲) وه . . . . پیشانی مرا
(۳) همطرحی . . . . بر انداختهٔ ما (٤) فرصت . . . . . . ماهے دریاب
(۵) بودش . . . . . بیاید چه عجب (٦) ده . . . . هر افتاده است
(۷) شباهتیست . . . میاں تو نیست (۸) از . . . . پرداز نداست
(۹) چو وارسید . . . دکام سوحت (۱۰) نفس . . . . بیابم سوحت
(۱۱) مشاطه . . هنگامه فرو ریخت (۱۲) افسانه . . گفتی درین چه بحث
(۱۳) بیچاره . . بشیون درین چه بحث (١٤) گر . . . . . . رصاے ما مسیح
(۱۵) اے . . . . دهان هیچ (١٦) نور . . . . ساغر کریم طرح
(۱۷) برهم . . . . شمشاد بجنبد (۱۸) امنسب . . . . مسعود میرود
(۱۹) گوئی . . . . ماچه میرود (۲۰) گر . . . . جاحه میرود
(۲۱) ازین . . . گریباں برنمیآید (۲۲) مں و ناساری . . دگریزد ار کاغد
(۲۳) ز . . . . میخیزد از کاغذ (٢٤) تا . . . . درار آوردش
(۲۵) رحمت . . . . نماز آوردنش (٢٦) سرمایه . . . . . . میدهد عوص
(۲۷) این مسلم . . . . . . بود غلط (۲۸) من . . . . گذر دروع دروع
(۲۹) با غمت . . . قصا گشت تلف (۳۰) مماے . . . . شود هلاک
(۳۱) تنم . . . . کار من اندک (۳۲) پیمانه . . . . . سیلاب شسته ایم
(۳۳) در . . . . خوردارش کنم (٣٤) آورگی . . . . گ وه ایم
(۳۵) یک جهان . . نزار افتاده ایم (٣٦) تا . . . . دعاخیزد ارو
(۳۷) بلب . . جفا ئیکه داشتی داری (۳۸) توکے . . راست بمانیکه‌داشتی‌داری
(۳۹) هنوز . . پرده کشائیکه داشتی داری

جنون مستم بفضل نوبهاران مینوان کشتن
صراحی برکف و گل در کنارم میتواں کشتن
گرفتم کے بشرع ناز رارم میتوان کشتن
بفتواے دل امید وارم میتواں کشتن

کخ میں مصرع ۱ و ٤ یکی بعد دیگرے هیں اور مصرع ۲ و ۳ حاشیے میں الگ الگ .

ک کی ٦۰ رباعیات کخ یا اس کے حواشی میں نہیں هیں :

(۳۷) رفت برما آنچه خود ما خواستیم
(۳۸) ها پری چهره غزالان وزمردم رم شان
(۳۹) چون شمع رود شب همه شب دور ز سرمان
(٤۰) سرشک افشانی چشم ترش بین
(٤۱) بتے دارم از اهل دل رم گرفته
(٤۲) شاها ببزم جشن چو شاهان شراب خواه
(٤۳) در ز مہریر سینۂ آسودگان شد
(٤٤) ردست و پاے بند گرانے نہادۂ
(٤٥) گر نه نواها سرودمے چه غمستے
(٤٦) اے که گفتی ندهی داد دل آرے ندهی

کخ و کظ کی مشترک غزلوں کا ایک ایک شعر مقدم‌الذکر سے غیر حاضر ہے:

سررشتۂ هرکار نگه دار ز مستی — آشفتگیِ طره بدستار میاموز
هرچه ار جان کاست در مستی بسود افزودمش
هرچه با من ماند از هستی زیان نامید مش

کظ کی غزلہای ذیل حواشی خ میں ہیں:

(۱) آشنایانه کشد خار رهت دامن ما
(۲) من آن نیم که دگر میتوان فریفت مرا
(۳) آن که در پرده بصد داغ نمایا نم سوخت
بعنوان « یا اسدالله‌الغالب »
(٤) نادان صنم من روش کار نداند
(٥) درگریه از بس نازکی رخ مانده بر خاکش نگر
(٦) تیغ از نیام بیہده بیرون نکرده کس
(۷) در وصل دل آزاری اغیار ندانم

کظ کی ایک غزل: «ساخت زراستی بغیر ترک فسونگری گرفت» کا صرف مطلع حاشیه کخ میں ہے.

کخ و کظ کی مشترک غزلوں کے اشعار ذیل حواشی کخ میں ہیں:

(۱۰) تا بسویم نظر لطف جمس تامسن است
(۱۱) نشاط معنویان از شراخانهٔ تست
(۱۲) ببند پرسش حالم نمیتوان افتاد
(۱۳) خوبان به آن کنند که کس را زیان رسد
(۱٤) چه عیش از وعده چون باور ز عوانم نمی آید
(۱۵) گرچنین ناز تو آمادهٔ یغما ماند
(۱٦) نیست وقتیکه بما کاهشے ار غم نه رسد
(۱۷) باید ز مے هر آیینه پرهیز گفته اند
(۱۸) چاک چاک ار جیبم بدامان میرسد
(۱۹) بتان شهرستم پیشه شهریار انند
(۲۰) داستانان نخلند ار چه جفا نیز کنند
(۲۱) نقابدار که آئین رهزنی دارد
(۲۲) ترا گویند عاشق دشمنی آرے چنین باشد
(۲۳) از رشک کرد آنچه بمن روزگار کرد
(۲٤) کسے بامن چه در صورت پرستی حرف دین گوید
(۲۵) ببدل نشد اردل به بت غالیه مو داد
(۲٦) چو ره بقصد نشان بر کمان نخنماند
(۲۷) پروا اگر ار عربدهٔ دوش نکردند
(۲۸) بمرگ من که پس ار من بمرگ من یاد آر
(۲۹) اے ذوق نواسنجی بازم بخروش آور
(۳۰) دوشم آهنگ عشا بود که آمد در گوش
(۳۱) بیا بباغ و نقاب ار رخ چمن درکش
(۳۲) گفتم ز شادی نبودم گنجیدن آسان در بغل
(۳۳) بسکه بپیچد بخویش جاده ز گمراهیم
(۳٤) دیدم آن هنگامه بیجا خوف محشر داشتم
(۳۵) صبح شد خیز که ره داد اثر بدعایم
(۳٦) زمن حذر نکنی گر لباس دین دارم

نارسیدہ از عالم مستی بہوے بادۂ نا کشیدہ » :

« گر بسبیل کدۂ روضۂ رضوان رفتم »

کط کا قصیدۂ ۶۱ « زان نمیترسم که گردد قعر دوزخ جاے من » عنوان ذیل کے ساتھہ حاشیۂ خ میں ہے : « قصیدہ در ستایش مولوی محمد صدرالدین خان بہادر صدرالصدور شاھجہان آباد » .

کخ میں غزلوں کا عنوان یہ ہے : «از گرد خرام خامه نمک بر زخم دل ریختن و بخستن جستن غزالان غزل شور رستخیز از نہاد ورق بر انگیختن » .

کظ کی طرح کخ کی پہلی غزل یہ ہے : « اے بخلا و ملا خوے تو ھنگامه زا » .

کخ میں کوئی ایسی غزل نہیں ، جو کط میں نه ھو ، لیکن ، دو غزلوں کا ایک ایک شعر جو کخ میں ہے ، کظ سے غیر حاضر ہے :

جان در ھجوم جلوۂ قاتل صفا گرفت
گوئی کتان خویش بمہتاب شسته ایم

عبادتخانۂ خواھم چو قصر منعمان رنگین
غم دینیکه من دارم غم دنیا ست پنداری

کط کی غزلہاے ذیل کخ یا حواشی کخ میں نہیں ھیں ؛ کظ کی طرف رجوع کرنے سے یہ بھی معلوم ھوجائے گا کہ کخ میں کون کون سی غزلیں ھیں :

(۱) چون بقاصد بسپرم پیغام را
(۲) حق جلوه گر ز طرز بیان محمد است
(۳) لب شیرین تو جان نمک است
(٤) هر چه فلک نخواستست هیچ کس از فلک نخواست
(٥) از فرنگ آمده در شهر فراوان شده است
(٦) چون صبح من بسیاهی ز شام مانند است
(۷) دل برد و حق آنست که دلبر نتوان گفت
(۸) بوادییکه دران خضر را عصا خفتست
(۹) بامن که عاشقم سخن از ننگ و نام چیست

سرمستی قطره هاے چند از بیان افشاندن » : « نازم بگرانمایگی دل که ز سودا »

(٦) قصیدهٔ ۷ : « بنیروی نازش بندگی گستاخانه باایستادگان طرف بساط مرتضوی عرض حال کردن » : « خواهم که همچو ناله ز دل سر بر آورم »

(۷) قصیدهٔ ۹ : « کاهش دل در کشاکش ناسازی طالع ذنبی و چارهٔ آن بتسمین رنجور بلبوس کبیر نعت سبط نبی » : « مگر مرا دل کافر بود شب میلاد » . زایچه جو کظ میں هے . کخ میں نہیں .

(۸) قصیدهٔ ۱۳ « بگزارش مدح گیهان خدیو محمد اکبر شاه عاری و شاهزاده سلیم در شیوهٔ معنیٔ آفرینی عرفی را بر خود برشک آوردن و در عالم نام آوری و جائزه یابی خود بر طالع عرفی حسد بردن » :

« درین زمانه کلک رصد نگار حکیم »

(۹) قصیدهٔ ۱٤ « بلند آوازگی ساز تمناے دلیواری بجنبش مضراب مدح حضرت ابوالظفر سراج الدین بهادر شاه غازی» :

« زان گنجنامه کز خط ساغر گرفته ایم »

(۱۰) قصیدهٔ ۳۲ « زانو زدن شخص اندیشه بنظر گاه التفات گورنری باداے سپاس بنده نوازی و دردمند پروری » :

« باز باطراف باغ آتش گل در گرفت»

(۱۱) قصیدهٔ ۳۵ « بانداز تهنیت احراز پایهٔ و پس پریسیڈنٹی شور مدح سر چارلس مٹکاف بهادر انگیختن » : « یافت آیینهٔ بخت تو ر دولت پرداز »

(۱۲) قصیدهٔ ۳۹ « سخن در ثنای داور خوشخوے بهشتی روے بجاه کخیسرو وبداد سنجر مستراندرو استرلنگ بهادر» :

« فغان که نیست سرو برگ دامن افشانی »

(۱۳) قصیدهٔ ٤۰ « ثناے داور حق پرست حق گرا بحرم حق پسندی کشتهٔ زخم اهل جفا امیر باراے و فرهنگ و حاکم با هوش‌ونگ مدبرالدوله انتظام الملک صفوتیار خاں و لیم فریزر بهادر صلابت جنگ » :

« زجیب افق مهر چوں سر برآرد »

(۱٤) قصیده « گرایش خیال لکهنؤ بسروبرگ ذریعهٔ این قصیده و نگارش پذیرفتن مدح شاه اوده در جریده و بورق یاد گار ماندن مدح بممدوح

میں مثنوی ابر گہر بار میں شامل ہیں، اور دو جو ذیل میں درج ہیں کث : ۳٦ میں ہیں :

دوئی بے کفن مردۂ در رهش خودی دادگر شحنۂ درگهش
روان را بدانست سرمایه ده زبان را بگفتار پیرایه ده

حواشی کخ کی مثنویات ذیل کث میں ہیں، مگر کظ سے غیر حاضر ہیں :

(۱) «مثنوی در وصف گل کیوره» ص : ۹٦
(۲) «در تعریف سخن» : «ای بشناسائی نقد سخن» : ۳۳
(۳) «مثنوی دربیان ظهور صبح» : ۳۵
(٤) «در تعریف شام» : ۳٦
(٥) «مثنوی» : «بدهر آرایش دیوان حافظ» : ۳۷
(٦) «مثنوی در مدح بهادر شاه پادشاه» : ۳۸

کظ کے قصائد ذیل کخ میں ہیں :

(۱) قصیدۂ ۲ «بمصقلۂ نعت زنگ خمول از آیینۂ گفتار زدودن و بذریعۂ افدستائے ستوده ایزد خود را بصفت یکتائی ستودن» :

مرا دلیست به پس کوچۂ گرفتاری

(۲) قصیدۂ ۳ «مژدۂ مینا از بساط برم برهم خوردۂ طرب برچیده بجیب دل انداختن و در سفر از خار خار ذوق وطن نالیدن و جراحتهائے درونی را از دارالشفائے نعت رسول عربی مرهم نهادن» :

آن بلبلم که در چمنستان بشاخسار

(۳) قصیدۂ ٤ : «برومندی نخل نعت که اصل سعادت است بپیوند منقبت که شاخ میوه دار نهال ارادت است» :

چون تازه کنم در سخن آیین بیان را

(٤) قصیدۂ ٥ : «صورت نمائی راز شبانه در آیینۂ فروغ صبح گاهی بگشودن بند نقاب سخن بتائید نازش مدح یداللهی» :

صبحیکه در هوائے پرستاری وثن

(٥) قصیدۂ ٦ : «از جوش جگر تشنگی ذوق ستایش امیرالمومنین بگرداب اندیشه در افتادن و بمینو ازسر چشمۂ کوثر سر برآوردن و هم درآن

۵۲ « تاریخ رحلت میر فضل علی که بفرمان مبارزالدوله نواب حسام‌الدین حیدرخان بهادر رقم پذیرفت » .

۵۳ « تاریخ رحلت مرزا مسیتا بیگ کوتوال لکھنؤ بفرمان مولوی صدرالدین خان بہادر صدرالصدور » .

٦٠ ، ٦١ ھر دو بعنوان « فاتحه » .

کظ کے قطعات ذیل حواشی کخ میں ھیں : ۵ ، ۷ ، ۸ ، ۱۲ ، ۱٤ (ایک شعر زائد مگر یه اس طرح مٹا دیا گیا ھے که مصرع ۱ کی ابتدا میں « غالب » اور مصرع ۲ کی آغاز میں « همه » کے علاوہ کچھ پڑھا نہیں جاتا) ۱۸ ، ۲۰ ، ۲۷ تا ۲۹ ، ۳۳ ، ٤٠ ، ٤۳ ، ٥٤ ، ٥٥ ، ۲۲ بعنوان « نوحه » .

حواشی کخ کے قطعات ذیل کظ سے غیر حاضر ھیں مگر کٹ میں موجود ھیں :

(۱) قطعه متعلق «گلشن بیخار» ص : ۳٤

(۲) قطعه « اے شمع برم ماتم قاتل چگونهٔ » صفحه : ۸٤ میں بعنوان « رباعی » مگر رباعی کے وزن میں نہیں .

(۳) « قطعه در دیباچهٔ دیوان رحیم‌الدین شاهزاده » : ۳۸

(٤) قطعهٔ دوبیتی جس میں اس مصرع کی تضمین ہوئی ھے : « مارا اریں گیاه ضعیف این گمان نبود » : ۷٤

(۵) قطعهٔ دو بیتی جس کا مصرع آخر یه ھے «هم زحوی تو پدیدار دل آرائی مهر » : ۸۰

کخ میں ۳ یک بیتی معمے ھیں : «بنام عبدالله» ، «باسم کمال» ، «باسم شیخ کمال » یه کظ میں نہیں .

مثنویات کا آغاز نثر کے بعد ہوتا ھے اور پہلی مثنوی کا یه عنوان ھے : «افتتاح عنوان مثنویات که چمن در چمن و باغ در باغ، بمثنوی مسمی "بدرد و داغ" » اس کے بعد « مثنوی موسوم بچراغ دیر » . « مثنوی موسوم برنگ و بو » اور « مثنوی موسوم بباد مخالف » ھیں ، یه چاروں کظ میں شامل ھیں .

کظ کی « مثنوی موسوم بسرمهٔ بینش » حواشی کخ میں ھے . حواشی کی ایک مثنوی ۵ اشعار کی ھے ، جن میں سے ۳ کظ (صفحات ۱۱۹ و ۱۲۰)

قطعات ذیل کخ وکظ میں مشترک ھیں :

۱ تا ٤ ، ٦ ، ۹ ، ۱۰ ، ۱۱ « بیان بیمہری خویشان وشرح بیداد جور اندیشان و منع لب از گلۀ ایشان » .

۱۳ ، ۱۵ « شکوۀ بیداد بسہل تقریب از دل زدودن و ستمگر را در آزار حویش معذور داشتن » .

۱٦ « تضمین شعر استاد بمذمت اهل بیداد » .

۱۷ ، ۱۹ « دست نوازش پشت گربۀ مسکین فرود آوردن و بلابه ولاغ از آزار جاندارش باز داشتن » .

۲۲ تا ۲٤ ، ۲۵ مدح سگالی نواب ذوالفقار بہادر مسند آرائے بانده باندار شکایت فراموشی برنگارنگ گرمخونی و گرمجوشی » .

۲٦ « بمہر برادران سعادت‌توامان ، میرزا ضیاءالدین احمد خان و سید ذوالفقارالدین خان دل و دیده را بہم آمیختن و مینو کده درفضائے خیال برانگیختن» .

٤٥ «سیه پوشی ورق خونابه چکانی قلم و مویه سرائی نفس بمرگ داورستوده سیر مستر اندرو استرلنگ بہادر » .

٤٦ « قطعه در تاریخ ورود نواب گورنر جنرل بہادر » .

٤۷ « گزارش تاریخ طوی اندوه‌شوے را تقریب نگارش مدح شاه اوده ساختن و بمرطولۀ گلبانگ بیان شادابی گلہای آن نوآئین چمن ولوله در ضمیر بلبل نوایان انداختن » .

٤۸ « تاریخ نگارین گشتن قرطاس بواقعۀ فتح بھرت‌پور که کلک جادورقم صاحب خاق عمیم حضرت مولوی محمد فضل عظیم آن را در بحر شاهنامه نظم کرده و داد معجزبیانی داده » .

٤۹ « تاریخ اساس پذیرفتن مسجد بمقبرۀ قاضی‌القضات سراج الدین علی‌خان مرحوم » .

۵۰ « جنبش قلم بنگارش تاریخ امامباره که در کلکته بمحله اٹالی برمزار اقضی القضات سراج الدین علی خاں مرحوم و مغفور واقعست » .

۵۱ « تاریخ وفات اعلم العلماء العظام اسوۀ فضلاے کرام حضرت مولوی فضل امام » .

خاتمهٔ مذکور میں غالب نے اشعار کخ کی مجموعی تعداد ٥ ہزار[1] بتائی ہے . ظاہر ہے کہ اتمام کتابت کے بعد جو اشعار حواشی میں درج ہوئے وہ ٥ ہزار میں شامل نہیں .

کخ میں (بعد اختتام کتابت کے اضافات سے قطع نظر) کل ٤٨٨٨ اشعار بصراحت ذیل ہیں : قطعات[2] ، ٣٣٤ ، معمیات ٣ ، مثنویات ٦٠١ ، قصائد ٨٧٢ ، غزلیات ٢٩٨٨ ، رباعیات ٩٠

کط میں دیباچہ و خاتمہ (بعنوان «تقریظ») کے سوا کوئی نثر نہیں . کخ میں ورق ١٨ (الف) تک نثر و نظم مخلوط ہیں ، اس کے بعد صرف نظم اور آخر میں خاتمہ . درمیان میں کوئی نظم آئی ہے تو اس سے قطع نظر ، کخ میں نثریں ترتیب ذیل سے ہیں :

(١) دیباچہ ، یہ وہی ہے جو کط میں ہے ، مگر کخ میں یہ « بگوالله و برق‌ماسوا شو » پر ختم ہو جاتا ہے .

(٢) « دیباچهٔ رساله موسوم بگل‌رعنا » کث : ٢٧

(٣) دیباچهٔ دیوان ریخته ، دیوان وکث : ٢٩

(٤) خط بعنوان ذیل « سوادنامه که بنواب علی اکبر خان ، متولی امامبارهٔ هوگلی بندر نگارش یافته » کث : ٤٥

(٥) خاتمهٔ گل رعنا ، کث : ٣١ « گزارده‌آمد » کے بعد « هذا » کخ میں اس کی جگہ سواد نثر غیر منقوطه . کث صفحه ٣٢ میں « و هو هذا » کے بعد « مطرح » . کخ میں ان دونوں کے درمیان «عرضداشت غیر منقوطه» .

(٦) دیباچهٔ کط کا باقی مانده حصه بعنوان ذیل « سخن درباعث شیرازه بندی این اوراق پراگنده وستایش برادر بدل بمہرآگنده » .

(٧) خاتمه . اس کے آغاز میں « تقریظ » کی جگہ عبارت ذیل ہے :

«لختی سونش ازگردوپیش گہرهاے سفتهٔ نظم بدم گر[م] آورده به بیم‌روانے اندیشه باهم سرشتن‌وجواهرمهره از نثر ترتیب داده سخن‌را بمہرخاموشی رساندن»

---

١ کط میں ١٠٤٢٤ ، کم میں ٦ ہزار ، کث میں تعداد کی جگه خالی اور وہبح اہنگ، اشاعت ٢ میں مطابق کم .

٢ کط کا قطعه : ٤٨ (٤ بیتی) دراصل مثنوی ہے ، اس مقالہ میں بھی یہ قطعات میں محسوب ہو

کلیات نظم کا قدیم ترین نسخہ جو اس وقت موجود ہے ، کتبخانۂ خدا بخش بانکی پور کا مخطوطۂ ٤٤١ ہے ' جس کی مفصل کیفیت اس کتبخانے کے مخطوطات فارسی کی فہرست میں مرقوم ہے[1].

مرتب فہرست کا قول ہے کہ کاتب نے سال کتابت ١١٥٤ھ بتایا ہے ، حالانکہ صریحاً تیرھویں صدی ہجری کا لکھا ہوا ہے . یہ حیرت انگیز غلطی ہے ' کاتب کی عبارت ذیل جو اس نسخے کے بالکل آخر میں ہے ملاحظ ہو :

« یازدھم ربیع الآخر سنہ یک ھزار و دو صد و پنجاہ و چھار ھجری در دھلی از خط بد نمط جھجمل مھمل سمت اتمام پذیرفت» .

اس عبارت میں « پنجاہ و چہار» کے اوپر ١٢٥٤ صاف لکھا ہوا ہے . جھجمل یقین ہے کہ چھجمل ہوں جن کے نام کے خط « پنج آھنگ » میں ہیں . یہ جواھر سنگھ ، جوھر شاگرد غالب ، کے باپ تھے . جوھر کے نام کا ایک منظوم خط حواشی کخ میں ہے ، اس میں یہ مصرع بھی ہے :

پدر نیز مشتاق دیدارتست

خاتمۂ کخ میں عبارت ذیل ملتی ہے :

« تا امروز کہ از ھجرت یک ھزار و دو صد و پنجاہ[2] وسہ سال گذشتہ و رصدنگار طالع من باندازۂ خرامش پیک آسمانی در مشاھدۂ آثار سال چہل[3] و یکم است» .

اس کی بنا پر کہا جا سکتا ہے کہ کخ میں ١٢٥٣ کے بعد کی کوئی چیز شامل نہیں ، لیکن ، اس کے حواشی کا معاملہ جداگانہ ہے ' ان میں ایک قصیدہ ، دو رباعیاں ، کئی غزلیں اور ایک غزل کا ایك شعر ، اور چند مثنویات و قطعات ہیں ، جو اتمام کتابت کے بعد کا اضافہ ہیں . ان میں سے بعض کا زمانۂ تصنیف معلوم ہے ، اور یہ ١٢٥٤ھ کے بعد ہے . حواشی میں غزلوں کے کچھہ اشعار ایسے بھی ہیں ، جو ظاھرا کاتب نے سہواً چھوڑ دیے تھے ' اس کا احساس ہوتے ہی بڑھادیے .

١ دیکھیے A. Muqtadir : *Cat. of the Persian MSS Bankipore* III, pp 269-272

٢ کط میں « ھفتاد و ھشت » کم ، کث اور پنج آھنگ اشاعت ٢ میں مطابق کخ .

٣ کط میں «ھشت و ششم» کم ، کث اور پنج آھنگ اشاعت ٢ میں مطابق کخ .

درین غمخانۂ کلفت سر انجام   نصیب ما نشد یك داغ آرام

شیخ صاحب کا یہ قول کہ کلیات نثر کے کل نسخوں میں «میخانۂ آرزو» جلی قلم سے نمایاں کیا گیا ہے[1]، صحیح نہیں. یہ غالب کے دوران حیات میں صرف ایک بار چھپا تھا، اور اس نسخے میں یہ الفاظ ٹھیک اسی طرح مرقوم ہیں، جس طرح ان کے قبل و بعد کے الفاظ «مسمّیٰ بہ» و «سرانجام است» ہیں[2]. اگر «میخانۂ آرزو» مقابلۃً جلی قلم سے لکھا بھی گیا ہوتا، تو یہ لازماً غالب کا فعل نہیں سمجھا جاسکتا. یہ نسخہ بہت غلط چھپا تھا اور «گزارش» میں مالک مطبع اودھ اخبار کو اس کا اقرار ہے کہ حسب دلخواہ طبع نہ ہوسکا: «در ایامیکہ طبع میشد.. اکثر اوقات باسفار دہلی و آگرہ و میرٹھ.. وغیرہا گذشت، اہتمامے و انتظامیکہ مکنون خاطر بود بظہور نرسیدہ». غالب کی موت کے بعد کلیات نثر کے جو نسخے چھپے ہیں، ان میں اگر «میخانۂ آرزو» اس طرح ہے، جس طرح وہ کہتے ہیں، تو انہیں اس دعوے کے اثبات میں کہ اس کا یہی نام تھا، مطلقاً مدد نہیں مل سکتی. اس سلسلے میں یہ امر بھی قابل توجہ ہے کہ «پنج آہنگ»، کلیات نثر میں شمول سے پیشتر علاحدہ بھی چھپی تھی، طبع ثانی میں جو اس وقت پیش نظر ہے، «میخانۂ آرزو» ٹھیک اسی طرح لکھا ہوا ہے، جس طرح کہ کث میں ہے، اور جہاں تک مجھے یاد ہے، طبع اول کا بھی یہی حال ہے.

کلیات نظم کا کوئی خطی نسخہ ایسا موجود نہیں، جو «میخانۂ آرزو سرانجام» یا اس طرح کے کسی دوسرے نام سے موسوم ہو. کظ، «کلیات غالب فارسی» کے نام سے چھپا ہے. علی بخش خاں کے پیش نظر جو نسخہ تھا، ممکن ہے کہ اس میں مقدم الذکر نام درج ہو، مگر یہ نسخہ ناپید ہے.

---

۱ کث میں بکثرت الفاظ جلی قلم سے لکھے ہوئے ہیں چنانچہ اسی سطر میں جس میں کہ کلیات کا نام آیا ہے لفظ «غالب» جلی قلم سے تحریر ہوا ہے.

۲ اگر «سر انجام»، «سر انجام شدہ» ہے اور «سر انجام» اس طرح مستعمل نہیں، تو اس کے بعد «است» نہیں بود ہونا تھا. «است» کا ہونا قطعی طور پر یہ ثابت کرتا ہے کہ یہ نام «میخانۂ آرزو سر انجام» ہے. اگر صرف «میخانۂ آرزو» نام ہوتا تو پہلے جملے میں لفظ «سر انجام» ہرگز نہ آتا، اور «آرزو» کے مابعد «است» ہوتا

ہوا تھا ۔ شیخ محمد اکرام صاحب نے «غالب نامہ» میں اس نسخے کا نام جو علی بخش خاں کے پیش نظر تھا «میخانۂ آرزو» بتایا ھے ۔ جناب عرشی نے راقم‌الحروف کو لکھا تھا کہ اس پر «سر انجام» کا اضافہ چاھیے ، وہ تو اس پر قائم نہیں رھے[۱] لیکن میں نے اس سے اپنا اتفاق ظاھر کیا[۲]. شیخ صاحب نے میری تحریر کا صراحةً ذکر کیے بغیر ؛ «حیات غالب» میں اس کی اس طرح تردید کی ھے[۳] :

«پنج آھنگ کی اصل عبارت یوں ھے «دیوان . . سر انجام است» اس سے خیال ھوتا ھے کہ دیوان کا نام «میخانۂ آرزو سرانجام» تھا ، لیکن ، اس سے یہ نام بہت طویل بلکہ بیمعنی ھوجاتا ھے ۔ اس کے علاوہ ، کلیات غالب کے تمام نسخوں میں «میخانۂ آرزو» جلی قلم سے نمایاں کیا گیا ھے» .

«میخانۂ آرزو سر انجام» بہت طویل ھے تو «سبدِ باغِ دو در» جو غالب کی آخری کتاب کا نام ھے اور یقین ھے کہ اُنہیں[٤] کا رکھا ھوا ھو ، اس سے کچھہ ھی کم ھے .

«میخانۂ آرزو سرانجام» غالب کی متعدد دوسری ترکیبوں کی طرح ، بیدل کے رنگ میں ھے ۔ بیدل کی مثنوی ، «طلسم حیرت»[٥] میں «غمخانۂ کلفت سرانجام» آیا ھے ؛ غالب نے اسی کی تقلید کی ھے[٦]. غالب کی ترکیب بے معنی ھے ، تو یہ بھی بیمعنی ھے ۔ بیت بیدل :

۱ علی‌گڑھ میگزین (غالب نمبر)م . ۱۱٤ مرتبہ : ڈاکٹر مختارالدین احمد (علی‌گڑھ، ۱۹٤۹)

۲ مآثر غالب : ۵۱ (علی‌گڑھ ، ۱۹٤۹)   ۳ شیخ محمد اکرام : حیات غالب : ۱۰٦

٤ «سبد باغ دودر» کا خطی نسخہ جناب سید وزیرالحسن عابدی کی مہربانی سے میں نے دیکھا ھے ، مگر اس وقت یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس میں نام کے متعلق صراحةً کچھہ مرقوم ھے یا نہیں .

[غالب کے الفاظ یہ ھیں : «از آنجا کہ «سبد باغ دو در» یکہزار و دو صد وھشتاد وسہ عدد دارد و از روی حسن اتفاق باآغاز نگارش صحیفہ مطابق افتاد ، این نام لطفی دیگر دارد» (ایڈیٹر)]

۵ عبدالقادر بیدل : مثنوی طلسم حیرت : ۱۸ مطبع صفدری (بمبئی ، ۱۲۹۹) . بیدل کی بعض دوسری ترکیبیں جو «طلسم‌حیرت» میں ھیں ، ملاحظہ ھوں : درین ویرانۂ افسردن انجام ۱۹ ، کنون کلک محبت نامہ ارشاد ۳۰ ، چہ شد آن آستان سجدہ تعلیم ۳۱ ، جنون تعمیر الفت خانۂ دل ۳۲

٦ غالب کی کچھہ اور ترکیبیں جو بیدل کے رنگ میں ھیں درج ذیل ھیں : صورت‌خانۂ حمیارہ ۱۳ ، انتظار آباد حیرانی ۳۰ ، غفلت آرامی ٦۵ فنا تعلیم درس بیخودی ۷۱ ، غریب وحشت آباد تسلی ۱۲۳ ، آرزو خرامی ۱٦۳ ، غفلت متاع ۱۵٦ ، جنون علامت ۱۹ ، طرب انشای الفات ۱۹۸ . حوالے نسخۂ حمیدیہ کے صفحات کے دیے گئے ھیں .

غالب کے کلیات نظم فارسی کا قدیم ترین موجودہ نسخہ

قاضی عبدالودود*

علی بخش خاں، غالب کے برادر نسبتی «پنج آہنگ»‡ مصنفۂ غالب کے دیباچے میں لکھتے ہیں[1]:

«در آغاز سال یک هزار و دو صد و پنجاه و یک هجری شمس الدین خان را بقضاے آسمانی آن پیش آمد که هیچ آفریده مبیناد . . و بعد آں هنگامه هم درآن هنگام از جیپور بدهلی رسیدم، و بکاشانهٔ ... مولانا غالب ... فرود آمدم . چوں در آن ایام دیوان فیض عنوان که مسمیٰ بمیخانهٔ آرزو سرانجام است، تازه فراهم آمده و پیرایهٔ اتمام پوشیده بود، آن چه از نثر درآن همایون صحیفه ارقام داشت، همه را بخدمت والای آن خسرو اقلیم سخنوری خواندم».

اس اقتباس سے مستفاد ہوتا ہے کہ شمس الدین خاں کو پھانسی اوائل ۱۲۵۱ھ میں ہوئی تھی، علی بخش خاں اس کے کچھ ہی بعد دہلی پہنچ گئے تھے[2]، اور غالب کا دیوان فارسی اس زمانے میں تازہ تازہ مرتب

‡ مخففات: کث = کلیات نثر فارسی (لکھنؤ، ۱۲۸۴) کظ کلیات نظم فارسی (لکھنؤ، ۱۲۷۹) کخ: کلیات نظم کا وہ مخطوطہ جس کا تعارف مقصود ہے، کم. مخطوطۂ کتب خانۂ خدا بخش، زمانۂ اتمام کتابت ذیقعدہ ۱۲۵۷. اس سے متعلق راقم کا مقالہ «اردوے معلی» دہلی (فروری، ۱۹۶۰) میں شائع ہوا ہے

۱ غالب. کلیات نثر فارسی. ۲ (لکھنؤ، ۱۲۸۴.

۲ غالب کے ایک فارسی خط میں ہے «علی بخش خان از جیپور آمده و بکاشانهٔ نامه نگار طرح اقامت کرده» کلیات نثر: ۵۱، خط پر تاریخ تحریر درج نہیں، مگر امور ذیل اس پر دلالت کرتے ہیں کہ ۱۲۵۱ھ کا لکھا ہوا ہے (۱) مکتوب الیہ شیفتہ ہیں، جن کی «گلشن بیخار» کی تقریظ نوشتۂ غالب کی نسبت مرقوم ہے: «گرایش اندیشۂ وفا پیشه بسنجیدن زمزمهٔ تقریظ پارهٔ بفرمان مهر است و اختی بهوای دل». (۲) تپاں کے بارے میں لکھا ہے کہ ان کی وفات کو ۴ برس ہوتے ہیں (ان کے زمانۂ موت کے لیے «مآثر غالب» ۵۶ کی طرف رجوع ہو).

*قاضی عبدالودود بار ایٹ لا. صدر ادارۂ تحقیقات اردو، پٹنہ

معلومات و مراسلات :

متون :

فهرست تصاویر

مجلۂ علوم اسلامیہ

دسمبر ۱۹۶۰

فہرست مضامین

مقالات :

مجلس ادارت

مجلۂ علوم اسلامیہ سال میں دو بار شائع ہوگا

ایک شمارے کی قیمت پانچ روپے
محصول اور رجسٹری کے مصارف ایک روپیہ

مسلم یونیورسٹی پریس علی گڑھ

جلد ۱

ادارۂ علوم اسلامیہ

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

مجلۂ علوم اسلامیہ

جلد ۱ نمبر ۲

دسمبر ۱۹۶۰

ادارۂ علوم اسلامیہ

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

VOLUME I

NUMBER I

MAJALLA-I ʻULUM-I ISLAMIA

JUNE 1960

Published by

THE INSTITUTE OF ISLAMIC STUDIES
ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY
ALIGARH, INDIA

MAJALLA-I ʿULUM-I ISLAMIA

Vol. I No. 1 June 1960

SYNOPSIS OF CONTENTS

ARTICLES

introduce the unique manuscript of his *Kulliyyat* discovered by the author.

Risala-i-'Arram b. Asbagh al-Sulami by Abu Mahfuz al-Karim Masoomi. The rare manuscript of *Asma-i-Jibal-i-Tihama* by 'Arram was first published by M Abdul Aziz Memon from Lahore and afterwards by Abdul Salam Harun from Cairo. The present article gives a critical and detailed analysis of the latter edition.

'Aja'ib al-Dunya ka Nuskha-i-Aligarh by Dr. S. Maqbul Ahmad : A discussion on the manuscript of *'Aja'ib al-Dunya* preserved in the library of the Aligarh Muslim University. The writer of the article expresses his doubts as to the authorship of the work which is ascribed to al-Mas'udi.

'Ala al-Daula Kami Qazwini by Dr Umm-i-Hani Fakhruzzaman : The article introduces the manuscript of *Nafa'is al-Ma'athir* and gives an account of the author with selected specimens of verses written by him as well as by his kinsmen.

Jamal al-Din Mahmud b. 'Ali al-Ustadar al-Zahiri by Dr. Mukhtar ud-din Ahmad : Jamal al-Din Mahmud held an important position under the Mamlukes. He established a famous college with an endowment in the form of a library consisting of valuable manuscripts, mostly transcribed by the authors themselves or by well-known scholars. The article attempts to reconstruct an account of his life and achievements from the few available sources that have been spared through the ages, and tries to determine the existence of certain manuscripts which once belonged to the library and are now scattered in different parts of the world.

Turki ka ek ghair-ma'ruf Kutubkhana by Prof. Ahmad Atesh translated by Dr. N. Akmal Ayyubi : An account of the unknown collection preserved in Kastamonu.

TEXTS

- **Ma'rifat al Madhahib ed.** by Prof. Abdul Aleem : A critical edition of the tract, ascribed to Imam Abu Hanifa, dealing with the different sects in Islam, preceded by a short introduction by the editor.

SHORT NOTES AND COMMUNICATIONS

Kutubkhana -i- Ibn al-'Alqami ka ek Makhtuta by Dr. Mukhtar ud-Din Ahmad : *Kitab al-Muwashshah* belongs to the collection of books that adorned the library of Caliph al-Musta'sim's

famous minister Ibn al-'Alqami. The present manuscript is the only copy so far extant which carries the autograph of Ibn al-'Alqami. The article introduces the manuscript accompanied by a facsimile of the title page of the book.

'Urfi ke kuchh ghair matbu'a Ash'ar by Dr. S. Naimuddin : Twenty-seven unpublished couplets of a *qasida* by 'Urfi derived from two manuscripts preserved in Turkey.

BOOKS REVIEWS

Diwan -i- Abu Talib Kalim Kashani Tehran 1336 solar : by Dr. Nazir Ahmad.

OBITUARY

Prof. Enno Littmann (1875-1958). by Dr. Abdussattar Siddiqi.

نوجوان کام کرنے والوں سے بجا طور پر خوشگوار امیدیں وابستہ کی جاسکتی ھیں . [سکریٹری کی رپورٹ سے ماخوذ]

مطبوعات ادارہ :

ادارۂ علوم اسلامیہ سے ۱۹۵۹-۱۹٦۰ میں حسب ذیل مطبوعات شائع ہوئیں :

معرفة المذاهب	تصحیح : پروفیسر عبدالعلیم
جدید فارسی شاعری	از ڈاکٹر منیب الرحمن

Bulletin of the Institute of Islamic Studies Nos 2 and 3.

زیر طبع :

برگزیدۂ شعر فارسی معاصر (جلد دوم)	ترتیب : ڈاکٹر منیب الرحمن
فضائل من اسمه أحمد أو محمد	لابن بکیر البغدادی تصحیح : ڈاکٹر مختار الدین احمد

زیر ترتیب :

کتاب الإغتباط بمن رمی عن الإختلاط	لسبط ابن العجمی تصحیح : ڈاکٹر مختار الدین احمد
جمہوریۂ ترکی	از ڈاکٹر اکمل ایوبی

ھمارے مہمان :

مندرجہ ذیل اصحاب اس سال ادارۂ علوم اسلامیہ میں تشریف لائے : صدر جمال عبدالناصر ، هز ایکسیلنسی أحمد حسن الفقی ؛ سفیر جمهوریۂ عربیه، ڈاکٹر ریاض العطر (قاهره) ، پروفیسر والٹر . جے . فیشل ؛ استاذ کلیفورنیا یونیورسٹی (امریکہ) ، ڈاکٹر مائرن اسمتھ ؛ مشیر لائبریری کانگریس (واشنگٹن) ، جناب آصف اصغر علی فیضی ؛ وائس چانسلر کشمیر یونیورسٹی .

ڈاکٹر مائرن اسمتھ نے « اصفہان کے صفوی فن تعمیر» اور «مغل فن تعمیر» پر دو لکچر دیے . انھوں نے « امریکہ میں اسلامیات کی تعلیم کے ارتقا» پر بھی ایک تقریر کی . جناب آصف اصغر علی فیضی صاحب نے «ہندوستان میں اسلامی علوم کی درس و تدریس» پر تقریر کی .

پوری طرح واقف تھے چنانچہ وہ اپنی قلمی کتابوں کے شروع یا آخر میں وہ تمام معلومات جمع کر دیا کرتے تھے جو اس مخطوطے کی تحریر اور ترتیب سے متعلق ہوتی تھیں . یہ نہایت ضروری ہے کہ عربوں نے مختلف علوم کی ترقی اور سرپرستی میں جو حصہ لیا ہے اس کی تحقیق کے لیے منظم طور پر کام کیا جائے اس کے لیے روایتی طریقوں کی جگہ جدید معروضی نقطۂ نظر کا اختیار کرنا ناگریز ہے .

صدر جلسہ نے علوم اسلامیہ پر کام کرنے والوں کی توجہ کے لیے چار تجاویز بھی سامنے رکھیں .

(الف) علوم اسلامیہ پر عربی زبان میں مختلف علماء نے مختلف ملکوں میں جو کام کیا ہے، اس کا ایک تفصیلی اشاریہ (Index) مرتب کیا جائے.

(ب) تمام اہم تصانیف و تالیفات کے جو بہت ضخیم ہیں اشاریے تیار کیے جائیں . تاکہ ان سے بہ سہولت استفادہ ممکن ہوسکے .

(ج) ایسی تمام مفصل اور مختصر تصانیف کی فہرستیں بنائی جائیں جنھیں ایڈٹ کیا جانا ضروری ہے .

(د) علمی انداز سے تمام اہم عربی مصنفین کے حالات اور علوم اسلامیہ سے متعلق مسائل لکھے جائیں .

(ہ) مختلف ممالک میں علوم اسلامیہ سے متعلق جو بھی کام ہو رہا ہے اس کی فہرستیں ایک مقررہ وقفے کے بعد شائع کی جایا کریں تاکہ ایک ہی کام مختلف جگہوں پر نہ کیا جائے .

پروفیسر زبیر صدیقی نے کہا کہ یہ کام کافی محنت طلب ہیں لیکن اگر کانفرنس کے اہم مقاصد کے ساتھ اسے بھی شامل کرلیا جائے تو اس کی تکمیل ممکن ہوسکتی ہے .

کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کے علاوہ تین نشستوں میں علی گڑھ اور علی گڑھ کے باہر کے اصحاب قلم نے اہم موضوعات پر اپنے مقالات سنائے .

صدر کانفرنس پروفیسر محمد زبیر صدیقی نے مقالات کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ان کا اونچا معیار اس بات کی ضمانت ہے کہ علوم اسلامیہ سے متعلق تحقیقی رجحان ترقی کر رہا ہے خصوصاً

تحقیقی کام افراد کے باہمی تعاون کی فضامیں تیزی سے پروان چڑھتا ہے۔ چنانچہ کانفرنس کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ ہندستان میں اسلامی علوم سے متعلق جتنے ادارے یا افراد کام کر رہے ہیں ان کو ایک جا ہونے کا موقع دیا جائے تاکہ مبادلۂ خیال سے امداد باہمی کی صورتیں پیدا ہوں، ملک کے مختلف گوشوں میں مخطوطات کے جو ذخیرے موجود ہیں ان کی حفاظت کا مسئلہ بھی ہماری توجہ کا محتاج ہے۔ اس کے بعد انھوں نے کانفرنس کی کارکردگی کا ایک اور پہلو پیش کیا: آزادی کے بعد ہندستان کے تعلقات اسلامی ملکوں سے برابر استوار رہے ہیں جنھیں حکومت مستحکم تر بنانے کی کوشش کر رہی ہے۔ آج بین الاقوامی مفاہمت پیدا کرنے کے سلسلہ میں ہندستان جو کام کر رہا ہے دنیا اس کا اعتراف کرتی ہے اس اعتبار سے ہمارے کام کا ایک نیا پہلو اجاگر ہوتا ہے وہ یہ کہ ہندستان میں علوم اسلامیہ سے متعلق ہماری کوششیں اور اسلامی ملکوں کے تہذیبی اور علمی تصورات کا مطالعہ ہمارے ملک کی مفاہمتی مہم کو کامیاب بنانے میں مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

پروفیسر محمد زبیر صدیقی صدر کانفرنس نے ایک فاضلانہ خطبہ دیا انھوں نے کہا کہ اسلام ایک عظیم انقلابی تحریک ہے جس نے دنیا کی تہذیب و تمدن کی ترقی میں بہت اہم حصہ لیا ہے۔ اس کا ایک اہم جزو علوم کی سرپرستی ہے جس کی ابتدا اسلام کی اشاعت کے ساتھ ہی ہوچکی تھی۔ پروفیسر زبیر صدیقی نے اسے اسلام کی تہذیبی تحریک سے تعبیر کیا علم کے معروضی مطالعے کا مطالبہ قرآن کی آیات سے واضح ہے اس کے بعد اسلامی علماء، مؤرخین اور محققین نے تاریخی حقیقت نگاری کے مختلف طریقوں پر توجہ کی، نظام اسناد اس کی ایک بہت اچھی مثال ہے۔ یہ ایک قابل توجہ امر ہے کہ نویں صدی عیسوی ہی میں عرب اس طریقۂ فکر کی تشکیل کر چکے تھے جسے آج کل کی اصطلاح میں استقراری طریقۂ فکر کہا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ عرب علما مخطوطات کو مکمل صورت میں لکھنے کی ضرورت سے

میں ممکن ہوسکتی تھی جبکہ ملک کے تمام دانشور باہمی مشورے اور مبادلۂ خیال سے اس کا تفصیلی خاکہ تیار کریں ۔ ادارۂ علوم اسلامیہ نے اس کام کی ابتدا کی اور جنوری ۱۹۵۸ع میں علی گڑھ میں ایک کل ہند علوم اسلامیہ کانفرنس منعقد کی اس میں ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے اصحاب علم نے کانفرنس کے مقاصد سے اتفاق کیا اور طے کیا کہ مختلف کمیٹیوں کے ذریعہ ملک کے مختلف حصوں میں کام کا آغاز کر دیا جائے ۔ کانفرنس کا دوسرا اجلاس بتاریخ ۲۷، ۲۸ دسمبر ۱۹۵۹ع علی گڑھ میں منعقد کیا گیا شرکت کرنے والے مندوبین کی تعداد سے معلوم ہوتا ہے کہ کانفرس کی اُٹھائی ہوئی تحریک کی اہمیت کا احساس بڑھتا جا رہا ہے ۔

ڈاکٹر عبدالعلیم ، ڈائرکٹر ادارۂ علوم اسلامیہ اور صدر شعبۂ عربی مسلم یونیورسٹی نے ادارے کے مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے ایک اہم نکتے کی طرف توجہ دلائی ۔ اُنھوں نے کہا کہ آج کل اسلامی علوم اور ملکوں کی تہذیب و تمدن پر جو کام کیا جارہا ہے اس میں ایک اہم موضوع کی کمی کا شدت سے احساس ہوتا ہے وہ یہ کہ جنوبی مشرقی ایشیا (یعنی ملایا ، انڈونیشیا)، چین اور وسط ایشیا کی تہذیب پر اسلام کے جو اثرات پڑے ہیں ان کے مطالعہ سے عام طور پر بے توجہی برتی جارہی ہے حالانکہ اسلام کا اثر شمالی چین سے جنوبی افریقہ تک اور انڈونیشیا سے مراکش تک پھیلا ہوا ہے ۔ ان اثرات کے گونا گوں مظاہر ہیں اور عمل اور رد عمل کی بے شمار صورتیں ہیں ۔ جدید علمی معیار سے ان کا مطالعہ ایک گراں قدر علمی کام ہوگا ۔ اس کے علاوہ خود ہندستان بھی وہ توجہ حاصل نہیں کرسکا جس کا وہ مستحق ہے ہندستان میں جو اسلامی تحریکیں یا اسلام سے متاثر تحریکیں پیدا ہوئیں ، مختلف علوم اسلامیہ مثلاً تفسیر، حدیث، فقہ وغیرہ پر ہندستانی علما نے جو کام کیا ، یہ سب مطالعہ کے ایسے میدان ہیں جو ابھی تک تقریباً خالی پڑے ہیں ۔ ڈاکٹر عبدالعلیم نے اس کے بعد کانفرنس کے ایک اور مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے بتایا کہ اس حقیقت کو دہرانے کی ضرورت نہیں کہ


اشارات

کل ہند علوم اسلامیہ کانفرنس :

ہندستان نے اپنی آزادی کے حصول کے بعد ملک میں علمی تحقیق کی اہمیت، ضرورت اور اس کی حوصلہ افزائی کے پیش نظر جو قابل قدر اقدامات کیے ہیں ان میں ادارۂ علوم اسلامیہ، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کا قیام ایک نمایاں حیثیت رکھتا ہے اس ادارے نے ۱۹۵٤ع میں حکومت ہند کی منظوری اور تائید سے ڈاکٹر عبدالعلیم کی نگرانی میں اپنا کام شروع کیا.

اس ادارے کے قیام کا مقصد علوم اسلامیہ پر تحقیق اور قدیم و جدید علمی و ادبی رجحانات کے مطالعہ کی ایک دیرینہ ضرورت کو پورا کرنا تھا. چنانچہ اس کے مقصد میں ایک طرف اسلامی تہذیب و تمدن اور اس کے دینی، علمی اور ثقافتی تصورات اور دوسری طرف ممالک اسلامیہ کے جدید سیاسی اور سماجی رجحانات کا مطالعہ شامل ہے. علاوہ ازیں اس کے دائرۂ عمل میں عربی، فارسی اور ترکی زبان و ادب کا مطالعہ اور بالخصوص ان زبانوں کے جدید اسالیب سے واقفیت بھی شامل ہے.

ہمارے ملک میں اپنے محفوظ علمی سرمائے کے جائزے اور اسے منظر عام پر لانے کی جو تحریک پچھلے چند برسوں میں مقبول ہو گئی ہے اس کا ایک اہم جزو علوم اسلامیہ سے بھی تعلق رکھتا ہے. کچھ عرصے سے یہ محسوس کیا جا رہا ہے کہ علوم اسلامیہ کی ترویج و ترقی میں اب تک ہندستان کے علما کا جو اہم حصہ رہا ہے اور آج بھی ملک کے مختلف حصوں میں انفرادی اور اجتماعی طور پر جو کام کیا جا رہا ہے اس کے جائزے اور تنظیم کو کوئی باضابطہ شکل دی جائے اس اہم اور ملک گیر نوعیت رکھنے والے کام کی تکمیل اسی صورت


Cairo


E. Littmann

عکس مکتوب پروفیسر لتمان

از قاہرہ



پروفیسر انو لتمان ۱۹۱۹ میں


كل سنه وأنتم بخير
وعافيه
والسلام
أنو لتمان
بتاريخ ١٩١٣ مدينة اولدنبورگ

عکس مکتوب پروفیسر لتمان

از اولدن بورگ (جرمنی)

اِس میں شک نہیں کہ لقمان نادرالزّمان تھے . اخلاق و خصائل کی خوبی اور برتری میں بےمثال تھے . یہی ھے راز اُن کی عظمت کا .

الہ آباد

ڈاکٹر عبدالستار صدیقی

[۱/۷/۱۹٦۰ع]

اور اشتراس بورگ کی یونیورسٹیوں سے پروفیسوری کی دعوت آئی ۔ اشتراس بورگ کی دعوت کو قبول کرکے جرمانیا پہنچے اور اپنے محترم اُستاذ نوءلدیکے کے جانشین ہوئے ۔ نوءلدیکے ۱۹۰۶ میں ستّر برس کی عمر پوری کرکے دستکش ہوئے تھے اور وہیں ۱۹۲۰ تک مقیم رہے ۔ ۱۹۱٤ میں ایک اور نامور استاذ ویلہاوزن گوءٹنگن یونیورسٹی کی خدمت سے سبکدوش ہوئے ، تو لتمان وہاں بلاءے گئے ۔ یہ بہت بڑی عزت اور فخر کی بات تھی کہ دو بہت بڑے محققوں نے اُن کو اپنا جانشین بنایا ۔ پھر بون یونیورسٹی میں بلاءے گئے اور بالآخر تیوبنگن آءے ۔ اِس دفعہ برلین سے بھی دعوت آءی تھی لیکن اُنھوں نے اُسے اِس لیے پسند نہ کیا کہ علمی کام کرنے والے کے لیے چھوٹے شہر زیادہ مناسب ہیں جہاں کام کرنے کے لیے سکون اطمینان اور ہوتا ہے ۔

جرمانی حکومت کی طرف سے اُن کو متعدد بڑے بڑے خطاب ملے تھے ۔ اور ملکوں ، خصوصاً مصر اور امریکا کی یونیورسٹیوں سے ، بار بار مختصر زمانے کے لیے لکچر دینے یا کسی اور علمی مقصد کے لیے بلاءے جاتے تھے اُن مقامات کے اہل علم سے اُن کے تعلقات نہایت دوستانہ تھے ۔ اُن کی تجدید بھی ہوتی تھی اور علمی لین دین بھی۔ لتمان کے علمی مقالے یورپ کے مختلف ملکوں اور مختلف زبانوں کے علمی رسالوں میں شائع ہوتے رہتے اور بڑے شوق سے پڑھے جاتے ۔ اُن کے تصانیف کثرت سے شائع ہوچکے ہیں جن کی تعداد پانچ سو سے یقیناً زیادہ ہے ۔ اِن میں ایک سے زیادہ ضخیم جلدوں کی موٹی موٹی کتابیں بھی ہیں اور چند صفحوں کے مختصرات بھی ۔ اکثر و بیشتر ایسے مسائل پر لکھتے تھے جو اہل فن کے فائدے کے لیے تھے ۔ لیکن وہ اپنے فیض سے عام پڑھنے والوں اور بچوں کو خوش رکھنے میں بھی کمال رکھتے تھے ۔ لطیفوں اور چٹکلوں کا ایک بڑا ذخیرہ جمع کرلیا تھا جس میں غالباً بہت کم اِشاعت پذیر ہوسکا ہے ۔ اُن کے قلم کی روانی اور بیان کی تازگی اور شگفتگی حیرت انگیز ہے ۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ اِن سب چیزوں کے لیے وقت کہاں سے نکال لیا کرتے تھے۔

کہ معاشی کی معقول ملازمت جب چاہیں گے بلا زحمت مل جاےگی.
ڈاکٹر کی ڈگری کا سامان ساتھ ہی ساتھ کرچکے تھے. مقالۂ فضیلت
تیار تھا. مقالے کا مبحث حبش کی اُس قدیم ادبی زبان سے متعلق تھا جس
پر اُس وقت تک گویا کوءی کام ہوا ہی نہ تھا اور سامی زبانوں میں سے
حبش کی بولیوں کے یورپی جاننے والوں کی تعداد بہت ہی کم تھی.
یوں کہیے کہ اِس نوجوان محقق نے نوتوڑ زمین پر ہل چلایا. مقالے
پر ممتحنوں نے مسرت کا اِظہار کیا اور لتمان کو ایک ہی سال میں دو
شاندار کامیابیاں ارزانی ہوئیں. اب صرف ایک آرزو یہ باقی تھی کہ اُستاذ
المستشر قین تیودور نوءلدیکے کے آگے زانوے تلمذ تہ کریں. سیدھے اشتراس
بورگ کا رخ کیا اور وہاں جاکر اُن سے فیضیاب ہوءے اور اُن کے،
کم سے کم اُس زمانے کے شاگردوں میں، بہترین مانے گئے. اُس
وقت لتمان کی عمر صرف ۲۳ برس تھی. اُستاذ کی خدمت میں فقط
٦ مہینے رہے تھے کہ ایک امریکی مہم کے (جو آثار قدیمہ کی تحقیق
کے لیے فلسطین اور شام جارہی تھی) رکن بنا لیے گئے، اب اِن کی
سیاحی کا زمانہ شروع ہوتا ہے. وہاں جاکر بہت سے قدیم کتبوں کے
پڑھنے اور اُن کی صحیح تشریح کر نے میں کامیاب ہوئے.
کتبوں کی نقلوں کا ذخیرہ لے کر وطن واپس آءے ہی تھے کہ
خبر ملی: پرنسٹن یونیورسٹی (امریکا) نے اُنھیں لکچرار مقرر کیا. وہاں
جاکر دو ہی برس کام کیا تھا کہ یونیورسٹی نے آثار قدیمہ کی تحقیق
کے لیے ایک اور وفد مشرق کے ملکوں میں بھیجنا چاہا اور اُس کے رکنوں
میں لتمان کا نام سر فہرست تھا. اِس کام کو بھی جلد سرانجام کرکے وطن آءے.
شام اور شمالی عرب کے سنگی کتبوں کی تدوین و تشریح سے فارغ ہوچکے
تھے، مگر ایک اور میدانِ تحقیق باقی تھا. اپنے طور پر سامان کرکے
حبش کے پاے تخت اَقسوم (Aksum) جاپہنچے اور کام شروع کردیا.
کچھ دن بعد خود جرمانی حکومت نے ایک وفد وہاں بھیجنے کا اِرادہ
کیا. لتمان کو قیادت سپرد ہوءی. اِس سے اُنھیں بہت مدد ملی اور
کارگزاری کی رفتار تیز ہوگئی. تقریباً سال بھر بعد ایک ہی ساتھ پرنسٹن

کا ذکر اوپر آچکا ھے . اخیر کارڈ مئی ۱۹۴۸ میں قاھرہ سے بھیجا گیا تھا اور کئی مہینے بعد مجھے ملا تھا . اُس کا عکس اِن اوراق میں شامل ھے .

° ° °

زبانوں کے سیکھنے کا شوق لتمان کو بچپن سے تھا اور جب اور جہاں کوءی موقع ھاتھ آتا ، اُس سے فائدہ اُٹھانے سے چوکتے نہ تھے . حافظہ نہایت قوی اور ذھن برّاق رکھتے تھے اور آسانی سے اپنی معلومات میں وافر اِضافہ کرلیا کرتے تھے . اِبتداءی تعلیم کے بعد ذاتی شوق سے کسی نہ کسی غیر نصابی مضمون میں بھی درک و استدراک کرتے رھے . اِس طرح ایک تو اِستعداد بہت اچھی ھوگئی دوسرے خوداِعتمادی پیدا ھوءی اور کام میں زحمت محسوس کرنے کے بجاے لطف آنے لگا . اور یہ رفتار گویا اُن کی طبیعت ثانیہ ھوگئی . اب وہ نہ کسی کی نگرانی کی ضرورت رکھتے تھے نہ کسی سے راے لینے کی حاجت . اُن کی راے خود ایسی صائب تھی کہ اپنے مستقبل کو وہ آپ ھی سنبھالتے چلے گئے . اسکولی تعلیم سے فراغت نہ ھوءی تھی کہ شفیق باپ کا سایہ سر سے اُٹھ گیا اور یہ پژمردہ ھوگئے لیکن ماں کی صحبت اور شفقت نے اِن کی مدد کی اور اِن کی سعادتمندی نے اُنھیں کی خوشنودی کو سب کچھ سمجھا . اسکول سے فارغ ھونے تو علاوہ لاتینی ، یونانی ، فرانسیسی ، انگریزی اور عبرانی کے کئی اور زبانوں میں ، اپنی ذاتی سعی سے ، معقول معلومات اور مشق بہم پہنچا چکے تھے . یونیورسٹی کی تعلیم برلین سے شروع کر کے گراء فسوالد اور پھر ھالے‡‡ کی یونیورسٹیوں میں داخل ھوءے ، اور اخیر دارالعلم سے معلمی (درجۂ اول) کے اِمتحان میں کامیاب ھوءے اور یہ اِطمینان ھوگیا

‡‡ Berlin ، Greifswald اور Halle جرمانیا کی قدیم اور مشہور درسگاھیں ھیں .

« الف لیلۃ و لیلۃ » کے ترجمے کا بار لدا ہوا ہے†. کلکتے کی میکناٹن والی دوسری اِشاعت کے مطابق ترجمہ ہورہا ہے. ساتھ ساتھ بعض اہم داستانوں کو دوسرے ماخذوں سے لے کر شامل کرتا جاتا ہوں. دو جلدیں شائع ہوچکی ہیں (یعنی کل ۱۷۰۰ صفحے) اور یہ پوری کتاب کی تہاءی ہے . . . » (۲۵ فروری ۱۹۲۳).

اِس شادکامی کی بشارت کے بعد ایک غمی کی خبر آتی ہے :

« جون میں میری پیاری بوڑھی ماں نے اِس دنیا سے رحلت کی. ساڑھے اِکیاسی برس کی عمر پاءی. اِس سانحے نے میری زندگی میں وہ خلا ڈال دیا جو کبھی نہ مٹے گا » (۲۰ اکتوبر ۱۹۲٤)

دوسری عالمگیر جنگ آءی تو خط کتابت بند ہوگئی. ۱۹٤۷ میں حسنِ اِتفاق سے اُوتو اشپیس‡ کا خط بون سے آیا تو اُن کو لکھا کہ ہمارے اُستاذ لتمان کی خیریت اور پتا لکھو. اُن کا جواب ابھی نہ آیا تھا کہ اُستاذ کا خط آپہنچا جس کی چند سطریں یہ ہیں :

> "I am very glad to be able to write you now after that long interruption. Of course, I am in the main responsible for it, and I am very sorry for it I have been very busy all these last years with my work in the University, my own publications.. Then the lamen-table second big war broke out, and we were secluded from most of the world. I worked on as much as I could, and even when the bombers were thundering over our house and the tanks were circulating around it For more than a year our food consisted mainly of potatoes poor read and cabbage ".
>
> (18 1947)

یہ دوسرا خط تھا جو اُنھوں نے انگریزی میں مجھے لکھا (ظاہرا اِس خیال سے کہ جرمانی لکھا جاءے تو شاید راہ میں روک لیا جاءے). پہلا خط انگریزی میں وہ تھا جو ستمبر ۱۹۱۲ میں لکھا گیا تھا، اور اُس

---

† یہ ترجمہ ٦ جلدوں میں چھپا اور کئی سال بعد ایک انتخاب (ایک جلد میں) عام پڑھنے والوں اور بچوں کے لیے.

‡ Prof. Otto Spies جو کئی سال علی‌گڑھ کالج میں رہ چکے تھے، لتمان کے شاگردوں میں ہیں.

آتا ھے ۔ اُسی کا پرتو سب بیٹوں بیٹیوں پر نمایاں تھا ۔ میں نے اپنے دل میں کہا :« این خانہ تمام آفتاب است » شاید ایسے ھی کسی خاندان کی شان میں کہا گیا تھا ، اور یہیں سے ھے کہ لتمان اپنے ھم چشموں میں ممتاز اور سربلند ھیں ۔ اگلے دن میں اولدین بورگ سے رخصت ھوکر گوءٹنگن گیا اور وھاں سے ۲۳ ستمبر ھولانڈ کو روانہ ھوا ۔ لاءِڈین میں ۵ ھفتے قیام کر کے انگلستان ھوتا ھوا ۳۱ دسمبر ۱۹۱۹ کو بمبئی پہنچا ۔ لتمان سے خط کتابت جاری رھی، البتہ کبھی کسی باعث خط کے پہنچنے میں تأخیر ھوتی تو مایوسی ھوتی اور ایسا معلوم ھوتا کہ سلسلہ ٹوٹ گیا ۔ بہت دن بعد ایک خط ملا :

« تمھارے سابق خط جو بون کے پتے پر تم نے بھیجے تھے یقیناً راہ میں ضائع ھوگئے ۔ میں اکتوبر ۱۹۲۱ سے تیوبنگن† میں ھوں ۔ ٦ اکتوبر کو (یعنی ۱۸٦٤ میں) جس تاریخ پروفیسر نوءلدیکے کی شادی ھوءی تھی ۱۹۲۱ میں اُسی تاریخ میری شادی اُن کی پوتی (اُن کے سب سے بڑے بیٹے کی بیٹی) ایلرا کے ساتھ ھوءی ۔ پارسال گرمیوں کے موسم میں ھمارے ھاں ایک بیٹی پیدا ھوءی جس کا نام ھم نے اینّا گریلا رکھا ھے ۔ بچی « الحمد للہ » اچھی ھے ۔ پہلے کچھ دن اُس کی غذا کے لیے ضروری اشیا کا مہیا کرنا ھمارے لیے مشکل تھا ۔ اِدھر چند دن سے سویسی احباب کے توسط سے دردھ ، مکھن اور اور چیزیں ھم کو مل جاتی ھیں اور شکر گزاری کے ساتھ ھم اُس ننھی جان کو دیکھ کر خوش ھوتے ھیں کہ اُس کی نشوونما اب کیسی اچھی ھورھی ھے ۔ پروفیسر نوءلدیکے کے پاس یہاں سے جاکر میں اکثر مل آتا ھوں ۔ اُمیدھے ۲ مارچ کو اُن کی ۸۷ ویں سالگرہ کے موقع پر اُن کے پاس جاءوں ۔ اب وہ روز بروز زیادہ کمزور ھوتے جارھے ھیں ، لیکن اُن کا دماغ اب تک روشن ھے اور کچھ لکھتے بھی رھتے ھیں . . . میرے اوپر ابھی تک

† Tuebingen جرمانیا کا ایک شہر اور یونیورسٹی ۔

کارِ نمایاں تھا»۔ (۱۹ فروری ۱۹۱۹)۔

اس پر خلوص تحریر نے، میں بیان نہیں کرسکتا میرے دل پر کیسا گہرا اثر کیا۔ اگست ۱۹۱۹ میں جب میں جرمانیا سے رخصت ہونے کی تیاری کررہا تھا، لتمان کو لکھا کہ ستمبر کے اخیر ہفتے میں روانہ ہوں گا۔ جواب آیا:

«معاف کرنا، میں نے مدت سے تمھیں خط نہیں لکھا، رات دن ایسا مصروف رہا کہ خط کتابت کی نوبت کسی طرح نہ آءی۔ اب ۱٦ یا ۱۷ اگست کو اولدین بورگ جارہا ہوں۔ بہت جی چاہتا ہے تمھیں پھر ایک بار دیکھوں۔ یہ ممکن ہے کہ تم اُدھر سے چلو اور میں یہاں سے بریمن یا اوسنابریوک|| پہنچوں اور راستے ہی میں تم سے مل لوں لیکن چاہتا یہی ہوں کہ اولدین‌بورگ میں تمھیں دیکھوں۔ اِنگلستان کس راستے جارہے ہو؟ راستہ کوءی سا اِختیار کرو، اُس کے کسی نہ کسی نقطے سے اولدین‌بورگ کو خاصا قریب پاءوگے»۔
(۹ اگست ۱۹۱۹)۔

میں نے شکرگزاری کے ساتھ اِس دعوت کو قبول کیا اور ستمبر کے تیسرے ہفتے میں اولدین‌بورگ پہنچا۔ لتمان بہت خوش ہوءے۔ دوسرے دن اپنے والد مرحوم کا قاءم کیا ہوا چھاپےخانہ دکھایا جو اُس نواح میں سب سے بہتر مطبع تھا۔ پروفیسور صاحب کے ایک چھوٹے بھاءی اُس کے مہتمم تھے اور دوسرے اُن کے مددگار۔ شام کو اپنی والدۂ محترمہ کی خدمت میں لے گئے۔ بڑی شفقت اور یگانگت سے پیش آئیں۔ خوشدلی اور خوش اخلاقی کی ایک تصویر تھیں جس کے خط و خال میں نیک‌دلی اور وقار کا ایسا خوش آیند اِمتزاج جو شاذ و نادر دیکھنے میں

† یہ وہ زمانہ تھا کہ لتماں بون (Bonn) یونیورسٹی کی دعوت پر وہاں جاچکے تھے اور جنگ کے خاتمے پر راءن دریا (جر. Rhein، انگر. :Rhein) کے شمالی علاقے پر (جس میں شہر بون واقع ہے) انگریزی فوج کا قبضہ ہو گیا تھا جس سے وہاں کے باشندوں کو اِس طرح کی ناگواریاں جھیلنا پڑی تھیں۔

|| Bremen اور Osnabrueck ریل کے دو بڑے جنکشن۔

سوا دو چار مختصر اِشارات کے سب اُنھیں کی تحریر ہے اِس لیے میں نے اُسے واوین کے درمیان رکھا ہے » . اِس طرح قضیہ ختم ہوگیا اور لتمان نے گویا یہ بتا دیا کہ « ہم لعل . . . » والی حکمت پر یوں عمل کرتے ہیں‡ .

لتمان کے برلین چلے جانے سے میں اُن کے فیض سے محروم ہوگیا لیکن وہ باوجود اپنی مصروفیت کے میرے ہر خط کا مفصل جواب دیتے اور بیشتر بلا تاخیر؛ ذرا بھی دیر ہوجاتی تو عذرخواہی کرتے اور ایسے لفظوں میں کہ میں شرمندہ ہوتا اور اُن کے وسیع اخلاق کا اور زیادہ گرویدہ . امرِ واقع یہ ہے کہ اُن کا ہر خط میرے لیے ایک تازہ مسرّت اور شکر گزاری کا سامان ساتھ لاتا تھا . ۱۹۱۸ کے اکتوبر میں میرے والد کا انتقال ایک مختصر علالت کے بعد ہوا . تین مہینے بعد مجھے خبر پہنچی . چند دوستوں سے ذکر کیا . لتمان کو بھی لکھا اُنھوں نے تعزیت کا خط بھیجا جس نے میرے دل کو بہت تشفی بخشی . اُس کی چند سطریں یہ ہیں :

« . . . جب میرے باپ کا انتقال ہوا ، میں ہنوز اسکول میں پڑھتا تھا . اُس وقت مجھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ساری دنیا اور جو کچھ میرے گرد و پیش ہے ، یہ سب فنا ہو رہا ہے یہ بات کسی طرح میرے ذہن میں نہ آتی تھی کہ میرا نیک باپ اب زندوں میں نہیں ہے . اِس خوش نصیبی پر کہ میری ماں ابھی جیتی ہے میں ہر روز شکر کرتا ہوں اور یہ خیال میرے دل میں کبھی نہیں آنے پاتا کہ یہ نعمت بھی ایک دن مجھ سے چھن جائے گی . میں ہر سال بڑا دن اپنی ماں کے ساتھ بسر کرتا ہوں . صرف پچھلے سال کرسمس میں اُن کے پاس نہ پہنچ سکا ، اِس لیے کہ ریل کے سفر کی اجازت نہیں ملی ، اور یہ انگریزوں کے کلچر کا ایک

‡ Die Goettingischen Gelehrten Anzeigen 1917 (The Goettingen Learned Notices) No. 11-12 (p. 601—632) میں تبصرہ شائع ہوا

میں نے کتاب کو سرسری طور پر دیکھ لیا ھے۔ بیشک ترتیب دینے والوں نے بے پرواءی اور بعضی جگہ نادانی سے کام لیا ھے۔ میں ابھی صدیقی سے یہی کہ رہا تھا۔ یہ اِسے ساتھ لے جائیں اور اچھی طرح دیکھ لیں پھر جب آپ آئیں تو دو تین دن ٹھہریں تاکہ ہم تینوں ساتھ بیٹھ کر بحث کرلیں۔ پھر تبصرہ جب آپ کو فرصت ھو لکھ دیجیے گا»۔ لتمان نے اِس صورت کو پسند کیا۔ میرے دل پر اُن کے کھلے کھلے لفظوں میں اپنی دقتوں کے اِظہار نے عجیب اثر کیا کہ سچے اھل علم ایسے ھوتے ھیں اور لتمان کی عظمت کا راز یہی ھے۔ اندریاس ۱۹۱۶ میں اپنی سترویں سالگرہ منا چکے تھے اور لتمان صرف اِکتالیسویں۔ اندریاس تبصرے میں کھری کھری سنانا چاھتے تھے، لتمان نرم لفظوں کے حق میں تھے۔ دو تین نشستیں اِس بحث کی اور ھوئیں، اس صورت سے کہ لتمان برلین سے دو ایک دن کو آجاتے اور پھر چلے جاتے۔ اُس کے بعد اُنھوں نے تبصرے کا مسودہ مجھے بھیجا، اِس مراد سے کہ میں اندریاس کو دکھاکر چھاپےخانے بھیج دوں اور پہلا پروف دیکھ کر برلین بھیجوں تاکہ آخری تصحیح وہ خود کریں۔ اندریاس نے اُسے دیکھا تو کچھ بگڑے، پھر ھنس کر کہنے لگے:

«ھم لعل بدست آید وھم یار نرنجد»

اچھی حکمت عملی ھے لیکن بن مشکل سے پڑتی ھے، اور کوشش بیشتر رایگاں جاتی ھے۔ اچھا میں دیکھ کر تمھیں دے دوںگا، صرف دو ایک جگہ مجھے اِختلاف ھے وہ لکھ دوںگا. کئی دن بعد مسودہ واپس کیا اور کہا: «مجھے جو اِختلاف ھے اُس کے مطابق کچھ حصہ بدل دیا ھے، نئی عبارت الگ کاغذ پر لکھ دی ھے۔ اِسے برلین بھیج دو». میں نے سب کاغذ بھیج دیے۔ وہ واپس آءے تو دیکھا کہ لتمان نے اپنے لکھے ھوءے کئی صفحے قلمزد کردیے ھیں اور نئی عبارت کو اُس کی جگہ داخل کرکے تعارف کے طور پر لکھدیا ھے: «یہاں سے اگلے پانچ صفحوں تک جو عبارت ھے وہ اندریاس نے میرے مسودے کی بہت خوب اِصلاح کرکے لکھ دی ھے جس سے زیر بحث مطالب میں بہت توسیع ھو گئی ھے۔

اور وسعت کی کوئی اِنتہا ہے؟» کرسمس کرنے لتمان اپنے وطن ' اولدین بورگ‡ گئے تھے. وہاں سے مجھے لکھا:

«یقین تو ہے ۵ کی شام کو گوءِ تنگن پہنچ جاءوں ' مگر تم سے چاہوں گا کہ ٦ اور ۷ کو نہ آءو. اِن دونوں دن بہت مصروف رہوں گا. ۱۰ سے جوالیقی کا درس پھر ہونے لگے گا». (۲ جنوری ۱۹۱٦)

مارچ ۱۹۱٦ میں میقات ختم ہوگئی ' کتاب پوری تو نہیں ہوءی لیکن اہم مقامات طے ہوگئے. اُس کے بعد ہی طلبی ہوءی اور بجائے میدان جنگ کے برلین میں جنرل اسٹاف کے مشرقی شعبے کے مشیر قرار پاءے. کبھی دو چار دن کو گوءِ تنگن آجاتے. مجھے پہلے سے لکھ بھیجتے، میں اپنے کام کے متعلق مشورہ کر لیا کرتا. ایک دن میں اندریاس کے ہاں گیا تو معلوم ہوا: «لتمان یہاں ہیں ' تھوڑی دیر میں یہاں آتے ہوں گے» یہ کہ کر اندریاس نے ایک بڑی سی کتاب میرے سامنے کردی: «یہ لاءے ہیں ' تم بھی دیکھو». کتاب کیا، ایک جُزدان تھا ٤۸ قلمی تصویروں کی عکسی نقلوں کا ' اُس کے ساتھ ایک مقدمہ جرمانی زبان میں جو ٦۰ صفحے پر مشتمل تھا. نام: «رضای عباسی کی نقاشیاں» (Zeichnungen von Riza Abbasi) یہ رضا ' شاہ عباس اعظم کے دربار کا ممتاز نقاش تھا. اصل اِس مجموعۂ تصاویر کی یہ ہے کہ ایک مرقع دکتور زارے (Friedrich Sarre) (محافظ آثار مشرقی ' شاہی نوادر خانۂ برلین) کو اُن کی ایرانی سیاحت کے دوران میں ہاتھ آیا. اُنھوں نے عربی کے استاذ متووخ (Eugen Mittwoch) کی شرکت میں اُسے مرتب کر کے شائع کیا. ناشر نے پروفسور لتمان سے اُس پر تبصرہ کرنے کی خواہش کی. اِن کو پس و پیش تھا اور اندریاس سے میرے سامنے کہا «میں فارسی پڑھتا ہوں ' پڑھا بھی لیتا ہوں لیکن فارسی کا ماہر نہیں ہوں. اُس کی خطاطی کی پیچیدگیوں سے ناواقف ہوں، اور اِن تصویروں پر اکثر شکست خط میں کچھ نہ کچھ لکھا ہے اور بعض جگہ لفظ پڑھے نہیں جا سکتے». اندریاس نے کہا: «یہ سب ہو جاءے گا.

‡ Oldenburg جرمانیا کے شمالی علاقے کا ایک خوش فضا شہر

ہوجاؤ. اِس جھگڑے میں میں بالکل بھول گیا کہ تمہارے درس کا وقت گذر گیا ہے. اپنی اس خود فراموشی پر بہت نادم ہوں. ایسا اِتفاق مجھے پہلے کبھی نہ ہوا تھا. غالب ہے میں جلد فوج میں طلب کیا جاؤں. دو شنبے کو تم سے پروفیسور اندریاس کے ہاں ملاقات ہوگی.» (۳۰ اپریل ۱۹۱۵)

دوشنبے کو معلوم ہوا حکم ابھی قطعی نہیں، کچھ دن بعد اِطلاع آئے گی. اگلی سرمای میقات کے لیے اساتذہ اپنے اپنے درسوں کی تفصیل لکھ کر دفتر میں بھیج رہے تھے. طلبہ بیشتر لڑای کے میدان میں تھے یا وہاں جانے کی تیاری میں مصروف. عربی میں میں اکیلا تھا. پوچھا: «ابکے عربی میں کیا پڑھوگے؟» میں نے کہا: «کئی مہینے سے «معرَّب» جوالیقی کا مطالعہ کرتا رہا ہوں. اکثر مقامات بحث چاہتے ہیں». کہا: «اچھا، وہی مناسب ہوگی». اگلے دن پروفیسور اندریاس سے میں نے ذکر کیا. وہ اُچھل پڑے. کہا: «میں بھی شریک ہوں گا». میں نے لتمان کو خبر کی تو خوش ہوکر کہا. «یہ بہت ہی اچھا ہوگا. وہ مجھ سے عمر میں بہت بڑے ہیں، اُنھیں کے ہاں درس ہوا کرے گا. ہم تم اُن کے گھر چلے جایا کریں گے. دن اور وقت جو وہ مقرر کریں وہی دفتر میں لکھ بھیجوں گا. پروفسور اندریاس شام کو پڑھایا کرتے تھے†. ۵ یا ٦ بجے وقت رکھتے، لیکن پہلے اِدھر اُدھر کی باتیں ہوتیں اور یہ معلوم ہوتا کہ ہم گپ کرنے جمع ہوئے ہیں. آدھے، پون گھنٹے بعد درس شروع ہوتا اور کبھی دو گھنٹے سے پہلے ختم کی نوبت نہ آتی. خیال تھا کہ لتمان اِتنی دیر تک نہ بیٹھا کریں اور معافی مانگ کر چلے جایا کریں گے. مگر نہیں، کبھی ایسا نہیں کیا. واپسی میں میرا اُن کا دور تک ساتھ رہتا. اندریاس کے تبحّر پر اکثر حیرت کرتے: «اِس شخص کی معلومات کی فراوانی

† اور ہمیشہ اپنے گھر پر. اُنھوں نے اپنے تقرر کے وقت یہ شرط پیش کی تھی کہ وہ یونیورسٹی کی اِس قید کے پابند نہ ہوں گے کہ کم سے کم ہفتے میں ایک گھنٹا یونیورسٹی کی عمارت میں درس دینا چاہیے. یونیورسٹی نے اِسے مان لیا.

سکتے ھیں ۔ اُن سے تم خود کہو کہ اگلے جاڑوں کی میقات میں تمھارے لیے ایک کورس پہلوی کا دیں ؛ ممکن ھے آمادہ ھوجائیں » ۔ اُن سے ذکر آیا تو کہا : « تیس برس سے پہلوی کو چھوڑ رکھا ھے ، اب نہ اِتنا وقت ھے نہ ھمت کہ اُس کے لیے تیاری ھوسکے ۔ تم یہ کیوں نہیں کرتے کہ ایک میقات کے لیے گوءِ تنگن (Goettingen) چلے جاءو ۔ وھاں اندریاس (F. C. Andreas) اِس کے بڑے ماھر ھیں » ۔ میں ۱۹۱۳ کے اکتوبر میں گوءِ تنگن چلا گیا ۔ دو مہینے نہ ھوءے تھے کہ معلوم ھوا پروفیسور ویلہاوزن (Julius Wellhausen) صدر شعبۂ سامیّات دست کش ھورھے ھیں ؛ اُن کی جانشینی کی دعوت پروفیسر لتمان کو دی گئی ھے ۔ میرے لیے اِس سے زیادہ مبارک خبر اور کیا ھوسکتی تھی کہ میرے دونوں اُستاذ اندریاس اور لتمان اکٹھا ھوگئے ۔ اور مجھے اشتراسبورگ جانے کی حاجت نہ رھی ۔

لتمان کو آءے ھوءے چار مہینے سے زیادہ نہ گذرے تھے کہ پہلی اگست ۱۹۱٤ کو فرانس اور روس نے جرمانیا کے خلاف جنگ کا اعلان کردیا اور تین چار دن بعد اِنگلستان نے بھی ۔ اندیشہ ھوا کہ جنگ نے طول کھینچا تو لتمان فوجی خدمت کے لیے طلب ھوں ؛ مگر چالیس کے قریب پہنچ چکے ھیں ، باری دیر میں آءے گی اور اُس وقت تک جنگ کا خاتمہ ھو گیا ھوگا ، اس لیے کہ یہ جنگ زیادہ طول نہیں پکڑ سکتی ۔ اُن کے خیرخواھوں میں ایک گروہ اُن لوگوں کا بھی تھا جو کہتے تھے : « یہ حساب غلط ھے ۔ بھلا کون کہ سکتا ھے یہ خونخوار جنگ کب ختم ھوگی » ۔ جب کئی مہینے گذر گئے اور مصیبت کے ختم ھونے کے آثار نہ دکھاءی دیتے تھے ، ایک دن سریانی کا درس اُن کے مکان پر ھونے کو تھا ، ھم لوگ وقت پر جمع ھوءے لیکن اُن کو نہ پایا ۔ کچھ دیر انتظار کر ھم اپنے اپنے گھر چلے گئے ۔ شام کو مقامی ڈاک کا ایک خط ملا جو اُسی دن کا لکھا تھا :

« مجھے نہایت افسوس ھے کہ میں وقت پر گھر واپس نہ پہنچ سکا ۔ صبح سے دوپہر تک فوج کے دفتر میں انتظار کرنا پڑا ۔ اُس کے بعد ھدایت ھوءی کہ فلاں دستے میں حاضر



پروفیسر اپولتمان

دستکش ہوئے تو لتمان ان کے جانشین ہوئے ۔ نوءلدیکے اب بھی وہیں مقیم ہیں اور کچھ درس بھی دیا کرتے ہیں ۔ اُسی سال ستمبر میں لندن پہنچ کے میں نے لتمان صاحب کو لکھا کہ ۲ اکتوبر کو اشتراس بورگ حاضر ہو رہا ہوں واپسی ڈاک سے جواب ایا جسے پڑھ کر میں بہت خوش ہوا ۔ انہی مفصل ہدایتیں اُس خط میں تھیں کہ ریل سے اُتر کر بہت آسانی سے میں اُن کے مکان پر پہنچ گیا ۔ بڑے تپاک سے ملے ۔ دو چار باتیں کر کے اُٹھ کھڑے ہوئے کہا چلو تمہارے قیام کا انتظام کر دوں ۔ ہلکی ہلکی بارش ہو رہی تھی ۔ چھتری اُٹھالی اور یہ کہتے ہوئے چلے «زیادہ دور نہیں ہے، ہم دونوں کے لیے یہ ایک چھتری کام دے جائے گی» ایک خوشنما مکان پر پہنچ کر اندر گئے اور لینڈ لیڈی کو سمجھایا ۔ «ان کے کھانے میں فلاں فلاں چیز نہ ہوگی ۔ اس کا ہمیشہ خیال رکھنا» ۔ پروفیسور صاحب جانے لگے تو میں نے شکریہ ادا کیا اور کہا میں بہت شرمندہ ہوں کہ آپ نے یہ زحمت فرمائی ۔ کہنے لگے : «تم اتنی دور سے آئے اور میں دو قدم تمہارے ساتھ آیا یہ تو میرا فرض تھا جو میں نے ادا کیا» ۔ لینڈ لیڈی اپنی جگہ بہت خوش تھی کہ «پروفیسور صاحب خود میرے گھر تشریف لائے» ۔ بعد کو معلوم ہوا کہ اُن ممالک میں پروفیسور کا لوگ بہت احترام کرتے ہیں اور ہر جلسے میں پروفیسور کو پہلی صف میں جگہ ملتی ہے ۔ لتمان صاحب جس حسنِ اخلاق سے پیش آئے تھے، آج تک ، کہ ٤٨ برس بیت چکے ہیں، میرے دل پر اُس کا اثر تازہ ہے ۔ جوں جوں زمانہ گزرتا گیا ، خود اُن سے جو حالات اُن کی زندگی کے یا کسی اور سے، سنے اب تک یاد ہیں

اُنہیں ابتدائی ایام میں پروفیسور نوءلدیکے کی خدمت میں حاضر ہوا ۔ بہت خوش ہوئے ۔ شاہنامے کا درس شروع کرنے والے تھے ۔ میں نے شرکت کی اجازت چاہی ۔ فرمایا : ضرور شریک ہو ۔ ایک دن میں نے لتمان صاحب سے کہا : «میں چاہتا ہوں پہلوی وغیرہ ایرانی زبانوں کی بھی کچھ معلومات حاصل کروں لیکن یہاں اُس کا سامان نہیں» ۔ کہا : ہاں ، صرف پروفیسور نوءلدیکے پہلوی کا درس دے

اِنو لتمـان

(۱٦ ستمبر ، ۱۸۷۵ — ٤ مئی ، ۱۹۵۸)

اُستاذی الشفیق پروفیسور اِنولتمان (Enno Littmann) نے ٤ مئی ۱۹۵۸ کو اِس دنیا سے رحلت کی . اُن کے اُٹھ جانے سے سامی لسانیـات کے واصل محققوں کی صف ِ اول سونی ہوگئی اور جو نشست اُس میں خالی ہوگئی ہے ایک طویل مدت تک پُر ہوتی دکھائی نہیں دیتی . علاوہ علم و فضل کے اعلا اخلاق اور شرافت کا لتمان ایک مجسمہ تھے اور یقین ہے کہ اُنھوں نے کبھی کسی کے ساتھ بُرا سلوک نہ کیا ہوگا . میں نے اُن کی خدمت میں سات برس (۱۹ــ۱۹۱۲ع) بسر کیے اور وہ دن اُن کے وطن (جرمانیا) پر سخت مصیبت کے تھے لیکن وہ اپنے کام میں حسب دستور مشغول رہے . اگر قومی خدمت میں رہے تو بھی اپنے علمی کاموں میں بہت کم خلل پڑنے دیا . اِس وجہ سے اُن کو سخت محنت کرنا پڑی مگر ایک حرف شکایت کا اُن کی زبان سے نہ سنا . میں اِن چند صفحوں میں اپنے اور اُن کے سابقے کو بیان کروںگا اور آخر میں اُن کے حالات جو مجھے خود اُن سے یا اور ذرائع سے معلوم ہوئے

جب ۱۹۱۲ ع میں (اُس زمانے کی) حکومت ہند نے مجھے یورپ کی کسی یونیورسٹی میں داخل ہوکر عربی علوم کے تحقیقی مطالعے کے لیے وظیفہ عطا کیا تو میں نے اپنے محترم اُستاد پروفیسور یوسف ہورووتس (Josef Horevitz) صدر ِ شعبۂ عربی ، مدرسةالعلوم ، علی گڑھ سے مشورہ کیا اُنھوں نے ہدایت فرمائی کہ اشتراس بورگ (Strassburg) جاؤ . وہاں سامیـات کے شعبے کے صدر لتمان ہیں جو باوجود حدیث السّن ہونے کے ، سامیـات کے اساتذہ میں سب سے بہتر مانے جاتے میں ، اور اِسی بنا پر جب ۱۹۰٦ع میں « اُستاد المستشرقین» تیودور نولدیکے (Theodor Noeldeke) ستر برس کی عمر میں خدمت سے

هر زماں زخم دگر ز افلاک و انجم میخورم
سر بسر داغیم از گردون مگر دامیم ما
ای قبلهٔ زمانه و شاه جهان پناه اقبال خاکپای ترا تاج سر کند
ای شهنشاه هنر پرور که عقل از ره وصف تو حیران باز گشت
ز عرش و فرش نشان تا بود شهنشاها
جبین بادشهان فرش آستان تو باد
صد شکر که باز اکبرآباد آمادهٔ صد هزار سود است

اسی طرح حسب ذیل تین مثنویاں میرے قلمی نسخے میں زائد ہیں:

زهی[1] عرش بنیاد دولت اساس چو خورشید در آسمان روشناس
دیدهٔ نظاره وقف حیرتست زین بنا کارگاه دولت است
زهی قصر والای گردون اساس
زمین گشته از سایه ات روشناس

اسی طرح اور اصناف سخن میں زائد نظموں کا پتا چلایا جاسکتا ہے ۔ دیوان کی ان زائد نظموں اور متفرق اشعار کے علاوہ وہ متفرق اشعار جو تذکروں اور تاریخوں میں منقول ہیں ان کو داخل کرکے دیوان کلیم کا ایک جامع ایڈیشن تیار کیا جاسکتا ہے ۔ اطلاعاً عرض ہے کہ حیدرآباد کے زنانہ کالج کی لکچرر ڈاکٹر شریف النساء نے کلیم کے حالات زندگی اور کلام کی تدوین میں بڑی جانفشانی اٹھائی ہے اور ان دونوں چیزوں پر مبنی ایک مقالہ لکھا ہے جو عثمانیہ یونیورسٹی میں پی ۔ ایچ ۔ ڈی کے لیے منظور ہو گیا ہے مگر اب تک چھپ نہیں سکا ہے ۔

علی گڑھ ڈاکٹر نذیر احمد

[۱۹۶۰/۱/۱۰]

نہیں ہیں ۔ ان میں پہلی وہ ہے جسے خود شاہجہاں نے اپنے دستخط سے اورنگزیب کے پاس بھیجا تھا ۔ « درین وقت بندگان حضرت از روے اظہار کمال مرتبۂ مرحمت و اشفاق ... شوق نامہ رقم فرمودند واین رباعی کلیم‌را بخط اشرف ارسال داشتند .

بامژده اگر زود در آئی چه شود یا تاخته پیش از خبر آئی چه شود
زود آمدنت نظر بشوقم دیراست از زود اگر زودتر آئی چه شود

اورنگزیب کی شادی کے ایام میں یہ خط لکھا گیا تھا ۔

سال ششم جلوس میں جب بادشاہ پنجاب کی طرف جا رہا تھا تو راستے میں پالم کے قریب اس نے ایک روز میں ۴۰ ہرنوں کا شکار کیا تھا ۔ « عمل صالح » میں ہے :

طالبائے کلیم این رباعی به نظم آورده بعرض رسانید :

چون شاهجهان بادشه کشور گیر افگند به صیدگاه پالم نخجیر
روزی به تفنگ خاصیان چهل آهو افگند که نفگند بیک صید دو تیر

شکار اور شکارگاہ کی پوری تفصیل اسی ضمن میں درج ہے (۱ : ۶۲۵) دیوان ص ۴۱۷ کی رباعی نمبر ۷۲ مندرجہ بالا رباعی سے تھوڑی سی مختلف ہے ۔ اس بنا پر نہیں کہا جا سکتا کہ دونوں ایک ہی تھیں جو دو طرح منقول ہوگئیں یا دو الگ الگ رباعیاں اسی موقع پر لکھی گئی تھیں ۔

متن کے نقائص جن کی طرف اشارہ کیا جا چکا ہے بغیر اچھے نسخے کے دور نہیں ہو سکتے اور تاریخ کی جن غلطیوں کی طرف اشارہ ہو رہا ہے وہ بغیر عہد شاہجہانی کی تاریخوں کے بالاستیعاب مطالعے اور مقابلے کے رفع نہیں ہو سکتی ہیں ۔ امید کہ آیندہ اشاعت میں ان امور کا لحاظ رکھا جائے گا اور مثنوی « شاہجہان نامہ » اور دوسری اور نظمیں جو دوسرے نسخوں میں زیادہ ہیں انہیں بھی مطبوعہ کلیات میں شامل کر دیا جائے گا ۔ راقم کے مملوکہ قلمی نسخے میں جو خاصا قدیم ہے ، بعض نظمیں زاید ہیں، مثلاً علاوہ متفرق اشعار کے قلمی نسخے کے حسب ذیل قطعے مطبوعہ نسخے میں موجود نہیں :

توئی آن رستم دستان ایام که غیر از لاف شمشیری نداری

ص ٤١٢ : رباعی نمبر ۳۶ بھی ایک خاص موقع پر کہی گئی ھے جس کی پوری تفصیل مع رباعی مذکور «عمل صالح» میں درج ھے . روتن 'دریا' سے 'دریا' جو باغی ہو گیا تھا، اس کے قتل کی طرف اشارہ ھے' «سر پیرا» سے مراد خانجہان لودی کا سر ھے جو بغاوت کیے حرم میں قتل ہوا اور اس کا سر دوسرے سال جلوس میں دربار شاہجہانی میں پہنچایا گیا . صاحب «عمل صالح» لکھتا ھے کہ کلیم نے خاص اسی موقع پر یہ رباعی نظم کی تھی . (ص ٤٠٩).

ص ٤١٢ : رباعی نمبر ۳۸ : ممتاز محل کی تاریخ وفات ۱۰۳۵ غلط ھے، ۱۰٤ ہونا چاہئے . پس مصراع تاریخ میں «گرید» کے بجائے «گریده» ہونا چاہیے . «عمل صالح» میں ایک دوسری تاریخ بیدل خاں کی درج ھے «جای ممتازمحل جنت‌آباد» .

ص ٤١٣ : رباعی نمبر ٤٤ : نورسپور (نورسپور صحیح نہیں) وہی شہر ھے جو بیجاپور سے چند میل کے فاصلے پر ابراهیم عادل شاہ ثانی کے حکم سے ۱۰۰۸ هجری میں تعمیر ہونا شروع ہوا تھا، ۱۰۳۳ میں یہ شہر ملک عنبر کے ہاتھوں برباد ہوا .

ص ٤١٤ : رباعی نمبر ٥٤ : اوپر ذکر ہو چکا ھے کہ یہ رباعی لاہور کے چہل ستون عمارت کے لئے لکھی گئی تھی اس لیے اس کی تاریخ ۱۰۳۸ ہوگی . یہ رباعی «عمل صالح» (جز ا ص ۳۱۲) میں اسی عمارت کے بیان کے ضمن میں درج ھے .

ص ٤١٧ : رباعی نمبر ۷۳ : «عمل صالح» سے معلوم ہوا کہ یہ رباعی نویں سال جلوس کے درمیان فتوحات دکن کے موقع پر نظم ہوئی تھی . صاحب «عمل صالح» لکھتا ھے :

> چنانچه بنا سنح دولت تائید اعتصام، کلیم جادو کلام از یقین و تعلیم الهام دراین رباعی اشاره بعدد حصون و اشکال تسخیر آن نموده (۲ : ۱۹۳) .

«عمل صالح» (۲:۲۳٤) میں دو رباعیاں نقل ھیں جو مطبوعہ دیوان میں درج

ص ۳۵۵ : حاشیہ نگار نے لکھا ھے : گویا مقصود نظام الملک از ملوک الطوایف دکن و موسس حیدرآباد متوفی ۱۷ ذی قعدہ ۱۰۲۰ و معروف بہ بہری می باشد ۔

نظام الملک یا نظام شاہ، احمد نگر کے بادشاھوں کا لقب تھا ۔ بیجاپور میں عادل شاھی اور گول کنڈہ میں قطب شاھی حکومت قائم تھی ۔ بانی حیدرآباد محمد قلی قطب شاہ تھا ۔ نظام شاھی سلاطین سے حیدرآباد کی بنیاد کا کوئی تعلق نہیں ۔ نظام الملک کو محمد قلی سمجھکر اسکی وفات ۱۷ ذی‌قعدہ ۱۰۲۰ لکھی ھے، دراصل اسی تاریخ میں محمد قلی قطب شاہ نے وفات پائی تھی ۔ لیکن اسکو پھر بہری قرار دینا بالکل غلط ھے ۔ نظام‌شاھی سلاطین «بہری» کے بجائے «بحری» کہلاتے تھے ۔ احمد نظام الملک بانی احمد نگر کے والد کو سب سے پہلے یہ لقب ملا تھا جس کی وجہ تسمیہ میں اختلاف ھے ۔ فرشتہ نے اسکو 'بہرلو' کی بگڑی ہوئی شکل قراردی ھے مگر صاحب «برھان مآثر» کو اس سے اختلاف ھے ۔

ص ۳۶۹ : شاہ نواز خان کے ساتھ «امرای شاہجہان» کا فقرہ غلط ھے ۔ جیسا عرض ھوچکا ھے وہ امرائے ابراھیم عادل شاہ ثانی بیجاپوری میں تھا ۔

ص ۳۷۶ : دل بلاشبہ کشمیر کی ڈل نامی مشہور جھیل ھے ۔

ص ۳۷۷ : کول کی ایک قرآءت کنول بھی ھے ۔

ص ۳۸۳ : کوہ پیر پیخال غلط ھے ۔ کشمیر کے اس پہاڑ کا نام پیر پنجال ھے ۔

ص ٤۱۱ : رباعی نمبر ۲۹ جو فیل سفید کے متعلق ھے اس کے حصول کا ذکر «عمل صالح» میں تفصیل سے آیا ھے ۔ شاہجہاں کو سفید ھاتھی کا بڑا شوق تھا مگر وہ اسکو میسر نہیں آسکا تھا ۔ بڑی مشکلوں سے دوسرے سال جلوس، شہریور ۱۰۳۸ میں پیگو سے لایا گیا ۔ بادشاہ کو بہت پسند آیا اور اسکا نام گج پتی تجویز ھوا ۔ «عمل صالح» میں یہی رباعی مع دوسری تفصیل کے درج ھے ۔

ماهیچه رایات فتح و فیروزی بر سر بلخ گسترده» اور ص ٤٩١ پر ھے :

«شعرای بلاغت دثار شعری' شعار قصاید غرا متضمن ادای تہنیت و تاریخ معروضداشته مورد تحسین و آفرین گشتند.

از جمله بصبرای شبراری باین تاریخ بطریق تعمیه برخورده از انواع عنایت برخورداری یافت.

سال این تاریخ جست از عقل داشور نصیر
گفت با طبعش رراه تعمیه کا ی نکته یاب
والی توران بر آر از ملک توران وآنگہی
ثانی صاحبقران بشان بجایش کن حساب»

مگر دیوان کلیم میں «بلخ مبارک بود' سایهٔ یزدان» سے ۱۰۵۷ھ تاریخ نکالی گئی ھے . اس فرق کی وجہ سمجھ میں نہیں آئی .

ص ۳۳۷-۳۳۸ : پہلی مثنوی ، بعنوان کتابهٔ قصر دل افروز و تاریخ بنای آن ، میں تاریخ اس طرح آئی ھے :

بتاریخش اندیشه شد رهنما رقم زد 'دل افروز و راحت ورا'،

اس سے ۱۰۳۱ ھجری تاریخ نکالی گئی ھے . یه اس لیے غلط ھے که شاہ جہان بادشاہ کی مدح میں یه مثنوی ھے اور شاہ جہان جمادی الثانی ۱۰۳۷ ھجری کو تخت نشین ھوا تھا. غالباً یه بیت[۲] اسطرح ھوگی :

بتاریخش اندیشه شد رهنمای رقم زد 'دل افروز و راحت فزای'

اس طرح تاریخ ۱۰۳۱ کے بجائے ۱۰٤۱ ھجری ھوجائے گی .

ص ۳۳۹ : زنجیر عدل صرف شاہجہاں کے لیے مخصوص نہیں . ویسے ھندوستان کی تاریخ میں زنجیر عدل کی نسبت سے جہانگیر، شاھجہاں کے مقابلے میں زیادہ شہرت رکھتا ھے .

ص ۳٤۹ : کدھل کے بجائے گدھل (گڈھل-گڑھل) ھونا چاھیے .

ص ۳۵۳ : برجه کے بجائے برچه (برچھا) زیادہ مناسب قرأت ھے .

---

(۱) قلمی نسخہ میں مصرع کی قرأت یہی ھو .
(۲) قلمی نسخہ میں بیت مطبوعہ نسخہ کے مطابق ھو .

ھیں اور آخری بیت میں مصرعۂ تاریخ یہ ھے: «دو گوھر یک عقد دوران کشیدہ» دیوان میں سال ۱۰۴۹ھ درج ھے جو صحیح نہیں . دراصل اس مصرعے کے اعداد ۱۰۴۷ ھوتے ھیں اور اورنگ زیب کی شادی از روے تاریخ اسی سنہ میں ثابت ھے . شاھزادۂ مذکور کی شادی شاہ نواز خان صفوی کی لڑکی سے ھوئی تھی چنانچہ «مآثرالامراء» جلد دوم میں خان مذکور کے حالات کے ضمن میں اُنہی کی شادی کا بھی ذکر ھے اور وھاں کلیم کا یہی تاریخی مصرعہ مع سال ۱۰۴۷ کے درج ھے . عمل صالح میں شادی کی تفصیل کے ضمن میں لکھا ھے :

«بتاریخ شب دوشنبہ ۲۹ اردی بہشت ماہ مطابق ۲۲ شہر ذی الحجہ سنہ یکہزار و چہل و شش ھجری کہ ھنگام انجام رسم کتخدائی بود از منزل خان نجابت نشان شاہ نواز خان حنا ولوازم آن ... آوردند»

اس کے بعد کلیم کے قطعے کے ۵ شعر مع تاریخ کے درج ھیں . اس کے بعد یہ آیا ھے :

« پنجم خورداد خان سعادت پیوند شاھنواز خان پیشکشی ... بنظر انور خدیو ھفت کشور گذرانید ... ششم ماہ مذکور منزل شاھزادہ محمداورنگ زیب بادراک پرتو قدوم سعادت لزوم بہرہ ورشد»

اردی بہشت ۳۱ دن کا ھوتا ھے ، اس بنا پر ۲۹ اردی بہشت اور ۶ خرداد کے درمیان ۹ روز (دونوں تاریخوں کو شامل کر کے) ھوئے اور اس طرح ۶ خرداد ۳۰ ذی الحجہ کے مطابق ھوگا . اگر اس سال ذی الحجہ ۲۹ کا تھا تو ۶ خرداد کو پہلی محرم ھوگی اور سال بھی بدل ھوجائے گا . بہرحال اس اعتبار سے اورنگ زیب کی شادی کی آخری تاریخ یکم محرم ۱۰۴۷ کے بعد ثابت نہیں ھوسکتی . مختصر یہ کہ کلیم کے قطعہ سے تاریخ ۱۰۴۷ ھجری نکلتی ھے اور یہی صحیح ھے ، دیوان کی تاریخ ۱۰۴۹ غلط سمجھنا چاھیے .

ص ۸۵ : «عمل صالح» (ص۴۹۰) میں ھے کہ «۳ جمادی الثانی ۱۰۵۶

ص ۸۲ : « تاریخ ولادت شاہ شجاع » اوپر ذکر ہوچکا ہے کہ شاہ شجاع کے تاریخی قطعہ میں جس مصرع سے تاریخ نکالی گئی ہے اس میں « ی » زیادہ ہے ۔ اس بنا پر ۱۰۲۵ کے بجائے ۱۰۳۵ ہوگئے ہیں ۔ اسی صفحے پر اورنگ زیب کی پیدایش کا قطعہ ہے ، اس میں «آفتاب عالمتاب» سے تاریخ پیدائش ۱۰۲۸ ہجری نکالی گئی ہے ، حالانکہ اس میں تعمیہ ہے ، « آفتاب » میں الف کا ایک ہندسہ کم کرنا چاہیے ۔ اس کا اشارہ قطعے میں ہے :

چو این مژدہ آفتاب انداخت   افسر خویش بر ہوا چو حباب
طبع دریافت سال تاریخش   زد رقم   آفتاب   عالمتاب

اس اعتبار سے سال پیدائش ۱۰۲۷ ہوگا ۔ « عمل صالح » میں ہے :
درباب میلاد این قدسی نژاد شاعر جادو کلام ، طالبای کلیم داد سخن داده ... چنانچه الفی از آن بروجه تعمیه بالطف وجوه اسقاط کرده .
« خزانۂ عامرہ » میں بھی آیا ہے :

«کلیم در تاریخ تولد اورنگ زیب .. گوید
داد ایزد به پادشاه جہان الخ
یکعدد این تاریخ زیاده دارد لہذا تعمیه کرد و گفت آفتاب افسر خود که الف است انداخت . مولف گوید تعمیه تاریخ خارج از بیتی که مشتمل بر مادۂ تاریخ است ، طبع نازک پسند نمی پسندد . وهیر تعمیه اسقاط الف در مصراع تاریخ بر آورده یعنی درمادۂ تاریخ الف اول آفتاب ، صورت رقم هندسی دارد ، آفتاب عالمتاب که رقم را رد الف ساقط گشت و چون خلد مکان درسن چہل سالگی بر تخت نشست خود تاریخ جلوس خودیافت که « آفتاب عالم تابم » و چون درسن نود سالگی رایت عزم بممالک جاودانی بر افراخت میر عبدالجلیل بلگرامی تاریخ رحلت او « فی آفتاب عالمتاب » یافت .»

ص ۸۴ : « مادۂ تاریخ تزویج اورنگ زیب ، قطعے کے سات شعر

میں تاریخ والے مصرعے کی قراءت یہ ہے :

«قران کرد سعدین برج جلال»

لیکن «عمل صالح» میں «کرد» کے بجائے «کردہ»[1] ہے ، اس بنا پر دیوان میں مندرج تاریخ «۱۰۳۸» غلط ہوجاتی ہے ، اس میں (۵) (یعنی «ہا» کے ہندسے کے عدد) کا اضافہ ہونا چاہئے اس طرح تاریخ ۱۰۴۳ ہوتی ہے . اس میں بھی ایک قباحت رہ جاتی ہے کہ شادی ازروے «عمل صالح» شعبان ۱۰۴۲ ھجری میں جلوس پنجم کے درمیان واقع ہوئی . ظاہر ہے کہ شاہ‌شجاع کا عقد چند دنوں بعد ہوا تھا اور اس کے قطعے سے تاریخ صراحةً ۱۰۴۳ نکلتی ہے .

ص ۷۹ : « تاریخ تولد فرزند شاہجہان » یہ فرزند داراشکوہ ہے، یہی تاریخ «عمل صالح» میں ملتی ہے مگر وہاں پورا قطعہ درج نہیں ہے . قطعہ میں نام بھی آگیا ہے :

بفر فریدونیش ہر کہ دیدہ بدارا شکوہ ہیش دادہ گواہی

ص ۸۰ : «در وصف کتابیکہ از وقایع ایام شاہجہان نوشتہ شدہ» اس سے «بادشاہ نامہ» کی طرف اشارہ مقصود ہے جیسا کہ پہلی بیت میں آیا ہے .

بچشم ہوش درین بادشاہ نامہ نگر
کہ بزم و رزمش سرمشق پادشاہانست

«بادشاہ نامہ» میں دراصل تین مصنفوں کی کوشش کا دخل ہے . میرزا امینا قزوینی نے اول دس سال کے حالات لکھ کر بیسویں سال جلوس میں بادشاہ کی خدمت میں پیش کیا . یہ کام اسے زیادہ پسند نہ آیا تو ملا عبدالحمید لاہوری کو پٹنہ سے طلب کرکے یہ کام اس کے سپرد کیا . اس نے بیس سال کے حالات دو جلدوں میں مرتب کیے . ۱۰۶۵ میں جب ملا عبدالحمید کا انتقال ہو گیا تو محمد وارث کو یہ خدمت تفویض ہوئی . غالباً کلیم کا اشارہ ملا عبدالحمید کے «بادشاہ نامے» کی طرف ہوگا .

(۱) راقم کے قلمی نسخے میں «کردہ» ہی ہے .

دراصل اس میں دس عدد زیادہ ھیں ۔ سال پیدایش ۱۰۲۵ ھے، اور وہ زیادتی لفظ «دویمن» کیے املا سے ھوگئی ھے، دراصل اس کا املا دومین ھونا چاھیے ۔ چنانچہ «عمل صالح» میں شاہشجاع کی پیدائش میں کلیم کا یہی مصرع درج ھے، اس میں «دویمین» کی صحیح قراءت «دومین»[1] ھے اور ساتھ ھی یک اور تاریخ «شدہ پیدا وجود شاہ شجاع» کسی دوسرے شاعر کی لکھی ھوئی ھے ۔ اس اعتبار سے شادی کے وقت شاہشجاع کی عمر ۱۷ سال کی تھی ۔ اتفاق یہ بھی دیکھیے کہ «عمل صالح» میں جہاں شاہشجاع کے ازدواج کا تفصیلی ذکر ھے وھاں کلیم کا مذکورۂبالا قطعہ (صرف تین شعر ، پہلا تیسرا اور پانچواں) آیا ھے اور تاریخ والا مصرعہ یہی ھے «مہدبلقیس بسر منزل جمشید آمد» ۔ اس تفصیل سے ظاھر ھے کہ نہ تاریخ میں کوئی تحریف ھے اور نہ مادۂ تاریخ ھی غلط ھے ۔

ص ۷۵ : «در مدح شاہجہان و تاریخ تسخیر محالی بنام فتح» اور آخری بیت میں «لشکر فتح» سے تاریخ ۱۰۳۸ نکالی گئی ھے ۔ اور حاشیہ میں «فتح» کو شہر «فتحپور» کا مترادف قرار دیا گیا ھے ۔ غالباً حاشیہ نگار نے «فتحپور» سے «فتحپور سیکری» مراد لیا ھے ۔ اول اگر «فتح» ھے تو اس سے «فتحپور» مراد لینے کی کوئی وجہ نہیں' دوسرے فتحپور سیکری تو اکبر کا دارالخلافہ رہ چکا تھا' اسکی دوبارہ فتح کا سوال ھی نہیں ۔ شاہجہاں کے دوسرے سال جلوس (۱۰۳۸ - ۱۰۳۹) میں کوئی قابل ذکر فتح نہیں ھوئی صرف بامیان کا قلعہ جو کابل اور بلخ کے درمیان واقع تھا شاھی لشکر کے قبضے میں آیا تھا ممکن ھے اس قطعہ میں اسی فتح کی طرف اشارہ ھو ۔

ص ۷٦ : تاریخ ترویج سے متعلق قطعہ ھے' اس میں ۱۵ ابیات ھیں لیکن صراحت نہیں ھے کہ یہ قطعہ کس کی شادی کے موقع پر کہا گیا ۔ «عمل صالح» سے معلوم ھوا کہ یہ قطعہ داراشکوہ کی شادی کا ھے اور اس کتاب میں اس قطعے کی ۵ بیت مع تاریخ نقل ھیں ۔ دیوان

(۱) راقم کے قلمی نسخے میں « دومین » ھی درج ھے ۔

ص ۵۳ - ۵۵ : « تاریخ اتمام مسجد شاہجہان » کا جو قطعہ ھے ، اس میں آخری بیت جس میں تاریخ ھے یہ ھے :

مسجدش کان کعبۂ ثانیست ، تاریخش بود

« کعبۂ حاجات دنیا مسجد شاہ جوان »

اس سے تاریخ ۱۰۴۸ نکلتی ھے . ممکن ھے کہ یہ تاریخ شاہ جہان کی تعمیر کردہ اس مسجد سے تعلق رکھتی ھو جس کی بنیاد نویں جلوس میں اجمیر میں پڑی تھی اور جس کے لیے بی بدل خان گیلانی نے « قبلۂ اهل زمان شد مسجد شاہجہان » سے ۱۰۴۷ ھجری تاریخ نکالی تھی . دونوں تاریخوں کی یکسانیت سے میرے قیاس کو تقویت ملتی ھے . اس قیاس کی صحت کے بعد تسلیم کرنا پڑے گا کہ کلیم کی تاریخ میں ایک عدد زیادہ ھے اور اگر «شاہ جوان» کے بجائے صحیح قراءت «شاہ جہان» قرار دی جائے جیسا کہ راقم کے نسخے میں ھے تو صحیح تاریخ یعنی ۱۰۴۷ ھجری نکل آئے گی .

ص ۷۳ : ' تاریخ کدخدائی و زن گرفتن شاہ شجاع ' اس قطعہ میں تاریخ اس مصرعے سے نکلتی ھے :

مہد بلقیس بسر منزل جمشید آمد

حاشیہ نگار اس پر تعرض کرتے ہوئے لکھتے ھیں :

«چنین بنظر میرسد که کلماتی ازاین قطعه و مادۂ تاریخ آن تحریف شده زیرا اولاً مهد بلقیس مناسبتی با جمشید ندارد و بفرض صحیح هم باشد تاریخی که ازآن حاصل میشود سال ۱۰۴۲ می باشد' در صورتیکه شاه‌شجاع مطابق مادۂ تاریخ دیگری که دراین دیوان ضبط شده درسال ۱۰۲۵ متولد شده و مسلماً درسن هفت سالگی ازدواج نکرده‌است . بنا برین ما عین قطعه را بدون مداخله درج کردیم»

ولادت شاہ شجاع کی تاریخ ان الفاظ سے نکالی گئی ھے :

دو بیمین نیر بدا فلک شاهی‌را

= ۱۰۲۵

سایر بندهای درگاه بیزحمت تابش آفتاب و تشویش بارش سحاب فارغ البال بعرض مطالب اشتغال توانند نمود مجملاً با مرارفع بدین‌سان بارگاه رفعت پناه مشملبر چهل ستون به عظمتی اساس یافت که رفعت آستانش باعث کسرشان ایوان کسری گشته . . . در عرض چهل روز با این طول و عرض و وضع غریب و هندسهٔ بدیع خاطر فریب با تمام رسیده باعث حیرت نظاره گیان گشت »

اب قطعه کے چند شعر ملاحظه فرمائیے :

ای سوادت بدیدهٔ ادراک — علم کبریای عالم خاک
سایه ات سرمه چشم گیتی را — کنگرت شانهٔ سر افلاک
هر ستونت که سفته تاگردون — تیر طعنیست از سمک بسماک
طوبی از رشك سروهای ستون — پای تا سر چو تاک درپیچاک
رافت افزا چنانکه پنجره ات — کرده اینجا علاج سینهٔ چاک
دوری از سایه ات بطبع زمین — صعب تر از بریدن تریاک
پیش دولت سرای شاه جهان — طاق کسری جبین نهد بر خاک

ابوطالب کلیم کی حسب ذیل رباعی بقول صاحب « عمل صالح » اسی محل کے لیے کہی گئی تھی :

این تازه بنا که عرش همسایهٔ اوست — رفعت حرفی ز رتبهٔ پایهٔ اوست
باغیست که هرستون سبزش سرویست — کا سائش خاص و عام درسایهٔ اوست

ظاہر ہے که نه صرف قطعه اور رباعی کا انداز ایک هی طرح کا ہے بلکه « عمل صالح» کے محل کی تفصیل بھی قطعه پر بڑی حد تک صادق آسکتی ہے. لیکن قطعے کے سلسلے میں صرف ایک یہی رکاوٹ ہے که اس سے تاریخ ۱۰٤۰ هجری نکلتی ہے، اس اعتبار سے یه محل تین سال بعد تیار ہوا ہوگا. امکان اس کا ہوسکتا ہے که اصل تاریخ میں کوئی سقم ہو جو دوسرے نسخے کی مدد سے دور کیا جاسکتا ہے .

ص ط : دوستانِ کلیم کے تحت ۱۳ مشہور معاصرین کی فہرست میں بعض غیر مشہور شاعر شامل ہیں اور بعض مشہور شاعر نظر انداز ہوگئے ہیں . اس دور کے اہم شعرا جنھوں نے نہ صرف یہاں کی ادبی تحریک کو آگے بڑھایا بلکہ بعد کے شاعروں کو بڑی حد تک متاثر کیا ان میں عرفی، فیضی، نظیری، ظہوری، طالب آملی اور صائب ہیں، ان میں سے صرف صائب کا ذکر یہاں ہوا ہے اور بقیہ سب چھوٹ گئے ہیں . راقم کے نزدیک کلیم ۱۰۰۸ ہجری کے قریب دکن آیا، اس وقت عرفی اور فیضی وفات پا چکے تھے (اگرچہ ان کے کارنامے زندہ اور ان کے اثرات تازہ تھے) لیکن نظیری، ظہوری اور طالب آملی بقید حیات تھے، اس لیے ان کا ذکر ہونا چاہیے . سنجر، معصوم، صیدی، مرزا ابراہیم وغیرہ کا پایہ مرشد برو جردی، شاپور رازی، حیدر ذہنی وغیرہ سے بلند نہ تھا . بہر حال معاصرین کلیم کی فہرست کئی اعتبار سے ناقص ہے .

متن مع حواشی

ص ۱۵ حاشیہ : پان کے اجرا میں «اوزہ» شامل نہیں . اوزہ، بادام ہے، اس کے بجائے آہک (چونا) ہونا چاہیے . فوفل (ڈلی) اور کات (کتھا) کا ذکر ہوا ہے .

ص ۴۰ : تاریخ بنای قصر شاہ جہان، قطعے میں تاریخ آخری بیت سے نکلتی ہے :

طاق ایوان پادشاہ جہان باد محراب انجم و افلاک

اس سے تاریخ ۱۰۴۰ ہجری نکلتی ہے . لیکن «عمل صالح» (۱ : ۳۱۱) میں مذکور ہے کہ سال اول جلوس میں لاہور میں ایوان چہل ستون کی بنیاد ڈالی گئی جو ۲۵ ذی حجہ ۱۰۳۷ ہجری میں مکمل ہوا . اس کا بیان ان الفاظ میں ہے :

«ایوانی مشتمل برچہل ستون بطول ہفتاد ذراع و عرض بیست و دو ذراع طرح افگندہ زود با تمام رسانند تا

ص ھ : مسافرت ہند : مقدمہ میں ھے :

« وی دو مرتبہ بہندوستان مسافرت کردہ مرتبہ اول در عصر سلطنت جہانگیر . . . کہ در این سفر ملازم و مصاحب امیر شاھنوار خان بن میرزا رستم صفوی از امرائے ابراھیم شاہ بود، بعد از فوت او باپشیمانی بایران مراجعت کردہ . . . دو میں مسافرت . . . درسال ۱۰۳۰ صورت گرفتہ و دراین مرتبہ با کسی مانند میر حملۂ شہرستانی مصاحب و مربوط شدہ » .

تقریباً اسی طرح کا بیان مولانا شبلی اور آزاد بلگرامی وغیرہ کا ھے . اس میں صرف اتنا اضافہ ھے کہ امیر شاھنوار خاں پسر مرزا رستم کو ابراھیم شاہ کا ملازم قرار دیا گیا ھے ۔ عام خیال یہ ھے کہ کلیم پہلے شمالی ھند آیا ، ناکامی ھوئی تو جنوبی ھند گیا اور وھاں سے ایران واپس چلا گیا مگر کچھ دنوں بعد پھر شمالی ھند آگیا . حالانکہ اصل واقعہ یہ ھے کہ کلیم، شیراز سے کم عمری ھی میں ھندوستان کی طرف چلا آیا اور بیجاپور پہنچکر ابراھیم عادل شاہ ثانی کے وکیل السلطنت شاہ نوازخاں شیرازی سے منسلک ھوگیا . ایک مدت تک اسکے ساتھ رھا پھر گول کنڈہ میں مرزا محمد امین میر جملۂ محمد قلی قطب‌شاہ سے وابستہ ھوگیا . مرزا کی واپسی ایران کے بعد وہ کچھ دنوں پریشان رھا اور ۱۰۲۷ھ کے بعد اختری یزدی اور روبقی ھمدانی کے ساتھ اصفہان چلاگیا . دوبارہ واپس ھوا تو شمالی ھندوستان آیا . اس زمانے میں جہانگیر سریر آرائے سلطنت تھا . شاھی دربار سے غالباً وابستگی نہیں ھوئی، اس بنا پر جہانگیر کی مدح سے کلیم کا دیوان یکسر خالی ھے . البتہ شاہ جہاں کے زمانے میں اسکو بہت عروج حاصل ھوا . کلیم کی جنوبی ھندوستان میں شاہ نواز خان کی وابستگی کے سلسلے میں راقم نے علیحدہ بحث[1] کی ھے .

---

(۱) اوریئنٹل کالج میگزین اگست ، ۱۹۵۹ع

(۵) عام علمی مطبوعات کے برخلاف دیوان میں کوئی فہرست درج نہیں ، جس کی وجہ سے افادیت میں کمی ہوگئی ہے .

یہ بات قابل قدر ہے کہ « دیوان کلیم » کے حاشیے میں بعض جگہ مشکل الفاظ و اصطلاحات کی تشریح کردی گئی ہے، اس کی بنا پر متن کے سمجھنے میں قدرے آسانی ہوگئی ہے . مگر مقدمے، متن اور حاشیے میں بعض خامیاں باقی رہ گئی ہیں اور بعض تشریح طلب مقامات پوری طرح واضح نہیں ہوسکے ہیں . راقم حروف سطور ذیل میں ان میں سے بعض کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہے تاکہ طبع ثانی کے موقع پر انکو پیش نظر رکھا جائے .

مقدمۂ دیوان

ص : ج ، وطن : مقدمہ نگار کے نزدیک کلیم ہمدانی نہ تھا، مگر یہ خیال قطعی صحیح نہیں ، اس کے کلام سے اسکے ہمدانی[1] ہونے کا بھی ثبوت فراہم ہوتا ہے اور صحیح بات وہی معلوم ہوتی ہے جو «بادشاہ نامے» کے مصنف نے لکھی ہے کہ کلیم مولد کے لحاظ سے کاشانی ہے (۱ : ۳۵۳) . «عمل صالح» میں اگرچہ ہمدانی مذکور ہوا ہے مگر ناظم تبریزی جو کلیم کے ساتھ ۱۰۲۸ سے ۱۰۳۰ھ تک اصفہان میں رہا ہے، «نظم گزیدہ» (۱۸٦ ب نسخۂ علیگڑھ) میں اسکو کاشانی لکھتا ہے .

ص : د ، قیام شیراز : مقدمہ نگار ، شبلی نعمانی کے حوالے سے کلیم کے قیام شیراز کا ذکر تو کرتے ہیں مگر اس سلسلے میں مزید روشنی ڈالنے سے قاصر ہیں . «بادشاہ نامہ» (۱ : ۳۵٤) میں آیا ہے :

«سر آغاز جوانی بشیراز شتافته دانش‌آموز فرا پیش گرفت و لختی برسم علوم آشنائی بهمرساینده رہ‌نورد هندوستان بهشت نشان گردید» .

کلیم کے دوست ناظم نے بھی یہی اطلاع دی ہے : «در اوایل شعور در شیراز بوده وازآنجا بهند متوجه شد» (ورق ۱۸٦ ب) .

(۱) کلیم خود کہتا ہے :

در دامن الوند دگر غنچه شود گل
زنهار مگوئید کلیم از همدان نیست

سے متعلق ھیں ۔ لیکن مثنوی «شاھجہان نامہ» اس میں شامل نہیں ۔ آخر میں رباعیاں ھیں جن کی تعداد ۸۸ ھے ۔ حجم ٤۱۹ صفحات ، ھر صفحہ میں ۲٤ بیت ، کل ابیات تقریباً ۸٤۰۰ ھونگی ۔ دیوان چاپخانۂ حیدری میں ٹائپ میں طبع ھوا ھے ، طباعت دیدہ زیب ھے ۔ ایران کی عام کتابوں کی طرح قیمت درج نہیں ۔ مرتب آقاے بہژن ترقی، فرزند آقاے محمد علی ترقی، موسس و مدیر کتابخانۂ خیام ھیں ۔ انھوں نے تین نسخوں کے باھمی مقابلے سے متن درست کیا ، پھر آقاے پرتو بیضائی نے نظر ثانی کی اور مقدمہ و حاشیہ لکھکر قابل اشاعت بنایا ۔ پرتو بیضائی «تاریخ کاشان» اور «تذکرۂ شعراے کاشان» کے مؤلف ھیں اس بنا پر کلیم سے جو کسی نہ کسی اعتبار سے کاشانی ھے ، ان کو دلچسپی ھے اور دیوان کی طباعت اسی وابستگی کا نتیجہ ھے ۔ مگر باوجود دیدہ زیب طباعت کے اس میں بعض خامیاں ھیں اور اسی بنا پر ایران کی اور مطبوعات کے مقابلے میں معیاری نہیں معلوم ھوتا ، اس کے وجوہ یہ ھیں :

(۱) متن تین نسخوں کی مدد سے تیار ھوا ھے مگر تینوں بلا تاریخ اور کم اھم نسخے تھے ۔

(۲) اختلافات نسخ کہیں بھی درج نہیں ۔

(۳) بعض جگہ متن صاف نہیں ھو سکا ھے چنانچہ صفحات ٤۷، ٤۸، ٤۹ ، ۵۰ ، ۵۱ ، ۵۳ ، ۵٤ ، ۵۵ ، ۷۲ ، ۹۰ پر «کذا» اور «کذا فی‌الاصل» لکھکر چھوڑ دیا گیا ھے ۔

(٤) بعض جگہ طباعت کی غلطیاں موجود ھیں ۔ صفحہ ۷٤ پر ۱۰۳۸ کے بجائے ۳۸۱۰ درج ھے ۔ صفحہ ٦۸ پر «زاھدازآن» غلط معلوم ھوتا ھے «زاھداران[1]» ھونا چاھیے ۔ صفحہ ۱۷ پر «میکشم» کے بجائے «میکنم» غلط ھے ، صفحہ ۳۷۰ پر «نطم با دتا» کے بجائے «نظم با وتا» ھونا چاھیے ۔ غلط نامہ نہونے کی وجہ سے چھاپے کی غلطیوں کی اصلاح نہیں ھو سکتی ۔

(۱) راقم کے پاس «دیوان کلیم» کا ایک ناقص الطرفین نسخہ ھے اس میں یہی لفظ ھے ۔

دیوان کلیم کاشانی

« سبک ھندی » کے دو شاعروں کے دیوان حال ھی میں ایران میں طبع ھوئے ھیں، ایک صائب تبریزی دوسرے ابوطالب کلیم کاشانی کا. ان دونوں شاعروں کے کلام ، میں خصوصاً کلیم کے یہاں ھندوستانی اثرات اتنے ھیں کہ ان کی صحیح تشریح و توضیح ایرانی مصنفین کے لیے نسبةً مشکل ھے. «دیوان کلیم کاشانی» میں جو ۱۳۳٦ شمسی (۱۹۵۷—۱۹۵۸) میں کتابفروشی خیام کی طرف سے شائع ھوا ھے بعض ایسی چیزیں ھیں جو مصحح کی کوشش کے باوجود پوری طرح واضح نہیں ھوسکی ھیں. چونکہ اس کے مقدمے میں اطلاع دی گئی ھے کہ عنقریب یہ دیوان پھر سے طبع ھوگا اس بنا پر راقم حروف کے نزدیک اس پر تبصرہ اور اس کے بعض حصوں کی وضاحت بہت ضروری تھی.

یہ دیوان مقدمہ، قصاید و مقطعات ، غزلیات، ترجیع و ترکیب بند ، مثنویات اور رباعیات پر مشتمل ھے. مقدمہ ۱۵ صفحے کا ھے جس میں کلیم کے حالات زندگی مختصراً بیان کیے گئے ھیں. قصائد کی تعداد ۳۱ ھے جن میں دو مرزا محمد روح الامین ، دو شاہ نوار خاں ، دو اپنی شکستہ حالی، ایک حضرت علی سے، بقیہ قصائد شاہ جہاں سے متعلق ھیں . مقطعات کی تعداد ۵۰ ھے ، ان میں قدیم ترین سنہ ۱۰۰۰ھ کے ایک واقعہ سے متعلق ھے اور آخری ۱۰۵٤ ھجری کا لکھا ھوا ھے ، باقی قطعات انہیں تاریخوں کے درمیان کے مختلف واقعات پر نظم ھوئے ھیں. اکثر قطعات شاھزادوں کی ولادت اور «جشن تزویج» سے متعلق ھیں اور بعض میں مشہور شخصیات کی وفات کی تاریخیں شامل ھیں. غزلیات کی تعداد ۵۸۵ ھے. ترجیع بند ایک اور ترکیب بند دو ھیں. مثنویات ۲۳ ھیں جن میں ٤ کچھ بڑی اور بقیہ سب چھوٹی ھیں اور کسی نہ کسی واقعے

سزد که بی اثر رنگ و بی تحرک دست
بروی صفحه نگارد مثال صورت حور
بدر کنند ملائک سر از دریچهٔ عرش
دمی که شاهد طبعم کند بسدره عبور
بیک لباس نگنجد چو جوهر اول
ز ازدحام معانی و کبریای شعور
هنوز در عدم است آنکه بامنش سنجید
روان انوری آورده این خبر بحضور
بخوان بر اهل فنا شعر من، ضرورت نیست
که منت دم عیسیٰ کشند یا دم صور
چو این قصیده که مرآت حسن طبع منست
ز اهل صورت و معنی سجل شدش منشور
علم ز جوهر کل یافت زبدة الاالهام
بلی رواست که گردد به این علم مشهور
همیشه تا دل آشفته بخت اهل وفا
ز هجر [و] وصل بود مایه سنج ماتم وسور
حسود جاه تو بادا ز دیدهٔ مقصود
چو دست جود تو از اصل آستین مهجرر

ناگپور
[۱۹۵۹ ۷/۸]

ڈاکٹر سید نعیم الدین

اگر مهابت او شحنهٔ بهشت شود
توان فروخت بوس و کنار غاره بحور

بمنع زادن امثال او حکیم ازل
دهد نما در ارکان مفرح کافور

زهی ز عدل تو دیرینه شهر کون و فساد
چو دار ملک محبت ز ظلم غم معمور

توئی که کرده ضمیرت ز روی شاهد عقل
بآستین هدایت غبار غفلت دور

عدالت تو چو مصداق وحی مسند شرع
فطانت [تو] چو حسن عقیده منبع نور

ز بهر مصلحت دهر نهمت رای ترا
کنند بر ورق دفتر قضا مسطور

بروح خصم ز تیغت که گفته حرف نجات
که در حریم فنا می کند تهیهٔ سور

دل حسود تو الماس اگر بیاد آرد
بدست عهد شهید وفا شود مکسور

ز مستی مئی تلخ حمایتت در چین
بسی پیاله شکستند بر سر فغفور

ستایشم ز کمال تو قاصراست آن به
که مدح خود کنم این ننگ از تو دارم دور

زهی جواهر قدسی ز طبع من منظوم
زهی ممالک معنی ز نظم من معمور

اگر ز نشأة طبعم اثر بباغ رسد
سبوی می دهد از حای دانهٔ انگور

منم که از اثر حسن طبع من قلمی
که بر صحیفه کند زادهای وی مستور

مطبوعہ قصائد میں ترتیب ابیات ایک ہے۔ کتب خانۂ ملت کے قلمی نسخے میں بھی بحر زائد اشعار کی ترتیب وہی ہے۔ کتب خانۂ کوپرولو کے نسخے میں ترتیب ابیات ان سبھوں سے مختلف ہے لیکن زائد اشعار اس میں بھی آخر ہی میں آئے ہیں۔

مطبوعہ نسخوں میں ٤٦ نمبر پر یہ بیت ملتی ہے:

اگرچہ هست مبرهن که در مسیر وجود
موثر اند صفات اله نی ماثور

اس پر «ق» لکھا ہے لیکن جو بیت بعد میں آتی ہے اس سے قطعے کی تکمیل نہیں ہوتی، ملت کے نسخے میں مندرج زاید بیت سے البتہ یہ قطعہ مکمل ہو جاتا ہے:

عداوت تو کند بحث کز مآثر من
مزاج حلم خداوند میشود محرور

اب باقی ۲۷ غیر مطبوعہ ابیات جو مطبوعہ قصیدے کے آخر ہیں ملاحظہ ہوں:[1]

چون این قصیده رساندم بسمع وی فرمود
که ای ز نظم تو منظوم لؤ لؤ منثور

عطای جائزۂ اخروی بعهدۂ ما
حوالت صلۂ دنیوی بفجر دهور

اگر ز همت او بهره مند بودندی
طباع اهل شهود و ذوات اهل صدور

زهی محال که از غیر علت اولیٰ
اثر قبول نمودی طبیعت ماثور

دو مرکبند زبون در طویلۂ عرمش
یکی سمند صبا ویکی کمیت دبور

(۱) نسخۂ ملت: ورق ۱۲۰ ب — ۱۲۱ آ، نسخۂ کوپرولو: ورق ۱۲۱۷آ — ۱۲۱ آ

عرفی کے کچھ غیر مطبوعہ اشعار

قصائد عرفی کی دو روایتیں ہیں، پہلی متداول ہے اور ہر جگہ میسر، دوسری غیر معروف ہے اور اس کے نسخے بہت کمیاب ہیں۔ دونوں روایتوں کا اگر تقابلی مطالعہ کیا جائے تو یقین ہے کہ عرفی کے بہت سے ایسے اشعار سامنے آجائیں جو اب تک ہمارے پیش نظر نہیں۔

راقم کو ترکی میں «دیوان عرفی» کے متعدد نسخے دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ بعض نسخوں میں عرفی کا ایسا کلام بھی ملا جو مطبوعہ کلیات میں موجود نہیں۔ راقم کا ارادہ ہے کہ عرفی کا غیر مطبوعہ کلام جس قدر دستیاب ہوسکے اسے منظر عام پر لائے، اس طرح «کلیات عرفی» کا مستند اور صحیح تنقیدی ایڈیشن مرتب کرنے کے لیے راستے استوار ہونگے۔ عرفی کے بیس غیر مطبوعہ قصیدے اسلامک کلچر[1] میں شائع کر دیے گئے ہیں، اب ایک مطبوعہ قصیدے کے کچھ غیر مطبوعہ اشعار پیش کیے جاتے ہیں:[2]

اس قصیدے کا مطلع حسب ذیل ہے:[3]

سپیده دم چو زدم آستین بشمع شعور   شنیدم آیت «استفتحوا» زعالم نور

مطبوعہ نسخوں میں تعداد ابیات ۷۷ ہے۔ نسخۂ کوپرولو میں ۲۲ اشعار اور نسخۂ ملت میں ۲۸ اشعار زائد نظر آئے۔ پہلے نسخے کے ۲۲ اشعار دوسرے نسخے میں بھی موجود ہیں۔

(۱) *Islamic Culture*, Hyderabad (Oct 1956)

(۲) استنبول کے دو قلمی نسخے پیش نظر رہے ہیں نسخۂ کتبخانۂ ملت (نمبر ۲۷۰) اور نسخۂ کتب خانۂ کوپرولو (نمبر ۴۲۴)

(۳) قصائد عرفی صفحات ۱۱—۱۵ (مطبوعہ نولکشور لکھنؤ، ۱۹۲۴
ایضاً صفحات: ۱۴—۱۸ مطبوعہ مبارک علی لاہور، ۱۹۲۴)
ایضاً صفحات. ۱۱—۱۵ (مطبوعہ مدراس ۱۲۶۶ھ)

پاس پہنچا . ان کے هاتھ کی لکھی هوئی مندرجه ذیل تحریر نسخے کے سرورق پر موجود هے :

الحمد لله مالك هذاالكتاب المبارک العبد الفقير إلى . . . محمد بن محمد الفارسكوری[1] الإمام الحنفی المد[هب] . . . غفر الله له ولوالديه و للقاری فيه ، بمنه (؟) [وكرمه؟] وصلى الله علىٰ سيدنا محمد و آله وسلم . و الحمد لله رب العالمين ٠ افتتاح سنة تسع [؟] مائة جعلها الله مباركة على المسلمين آمين .

نویں صدی کے آخری ربع میں یه نسخه احمد بن عشاير السلمی[2] الشافعی کے پاس پہنچتا هے اور سرورق پر بہت خوبصورت اور عالمانه خط میں ان کا نام لکھا هوا ملتا هے جس سے معلوم هوتا هے که یه نسخه ۸۷۷ میں ان کے پاس پہنچا :

أحمد بن عشاير السلمی الشافعی سنه ۸۷۷ عفا الله عنه .

دسویں اور گیارهویں صدی میں یه نسخه کس کس کے پاس رها اور کن کن ملکوں کی سیاحت کرتا رها معلوم نہیں لیکن یه معلوم هے که بارهویں صدی کے نصف اول میں یه نسخه ترکی پہنچ کر سلطان احمد خاں کے کتب خانے میں داخل هوچکا تھا . سرورق کی پیشانی پر سال تحبیس ۱۱۳۷ درج هے اور وهیں پر سلطان کے وقف کی مہر. ذخیرۂ سلطان احمد کچھ دن ینی‌جامع میں محفوظ رها اب ینی‌جامع کا ذخیره دوسرے ذخیرۂ کتب کے ساتھ کتب خانۂ سلیمانیه میں محفوظ کر دیا گیا هے .

سرورق کا عکس Dr. S.A Bonebakker نے مرحمت فرمایا هے اس عنایت کے لیے ان کا شکریه ادا کیا جاتا هے .

ڈاکٹر مختار الدین احمد

علی گڑه

[۲۵/۵/۱۹۶۰]

(۱) فارسکور ، مصر کا ایک قریه هے دیکھیے علی پاشا مبارک: الخطط الجديدة (۱۴ ۴۶) مطبوعه بولاق . ۱۳۰۵

(۲) ابن حجر العسقلانی الدررالکامنه (۱ : ۳۸۲) ، (۱ : ۲۰۵) لیکن یه أحمد بن عشائر السلمی ، همارے أحمد بن عشائر نہیں اس لیے که پہلے کا سال وفات ۷۹۰ هے اور دوسرے کا ۷۷۳ اور جس احمد بن عشائر کے دستخط «کتاب الموشح» کے سرورق پر ملتے هیں وه کم از کم ۸۷۷ تک ضرور زنده تھے.

عبدالسلام کے نسخے کے آخر میں یہ عبارت درج تھی جسے النقاش نے اپنے نسخے کے آخر میں نقل کی ہے :

و کتب عبدالسلام بن الحسین البصری، و فرغ منه فی جمادی الاولیٰ سنة ست و ستین وثلاثمائة بمدینة السلام من أصل الشیخ عبیدالله أیده الله .

شنقیطی نے «کتاب الموشح» کا یہ نسخہ استانبول میں دیکھا اور ١٣٠٥ میں اسکی نقل حسب معمول انھوں نے اپنے ہاتھ سے کی . ان کا لکھا ہوا نسخہ دارالکتب المصریہ میں محفوظ ہے[١]، جسکی بنیاد پر مصری ایڈیشن شائع ہوا ہے[٢] .

«کتاب الموشح» کا یہ نسخہ مختلف حیثیتوں سے اہمیت رکھتا ہے . مصنف کے مسودے سے نقل کیے ہوئے نسخے سے موجودہ نسخہ تیار کیا گیا ہے . کاتب محمد بن علی الناسخ ہے جس سے ہم اگرچہ واقف نہیں ہیں لیکن اس کی شان خط اور صحت نقل کی بنا پر خیال ہوتا ہے کہ وہ اپنے وقت کے ممتاز نقل نویسوں میں ہوگا . یہ نسخہ ٦٣٧ میں نقل ہوا اور غالباً بعد کو کتب خانۂ موید الدین ابن العلقمی میں داخل ہوا . اس لیے کہ سرورق پر جو عبارت درج ہے اس کی تحریر، اصل کاتب کی شان تحریر سے مختلف ہے . سرورق کی عبارت یہ ہے :

بمنه و کرمه للخزانة المبارکة المالکیة الوزیریة المویدیة عمرها الله تعالیٰ و أدام سلطان مالکها و أبد ملکه بمحمد النبی و آله الطاهرین . صلی الله علیه و علیهم أجمعین و سلم .

سرورق کی پیشانی پر بائیں گوشے پر نہایت نمایاں طور پر ابن العلقمی نے اپنے دستخط کیے ہیں . تحریر بہت صاف جلی اور خوش خط ہے .

کتب خانۂ ابن العلقمی کی تباہی کے بعد یہ نسخہ پھرتا پھراتا نویں صدی ہجری کی ابتدا میں ایک عالم محمد بن محمد الفارسکوری کے

(١) فہرست دارالکتب المصریہ (٣ . ٤٠١) ذخیرۂ شنقیطی ، ٢٦٠ .
(٢) مطبوعہ مطبعۃ السلفیہ ، قاہرہ ، ١٣٤٣ .

عبدالسلام کے پیش نظر خود مصنف مرزبانی کا قلمی مسودہ تھا۔ اس سے موجودہ نسخے کی اہمیت کا اندازہ ہوسکتا ہے۔

استاذ حبیب زیات نے «الوراقة والوراقون فی الإسلام» کے عنوان سے ایک طویل اور معلومات افروز مقالہ شائع کیا ہے[1] ذیلی عنوان "وراقو العلماء" کے تحت راقم کے خیال میں ایک نام کا اضافہ ہوسکتا ہے یہ أبو أحمد عبدالسلام بن الحسین البصری ہیں۔ جو یاقوت حموی کی روایت کے مطابق ابن جنی کی تصانیف کی تصحیح و ضبط پر مامور تھے۔ یاقوت نے «معجم الادباء» میں ابن جنی کے «اجازت نامے» کا جواس نے شیخ حسین بن أحمد بن نصر کو لکھ کر دیا تھا مکمل متن درج کیا ہے۔ اس میں یہ عبارت ملتی ہے[2]:

«قد أجزت للشیخ أبی عبدالله الحسن بن أحمد بن نصر أدام الله عزه أن یروی عنی مصنفاتی و کتبی مما صححه و ضبطه علیه أبو أحمد عبدالسلام بن الحسین البصری أیدالله عزّه۔ ۔ ۔ و کتب عثمان بن جنی بیده حامداً لله سبحانه فی آخر جمادی الاخرة من سنة ۳۸٤»

عبدالسلام کے ہاتھ کی لکھی ہوئی کسی کتاب کے وجود سے راقم اب تک بےخبر ہے لیکن اس کے لکھے ہوئے نسخے سے نقل کیا ہوا یہ مخطوطہ محفوظ ہے جسمیں عبدالسلام کا ترقیمہ درج ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے اپنا نسخہ ۳٦٦ ہجری کو بغداد میں تیار کیا تھا۔

«کتاب الموشح» کے موجودہ نسخے کے خاتمے پر مندرجہ ذیل ترقیمہ درج ہے۔

و کتب محمد بن علی الناسخ یعرف بالنقاش و فرغ منه فی العشرالأوسط من شوال سنة سبع وثلاثین و ستمائة بمدینة السلام من خط الشیخ عبدالسلام بن الحسین البصری رحمه الله۔

(۱) رسالہ «المشرق» بیروت، ۱۹٤۷ نمبر ۳۔
(۲) یاقوت الحموی۔ معجم الادباء (۲۹:٥) گب میموریل سیریز (لندن ۱۹۲٦—۱۹۰۷)۔

دس کتابوں کا بھی پتا نہیں. مولانا عبدالعزیز میمن نے ایک مضمون میں صاغانی کی بعض ان کتابوں کا ذکر کیا ہے جو کبھی اس کتب خانے کی ملکیت تھیں اور اب قاہرہ اور استانبول کے کتب خانوں میں محفوظ ہیں[1] یہ معلوم نہ ہوسکا کہ ان کتابوں پر ابن العلقمی کی تحریر یا دستخط موجود ہیں یا نہیں. Prof. Hellmut Ritter نے ایک مضمون میں[2] «العباب الزاخر» کے ایک صفحے کا عکس شائع کیا ہے اور اس پر مختصر گفتگو بھی کی ہے لیکن ابن العلقمی کی کسی تحریر کا ذکر مضمون میں نہیں.

ذیل کی سطور میں چوتھی صدی ہجری کی ایک کتاب کا ذکر کیا جاتا ہے جو کبھی ابن العلقمی کے کتب خانے کی زینت تھی اور جو اس کے دستخط سے مزین ہے. اس کے علاوہ کسی اور نسخے کا اب تک علم نہیں ہوسکا ہے جس پر ابن العلقمی کے دستخط موجود ہوں.

ابو عبیداللہ محمد بن عمران بن موسی المرزبانی (متوفی ۳۸٤)[3] چوتھی صدی ہجری کے مشہور عالم ہیں. ان کی تصانیف میں «معجم الشعراء» اور «کتاب الموشح» خاص طور پر قابل ذکر ہیں. «کتاب الموشح» کا ایک بہت خوبصورت نسخہ[4] استانبول میں محفوظ ہے[5]. یہ اس عہد کے ممتاز نقل نویس محمد بن علی النقاش کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے جس کے پیش نظر عبدالسلام بن الحسین البصری (م ٤۰۵ ہجری)[6] کے ہاتھ کا لکھا ہوا نسخہ تھا جسکی کتابت اس نے بغداد میں ۳٦٦ ہجری میں کی تھی.

(۱) المباحث العلمیة ص ۱۲ مقالہ استاد عبدالعزیز المیمنی «ما رأیت من نوادر البلاد الإسلامیہ» (دائرة المعارف حیدراباد ۱۳٦۰)

(۲) H. Ritter, Autographs in Turkish Libraries *Oriens*, VI, (1953) pp 63–90

(۳) Brockelmann, *GAL* Suppl. I, 190-91

(٤) کتب خانۂ ینی جامع، احمد خان رقم ۱۰۱۲ اس نسخے کی مائکرو فلم Dr. S. A. Bonebakker لکچرر شعبۂ عربی، لائڈن یونیورسٹی کی عنایت سے دیکھنے کا موقع ملا

(۵) اس پر O. Rescher نے *Mitteilungen des Seminars für Orientalischen Sprachen* xv, pp 4-5 میں ایک مفید نوٹ لکھا ہے.

(٦) احمد بن علی الخطیب البغدادی تاریخ بغداد (۱۱ / ۵۷) مطبوعہ (قاہرہ، ۱۳٤۹)



كتاب « الموشح » للمرزباني

نسخة كتبخانة يني جامع، استانبول

د ستخط ابن العلقمي

کتب خانۂ ابن العلقمی کا ایک مخطوطہ

بغداد پر منگولوں کے حملہ اور مستعصم باللہ کے زوال کا ذکر ابن العلقمی (متوفی ٦٥٦ ھجری) کے ذکر کے بغیر مکمل نہیں ھوسکتا۔ اخلاقی حیثیت سے اس کا کردار جس قدر بھی مشتبہ رہا ھو اس میں شبہہ نہیں کہ وہ خود عالم تھا اور اھل علم کا بڑا مربی و سر پرست. امام صاغانی (م ٦٥٠)[1] نے اپنی مشہور کتابیں: «العباب الزاخر و اللباب الفاخر» «التکملة و الذیل و الصلة»، «مجمع البحرین»، «شوارد اللغة» اور ابن ابی الحدید (م٦٥٥)[2] نے «شرح نہج البلاغة» ابن العلقمی ھی کے نام معنون کی ھیں.

ابن العلقمی کو کتابیں جمع کرنے کا بڑا شوق تھا. اس کے ذاتی کتب خانے میں ھزاروں کتابیں جمع تھیں اور ان میں بیشتر نوادر ونفائس تھے[3]. ٦٤٤ ھجری[4] میں اس نے افادۂ عام کے خیال سے یہ بیش بہا ذخیرہ اپنے محل سے دارالوزارت میں منتقل کردیا[5] اس کتب خانے میں کتابوں کی تعداد دس ھزار بتائی جاتی ھے[6] آج اس کتب خانے کی

(١) دیکھیے Brockelmann, *GAL* I 443, Suppl I, 613

(٢) *GAL*, Suppl. I, 497

(٣) مقدمۂ «العباب الزاخر» سے معلوم ھوتا ھے کہ صاغانی نے ابن العلقمی کے کتب خانے کے ابو جوھری کی «صحاح اللغة» کے ایک نسخے کی تصحیح اپنے قلم سے کی تھی اور اسے اپنے مفید حواشی سے مزین کیا تھا «قد صححت نسخة و حشیتها بخطی بمدینة السلام حماها اللہ تعالی الخزانة المیمونة المعمورة الوزیریة المؤیدیة زاداللہ صاحبها من الارتقاء فی درج الجلال»
دیکھیے مقالہ «امام حسن بن محمد الصغانی لاھوری» از جناب عبدالحلیم صاحب چشتی معارف ١٧٢ (ستمبر ١٩٥٩)

(٤) النویری. «نہایةالأرب فی فنون الأدب» ورق ٢٥٠ مخطوطۂ جامعۂ لائیڈن (Ar. 19*a*)

(٥) ابن کثیر البدایة والنہایة (١٣ ١٧٢) حوادث ٦٤٤ ھجری ؛ الحوادث الجامعة منسوب بابن الفوطی ٢٠٩ (بغداد، ١٣٥١).

(٦) الفخری الآداب السلطانیه ٣٠١ (مصر، ١٣١٧)

الميت[1] فى القبر فيقعدون به . ويقولون المعراج سلم من الياقوت والزبرجد والمرجان ، ومنام[2] الحقّ سبحانه العرش ، ولله تعالى جسم ، وملك الموت يهن[3] من قبض الأرواح ، ونور المعرفة[4] فى القلب و اللسان مخلوق وهوغير الإيمان ، وإيمان المؤمن من يوم الميثاق ، والأمير[5] من القريش وغيره لايجوز ، و النبوّة ليست بحجة بنفسها إلا بالمعجزة ،[6] والعرش مقام قيام الله عليه ، والكرسى مقام وضع رجليه ، ويجىء من الأنبياء الكفر و الإيمان ، والكسب واجب ، والتفكر فى ذات الله تعالى وصفاته ثابت ، وتعبير النوم لايقولون ، ويوقعون الشكّ فى ذات الله تعالى وفى القرآن بأنه هل هوأم لا ، ولايكرّمون أصحاب النبىّ صلى الله عليه و سلم ، رضى الله عنهم أجمعين ، ويقولون النجوم خيالات ، ويشكون فى تقدير الله تعالى بأنه يكون أم لا ، ويشكون فى القبلة هى صحيح أم لا ، ولا يجوّزون الطهارة . والدهرية يقولون الطبع قديم[7] ، ولا يجوّزون المحراب . والحنابلية[8] يقولون المؤمن لايكفر بإرادة الله تعالى . والإباحية يقولون الله تعالى يرى فى الدنيا بعين الناصية ، ولايضرّ العصيان للمؤمن فى القيامة . والباطنية يقولون الحديث الذى فيه علامات الساعة كخروج دابة من الأرض و طلوع الشمس من المغرب و نزول عيسى عليه السلام و خروج أصحاب الكهف يأوّل وليس بمستقيم . والبراهمية يقولون ليس من الله إرسال الرسل ، [ومن آمن][9] من خوف الله تعالى يكون مؤمناً وإلا لا . والأشعرية يقولون العقل نوع من علم الله تعالى . وهؤلاء الفرق من أولاد المعتزلة . الثامنة[10] المجسمية وهم يثبتون الجسم لله تعالى . وكلّ هؤلاء الفرق ظهروا[11] على وجه المرض[11] . يحفظ الله تعالى جميع[12] المؤمنين من هذه الملل السبعين والاثنين بكرمه و فضله بحرمة النبى وآله أجمعين .

(١) ر : المية .
(٢) ر : قوام .
(٣) ر . يمين .
(٤) ر : كون ، ك : النور .
(٥) ر . الأمر .
(٦) هاهنا انتهت النسخة ك .
(٧) ر : المطبع انه مهم .
(٨) كذا فى ر .
(٩) ليس فى الأصل .
(١٠) فى الأصل : الثانيه .
(١١) كذا فى الأصل
(١٢) فى الأصل لجميع .

دخل الكفار جهنم أغلق أبواب جهنم ، والحرقية يقولون يحرق الآدمي في النار حتى لايصير حياً قطعاً ، والمخلوقية يقولون إنّ محمداً عليه السلام لم يكن نبياً ولا رسولاً بل كان حكيماً ، والغيرية يقولون القرآن مخلوق ، والفانية يقولون معراج محمد عليه السلام كان بروحه لابجسده ، والزنادقية يقولون إنّ الله تعالى يرى في الدنيا والعقبى بعين الرأس ، واللفظية[١] يقولون القرآن كلام القرّاء لاكلام الله تعالى ، والقبرية يقولون ليس عذاب القيامة موجوداً ، والواقفية يقولون القرآن يحصل بالتأويل ليس بمخلوق ولاغير مخلوق .

الفصل السابع في بيان اثنى عشر فرقة من المرجئة :

تاركية ، شانية ، راجية ، شاكية ، علمية ، منقوصية ، متقنية ، مستثنية[٢] ، بدعية ، مشبهية ، حشوية[٣] ، أشرقية . التاركية يقولون ليس على العبد فريضة غير الإيمان وله اختيار في فعل الطاعة ، فعلها أو تركها . والشانية يقولون إذا قال العبد كلمة التوحيد فالخير والشرّ لايضرّه ولاينفعه ، والراجية يقولون العبد يكون بالطاعة مطيعاً و بالعصيان لايكون عاصياً . والشاكية يقولون العبد وقت الموت في شكّ و وهم مع الإيمان مؤمناً ولايكون كافرا . والعلمية يقولون الإيمان هو العلم ، فمن لايعلم الأوامر و النواهي فهو كافر . والمنقوصية يقولون المؤمن يكفر بالعصيان . و المتقنية يقولون الإيمان ينقص ولايزيد . والمستثنية[٤] يقولون أنا مؤمن إن شاء الله تعالى . والبدعية يقولون طاعة الأمير فرض . والمشبهية يقولون القيامة باطلة لاينبغى الدليل قطعاً . والحشوية[٥] [يقولون][٦] حكم الواجب والسنة واحد . والأشرقية يقولون إنّ الله تعالى خلق آدم على صورته .

وعدّ بعض المجتهدين سبعة فرق[٧] غير هؤلاء : كرامية ، دهرية ، حناية إباحية][٨] باطنية ، براهمية ، أشعرية . الكرامية يقولون الإيمان هو الإقرار باللسان ويقولون الوليّ أولى من النبيّ صلى الله عليه وسلم ، ويقولون الملائكة يأخذون

(١) ك . الملقطية .
(٢) ك : مقسبه .
(٣) ك . حشويه .
(٤) ك : المقسنيه .
(٥) ك : الحشوية .
(٦) ليس في الأصل .
(٧) في الأصل فرقة
(٨) انتهى الخرم الكبير في د.

يصلونها ، وأنهم يقولون التوفيق بعد الفعل ، وأنهم يقولون إنّ الآدمى يذهب مع الإيمان أو بغيره فى وقت الموت ، و أنهم ينكرون الميثاق . وما لهم فيه اختلاف فهو أنّ الأحدية[1] يقولون بيقينية الفرض على العبد و ينكرون السنة ، والثنوية يقولون الخير من يزدان[2] والشرّ من أهرمن ، والكيسانية يقولون إنه لا يعلم أنّ أفعال العباد و أقواله مخلوقة أم غير مخلوقة، والشيطانية يقولون ليس لنا أفعال بل هى بحكم الله تعالى، والوهمية[3] يقولون ليس للعالم فناء ، والدورية يقولون أفعال العباد بعضها مخلوقة و بعضها غير مخلوقة ، والمنبرية يقولون إطاعه أمير واحد لازم والخصومة مع سلاطين الدنيا جائزة ، والمتبوّية يقولون توبة العصاة غير مقبولة ، والناكسية يقولون ابتداء العالم لا يعلم أحد و هو أبداً كان كذلك ، والقاسطية يقولون لا يجوز العدل فى الدنيا و يفعل الظلم حتى يجعل المراد ، والقطامية يقولون الزهد ليس بلازم على العبد، والمنزلية يقولون لا نعلم ماذاجرى التقدير فى الأزل أم لا و يقولون لا يقال الله شىء .

الفصل السادس فى بيان اثنى عشر فرقة من الجهمية[4] خذلهم الله تعالى

معطلية ، مترابصية ، متراقبية ، واردية ، حرقية ، مخلوقية، غيرية ، فانية[5] ، زنادقية ، لفظية ، قبرية ، واقفية .

أما ما لهم فيه اتفاق هو أنّ الإيمان فى القلب والإقرار ليس بمفيد وأنّ سؤال المنكر والنكير ليس بحقٍ و ينكرون ماء الكوثر و يقولون ليس إتيان ملك الموت للقبض و يقولون لم يسمع موسىٰ عليه السلام قول الله عزّوجلّ و يقولون ليس إدخال الروح فى القبر فى جسد بنى آدم ، ومالهم فيه اختلاف هوأن المعطلية يقولون اسم الله تعالى و صفاته مخلوقة ، والمترابصية يقولون العلم والقدرة كلا هما مخلوقان ، والمتراقبية يقولون إنّ لله[6] تعالى قرار فى مكان واحد بلا شبهة ، والواردية يقولون إنّ الله تعالى يحفظ جميع المومنين عن النار وإذا

(١) ى الأصل : احمديه
(٢) ى الأصل : اليردان
(٣) ى الأصل . زهميه
(٤) ى الأصل : جهميه
(٥) ى الأصل : قانيه
(٦) ک : الله .

الفصل الرابع فى بيان اثنى عشر فرقة من الجبرية و ما فى ملتهم الأحكام الباطلة

مضطرية ، أفعالية ، معية ، مفروغية ، نجارية ، متمنية ، كسلية ، سابقية حبيبية ، خوفية ، فكرية ، جنسية . المضطرّية يقولون الخير و الشرّ من الله تعالى فلايكون للعبد بهما فى يوم القيامة ثواب و عقوبة ، والأفعالية يقولون للعبد فعل و[١] قول لكن ليس له قدرة الفعل ، و المعية يقولون الخير و الشرّ من المخلوق لامن الخالق ، و المفروغية يقولون المحنة و المشقة من الآدميين قد مرّت فى الزمان الأول و ليس ذلك على رجال آخرالزمان ، و النجارية يقولون لا يعذّب العصاة من أفعالهم و أقوالهم بل يعذّب الله لهم بفعله ، والمتمنية يقول الخير والطاعة من المخلوق ، و الكسلية يقولون إنّ الثواب والعقاب لا يزيدان بفعل العبد مقدار ذرّة ، والسابقية يقولون بخلق السعادة والشقاوة بعد خلق العبد و طاعة[٢] العبد لا ينجيه و شقاوته لا يلجيه ، و الحبيبية يقولون الحبيب لا يعذّب الحبيب ، قد دعى الله تعالى العباد حبيباً ، والخوفية يقولون يزيد أعمال الخير فى أيام حياته[٣] و بعد الموت تسقط طاعته ، والفكرية يقولون [الفكر][٤] فى صنع الصانع أولىٰ من الطاعة و من خيرات العبد ، والجنسية يقولون من ليس له أعمال الخير يكون شريكاً مع من له أعمال الخير كثيراً و يقولون جميع بنى آدم من أب و أم واحد فالمال والأشياء شريكة للكلّ وإن حصل لواحد و من لايعطى ماله لأخيه فهو عاصٍ ، و أيضاً يقولون أفعال العبد يكون بعد التوفيق .

الفصل الخامس فى بيان اثنى عشر فرقة من القدرية

أحدية[٥] ، ثنوية ، كيسانية ، شيطانية وهمية[٦] ، دورية ، منبرية[٧] ، ناكسية ، قاسطية قطامية[٨] ، منزلية ، متبرّية . أما مالهم اتفاق فى ملتهم هو أنهم يجوّزون أن يكون عندالله إيمان و عندالخلق كفر ، و أنهم لا يقولون بحقية صلوٰة الجنازة ولا

(١) ك : لا (٢) ك : الطاعة (٣) ك : حيوته
(٤) ليس فى الأصل (٥) فى الأصل احمديه (٦) فى الأصل زهميه
(٧) لعله متبرّئه (٨) لعله طامية

يقولون ليست [الزكوٰة][١] على العباد تعطى أولم تعط ، والمحكمية يقولون إنّ[٢] الكسب مخلوق لم يخلق [من الحقّ] ، والأخنسية يقولون من مات فلا نفع له من الأعمال الصالحة حتى تقوم الساعة][٣] والحازمية[٤] يقولون الصلوٰة تصلى فرادى ليس أداءها بالجماعة ، [والمعتزلية][٣] يقولون القرآن محدث وما كتب فى القرطاس فهو[٥] حكاية حال [القرآن ليس بقرآن][٣] *و يقولون فعل العبد و قوله ليس بمخلوق[٦] ولا يصل [إلى الانسان من الصلوٰة][٣] والصدقة وليست فى يوم القيامة شفاعة و حساب ولامرور[٧] على الصراط [او فساق المؤمنين تكون فى الاعراف أبداً و][٣] هو بين الجنة والنار والملائكة كلهم [أفضل من جميع المؤمنين ولمناكحة[٨]][٣] الكفار والمسلمين حكم واحد والله تعالى [خالق بعد الخلق و رزّاق بعد ايصال الرزق][٣] لاقبله[٩] والله تعالى عالم و قادر بالذات وليس له صفات[١٠] و كلّ شيء لم يدخل فى الوجود يقال له شيء و جاز أن يموت أهل الجنة و أن ينام و أن ينعدم و من قتل بغير حق أو قتله الكفار [ليس بميت بأجله][١١] وينكرون علامة القيامة و يحلون مطلقة الثلث بغيرالحلالة ويقولون العقل أفضل من العلم و يقولون لم يسمع النبى عليه السلام ليلة المعراج كلام الربّ تعالى و يقولون العرش عبارة عن المكان المرتفع والكرسىّ عبارة عن علمه تعالى والحجاب عبارة عن منع اللقاء واللوح عبارة عن حكمه و يقولون النبيون ليسوا بمعصومين والحرام ليس برزق والإيمان علىالغيب باطل ويقولون ليس لله[١٢] على العباد حكم و ليس بعد الموت جزاء الخير والشرّ ليس ذلك [إلا][١٣] فى الدنيا . و [الشمراحية][١٤] يقولون نساء العالم كالعطر فمن ألصقها بالعضو أوشمها جاز و أيضاً إن نكح واحد امرأة وقضى الآخر شهوته بها حار ليس المجامعة بها ممنوعة و يجعلون الأبيات حجة و دليلاً على ذلك .

---

(١) ليس فى ر

(٢) ك : ايمان

(٣) هناك خرم فى ر

(٤) ر : الحارفيه ، ك الحاذميه

(٥) ر هو

(٦) ر : بمخلوقين

(٧) ر : والمرور

(٨) ك . المناكحة

(٩) ر : مثله

(١٠) هناك خرم كبير فى ر يبلغ مقدار عدة صفحات

(١١) هناك خرم فى ك

(١٢) ك : الله

(١٣) ليس فى ك

(١٤) ليس فى الأصل * فى الأصل . والشمراخية

والإسحاقية[1] تقول ما ختم النبوّة بعد بل هي باقية ، والزيدية [لا يجوّزون الإمامة لغير أولاد عليّ][2] .[رضى الله تعالى عنه][3] في الصلوٰة ،والعباسية تقول [إنّ غير أولاد عباس ابن المطلب ليس بإمام[4]] والإمامية لا يصلون الصلوٰة[5] خلف [إمام فاسق ولا يجوّزون الإمارة لا على أولاد عليّ][2] رضى الله تعالىٰ عنه ، والناوسية[6] تقول [لمن يفضل نفسه على الغير أنه كافر ، والمتناسخية][2] تقول إذا خرج الروح [من جسد شخص جاز أن يدخل فى جسد شخص آخر][2] واللاعنية [يلعنون عائشة[7] و زبيراً و طلحة و معاوية رضى الله عنهم][2] ، والرّا[جعية تقول إنّ علياً يجيء فى الدنيا وقت[8] القيامة والآن هو فى السحاب والرعد صوت الدلدل الذى تحته والبرق نارمن تحت رجله، والمتربصية تقول إنه جاز البغى على الأمير والحرب معه][2] .

الفصل الثالث فى بيان أثنى عشر فرقة من الخارجية[2]

أزرقية ، ثعلبية ، خلفية ، كوزية ، كندنية ، ميمونية ، محكمية ، أخنثية ، حارمية[9] ، معتزلية ، شمراخية ، إباضية[10] . أما مالهم اتفاق فيه أنهم لا يرون الصلوٰة بالجماعة حقاً و أنهم يقولون إنّ أهل القبلة يكفر بالعصيان و أنهم يحاربون[11] الأمير الظالم . وأما [الأمر][5] الذى فيه اختلاف فهو أنّ الأزرقية يقولون إنّ المؤمن لا يرى خيره فى النوم لأنه انقطع الوحى ، والإباضية[12] يقولون إنّ الإيمان قول والعمل ليس بشرط فيه بل هو سنة ، والثعلبية يقولون إنّ الأفعال بإرادة الله تعالى لا بقضاءه و تقديره ، والخلفية يقولون الإيمان فرض مجهول يعنى فرضيته[13] لم يعرف بنصٍ قطعيّ ، والكوزية يقولون إنّ الأمير إذا ترك الحرب فهو كافر ، والكندنية[14] يقولون دلك[15] الأعضاء فى غسل الجنابة[16] وغسل الأعضاء الباطنة فرض ، والميمونية

(١) ك : استحقاقيه

(٢) هاک خرم فى ر

(٣) لا توجد فى ک

(٤) هاک خرم فى ر ، فى ک : غير ابن عباس المطلب

(٥) ليس فى ر

(٦) ر : ناديه

(٧) فى ک بعد ذلک : وعليا

(٨) ک : وقته

(٩) ک : جارميه

(١٠) ر : اباحيه ؛ ک : اباحتيه

(١١) ک : يهاربون

(١٢) ر : اباحيه ؛ ک اباحتيه

(١٣) ر : فرجنة

(١٤) ر : الكديه ؛ ک : المكنديه

(١٥) ر : ذلک

(١٦) ر : الجنارة

الفصل الثانى [فى بيان اثنى عشر فرقة من الرافضية][1] خذلهم الله تعالى

علوية ، أبدية[2]، شيعة[3] ، [إسحاقية[4] ، زيدية ، عباسية][5] إمامية ، ساوسية[6]، متناسخية[7]، لاعنية ، راجعية ، متربصية . ولهم [اتفاق فى هذه المسائل: الأول أنهم لايرون][8] الجماعة سنة ، والثانى لا يجوّزون المسح على الخفين ، [والثالث أنهم][8] يلعنون أبابكر و عمر رضى الله عنهما ، والرابع أنهم يتبرءون من أصحاب رسول الله صلى الله عليه و سلم إلاّ علىّ رضى الله عنهم[9] ، والخامس أنهم يفضلون الفاطمة* [رضى الله عنها][10] على العائشة* [رضى الله عنها][10]، والسادس أنهم يقولون إنّ الرسول لايقدر على الرّسالة إلا بقوّة الغير ، والسابع أنهم يقولون اسم طاحة والزبير [رضى الله عنهما][10] بالإهانة ويقولون لهما [إنهما][11] غير مجتهد ، والثامن أنهم ييئسون من رحمة الله تعالى ، والتاسع أنهم لايرون التراويح سنة ، والعاشر أنهم لايوقعون الطلاق على نهج السنة بل يوقعون[12] دفعة ، والحادى عشر أنهم لايرون وضع اليمين على اليسار فى الصلوٰة سنة ، والثانىعشر أنهم لايجوّزون للخطباء لباس العبا ،[13] والثالث عشر أنهم لايرون تعجيل الإفطار سنة ، والرابععشر أنهم لا يقولون بتعجيل صلوٰة العشاء [اى المغرب][14] أنه سنة حتى تظهر[15] النجوم . وأما مالهم اختلاف فيه فهو اثنى عشر مسئلة : الأول أنّ العلوية الرافضية يقولون إنّ علياً نبىّ وقد غلط جبريل منه و ذهب إلى محمد صلى الله عليه و سلم ، والأبدية يشركون علياً [رضى الله عنه][14] فى النبوّة ، والشيعة تحب[16] علياً [رضى الله عنه][14] وتقول [لمن يفضل لغير علىّ عليه أنه كافر،][8]

(١) هاك خرم فى ر . (٢) ك : ابذيه . (٣) ك : شيعيه .
(٤) ك : استحقاقيه . (٥) هاك خرم فى ر . (٦) ر : ناويه .
(٧) ك : متناسجيه . (٨) هاك خرم فى ر
(٩) ك : تبرون عن أصحاب الرسول إلاعن علىّ رضى الله عنه . (١٠) لاتوجد فى ك .
(١١) ك : انما . (١٢) ر : توقعون .
(١٣) فى ر بعد ذاك : يعنى خطيبان رالباس سياه پوشيدن و فى ك : لباس العماس .
(١٤) لاتوجد فى ك . (١٥) ر : يطور . (١٦) ر : يحب .
*كذا فى النسختين.

والثامن الصلوٰة [على جنازة المطيع][1] والعاصى والتاسع أداء فرائض [الله تعالى من][2] الصلوٰة والزكوٰة والعاشر إطاعة الأمير عادلاً كان أو ظالماً. سئل أبوحنيفة رحمه الله[3] من أين نشأت[4] هذه الملل قال من تلاميذ الحسن البصرى طاب ثراه، تجاور عن[5] الحدّ من كثرة العلم وأمواجه ، فلهذا قيل ينبغى للمؤمن أن يقرأ العلم على مقدار الحاجة الضرورية و يجتهد فى العمل حتى يكون مفيداً ، فمن يؤمن بالله و بملائكته [وبكتبه][6] ورسله واليوم الآخر فهو مؤمن سنىّ. ثم قيل الإيمان والإسلام واحد لأنّ كلّ مؤمن فهو مسلم وكلّ مسلم فهو مؤمن. وقال بعضهم إنّ بينهما فرقاً لأنّ النبى صلى الله عليه و سلم فرّق بين معنيهما[7] . والموحد من قال بوحدانية الله تعالى. والشريعة هى[8] الطريق الواسع الظاهر. وأهل المذهب من يعمل على قول المجتهد و علماء دين الإسلام. ولكلّ نبيّ[9] كان شريعة . ولايجوز للمجتهد أن يعمل على مذهب[10] الغير و لكنه[11] يتابع الخلفاء[12] الراشدين، ومن يجتهد لأجل تصحيح القول فى صلاحه و فساده يكون[13] مثاباً عند الله تعالى كما هو معنى[14] الاجتهاد. والملة[15] والفرقة دليل العلماء[16] الذين يحكمون بشىء. و من يجتمع فيه أربع خصال[17] فهو مسلم: الإقرار والتصديق والمعرفة والتوحيد ، هذا بيان الدين الحقّ . وأما الملل السبعون[18] واثنان الباطلة فهى داخلة فى هذه الفرق[19] الستة : رافضية، [20] جبرية ، قدرية ، خارجية، جهمية ، مرجئة . وكلّ واحد من هذه الستة يصير اثنا عشر فرقة ، [فمن ضرب اثنى عشر فى الستة][21] يكون سبعين واثنين فرقة ، والله أعلم

(١) هاک خرم فی ر
(٢) لاتوجد فى ک
(٣) ر : رحمهم ، ک . رض
(٤) ر ، ک : نشا
(٥) ک . تجاوزه
(٦) لاتوجد فى ک .
(٧) ر : معانيهما .
(٨) ر : هو .
(٩) ک : بكل شى .
(١٠) ک : مذاهب .
(١١) ر : لكن .
(١٢) ر ، ک : خلفاء .
(١٣) ليس فى ر .
(١٤) ر : هى معنى ، ک : هو مبنى .
(١٥) القلة .
(١٦) ر : قليل علماء .
(١٧) ر : أربعون خصالاً .
(١٨) ر : السابعون
(١٩) ر : هذه الفرقة ، ک : هذا الفرقة
(٢٠) ر : روافضيه .
(٢١) هاک خرم فى ر .

معرفة المذاهب

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العالمين و الصلوٰة على رسوله محمد سيد المرسلين . أما بعد فقد ألف إمام المسلمين أبوحنيفة رحمة الله عليه كتاباً ذكر فيه ثلثة وسبعين ملة[1] حتى يترک المؤمن[2] كلها إلا ملة واحدة وهى ملة الإسلام ، و سماها « معرفة المذاهب » ورتبه[3] على سبعة فصول .

الفصل الأول فى بيان ملة الإسلام

قال الله تعالى : وإنّ هذا (أى دين الإسلام) صراطى مستقيماً فاتبعوه ولا تتبعوا السبل فتفرّق بكم عن سبيله،[4] وذلک سبيل[5] محمد صلى الله عليه وسلم . قال النبىّ صلى الله عليه وسلم : ستفرّق أمتى على ثلثة وسبعين فرقة ، اثنان وسبعون منها هالكة و واحدة منها ناجية[6] ، وهى أهل السنة والجماعة . إعلم أنّ الإيمان والإسلام والتوحيد والشريعة والمذهب[7] والاجتهاد والملة فى معنى واحد فاعرفه . قال ابن عباس رضى الله عنه : علامة السنة والجماعة عشرة أشياء ، [من آمن بها فهو مؤمن حقاً][8] الأول أن يفضل الصهرين والثانى أن يحبّ الختنين والثالث أن يعظم القبلتين — بيت المقدس والكعبة — والرابع أن يرى المسح على الخفين والخامس الامتناع من [الشهادتين أنه][9] من أهل الجنة أومن أهل النار والسادس الاقتداء خلف كلّ برٍّ و فاجرٍ فى الصلوٰة والسابع أن يعلم أنّ الخير والشرّ من الله تعالى

(١) ر : فيه ذكر سبعون و ثلث ملل ، ک : فيه ذكر سبعين و ثلث ملة . (٢) ک : المومنون .
(٣) ر : رتبته . (٤) القرآن . ٦ ، ١٥٤ . (٥) ر : دين
(٦) راجع الجامع الترمذى ج ٢ ص ٩٣ (طبع كانپور) (٧) ک المذاهب .
(٨) هذه العبارة لاتوجد فى ر . (٩) هاک حرم فى ر

ڈاکٹر مشکور کا دوسرا قیاس زیادہ معتبر معلوم ہوتا ہے . اس سلسلے میں میرا خیال یہ ہے کہ «ہفتاد و سہ ملت» کے مؤلف کے سامنے «معرفۃ المذاہب» عربی کا نسخہ موجود تھا .

اس رسالے کا متن رامپور اور کلکتے کے نسخوں کو سامنے رکھکر تیار کیا گیا ہے . اس متن میں عبارت اور مضمون کی غلطیاں موجود ہیں اور فرقوں کے ناموں اور ان کے عقاید میں سہو اور اشتباہ پایا جاتا ہے لیکن چونکہ دونوں نسخوں کا مقابلہ رسالے کے اس فارسی ترجمے سے بھی کیا گیا ہے جو «سراج الہدایہ» میں موجود ہے، اس لیے جہاں اصل اور ترجمے میں اتفاق ہے وہاں کسی قسم کی ترمیم مناسب نہیں معلوم ہوئی . آیندہ جب تفصیلی بحث ہوگی تو ہر فرقے کے صحیح نام اور عقاید کو معین کرنے کی کوشش کی جائیگی اور اس موضوع کی موجودہ کتابوں کو پیش نظر رکھکر تقابلی نقشہ پیش کیا جائے گا .

میں کتب‌خانۂ رضا رامپور اور ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کا ممنون ہوں کہ وہاں سے اس رسالے کے نسخے دستیاب ہوئے اور بالخصوص عرشی صاحب، مہتمم کتب‌خانۂ رضا رامپور کا شکر گزار ہوں کہ ان کی توجہ اور عنایت سے کئی رسالوں کی نقلیں حاصل ہوئیں .

۱٤ مئی ۱۹٦۰ع

عبدالعلیم

آقای علی اصغر حکمت نے « معرفة المذاهب » کے نام سے ایک فارسی رسالہ شائع کیا ہے[1] اس کے چار نسخے ان کو انڈیا آفس لائبریری لندن میں دستیاب ہوئے تھے ۔ اس رسالے کے مؤلف کا نام یوں درج ہے ۔ « محمود طاہر غزالی معروف بنظام، مدرس مدرسۂ جلالی » یہ رسالہ غالباً گیارھویں صدی ہجری میں مرتب ہوا ہے ۔ نظام کا رسالہ بیں طور سے اس عربی رسالے کا آزاد ترجمہ ہے لیکن مؤلف نے اس کا حوالہ کہیں نہیں دیا ہے بلکہ اس کو طبع زاد تالیف کی طور پر پیش کیا ہے ۔ دونوں رسالوں میں جو فرق ہے وہ جزوی اور فروعی ہے ۔ بنیادی طور پر دونوں ایک ہیں الا یہ کہ ایک کی زبان عربی ہے اور دوسرے کی فارسی ۔

ڈاکٹر محمد جواد مشکور نے بھی ایک فارسی رسالہ اسی موضوع سے متعلق شائع کیا ہے جس کا اصلی نام معلوم نہیں اور نہ مؤلف کا نام معلوم ہے ۔ ڈاکٹر مشکور نے اس کا نام «هفتاد و سه ملت» یا «اعتقادات مذاهب» رکھا ہے ۔ اس کا نسخہ ان کو کتابخانۂ ملی پاریس میں دستیاب ہوا ہے جس کا سال کتابت ۸۸۷ ہجری ہے ۔ اس رسالے میں بھی تہتر فرقے گنائے گئے ہیں لیکن اس کی ترتیب « معرفة المذاهب » سے مختلف ہے ۔ موجودہ بحث سے متعلق صرف یہ بات ہے کہ ان فرقوں کے ناموں میں سے جو « هفتاد و سه ملت » میں مذکور ہیں بہت سے نام «معرفة المذاهب» میں ملتے ہیں لیکن اس موضوع کی متداول کتابوں میں نہیں ملتے ۔ اس کے بارے میں ڈاکٹر مشکور یوں لکھتے ہیں :

« از یک نگاه اجمالی بفهرست فرق مذکور در این رساله معلوم می شود نام عده زیادی از فرقی که در آن آمده غیر مانوس و در کمتر کتابی از کتب این بحث از آنها ذکری رفته است . . . خوش بحتانه نام بعضی از این فرق ناما نوس در رسالۂ « معرفة المذاهب »[2] . . . آمده است، ممکن است قائل شویم که مؤلف آن محمود غزالی در هنگام تالیف رسالۂ خود این رساله را در دست داشته و یا هر دوی ایشان از یک منبع برخوردار شده باشند » .

(۱) ضمیمه مجلۂ دانشکدۂ ادبیات، تهران شماره ۱ سال چهارم .
(۲) آقای حکمت کا شائع کردہ رسالہ مراد ہے .

سے ظاہر ہے کہ یہ دور اول کی تصنیف نہیں ہوسکتی . اس کے علاوہ یہ بات پایۂ یقین تک پہنچ چکی ہے کہ امام ابوحنیفہ نے کوئی کتاب یا رسالہ تصنیف نہیں کیا بلکہ ان کے اقوال ان کے تلامذہ کی تصنیفوں میں ملتے ہیں . اس رسالے میں جن فرقوں کا ذکر ہے ان میں سے بیشتر امام ابو حنیفہ کے دور میں غالباً پیدا ھی نہیں ہوئے تھے . ان فرقوں کی تقسیم اور ترتیب جس میکانکی انداز سے کی گئی ہے (٦ × ١٢ = ٧٢) وہ بھی شاہد ہے کہ یہ دور اول کی تصنیف نہیں ہے . اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ کس کی اور کس زمانے کی تصنیف ہے . اس کے بارے میں مزید تحقیق کی ضرورت ہے . اسلامی فرقوں سے متعلق چند غیر مطبوعہ رسائل اور قطعات میرے پاس موجود ہیں ان کو بھی شائع کرنے کا ارادہ ہے . ان کی اشاعت کے بعد اس تمام ادب پر تفصیلی بحث زیادہ مفید ہوگی . تہتر فرقوں سے متعلق جو حدیثیں مروی ہیں ان کے اسناد سے بھی بحث کرنے کی ضرورت ہے . اس کے علاوہ یہ بھی دیکھنا ہے کہ بہتر «ہالکہ» فرقوں کی یہ تقسیم کس دور میں ہوئی کہ پہلے ان کو چھہ بنیادی فرقوں میں بانٹا گیا اور پھر ہر بنیادی فرقے کی بارہ اور صرف بارہ شاخیں قرار دی گئیں . اس رسالے میں ایک دلچسپ بات یہ بھی ہے کہ جب تقسیم اور ضرب کے بعد بہتر فرقے ہو چکے تو ان کے علاوہ سات اور فرقوں کا ذکر تتمے کے طور پر کیا گیا ہے .

اس رسالے کی اہمیت میری نظر میں یہ ہے کہ غالباً یہ پہلا رسالہ ہے جس میں اس انداز سے فرقوں کی تقسیم کی گئی ہے اور اسی سے اخذ کرکے اس نہج کے دوسرے رسالے تیار ہوئے ہیں جن میں سے بعض کی نقلیں میرے پاس موجود ہیں مثلاً «تذکرہ المذاہب» لابن السراج[1] ؛ «رسالة فی بیان الفرق الضالة» للشیخ أکمل الدین[2] «مقدمة فی بیان المذاهب من تفسیر الشیخ الإمام نجم‌الدین النسفی»[3] .

(١ ، ٢ ، ٣) یہ نسخے کتب خانۂ رضا رامپور میں موجود ہیں .

اسلامی فرقوں کے بارے میں کئی کتابیں اور رسالے شائع ہوچکے ہیں . اس سلسلے کا ایک اہم رسالہ « معرفة المذاهب » ہے . اس کے صرف دو قلمی نسخے معلوم ہیں. ایک کتب خانۂ رضا ، رام پور میں ہے اور دوسرا ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے کتب خانے[1] میں . یہ دونوں نسخے ناقص ہیں لیکن حسن اتفاق سے دونوں کو ملاکر متن کی تکمیل ممکن ہے . اس رسالے کا مکمل فارسی ترجمہ « سراج الهدایہ »[2] میں موجود ہے . فارسی ترجمے کی افتتاحی عبارت حسب ذیل ہے :

« روزے قطب العالم دامت برکاته می فرمودند کتابے از تالیفات امام المسلمین ابوحنیفه کوفی رضی الله عنه خواندم دروے بیان هفتاد و سه ملت نبشته است تامومناں از کار هفتاد و دو ملت باز مانند و بریک ملت کار کنند و تمام آن را درهفت فصل جمع آورده و آن را «معرفته المذاهب» نام کرده است ، وبالله التوفیق » اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اس رسالے کے نسخے آٹھویں صدی ہجری میں ہندوستان میں موجود تھے . رام پور کے نسخے کا سال کتابت ۱۰۹۹ ھ ہے ، کلکتے کے نسخے کا سال کتابت معلوم نہیں اس لیے کہ وہ آخر سے ناقص ہے .

اس رسالے میں مذکور ہے کہ یہ امام ابوحنیفہ کی تصنیف ہے . «سراج الهدایہ» میں بھی یہی کہا گیا ہے لیکن داخلی اور خارجی شہادت کی بنا پر یہ یقینی طور سے کہا جاسکتا ہے کہ یہ رسالہ امام ابوحنیفہ کی تصنیف نہیں ہے . اول تو اس کی زبان اور اس کے انداز بیان

(۱) E 42 (629).

(۲) « ملفوظات قطب العالم » کے نام سے بھی موسوم ہے . یہ مخدوم جہانیاں جہاں گشت کے ملفوظات ہیں . مخدوم صاحب کا سال وفات ۷۸۵ ھ مطابق ۱۳۸٤ ء ہے ملاحظہ ہو : Storey _Persian Literature_ I, p. 944. اس کے مخطوطے کتب خانۂ رضا رام پور اور کتب خانۂ اسلامیہ کالج اٹاوہ میں محفوظ ہیں نمبر : 7/56 297.

مسلم یونیورسٹی ، علی گڑھ
۱۹۶۰

معرفة المذاهب

تصحیح

پروفیسر عبدالعلیم

صدر شعبۂ عربی و اسلامیات

ڈائرکٹر ادارۂ علوم اسلامیہ

آغاز : ذکر سلطنة الملك الناصر فرج ابن برقوق الثانية لما جلس الملک الناصر فرج علی تخت الملک ثانی مرّة أستغار أمره واعتنی بأمور المملکة . . . الحوادث فی سنة ۸۰۹

اختتام : . . . وقع الفراغ من جمعه علی ید کاتبه علی بن أحمد السخاوی نسباً الحنفی مذهباً فی لیلة یسفر صباحها عن یوم الجمعة الثامن عشر من المحرم سنة سبع ثمانین ثمانمایة یتلوه إن شاء الله أول سلطنة الأشرف قایتبای .

مکتوبه بخط مصنف

اوراق ۶۷ ، سطور ۱۹، مصری نسخ† [قسطمونی : ۱۲۹]

[مترجمه ڈاکٹر اکمل ایوبی*]

† International Society for Oriental Research کی ششماہی رسالہ *Oriens* جلد ۵ صفحات ۲۸—۴۶ کی ایک ترکی مضمون سی ترجمہ کیا گیا .

*ڈاکٹر اکمل ایوبی. سینیر ریسرچ فیلو، ادارۂ علوم اسلامیہ، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

بن محمد بن عمر ابن شهنشاه بن ایوب من تعلیقه فی یوم الأحد سابع عشر شعبان المکرم سنة ۷۲۳ ..... حامداً لله .....

مکتوبه بخط مصنف

اوراق ۱۴۳ ، سطور ۲۱ ، خط نسخ [قسطمونی : ۲۸۹۲]

(۱۳) **کتاب الفصول** مصنفه بقراط . یه کتاب حنین بن إسحاق کی کتاب کا ترجمه هے[۳۹].

مکتوبه ۷۰۳ هجری [قسطمونی : ۱۰۴۵]

(۱۴) **المنتقیٰ فی الأحکام عن خیرالأنام** مصنفه عبدالسلام بن عبدالله بن تیمیة الحرّانی[۴۰] (م ۶۵۲ / ۱۲۵۴) .

مکتوبه ۶۵۱ هجری [قسطمونی : ۸۸۰]

(۱۵) **معانی الاخبار** مصنفه محمد بن إسحاق الکلاباذی[۴۱] (م ۳۸۰ ۹۹۰)

مکتوبه ۷۸۵ هجری [قسطمونی : ۱۳۹۸]

(۱۶) **شرح الصدور بشرح حال الموتیٰ فی القبور** مصنفه جلال الدین السیوطی[۴۲].

مکتوبه بخط مصنف ۱۵ جمادی الآخر ۸۸۳ ھ [قسطمونی : ۱۱۴۴]

(۱۷) **کتاب التوحید** مصنفه ابو بکر محمد بن إسحاق بن خزیمة النیسابوری[۴۳] (م ۳۱۱ ۹۲۳) . [قسطمونی : ۳۰۲۵]

(۱۸) **تاریخ مصر** مصنفه علی بن أحمد السخاوی. یه مصر کی مختصر تاریخ هے جو سنه ۸۰۹ھ سے سنه ۸۸۷ ھ تک کے واقعات پر مشتمل هے .

۳۹ دیکھیو *GAL* I, 226

۴۰. دیکھیو *GAL* I, 504

۴۱. دیکھیو *GAL* I 217, Suppl. I, 360

۴۲ دیکھیو *GAL* II, 180, no 30

۴۳. دیکھیو *GAL* I, 206

مدرسۂ اشرفیہ میں حدیث کے شیخ ہوگئے . ان کی وفات سنہ ۶۴۳/۱۲۴۳ میں شام میں ہوئی[۳۴] .

اس کتاب کا ایک بہت خوبصورت قلمی نسخہ استنبول میں موجود ہے[۳۵]. پیش نظر نسخہ مصنف کی زندگی میں ان کے پڑھے ہوئے ایک نسخے سے محمد بن سلیمان المقدسی نے نقل کیا ہے .

ترقیمہ : فرغ من نسخه من أصل مصحح متقن مضبوط مسموع على شيخنا الإمام . . . صدر الحفاظ مفتى الشام تقى الدين أبى عمرو عثمان بن عبدالرحمن بن عثمان المعروف بابن الصلاح . . . فى عشرين من شهر المحرم سنة احدى و أربعين و ستماية و كتب العبد . . . محمد بن سليمان المقدسى .

اوراق ۱۰۴، خط ترکی نسخ [قسطمونی : ۲۰]

(۱۲) شرح الوافیه مؤلفه ابوالفداء[۳۶] (م ۷۳۲ / ۱۳۳۱) کتاب الکافیه مصنفۂ ابن حاجب[۳۷] (م ۶۴۶ ۱۲۴۹) فن نحو کی مشہور کتاب ہے ، طلبا کی آسانی کے لیے اسے نظم کا جامہ پہنایا گیا تاکہ نحوی مسائل حفظ کرنے میں انھیں آسانی ہو . اس کا نام « وافیه » رکھا گیا . اس کا ایک نسخہ اسکوریال کے کتب خانے میں محفوظ ہے[۳۸]. پیش نظر نسخہ اسی کتاب کی شرح ہے .

آغاز : الحمد لله الذى علم بالقلم . . . و بعد فانى لما وجدت منظومة الشيخ . . . جمال الدين أبى عمرو بن الحاجب فى النحو المسماة بالوافية من أفضل أراجيز نظماً ولم أجد لها شرحاً توافق غرضى آثرت أن أعلق عليها شرحاً لطيفاً

ترقیمه : كان فراغ مؤلفه العبد الفقير . . . اسمعيل بن على بن محمود

۳۴ دیکھیے *GAL* I, 440, Suppl. , 610

۳۵- دیکھیے M. Weisweiler, *Istanbuler Handschriften zur arabischen Traditionsliteratur*, Bibliotheca Islamica, X, (Istanbul, 1937), no. 6.

۳۶ دیکھیے *GAL* II, 55, Islam Ansiklopedisi, Ebu'l-Fida maddesi

۳۷- دیکھیے *GAL* I, 367, Suppl. I, 531

۳۸- دیکھیے Escurial, no 116, *GAL* I, 370

(۱۰) الدرة الفريدة فی شرح القصيدة مصنفه منتجب الدين بن ابی العزّ بن رشيد الهمذانی[۳۱] (م ٦٤٣ ١٢٤٥). علم قراءت سے متعلق الدّانی کی «التيسير» کو شاطبی (م ٥٩٠/١١٩٤) نے نظم کا جامه پہنایا تھا جس کا نام «الشاطبيه» تھا[۳۲]. پیش نظر کتاب جس کے کسی دوسرے نسخے کا اب تک علم نہیں ہوا ہے، اسی منظوم کتاب کی شرح ہے اور یه غالباً وهی کتاب ہے جس کا ذکر ابن الجزری نے کیا ہے[۳۳].

اس نسخے کی ایک خصوصیت یه ہے که اسے محمد بن أحمد بن ابی الفضل نے جو اناطولیه میں سلجوقیوں کے دور کے مشہور خاندان ابو الفضل التفلیسی سے تعلق رکھتے تھے، شام میں سنه ٦٥٢ ھ میں خریدا تھا. اس نسخے پر ان کی حسب ذیل تحریر ہے:

إنتقل بحكم الشرى إلى أضعف خلق الله . . . محمد بن أحمد بن ابی الفضل الحافظ التفليسی بمحروسة دمشق فی سنة اثنی و خمسين و ستماية . . .

اس پر ابو عمرو عثمان بن موسیٰ الضرير المصری القرشی کی دی ہوئی ایک سند سماع بھی موجود ہے که سنه ٦٥٣ ھ میں شہر سیواس میں شمس الدین محمد بن حمید (؟) بن ابی الفضل التفلیسی اور ابو یرید بن إبراهيم نے مندرجه بالا کتاب کی جلد دوم کے کچھ حصے پڑھے.

اوراق ۲٤٧، سطور ۱۷، خط نسخ مشکول [قسطمونی: ۷]

(۱۱) کتاب معرفة أنواع علم الحديث مصنفه ابو عمر عثمان بن عبدالرحمن بن عثمان ابن الصلاح. یه ساتویں صدی کے مشہور محدث تھے. ان کی پیدایش ۱۱۸۲/٥٧٧ میں بمقام شہرزور ہوئی تھی. تعلیم موصل میں شروع ہوئی اور اس زمانے کے مختلف علم کے مرکزوں کی سیر کرتے ہوے خراسان پہنچے اور وہیں ان کی تعلیم مکمل ہوئی. کچھ عرصه بعد وه شام گئے جہاں انہوں نے سکونت اختیار کرلی اور جہاں وه

۳۱- دیکھیے GAL I, 528, Suppl I, 736 اور ابن الجزری: غاية النهاية (۲ : ۳۱۰)
۳۲ دیکھیے GAL I, 520
۳۳ دیکھیے GAL II, 310

آغاز : الحمد لله الذی رفع غشاوة الغمّة عن بصایر أهل الوداد . . .

(v) اللوامع الغیبیه (ورق ۳۵—۳۶) مصنفه سهروردی. روح کے متعلق ایک مختصر رساله[۲۶].

(vi) (ورق ۳۷—۴۱) سهروردی کے مختلف اقوال پر مشتمل ایک رساله هر قول لفظ «فتوح» سے شروع هوتا هے .

(vii) (ورق ۴۱—۴۴) خراسان کے بعض صوفیوں سے استفسارات کے جواب میں[۲۷] سهروردی کا رساله.

آغاز : وقال سألت رحمك الله و ایانا هذه الأسئولة و أنا . . . أجیب عن بعضها . . .

(vii) ورق (۴۴—۴۵) روح حیوانی کے متعلق سهروردی کے کچھ اقوال[۲۸].

آغاز : قال الروح الحیوانی المجنّس المسمّیٰ نفسا حیث تجس بورود الروح العلوی . . .

(viii) رسالة السیر و الطیر (ورق ۴۵—۴۷) یه بهی سهروردی کی تصنیف[۲۹] هے.

آغاز : قال رسول الله . . . سیروا سبق المفردون قیل من المفردون . .

(ix) وصیت و مختصر اقوال (ورق ۴۷—۷۱)

مکتوبه : ۲۶ صفر ۷۰۷ هجری

(x) ذکر أفاظ تدور بین الطائف الصوفیة (ورق ۷۲—۷۶)

تصوف کی بعض اصطلاحات کا مختصر ذکر .

(۹) اس مجموعه کا خاص حصه مشهور فخرالدین رازی (م۶۰۶/۱۲۰۹) کی «نهایة الایجاز فی درایة الإعجاز» نامی تصنیف پر مشتمل هے[۳۰].

مکتوبه : محمد بن ابی بکر ، ۱۴ محرم ۷۰۷ هجری

۲۶. دیکھیے *GAL* no. 29

۲۷. دیکھیے *GAL* I ,570, no. 11

۲۸. دیکھیے *GAL* S I, 790, no 28.

۲۹. دیکھیے H. Ritter, no. 52; *GAL*, no. 29.

۳۰. دیکھیے *GAL* Suppl. I, 924, no. 32.

(۷) عوارف المعارف مصنفه شہاب الدین ابو حفص عمر بن محمد السہروردی (م ۶۳۲ ۱۲۳۴). اس کتب خانے میں «عوارف» کے تین نسخے موجود ہیں:

(i) مکتوبہ: ابوالفتح سعید بن سعید الاصفہانی، ضحوۃ یوم الخمیس ۱۵ رمضان ۶۲۷ ھ، مکہ.

سرورق پر دوسری روشنائی اور غالباً دوسرے قلم سے: استکتبه الفقیر... کحلی (؟) بن بکمش القطبی أحد أصحاب الأمیر... شمس الدین...

«عوارف» کے قدیم نسخوں[۲۴] میں اس نسخے کا بھی شمار ہو سکتا ہے.

اوراق ۱۶۳، سطور ۲۱، خط معمولی نسخ [قسطمونی: ۱۵۶۳]

(ii) مکتوبہ: ۶۱۵ ھ (یا ۷۱۵ ھ؟)

اوراق ۳۰۳، سطور ۱۹، خط نسخ جلی [قسطمونی: ۹۰۴]

(iii) مکتوبہ: محمد بن امام، ۱۵ صفر ۷۴۸ھ، خانقاه السمیساطیه، دمشق

اوراق ۳۰۲، سطور ۱۹، خط نسخ مشکول [قسطمونی: ۱۶۴۱]

(۸) مجموعه

اوراق ۱۷۵، سطور ۱۹، خط نسخ خفی [قسطمونی: ۶۰۴]

(i) **مقدمة عوارف المعارف** (ورق ۱—۳)

(ii) **تفسیر خطبة عوارف المعارف** (ورق ۴—۱۶) کتاب پر مصنف کا نام یعقوبی دیا ہوا ہے.

آغاز: قوله الحمد لله ای الثناء لله والشکر له. قوله العظیم شأنه العظیم الزیادة.

(iii) **اعلام الهدیٰ و عقیدة أرباب التقی**[۲۵] (ورق ۱۷—۳۵)

مکتوبہ: علی بن محمد بن ابی بکر الساوی المعروف بالتبریزی. یوم الثلاثاء ۲۳ محرم ۷۰۷ ھ. دمشق.

۲۴- دیکھیے G. H. I. 569, Suppl. I, 789, H. Ritter, Philologika IX, *Der Islam*, XXV, 1938, p. 36

۲۵- دیکھیے H. Ritter, no. 51 and G. H. no. 3

(٦) **كتاب التمهيد فى معرفت التجويد** اس تصنیف کے مؤلف ابوالعلا الحسن بن أحمد بن الحسن بن أحمد بن محمد العطار الهمذانی[٢١] (م ٥٦٩/١١٧٣) هیں جو عراق میں اپنے وقت کے تجوید کے عالموں میں سب سے بڑے خیال کیے جاتے تھے. ابن الجزری کے قول[٢٢] العطار الهمدانی کا مرتبه اهل مشرق کے لیے وهی هے جو که مغرب والوں کے لیے علم تجوید کے میدان میں الدانی کا هے. اس نادر نسخے پر مصنف کے هاتھ کی تحریر کرده ایک سند موجود هے. اس کتاب کا ذکر ابن الجزری نے «التجوید» کے نام سے کیا هے[٢٣]. اس سے ابتدائی عهد کے کچھ قراء کے متعلق اهم معلومات حاصل هوتے هیں.

ترقیمه: آخر کتاب التمهید ... و فرغ من انتساخه من أصل مصنفه المکتوب بخطه محمد بن إبراهیم بن الحسین بن محمد داد الجربادقانی یوم الإثنین ١٧ رمضان من شهور سنة ٥٣٧ حامداً لله ...

اس کے نیچے ایک سماع کی عبارت ثبت هے جس پر کسی نے سیاه روشنائی پھیردی هے: سمع من أول هذا الکتاب سماعاً بقرأته علی صاحبه الشیخ ... کتبه الحسن بن أحمد بن أحمد [بن أحمد بن] بن الحسن ... العطار فی شهر الله الأصم رجب من سنة اثنتین و خمسین [وخمس مائة].

آغاز: الحمد لله ... أما بعد فانک سألتنی أسعدک الله بطاعته أن أذکر لک جملاً فی تحقیق القرأءة وترتیلها و تجوید التلاوة وترسیلها علی ماورد عن النبی ... و صحابته .. والتابعین ... وسألتک علی ما أنا علیه من تقسیم الفکر لترادف العموم ... جاریاً علی المألوف من توخی رضاک ... وسلکت فی النهوض بعبئه ...

اوراق ٨٨، سطور ٢٠، خط نسخ [قسطمونی: ١٥٢٥]

٢١- دیکھیے G.H. Suppl. I, 724

٢٢- غایة النهایة فی طبقات القراء ٢٠٤ (قاهره، ١٩٣٣)

٢٣- ایضاً ٢٠٤

معلوم ھے[۱۷]. ابھی تک اس سلسلے کی تصانیف میں صرف «کتاب المستظہری» کا ھی علم تھا جسے گولڈسیہر نے شائع کیا ھے اور جس کے متن کا دارومدار ایک ناقص نسخے پر رکھا تھا .

«قواشم الباطنیه» ایک مختصر رساله ھے جو سات اوراق پر مشتمل ھے . یه «المستظہری» کا خلاصه ھے . ابتدا میں مؤلف کہتا ھے .

وابتدأت بتوفیق الله لاسعافک إلی ما التمسته من کلمات و جیزة جلیة یقصم ظهور الباطنیة ویستأصل دابر أباطیلهم . . . یستغنی ایجازها عما . . . طوّلناه به النفس فی الکتاب الملقب بالمستظهری .

اس مختصر مقدمه کے بعد وه اصولوں کو بیان کرتا ھے اور باطنیوں کے خیالات کو چار عنوانات میں جمع کر کے یکے بعد دیگرے سب پر بحث کرتا ھے اور ان کو منطقی دلیلوں سے غلط ثابت کرتا ھے .

آغاز : استوفق الله الذی لم یلد بیابه مخلص الاّ عصمه ولم یصد عن عبودیته جبار إلاّ قصمه . . . وابتدأت .

اختتام . . . . فان جاز لک أن تعرف بنظر العقل صدقه وان کان ذالک مخالف جاز لی أیضاً أن أعرف هذه المسائل بنور معلم وان کان لی فیها خلاف

(iv) المنقذ عن الضلال (ورق ۷۹—۹٦) مصنفه الغزالی[۱۸]

مکتوبه سلخ ذی‌القعدہ سنه ۵۴۳ ھ درمدرسهٔ مذکور

(v) القسطاس المستقیم (ورق ۹۷—۱۲۵) مصنفه الغزالی[۱۹].

مکتوبه یوم الأحد ۲٦ محرم سنه ۵۴۴ ھ درمدرسهٔ مذکور

(vi) کتاب الجام العوام عن علم الکلام (ورق ۱۲٦—۱۴۳) یه بھی الغزالی کی تصنیف ھے[۲۰].

۱۷ دیکھیے [illegible] Batiniye [illegible] I. Goldziher, *Streitschrift des Gazālī gegen die Bāṭinijja-Sekte*, Veröffentlichungen der De Goeje-Stiftung, Leiden 1916, Introduction

۱۸- دیکھیے *GAL* I, 544

۱۹- دیکھیے *GAL* I, 540

۲۰- دیکھیے *GAL* I, 538

میں ہوئی تھی[۱۵]. اس کتاب کا ایک تنقیدی ایڈیشن شائع ہونا چاہیے اور اس نسخے سے خاص طور پر مدد لینی چاہیے.

آغاز: حدثنا الشیخ الامام الثقة الحافظ ابوالقاسم علی بن الحسن هبة الله الشافعی قال قرأت علی الشیخ ابی الحسن عبیدالله بن ابی عبدالله محمد بن ابی بکر أحمد بن الحسین بن علی البیهقی ببغداد فاقرّ به قلت اخبرکم جدک الامام ابو بکر أحمد بن الحسین البیهقی قراءة علیه واقرّ به ثم اخبرنا الشیخ . . . ابو عبد الله محمد بن الفضل بن أحمد بن محمد الفراوی الواعظ الفقیه قراءة علیه بنیسابور قال اخبرنا الشیخ الامام الحافظ ابو بکر أحمد بن الحسین بن علی البیهقی رحمة الله علیه قراءة علیه فی شعبان سنة تسع وأربعین وأربع مائة.

قال کتاب أسماء الله . . . باب إثبات أسماء الله تعالی ذکره بدلالة الکتاب و السنة و إجماع الأمه . . .

اوراق ۳۹۱، سطور ۱۷، خط نسخ خفی [قسطمونی: ۲۰۰]

(۵) مجموعه

اوراق ۱٤۳، سطور ۱۹، خط نسخ غیر مشکول [قسطمونی: ۱۲۷]

(i) کتاب الجواهر (ورق ۱—۷) مصنفه ابو حامد محمد بن محمد الغزالی[۱۶] (م ۵۰۵/ ۱۱۱۱).

(ii) کتاب الأربعین فی أصول الدین (ورق ۸—۷۰) مصنفه غزالی. مکتوبه ٤ محرم سنه ۵٤٤ ھ مدرسه نظامیه نیشاپور.

(iii) کتاب قواشم الباطنية (ورق ۷۱—۷۸) یه بھی غزالی کی تصنیف ھے. ان کی اھل سنت کے علاوہ تمام دیگر مذاھب سے دشمنی اور اسی طرح باطنیوں کے خلاف ان کا کھلا ھوا سخت فکری مجادله

۱۵- دیکھیے GAL I, 103, Suppl. I, 00

۱۶- دیکھیے GAL I, 538.

قولاً مرسلاً . . . فنحن قائلون فی هیئة العالم قولاً یشتمل فیما نظن علی کلیات المعانی التی إلیها انتهی ادراک الباحثین علی حقایق العلوم التعلیمیة .

اوراق ٤٤ ، سطور ۱۷ ، خط نسخ جلی [قسطموبی : ۲۲۹۸]

(۳) کتاب الفرائد و القلائد عام طور سے یہ ادبی کتاب[13] ابوالحسین محمد بن الحسین (یا حسن) الأهوازی سے منسوب کی جاتی ھے جو چوتھی / دسویں صدی میں زندہ تھے . بعض حضرات اس کو الثعالبی سے اور بعض رشید الدین وطواط سے بھی منسوب کرتے ھیں . موجودہ نسخہ مصنف کے بیٹے ابوالحسین أحمد بن محمد بن الحسن الأهوازی کا لکھا ھوا بتایا جاتا ھے .

آغاز : الحمد لله العلی الکبیر القوی القدیر العلیم الخبیر السمیع البصیر . .

مکتوبہ علی بن جعفر بن أسد بن علی الجوهری الکاتب . دمشق رجب سنہ ٥٦٤ ھ

اوراق ۷۸ ، سطور ۱۰ ، خط نسخ مشکول [قسطموبی : ۷۷٤]

(٤) کتاب أسماء الله و صفاته مصنفہ ابوبکر أحمد بن الحسین البیهقی[14] (م ٤٥٨ ١٠٦٦). یہ کتاب قرآن ، حدیث اور اجماع امت کو مد نظر رکھتے ھوئے ، الله کے اسماء حسنہ اور صفات کے بارے میں لکھی گئی ھے . اس کتاب کے نسخے کمیاب ھیں . یہ کتاب سنہ ۱۳۱۳ھ میں الہ آباد سے اور سنہ ۱۳۵۸ھ میں قاھرہ سے محمد زاھد الکوثری کے مقدمہ اور مختصر حواشی کے ساتھ شائع ھوچکی ھے .

موجودہ نسخہ سنہ ٥٥٦ ھ میں لکھا گیا ھے . کتاب کے سرورق پر جو سماع کی تحریر ثبت ھے اس کے بموجب یہ نسخہ الحافظ ابوالقاسم علی بن الحسن بن هبة الله الشافعی یعنی مشہور مؤرخ و محدث کی روایت کے مطابق خود ان کا پڑھا ھوا ھونا چاھیے کیونکہ ان کی وفات ۱۱۷٦.٥٧١

۱۳ - دیکھیے GAL I, 94, Suppl. I, 153

۱٤ - دیکھیے GAL I, 446, Suppl. I, 566

(xii) کتاب السماع (ورق ۲۲۶ - ۲۳۲) مصنفه القشیری. نسخه منحصر به فرد. اس رسالے میں سماع اور اسکے احکام وغیرہ کا ذکر ہے.

آغاز: الحمد لله خالق الأرواح لكشف ... هذه فصول يخبر عن حقيقة السماع و أحكامه و امارات صحته و اعلامه ذكرنا على حد الاختصار ...

(xiii) کتاب أدب المرید (ورق ۲۳۲ - ۲۷۰) مصنفه ابو القاسم الحسین بن جعفر بن محمد الواعظ الوزّان جو پانچویں/نویں صدی کے صوفیوں میں سے ایک تھے[10]. اس تصنیف کا ایک نسخه استنبول میں ایا صوفیه کے کتب خانے میں موجود ہے.

آغاز. قال الحمد لله الذی خلقنا فاکمل خلقنا و أدبنا فاحسن تأديبنا ...

(۲) کتاب الهیئة مصنفه ابوعلی الحسن بن الحسن بن الهیثم[11] (م ۱۰۳۸/٤۳۰) اس کتاب کا ایک نسخه انڈیا آفس کے کتب خانے میں موجود ہے[12] لیکن وہ ظاہرا ناقص ہے. ترکی کا یہ نسخه یہی نہیں که قدیم ہے بلکه مکمل بھی ہے.

ترقیمه: تم القول و الحمد لله ... وكتب هذا الكتاب من النسخة التى سخ (!) من نسخة الشيخ أبى القاسم السميساطى بخطه ذكر انه نقلها من نسخة بخط مصنف الكتاب الشيخ أبى على الحسن بن الحسن بن الهيثم و قابل عليها من أولها إلى آخرها فى رجب من سنة ست و سبعين وأربعماية.

سرورق پر: والنسخة المكتوب منه هذه النسخة عورض بهذه النسخة الأصل المذكور وهو بخط الشيخ أبى على بن الهيثم و صحح والحمد لله وكتب فى رجب من السنة المذكورة.

آغاز: بسمله ... قول الشيخ الفاضل أبى على ... إبن الهيثم فى هيئة العالم لم يزل كثير من أصحاب التعاليم ممن أنعم النظر فى علم الهيئة ... يجردون

۱۰- دیکھیے *GAL* I, 557

۱۱- دیکھیے *GAL* I, 617, Suppl. I, 851

۱۲- دیکھیے O. Loth, *A Catalogue of Arabic **Manuscripts** in the **India** Office*, (London, 1877), p. 213.

اور انکی طرح کے دوسرے لوگوں کی ادبی بحثیں معلوم ہیں جو اصولی طور پر اشعری تھے اور جو علمائے اہل سنت کی وجہ سے مکہ ہجرت کر گئے تھے[٦]. القشیری کے اس شکایت نامے کو جو قیام مکہ کے دوران میں لکھا گیا تھا، سبکی نے اپنی کتاب «طبقات الشافعیة الکبریٰ» میں شامل کر لیا ہے[٧].

آغاز : بسملہ . قال الأستاذ . . . القشیری الحمدلله المجمل فی بلائه . . .

(viii) **تفسیر فاتحة الکتاب العزیز** (ورق ١٨٠ - ٢٠٨) کتاب کے اوپر کی ایک تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے مصنف ابو محمد عبدالجلیل بن موسیٰ الأنصاری[٨] ہیں جن کے حالات کا صحیح طور پر علم نہیں ہے . صرف ایک کتاب میں ان کے متعلق سنہ ٦٠٥/١٢٠٥ سے قبل زندہ رہنا بتایا گیا ہے . یہ کتاب سورۃ فاتحہ کی مختصر سی تفسیر ہے .

آغاز : بسملہ . اعلم ان الله تبارک و تعالیٰ یبرل باسمه الرحمن الرحیم إلی عباده لیجذبهم إلیه برسله و کتبه . . .

اختتام : و تبری من العون بالمخلوقات فاؤهم وهمما الله وایا کم بمنه . . .

(ix) **صفة القلوب** (ورق ٢٢٠ - ٢٢٦) یہ حکیم ترمذی کی ایک مختصر کتاب ہے جسکا کوئی دوسرا نسخہ اب تک معلوم نہیں ہوسکا ہے . اس میں الفرق بین الصدر والقلب والفؤاد واللب[٩] کی وضاحت کی گئی ہے

آغاز : بسملہ . کتاب صفة القلوب قال الشیخ ابو عبدالله الترمذی رحمه‌الله الفؤاد اول مدینة من مدائن النور والنور سبع مدائن اولها الفؤاد ثم الضمیر ثم العلاف ثم القلب ثم الشغاف ثم الحبة ثم اللباب . . .

٦ - دیکھیں Mi Saced Ulm, S.A Mono ... Turkiyat Mecmuasi I, (Istanbul, 1925) p. 101

٧ - السبکی . طبقات الشافعیة (٢ ٢٧٦ ٢٨٨)

٨ - دیکھیں G.A.L Suppl I 60

٩ - دیکھیں G.A.L I, 21 ...

(vii) **کتاب معیار التصوف وما هیته** (ورق ۸۸ - ۱۳۳) مصنفه ابوسعید الخرّاز و ابو یعقوب (؟) وسہل بن عبداللہ التستری[۳] (م ۲۷۳ ۸۸۶ یا ۲۸۳ / ۸۹۶)

اغاز : بسملہ . ذکر ماهیة التصوف ، قوله عزوجل انا اخلصناهم بخالصة ذکری الدار . . . وقیل هم أهل الصفوة وارباب الصفا . . . قال جعفر الصادق الصافی هو محمد بن عبدالله والصوفی ابوبکر الصدیق لقوله من کان یعبد محمدا فان محمدا قدمات . . .

(viii) **کتاب معرفة الأسرار** (ورق ۱۳۳ - ۱۴۹ اور ۲۰۹ - ۲۲۰) مؤلفه ابوعبدالله محمد بن علی الحکیم الترمذی[٤] (م ۲۵۵ ۸۶۸) . اس کتاب کے کسی دوسرے نسخے کے وجود کی اطلاع نہیں .

آغاز : الحمد لله الذی تفرد فی ازلیته و توحد فی دیمومته . . . ثم انا شرحنا الاحوال والاسماء التی قد خفی علی بعض الناس . . . ان شعب الناظر فیه علی طریق الصفا ویدل علی اخلاق المکارم والوفا . . . فصل . فی صفة أسرارالله . . . فی طبقات اهل الارادة . . . فی صفة . . . المرید المحقق . . . فصل . وأما تمریق الثیاب فی السماع . . .

اختتام : . . . کذلك کونه یکون وانیاً و علم الله باقیاً وبالله التوفیق . تم کتاب معرفة الأسرار . . . من کلام الشیخ . . . أبی عبدالله . . . الترمذی . . .

(ix) **کتاب شکایة أهل السنه بحکایة مانالهم من المحنه** (ورق ۱۶۵ - ۱۷۹) مؤلفه ابوالقاسم عبدالکریم بن هوازن القشیری[٥] (۳۷۶ - ۴۶۵ ۹۸۶ - ۱۰۷۲) دولت سلجوقیہ کی تشکیل کے ابتدائی دور ہی میں وزیر عمیدالملک الکندری کی حملہ اندازی اور القشیری ، امام الحرمین

۳ - دیکھیے G.A.L. I, 201, Suppl. I, 333

٤ - دیکھیے G.A.L. I, 216, Suppl. I, 355, H. Ritter, Philologika XV, *Oriens* I, p. 31, اور ترجمۂ صفحات ۱۶۹ (استنبول ، ۱۲۸۹)

۵ دیکھیے G.A.L. I, 556, Suppl. I, 770, H. Ritter, *Oriens* III, p. 36.

(iv) **کتاب الکشف والبیان** (ورق ٦٤ ـ ٧٠) یه رساله بھی الخرّاز سے منسوب ھے جس کے کسی دوسرے نسخے کے متعلق کوئی اطلاع نہیں ھے . علما میں جو طویل بحثیں ھوئی تھیں که انبیاء کا مقام بلند ھے یا اولیاء کا اسی مسئله پر یه رساله تصنیف کیا گیا ھے .

آغاز : بسمله . رب یسر قال أبوسعید . . . الخالق البرّ الصادق . . . وأنار المناهج . . . بالأنبیآء الذین اصطفا . . . أما بعد فان قوماً من أهل التصوف غلطوا فی التمییز بین مقام الأنبیآء والأولیآء فجعلوا مقام الأولیآء أرفع من مقام الأنبیآء وانما ذلك سبب حجابهم عن الحقیقة . . .

(v) **کتاب الفراغ** (ورق ٧١ ـ ٧٨) یه نادر نسخه ھے .

آغاز : قال الشیخ أبوسعید . . . إعلم أن الخلق لواشتغلوا بأنفسهم فی ذکرالمولیٰ لتفرغوا عمن دونهم ولوجدوا فی ذکر ربهم غنیة عن ذکرمادونه . . .

اختتام : . . . فان لم یقدر ان یخرج من عیوبها فلا یعجز عن معرفة عیوبها متأسفا وبالله التوفیق والعون .

(vi) **کتاب الحقائق** (ورق ٧٨ ـ ٨٧) الخرّاز نے اس رسالے میں جو ایک نادر تصنیف ھے بعض مستعمل تعبیروں کی وضاحت صوفیوں کے نقطۂ نظر سے کی ھے . عقل ، خشیت ، تواضع ، عدل ، طاعت وغیرہ جیسے الفاظ کا انتخاب کیا ھے اور صوفیوں کے نقطۂ نظر سے ان کے معانی سمجھائے ھیں . نسخے کے اختتام پر وضاحت شده الفاظ کی ایک فہرست بھی مندرج ھے .

آغاز : قال أبوسعید . . . الحمدلله حمد منقلب بقلبه فی ریاض منته و متنزّہ بروحه تحت أشجار کرمه . . . أمابعد قد جمعت فی کتابی هذا مسائل عن طریق الحکمة علی بیان الشریعة بلسان أهل المعرفة علی الایجاز والاختصار . . . وافتتحت ذلك بباب‌العقل . . . قال نور فی القلب یهدی النفس إلی اصول العمل . . .

(i) كتاب الخلوه والتنقل فى العباده و درجات العابدين
(ورق ١ ـ ٥٧) مصنفهٔ ابو عبدالله الحارث بن أسد المحاسبى[1] (م ٢٤٣ ٨٣٧)
اس کتاب کا ذکر GAL میں نہیں ملتا ہے .

آغاز : بسمله . ألحمد لله وسلام على عباده الذين اصطفى . باب الإجتهاد و الخلوة و قصر الأمل و غير ذلك .

قال الإمام أبوعبدالله الحارث بن أسد المحاسبى رضى الله عنه . إعلم رحمك الله أن أهل طاعة الله قدموا بين يدى الأعمال . . .

اختتام : . . . قال احفظ لسانک ولا تقولن إلا حقاً و اسكت فانك إذا فعلت ذلک أدخلك فى أصناف الخير و الحمد لله وحده وصلى . . .

گوشه میں : بلغ مقابلة بحمد الله .

(ii) كتاب الصفات (ورق ٥٧ـ٦٢) مؤلفه ابو سعيد أحمد بن عيسى الخرّاز[2] (م ٢٨٦ / ٨٩٩) . اس کتاب کا ذکر GAL میں نہیں ہے .

آغاز : قال أبو سعيد الخرّاز رحمة الله

الحمد لله الذى خلق الخلق حين أراد كما أراد فأحسن خلقهم و تمت مشيتة فيهم ثم دعاهم إلى الفهم . . . فآثر أقوام الدنيا . . . فحجب الله قلوبهم عن الأخرة . . .

اختتام : . . . ان هذا العلم هوف (؟) لأن كثيراً من العارفين يحبون الله لأنفسهم ويذكرونه بأنفسهم و يريدونه لأنفسهم .

(iii) كتاب الضياء (ورق ٦٢ ـ ٦٤) یہ تصنیف بھی الخرّاز سے منسوب ہے . اس کتاب کا کوئی دوسرا نسخه اب تک معلوم نہیں ہو سکا ہے .

آغاز : الحمد لله المحتجب من الأوهام بعلوّه المنفرد عن الأفهام بعزته . . . يعلم ما تكنه الصدور . . .

١ ـ دیکھیے Carl Brockelmann, *Geschichte der Arabischen Litteratur* I, 213, Suppl. I, 351

٢ ـ دیکھیے GAL I, 214, Suppl. I, 354

ترکی کا ایک غیر معروف کتب خانہ

پروفیسر احمد آتش*

قسطمونی اناطولیہ کے ان شہروں میں سے ہے جو زمانۂ قدیم سے اہم تمدنی مرکز رہے ہیں . یہاں مدرسوں اور خانقاہوں سے متعلق بہت سے کتب خانے تھے . ان مقامات کے بند ہوجانے کے بعد ان کی کتابیں ایک عرصہ تک مختلف جگہوں پر پڑی رہیں اور آخر میں قسطمونی کے کتب خانۂ عمومیہ کی عمارت میں محفوظ کردی گئیں . کتابوں کا موجودہ ذخیرہ تین خانقاہوں خالدیہ، مولوی خانہ اور شعبان ولی، بارہ مدرسوں اور ایک ارمنی گرجا کے کتب خانوں سے حاصل شدہ کتابوں پر مشتمل ہے . یہاں مخطوطات کی مجموعی تعداد تقریباً چار ہزار ہے یہ کتابیں موضوع کے اعتبار سے زیادہ تر ان علوم سے متعلق ہیں جنکی تعلیم عام طور پر مدارس میں دی جاتی تھی . ان میں ادبیات سے متعلق بہت کم کتابیں ہیں اور جو ہیں وہ زیادہ تر غیر اہم . ذیل کی سطور میں بعض منتخب کتابوں کا ذکر کیا جائے گا جو قدیم، نادر اور بے مثال ہیں . کتابوں کی تعداد کم ہونے کی وجہ سے ان کو موضوع کے لحاظ سے الگ الگ تقسیم کرنے سے کوئی فائدہ نہ تھا اس لیے ان کی فہرست مصنفین کی تاریخ وفات کے لحاظ سے ترتیب دی گئی ہے .

(۱) مجموعہ .

اوراق ۲۷۰ ، سطور فی صفحہ ۱۷ ، خط نسخ، مکتوبہ یونس بن عبداللہ .
تاریخ کتابت : ۲۵ شعبان ۶۱۵ ھجری . [قسطمونی : ۲۷۱۳]

* پروفیسر احمد آتش . صدر شعبۂ عربی و فارسی استنبول یونیورسٹی، ترکی

جمال الدین محمود أستادار نے اپنے وقت کے بظاھر دو مستند اشخاص کے دستخط بطور گواہ ھر کتاب پر ثبت کرائے تھے، ان کے دستخط واضح نہیں ھیں لیکن ان میں ایک نام «عمر بن عبدالرحمن البرماوی» معلوم ھوتا ھے اور دوسرا «عبداللہ بن علی .». علی کے بعد کا لفظ کسی دستخط میں بھی واضح نہیں اسی لیے استاذ فؤاد سید اور استاذ صلاح الدین المنجد نے بھی صرف عبداللہ بن علی پڑھنے پر اکتفا کیا ھے. راقم کا خیال ھے کہ اگلا مٹا ھوا لفظ «البسیونی»[1] ھے. اور کتابوں پر وقف نامے کی تحریر عبداللہ بن علی ھی کے قلم کی لکھی ھوئی ھے.

کتب سیر و تواریخ سے جن تک راقم کی رسائی ھوئی ان دونوں اشخاص کی تعیین میں کوئی مدد نہیں ملتی.

[۱۹۵۹/۱۲/۲۷]

(۱) «بسیون» مصر میں ایک قصبہ ھے جہاں متعدد نامور علما پیدا ھوئے. الخطط الجدیدة (۹، ٦٥)، نجوم الزاھرة (۱۱، ۳۰۰) ح (۱).

* آل انڈیا اسلامک اسٹڈیز کانفرنس کے اجلاس دوم (۲۷، ۲۸ دسمبر ۱۹۵۹) منعقدہ علی گڑھ میں پڑھا گیا

(iii) «الحاوی» للماوردی : نسخهٔ دانش‌گاه علی‌گڑه

١ــ الحمد لله رب العالمین

٢ــ وقف و حبس و سبل المقر الأشرف العالی الجمالی محمود أستادار العالیة الملکی الظا[هری]

٣ــ أعز الله تعالیٰ أنصاره ، و ختم بالصالحات أعماله جمیع هذا المجلد وما قبله وما بعده من المجلد[ات]

٤ــ من « الحاوی » للماوردی ، وعدة ذلک أحد و ثلاثون مجلداً وقفاً صحیحاً شرعیاً علی طلبة العلم [الشریف]

٥ــ ینتفعون به علی الوجه الشرعی ، وجعل مقرّه بالحرانة السعیدة المرصدة لذلک بمد[رسته]

٦ــ التی أنشأها بخط الموازنیین بالشارع الأعظم . و شرط الواقف المشا[رإلیه]

٧ــ أن لایخرج ذالک و لاشیء منه من المدرسة المذکورة برهن ولا بعیره « فمن بدّله بعد ماسمعه فإ[نما]

٨ــ إثمه علی الذین یبدّلونه إن الله سمیع علیم » . بتاریخ الخامس والعشرین من شعبان المکرم سنة سبع و تسعین [وسبع مائة] .

شهد بذلك　　　　　　　　　　　　　　شهد بذلك

عمر بن عبدالرحمن البرماوی　　　　　　عبد الله بن علی [السیوبی؟]

کتب خانهٔ محمودیه کے جن نسخوں تک راقم کی رسائی ہوئی ہے ان میں وقف نامے کی عبارتیں سر ورق پر لکھی ہیں . («مسند أبی عوانة» نسخهٔ بانکی پور کی ایک جلد ایسی بھی دیکھنے میں آئی جس پر یہ عبارت سرورق کے بجائے اصل کتاب جہاں سے شروع ہوتی ہے اس کی پیشانی پر لکھدی ہے). کاتب تمام تحریروں کا ایک ہی ہے اور تاریخ کتابت ہر جگہ ٢٥ شعبان ٧٩٧ هجری ہے . کسی ایك شخص کا ایک دن کے اندر چار هزار کتابوں پر وقف نامے کی عبارت درج کرنا دور از قیاس ہے یہ تاریخ غالباً مدرسهٔ محمودیه کے قیام اور اس پر کتابیں وقف کیے جانے کی تاریخ ہے .

وانا الفقير الى الله الغني ابو الفرج [illegible] سنة [illegible]

الحمد لله رب العالمين

وبعد فقد [illegible] وصل الى [illegible] كامل [illegible] دار [illegible]

[illegible] وما قبله وما بعده

[illegible]

[illegible]

[illegible]


[illegible]

انه على [illegible] سبحان [illegible]

كتاب الحاوي الكبير للماوردي نسخة كتابخانة دانشگاه علیگره

لا يمنع من السفر. والقول الثاني وهو قوله في الجديد
وبه قال من الصحابة عايشه وبن عمر رضي الله عنهما
ومن التابعين سعيد بن المسيب لا يجوز له انشا السفر
فيه حتى يصلي الجمعه لان هذا زمان قد يتعلق حكم
السعي فيه لمن بعدت داره عن المسجد في المصر او قاربه
اذا كان لا يدرك الجمعه الا بالسعي فيه فكان حكم
هذا الزمان من طلوع الفجر بعد الزوال لحكم ما بعد
الزوال في وجوب السعي فيهما فوجب ان يستوي
حكمها في تحريم السفر والله اعلم بالصواب
تم الجزء الثالث بحمد الله وعونه ومنه وتأييده
وحسن توفيقه وصلواته على محمد خير خلقه وال...
وكان الفراغ من نسخه يوم الاحد الثاني
والعشرين من شهر رجب الفرد بشهور
سنه اربع وسبعين وسبعمايه
وحسبنا الله ونعم
الوكيل
بكتابه العبد الفقير الراجي عفو ربه محمد بن ابو بكر بن سليمان
البكري عفا الله عنه وغفر له ولوالديه ولمن كتب لاجله
واعانه على مرضاته ووفقه لطاعته
تم الجزء المبارك


كتاب «الحاوى الكبير» للماوردى
مكتوبه محمد بن ابى بكر بن سليمان البكرى ٧٧٤ هجرى
نسخهٔ كتب خانهٔ دانش گاه على گڑه



«المسند» لأبى عوانة مكتوبة ٦١٥ هجرى

نسخة كتبخانة خدا بخش، بانكى پور

وقفية كتب خانة محمود الأستادار، قاهرة


الجزء ... والعشرون من كتاب الحاوي الكبير
في مذهب الامام المطلبي الشافعي رضي الله عنه
تصنيف القاضي الامام اقضى القضاة ابي الحسن علي بن محمد بن حبيب
الماوردي البصري رضي الله عنه

كتاب «الحاوی الکبیر» للماوردی

نسخهٔ کتبخانهٔ خدا بخش بانکی پور

وقفیهٔ کتب خانهٔ محمود الأستادار ، قاهره

٨ــعلى الذين يبدّلونه إن الله سميع عليم » بتاريخ الخامس والعشرين من شعبان المكرم سنة سبع و تسعين وسبعما[ئة] . حسبنا الله و نعم[الوكيل] .

شهد بذلک　　　　شهد بذلک

عمر بن عبدالرحمن البرماوی　　　　عبدالله بن علی [البسيونی؟]

*

(i) المسند لأبی عوانة : نسخة بانکی پور

١ــ[1]

٢ــ × × جميع هذه المجلدة الأولی[2] من مسند أبی عوانة و ما بعدها من المجلدات × × ×

٣ــالذين ينتفعون[3] به على الوجه الشرعی ، وجعل مقرّه بالخزانة السعيدة[4] المرصدة لذلک[5] بمدرسته[6] التی أنشأ[ها] × × ×

٤ــبالقاهرة المحروسة[6] وشرط الواقف المشار إليه أن لايخرج ذلک[7] ولا شیء منه من المدرسة المذکورة[8] برهن ولابغير[ه]

٥ــ × × بتاريخ الخا[مس والعشرين] سنة سبع و تسعين [وسبعمائة].

شهد بذلک[9]

عبدالله بن علی [البسيونی ؟]

(١) پہلی سطر غائب ہو جہاں الفاظ پڑھو نہیں جاتی وہاں × × اس قسم کی نشانات انکا دیی گیی ہیں

(٢) Abdul Hamid, *Cat. of the Arabic MSS. Bankipore* : هذه المجلدة

(٣) ایضاً : ينفقون

(٤) ایضاً : لخزانة الصدر

(٥) ایضاً : بذالک

(٦) ایضاً : بمدرسة *sic* بقاهرة المحروسة

(٧) ایضاً : ذالک *sic* من المدرسة المدکورة

(٨) اس کی بعد کی عبارت *Catalogue* میں درج نہیں .

(٩) اس کتاب پر صرف عبدالله کی دستخط ہیں ، البرماوی کی دستخط نظر نہیں آتی .

خرید لیا ھے چنانچہ « الحاوی» کی تیسری جلد جو کسی زمانے میں کتب خانۂ محمودیہ میں وقف تھی اب ہمارے کتب خانے کی زینت ھے۔

بانی کتب خانہ نے اس بات کا التزام کیا تھا کہ چار ہزار کتابوں میں سے ہر ایک پر وقف نامے کی پوری عبارت درج کی جائے ، وقف نامے کی عبارتوں میں کہیں کہیں معمولی تغیر و تبدیل اور حذف و اضافہ بھی ملتا ھے . ذیل میں ان تین وقف ناموں کی عبارتیں پیش کی جاتی ھیں جن کے عکس اس مضمون کے ساتھ شائع ہو رہے ھیں .

(أ) «الحاوی» للماوردی : نسخۂ بانکی پور

١ــ الحمد لله رب العالمين

٢ــ وقف و حبس و سبل هذا المجلد وما قبله و ما بعد[ه] من المجلدات من كتاب الحاوى للماوردى وعدده أحد و ثلاثون مجلداً المقر

٣ــ الأشرف العالى الأمرى المصرى الجمالى محمود أستادار العالية الملكى الطاهرى أعز الله تعالى أنصاره، و ختم بالصالحات أعماله وقفاً صحيحاً شرعياً

٤ــ على طلبة العلم الشريف ينتفعون على الوجه الشرعى، وجعل مقره بالخزانة السعيدة المرصدة لذلك بمدرسته التى أنشأها بخط

٥ــ الموازنيين بالشارع الأعظم . و شرط الواقف المشار إليه أن لا يخرج [ذلك[1]] ولا [شیء منه[2]] من المدرسة المذكورة برهن ولا بغيره وجعل النظر فى ذ[لك]

٦ــ لنفسه أيام حياته ثم من بعده لمن يؤول إليه النظر على المدرسة المذكورة على ما شرح فى وقفها ، وجعل لنفسه أن يزيد فى شرط ذلك

٧ــ وينقص ما يراه دون غيره من النظار كما جعل ذلك لنفسه فى وقف المدرسة المذكورة . «ومن بدله بعد ما سمعه فإنما إثمه

(١) یہ لفظ وقف نامہ میں چھوٹ گیا ہے .
(٢) یہ دو لفظ بھی لکھنے سے رہ گئے ہیں .

کتب خانے میں اس کی نویں، اکیسویں اور چھبیسویں جلد موجود ہے[1]۔

(ب) «کفایة النبیه فی شرح التنبیه»[2]۔ «التنبیه» لأبی اسحاق الشیرازی (م ۴۷۶) کی شرح ۱۲ جلدوں میں از أحمد بن محمد بن علی البخاری المصری الشافعی المعروف بابن الرفعہ (م ۷۱۰ ھجری)۔ بانکی پور میں اس کی صرف چھٹی جلد ہے۔ مکتوبہ علی بن أیوب بن یوسف البکری الشافعی۔ سال کتابت سنہ ۷۰۸ ھجری[3]۔

(ج) «الإقلید لدرء التقلید»[4]۔ «التنبیه» لأبی اسحاق الشیرازی کی شرح چھ جلدوں میں از تاج الدین ابو محمد عبدالرحمن بن إبراهیم الفزاری المصری الشافعی (م ۶۹۰ ھجری)۔ بانکی پور میں اس کی صرف تیسری جلد محفوظ ہے[5]۔

(د) «المسند»[6] لأبی عوانة (م سنہ ۳۱۶ ھجری)۔ مکتوبہ × × عبدالرحیم بن عبدالخالق × × الشافعی سال کتابت ۶۱۵ ھجری[7]۔

(۵) کتب خانۂ مسلم یونیورسٹی علی گڈھ: «الحاوی الکبیر» للماوردی کی تین جلدیں کتب خانۂ محمودیہ سے بچھڑ کر بانکی پور پہنچیں، اور ایک جلد خان بہادر ابو محمد مرحوم ممبر پبلک سروس کمیشن الہ آباد کے پاس۔ ابھی حال میں ابومحمد مرحوم کا پورا ذخیرۂ کتب، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے

(۱) Abdul Hamid, *Cat. of the Arabic MSS. Bankipore* xiv, Nos. 1813-15 ...

(۲) *G.A.L.*, Suppl. 1, 970 ایکں Brockelmann نے نسخۂ بانکی پور کا ذکر نہیں کیا ہے

(۳) *Bankipore* No. 1819

(۴) Brockelmann نے *G.A.L.* 1, 502, Suppl. 1, 976 میں کتاب کا نام معلوم نہ ہونے کی بنا پر صرف «شرح کتاب التنبیه» لکھ دیا ہے اور اسکے کسی نسخے کا پتا نہیں بتایا ہے کتب خانۂ خدا بخش بانکی پور کے علاوہ اس کتاب کی جلد دوم کا ایک نسخہ کتب خانۂ برلین میں محفوظ ہے رقم ۴۴۶۱۔

قابل ذکر بات یہ ہے کہ Brockelmann نے جہاں ابواسحاق الشیرازی کی «کتاب التنبیه» اور اس کی دس شرحوں کا ذکر کیا ہے وہاں الفزاری کی شرح کا ذکر نہیں، اس کا نام «الإقلید لدرء التقلید» ہے جیسا کہ نسخۂ خدا بخش پر بھی ثبت ہے۔

(۵) *Bankipore* No. 1818

(۶) *G.A.L.* 1, 167, Suppl. 1, 260

(۷) *Cat. Bankipore* Vol. v, p. 222, Nos. 481

ذهبی نے ۱۲ جلدوں میں یه کتاب لکھی ھے . کتب خانۂ محمودیه میں ۱۰ جلدیں موجود تھیں . پہلی اور دوسری جلدیں شائد محمود کو حاصل نه هوسکیں .

(۳) دارالکتب المصریه، قاهره : «نهاية الأرب فی فنون الأدب»[1] للنویری یه کتاب ۳۱ جلدوں میں تمام هوئی هے اور اسکا مکمل نسخه ایاصوفیا میں موجود هے . دارالکتب میں متفرق ۱۸ جلدیں اسکی دیکھنے میں آئیں یه ساری جلدیں بخط مصنف هیں اور سبھوں پر کتب خانۂ محمودیه کا وقفیه درج هے .

راقم نے لائڈن کی یونیورسٹی لائبریری میں اس کتاب کی متعدد جلدیں دیکھی هیں ان میں کچھ بخط مصنف هیں[2]. لیکن اسوقت یه کہنے سے قاصر هے که وہ کتب خانۂ محمودیه کی کتابیں هیں یا نہیں ؛ جہاں تک یاد آتا هے ان پر وقفیه درج نہیں .

(٤) کتب خانۂ خدابخش، بانکی پور : یہاں کتب خانۂ محمودیه کی چھ کتابیں آکر محفوظ هوگئی هیں .

(الف) «الحاوی الکبیر»[3] للماوردی† سنه ٤٥۰ هجری . یه فقه شافعی کی مشہور ترین کتاب هے جو ۳۱ جلدوں میں بتائی جاتی هے[4] اس

---

(۱) Brockelmann, *GAL*, Suppl. ii, 173

(۲) P Voorhoeve نے *Handlist of Arabic Manuscripts* مطبوعه (Leyden, 1957) ص ۲۵۲-۲۵۳ پر «نهاية الأرب» کے ایسے چار نسخوں کا ذکر کیا هے جسکو آخر میں «علی ید مؤلفه» لکھا هوا هے .

«نهاية الأرب» کے اگر متعدد نسخے خود نویری کے هاتھ کے لکھے هوئے ملتے هیں تو یه امر باعث تعجب نہیں اسلیے که جیسا ابن حجر نے لکھا هے وہ نقل و مقابلے کا کام بھی کیا کرتے تھے اور اپنے هاتھ کے لکھے هوئے نسخے کی قیمت ایک هزار درهم لیا کرتے تھے . ان کے بیان کے مطابق نویری «نهاية الأرب» کا ایک نسخه اپنے هاتھ کا لکھا هوا دو هزار درهم میں فروخت کیا کرتے تھے . الدرر الکامنه (۱: ۱۹۱) .

(۳) Brockelmann, *GAL*, i, 386, Suppl i, 668

(٤) دارالکتب المصریه کا نسخه ۲٤ جلدوں میں مکمل هوا هے (فهرست دارالکتب (۱ : ۵۱۲) لیکن استاذ فؤاد سید نے «فهرس المخطوطات المصورة» (۱ : ۳۰۰) نشر معهد المخطوطات العربیه (قاهره ، ۱۹۰۷) میں صرف ۲۳ جلدوں کی تفصیل بیان کی هے .

اس فتویٰ[1] سے ظاہر ہے سب سے پہلے (اور شائد سب سے زیادہ) خود سیوطی نے فائدہ اٹھایا اور سخاوی نے شائد اسی لیے ان پر یہ الزام لگایا ہے کہ انھوں نے نادر اور کمیاب کتابوں کے اہم مطالب اپنی طرف منسوب کرلیے ہیں اور کتابوں کی عبارتوں میں کچھ تبدیلی اور تقدیم و تاخیر کرکے کتنے ہی رسالے تیار کرلیے ہیں.

کتب خانۂ محمودیہ نویں صدی ہجری تک مصر میں محفوظ رہا. دسویں صدی کی ابتدا میں سلطان سلیم عثمانی نے مصر فتح کیا تو اور دوسرے کتب خانوں کے ساتھ اس کتب خانے کی بھی بیشتر کتابیں دارالخلافۃ استنبول پہنچ گئیں. بقیہ کتابوں کا بڑا حصہ یا تو معمول داموں پر بک گیا یا تلف ہوگیا[1].

جمال الدین محمود کے زمانے میں کتابوں کی تعداد چار ہزار تھی نویں صدی کے وسط میں ابن حجر کے زمانۂ نظامت میں تعداد گھٹ کر ۳٤۷۰ ہوئی ۱۳ویں صدی کے اواخر میں ان میں سے صرف ٥۸ کتابیں دست‌برد زمانہ سے بچ سکیں تھیں جو کتب خانۂ خدیویہ مصر میں محفوظ کردی گئیں[1]. دارالکتب العربیہ کی مطبوعہ فہرستوں سے یہ پتا نہیں چلتا کہ اب کتنی کتابیں وقف محمودیہ کی وہاں محفوظ ہیں اور ان کے نام کیا ہیں.

ذیل میں ان چند کتابوں کا ذکر کیا جاتا ہے جو کتب خانۂ محمودیہ سے نکل کر اب ترکی، مصر اور ہندوستان کے مختلف کتب خانوں کی زینت ہیں.

(۱) کتب خانۂ ایاصوفیا، ترکی: «تاریخ الإسلام»[2] للذہبی کی گیارھویں جلد.

(۲) کتب خانۂ أحمد ثالث، ترکی: «سیر أعلام النبلاء»[3] للذہبی. اسکی تیسری اور آٹھویں جلد.

(۱) الأستاذ فؤاد سید: «مجلة معهد المخطوطات»: ۱۲۹ (متی، ۱۹٥۸) مرتبه الأستاذ صلاح‌الدین المنجد. معهد المخطوطات العربية (القاهرة).

(۲) Brockelmann, *GAL*, Suppl, II, 45 (۳) مصدر سابق

بن محمد بن علی بن الشمس الجلالی الحنفی کے ذکر میں لکھتے ھیں[1] کہ وہ اپنے باپ محمد بن علی کے بعد کتب خانۂ محمودیہ کے خازن ہوئے. قیاس یہ ھے کہ ابن حجر کی وفات سنہ ۸۵۲ کے بعد ان کے باپ محمد بن علی ناظم مقرر ھوئے اور ان کی وفات کے بعد ابوالمعالی أحمد. بہ ظاھرا اپنی وفات ۸۷۱ تک کتاب خانے کے ناظم رھے.

سخاوی ھی یہ بھی لکھتے ھیں کہ کتب خانۂ محمودیہ کی کتابوں کے سلسلے میں قاضی القضاۃ محب الدین ابن الشحنہ سے ان کے اختلافات بھی ھوئے تھے جس کی پاداش میں انھیں عھدۂ قضا سے سبکدوش بھی ھونا پڑا تھا.[2]

کتب خانۂ محمودیہ سے مستفید ھونے والوں میں قاضی القضاۃ علم الدین البلقینی[3]، شیخ الإسلام شرف الدین یحیی المناوی الشافعی[4]، ابن حجر العسقلانی اور جلال الدین السیوطی کے اسماء خاص طور پر قابل ذکر ھیں. اس کتب خانے کی نفاست و اھمیت کے پیش نظر ابن حجر نے اسکی دیکھ بھال کا کام اپنے ذمے لیا تھا اور جلال الدین السیوطی نے سنہ ۸٦۷ ھ میں «بذل المجھود فی خزانۃ محمود»[5] لکھ کر اس خیال کا اظہار کیا تھا کہ ھر چند اس کتب خانے کی کتابیں مدرسۂ محمودیہ پر وقف ھیں اور واقف کی شرط کے خلاف باھر نہیں جاسکتیں[6] لیکن ضرورت ھے کہ بعض صورتوں میں کچھ شرائط کے تحت علما کو کتابیں رعایتاً دی جائیں.

(۱) السخاوی : الضوء اللامع ۲ ۱۵٤)
(۲) ایضاً (۲ ۱۵٤).
(۳) شیخ الإسلام أبوالبقاء علم الدین صالح بن عمر بن رسلان الکنانی البلقینی † سنہ ۸٦۸ ھجری الضوء اللامع ۳ : ۳۱۲).
(٤) ۷۹۸ — ۸۷۱ ھجری ، شذرات الذھب ۷ ۳۱۲
(۵) مجموعہ رقم ۳۵ نسخۂ دار الکتب المصریہ بخط شھاب الدین بن ناصر الدین بن أحمد بن محمد بن یوسف المنادی المصری الشافعی مکتوبہ سنہ ۹۸۱ھ . Brockelmann نے اس رسالے کا ذکر نہیں کیا ھے . استاذ فؤاد سید نے «مجلۃ معھد المخطوطات العربیۃ» مئی ۱۹۵۸ میں اسے شائع کردیا ھے.
(٦) محمود نے کتابیں وقف کرتے وقت یہ شرط لگادی تھی کہ کوئی کتاب کتب خانے سے باھر نہ جائے «شرط الواقف ... أن لا یخرج ذلک ولا شیء منه من المدرسة المذکورة برھن ولا بغیره»

کتب خانے کے ناظموں میں مندرجہ ذیل اصحاب کے نام معلوم ہوسکے ہیں جمال الدین محمود نے خود اپنے زمانے میں اس کتب خانے کی نظامت کا کام جن کے سپرد کیا تھا ان کا نام «سراج الدین» تھا . یہ غالباً وہی سراج الدین ہیں جو محمود کے امام تھے اور جن کا ذکر اوپر آچکا ہے. کچھ دنوں کے بعد اس اطلاع پر کہ کتب خانے کی بہت سی کتابیں ضائع ہوگئی ہیں، تفتیش ہوئی تو معلوم ہوا کہ ۱۳۰ کتابیں موجود نہیں اُنھیں برطرف کر کے «فخر الدین الطاعی» کو اس خدمت پر مامور کیا گیا. مؤرخین، ان کے انتظام و انصرام اور ان کی دیانت داری کے معترف نظر آتے ہیں لیکن ان کی انتظامی صلاحیت اور ان کی دیانت داری دونوں مل کر بھی کتب خانے کو تباہی سے نہ بچا سکی. سخاوی[1] کی ایک غیر مطبوعہ تصنیف «الجواہر والدرر»[2] سے معلوم ہوتا[3] ہے کہ نویں صدی کی ابتدا میں یہ خبر مشہور ہوئی کہ کتاب خانے کی کچھ اہم کتابیں غائب ہوگئی ہیں. معاملے کی تفتیش کی گئی اور فہرستوں سے کتابوں کا مقابلہ کیا گیا تو معلوم ہوا کہ چار سو کتابوں کا پتا نہیں. «فخر الدین الطاغی» کو سنہ ۸۲۶ھ میں معزول کردیا گیا اب قرعۂ فال ابن حجر کے نام پڑا. سخاوی لکھتے ہیں کہ جب ابن حجر ناظم مقرر ہوئے تو انھوں نے دو فہرستیں مرتب کیں ایک تصانیف کی فہرست الفبائی اور دوسری میں انھوں نے کتابوں کو فن پر تقسیم کیا. ۸۵۲ تک اس کتب خانے کے ناظم رہے.

ابن حجر کے بعد کتب خانے کی نظامت کس کے سپرد ہوئی کچھ نہیں کھلتا، لیکن سخاوی استطراداً اپنے ایک شاگرد[4] حافظ الدین ابوالمعالی أحمد


(۱) Brockelmann, GAL, Suppl. II, 31


(۲) یہ کتاب سخاوی نے اپنے استاد ابن حجر کے حالات میں لکھی ہے اس کا پورا نام «الجواہر والدرر فی ترجمة شیخ الإسلام ابن حجر» ہے. GAL II, 31, Suppl. II, 73
اس کا ایک نسخہ غالباً منحصر بہ فرد پیرس کے کتب خانۂ ملی میں ہے دیکھیے De Slane, (Cat. Manuscrits Arabes de la Bibliothèque Nationale p. 375 Paris, 188 -1895)

(۳) الأستاذ فؤاد سید. «نصان قدیمان فی إعارة الكتب» مجلة معهد المخطوطات، مئی ۱۹۵۸)

(۴) سخاوی ان کی خوش خطی کے معترف نظر آتے ہیں انھوں نے لکھا ہے کہ ابوالمعالی نے دوسری کتابوں کے علاوہ میری بعض تصانیف کی نقل بھی تیار کی ہے.

سیاسی اهمیت کے ساتھ ساتھ جمال الدین محمود کی علمی اور ثقافتی اهمیت بھی کچھ کم نہیں . یہ مصر کے مدرسۂ محمودیہ[1] اور ایک ایسے عظیم‌الشان کتب خانے کا بانی ھے جس کا شمار قرون وسطیٰ میں بلاد اسلامیہ کے عظیم ترین کتب خانوں میں تھا. کتب خانے میں کتابوں کی مجموعی تعداد چار هزار تھی لیکن اس تعداد سے اس کتاب خانے کی اهمیت کا شائد پورا احساس نہو جب تک یہ نہ کہا جائے کہ اس کی بہت سی کتابیں نامور علماء اور مصنفین کے هاتھ کی لکھی ھوئی تھیں اور یہ کہ اور نوادر کے علاوہ اس میں قاضی برهان‌الدین بن جماعه[2] کا پورا کتب خانہ ان کی وفات کے بعد منتقل هوگیا تھا. یہ سارا ذخیرہ جمال الدین محمود نے ابن جماعه کے ورثا سے خرید لیا تھا. بعض کتابوں پر ابن جماعه اور ان کے اعزہ کی تحریریں اور دستخط بھی ثبت هیں. مثال کے طور پر ذهبی کی « سیر أعلام النبلاء » کی دو جلدوں پر عبدالرحمن بن جماعه اور قاضی القضاة برهان الدین ابراهیم بن محمد بن جماعه کے دستخط ملتے هیں. یہاں ان کے عکس پیش کئے جاتے هیں .





(۱) امیر سیف الدین أجای الناصری الدوادار (م ۷۳۲ھ) نے قاهره میں باب زویله کے باهر شارع عام پر ایک شاندار مکان بنایا تھا. امیر کی وفات (۷۳۲ هجری کے بعد الملک الناصر محمد بن قلاوون کی بیٹی خوند عائشه خاتون جو «قردمیه» کے نام سے مشهور تھی یہاں رهنے لگی اور اسی مناسبت سے یہ محل اس کے نام سے منسوب هوگیا. اس کی وفات کے بعد امیر جمال الدین محمود اس مکان میں منتقل هوا اور وهیں پر اس نے اپنا مشهور مدرسۂ مدرسۂ محمودیہ تعمیر کیا (المقریزی. خطط ۲.۶۷) مدرسے کی عمارت اب بھی جوار قصبۂ رضوان میں شارع خیامیه پر موجود هے اور جامع الکردی کے نام سے مشهور هے (الأستاذ فؤاد سید «مجلة معهد المخطوطات»: ۱۲۷. مئی، ۱۹۵۸).

محمود اور اس کے اعزہ کی وفات کے بعد محمود کا مکان ایک مالک سے دوسرے مالک کی طرف منتقل هوتا هوا امیر رضوان بک الفقاری تک پہنچا. اس نے نئے سرے سے اس کی تعمیر کی اور ۱۰۵۳ع میں یہ مکان وقف کردیا، اب یہ مکان حکومت مصر کی وزارت اوقاف کے تحت هے النجوم (۹ : ۲۹۷) تعلیقات رمزی بک، رکن مجلس اعلی ادارۂ تحفظ آثار قدیمه مصر .

(۲) ۷۲۵—۷۹۰ هجری . دیکھیے: Brockelmann, *GAL*, Suppl. II, 138

خلعت سے نوازا جاتا ہے اور « ناظر دیوان المفرد » کا عہدہ اس کے سپرد کیا جاتا ہے . یہ اس لیے کہ اس طرح محمود کی ساری جائداد اور مال و دولت کا پورا پورا پتا چل سکے . چند دنوں کے بعد ناصرالدین محمد ، ابن الطبلاوی کے حوالے کیا جاتا ہے اور شاہی حکم صادر ہوتا ہے کہ اس سے ایک لاکھ دینار وصول کیے جائیں[1] .

یہ سب کچھ ہورہا تھا، لیکن ساتھ ہی ساتھ جمال‌الدین محمود کی تلاش بھی جاری تھی . آخر ایک شخص کی مخبری پر کہ وہ «کوم الجارح» کے ایک مکان میں روپوش ہے اسے وہاں سے برآمد کیا گیا اور سلطان الملک الظاہر برقوق کی بارگاہ میں حاضر کیا گیا جہاں سبّ و شتم اور ضرب و عقوبت کی ساری سنتیں تازہ کی گئیں[2]. سلطان نے محمود اور اس کے بیٹے ناصرالدین محمود دونوں کو امیر حسام‌الدین حسین «شادّ الدواوین» کے حوالہ کیا[3]. پنجشنبہ ۲ جمادی‌الأولیٰ کو وہ بحالت علالت «خزانۂ شمایل» میں قید کردیا گیا[4] اور اس دن جو قید خانے کا دروازہ محمود کے پیچھے بند کیا گیا وہ اس کی زندگی میں اس کے سامنے پھر کبھی نہیں کھولا گیا .

کچھ دنوں کے بعد یک شنبہ ۹ رجب سنہ ۷۹۹ھ کو بڑے الم و کرب کی زندگی گزار کر قید خانے ہی میں محمود نے بے کسی کی حالت میں دم توڑ دیا[5] . کہا جاتا ہے کہ جب اس کی وفات ہوئی تو اس کے کفن کے لیے بھی دام میسر نہ تھے . آخر اس کے غلاموں میں سے ایک نے اپنی گرہ سے اس کی تجہیز و تکفین کا انتظام کیا اور آٹھویں صدی ہجری کا یہ اولوالعزم مدبر اور سیاست مدار نہایت خاموشی سے اپنے قائم کیے ہوئے مدرسۂ محمودیہ کے ایک گوشہ میں آرام و سکون کی نیند سو گیا[6] .

(۱) ابن الفرات (۹ . ۴۳۱) .
(۲) النجوم (۵ ۵۶۹) .
(۳) بدائع (۱ ۳۰۶
(٤) ابن الفرات (۹ . ٤٦۱)
(۵) النجوم (۵ ۵۷۱) ، بدائع (۱ ۳۰۷) ،
(٦) النجوم (۵ . ٦۳۷) ، بدائع (۱ . ۳۰۷)

اس فہرست میں محمود کے گھر کا ساز و سامان، فرش فروش، مویشی اونٹ اور گھوڑے، عورتوں کی پوشاک، زیورات، املاک و جائداد، سواریاں، لونڈیاں باندیاں، غلام، خدمت گار اور طواشی شامل نہیں. پھر جس قدر دولت محمود نے لوگوں کے پاس چھپا رکھی تھی اس کی بڑی مقدار ان لوگوں کے پاس ضائع ہوگئی ہوگی جن کا پتا حکومت کے کارندے نہ چلاسکے. اس لیے جو مال و متاع مل سکا وہ بخوبی ممکن ہے کہ محمود کی جمع کی ہوئی دولت و ثروت کا عشر عشیر بھی ہو[1].

ابتداے ماہ صفر ۷۹۸ سے محمود استادار پر مصائب کے جو بادل چھائے ہوئے تھے، وہ اور گہرے ہوجاتے ہیں. سلطان کی ناخوشنودی اب غیظ و غضب میں تبدیل ہو جاتی ہے. ۲ صفر کو طواشی فارس‌الدین شاہین الحسینی الجمدار محمود کے گھر پہنچتا ہے اور اسکی دونوں بیبیوں کچھ لونڈیوں اور اس کے معتمد خاص قاضی سعدالدین ابراھیم ابن غراب کو گرفتار کرلیتا ہے اور مکان میں جو کچھ مال و متاع اسے ملتا ہے اس پر قبضہ کر لیتا ہے[2]. محمود کو یہ خبر ملتی ہے تو وہ روپوش ہوجاتا ہے. اسی دن عصر کے بعد «شاھین» پھر آتا ہے اور اب وہ محمود کے بیٹے امیر ناصرالدین محمد کو بھی گرفتار کر کے قلعہ پہنچا دیتا ہے اور ناصرالدین اور ابن غراب دونوں قلعے ہی میں زین‌الدین صندل المنجکی، خازندار ذخیرۂ سلطانی کے مکان میں نظر بند کردیے جاتے ہیں. دوسرے دن ابن‌غراب، امیر سیف‌الدین علی بای شاہی خزانچی کے ساتھ محمود کے مکان پر آکر ڈیڑھ لاکھ دینار کی مالیت پر قبضہ کر لیتا ہے. ۱۱ کو محمود کا عہدۂ استاداریہ امیر سیف‌الدین قطلوبک العلائی کو تفویض ہوتا ہے جس سے محمود کے رنج و الم میں مزید اضافہ ہوتا ہے. اس طرف اس کے سیکریٹری ابن غراب کو جو محمود سے الگ ہو کر سلطان کی طرف مائل ہوگیا ہے شاہی

(۱) بدائع ۱ ۳۰۵—۳۰۶.
(۲) ابن الفرات (۹ . ۴۲۹) ؛ النجوم (۵ . ۵۶۸).

جمال الدین محمود کے قائم کردہ مدرسۂ محمودیہ کی پشت پر ایک ویران مکان کا فرش کھودا گیا تو اس سے سات مٹکے اور دو بڑے برتن نکلے جن میں خالص چاندی کی اینٹیں اور نقرئی سکے بھرے ہوئے تھے جن کا وزن کوئی دس لاکھ درھم تھا۔ دوسرے دن اسی خرابے میں دو اور بڑے مٹکے ملے۔ ایک میں چھ لاکھ دینار اور دوسرے میں چودہ ھزار درھم اور پانسو دینار نکلے۔ محمود کے دربان «شیخ موسیٰ» سے اسکندریہ کے ایک مکان کا پتا چلا، وھاں کھدائی کی گئی تو چھتیس ھزار (اور بقول ابن الفرات اڑتیس ھزار سے زائد) دینار ملے۔ اسکندریہ ھی کے ایک مکان سے تیس ھزار اور دوسرے سے دو لاکھ دینار نکلے۔ یہ ساری دولت طواشی صندل المحکی[1] کے ذریعہ قاھرہ بھیج کر خزانۂ شاھی میں جمع کردی گئی۔

اب ھر طرف تلاش شروع ھوئی تو ایسا معلوم ھوتا تھا کہ مصر کے چپے چپے میں محمود کی دولت چھپی ھوئی ھے۔ ایک غلام کے پاس محمود کے جمع کردہ تیس ھزار اور ایک لونڈی کے پاس رنگ برنگ کے جواھرات کے علاوہ ایک لاکھ دینار نکلے۔ محمود کے امیر آخور «شاھین» کے پاس ٤۰ ھزار، اس کے امیر سلاح «لاجین» کے پاس ۳۰ ھزار اسکے پیش امام «سراج الدین» کے پاس ۳۰ ھزار، اسکے فراش «شقیر» کے پاس ۷۰ ھزار اور اس کے دوست اور مشہور مؤرخ «ابن خلدون» کے پاس ۲۰ ھزار دینار محمود کی امانت کے نکلے۔

محمود کے قاھرہ کے ایک مکان میں ٦۳ ھزار دینار مدفون ملے اور مدرسۂ محمودیہ کی چھت توڑ کر دیکھی گئی تو اس میں پانچ دیگیں چھپی ھوئی ملیں جن میں کوئی ۵۰ ھزار دینار تھے۔ اسی طرح جامع أزھر کے پاس محمود کے ایک قدیم مکان میں ایک خم گڑا ھوا ملا جس میں سے ایک لاکھ ۳۷ ھزار دینار اور اس کے حارہ بنی سیس کے مکان کے پاس ایک جگہ سے ایک لاکھ ۳۸ ھزار سات سو دینار برآمد ھوئے[2]۔

(۱) زین الدین صندل بن عبداللہ الرومی خازندار ذخیرۂ سلطانیہ م ۸۰۱ھ المنہل ٦ ١٤٥.
(۲) بدائع (۱ ۳۰۵)، ابن الفرات (۹ ٤۳۲).

پرانے داد خواهوں اور مظلوموں نے ایک دن قلعه کے پاس اسے گھیر لیا اور وه آمادهٔ فساد هوئے، بعض پتھر مارنے سے بھی باز نه آئے[1]. ۳ ربیع الآخر کو سلطان حسب معمول اس سے ناراض هے، چند دنوں بعد محمود کا بیٹا امیر ناصرالدین محمد نایب ثغر اسکندریه، قاهره پهنچتا هے اور بارگاه سلطانی میں حاضر هوکر ۱۰ گھوڑے، اسکندریه کے بنے هوئے سوتی کپڑوں کے ۳۰۰ تهان اور دس هزار دینار نذر میں پیش کیے[2]. سلطان نے از راه کرم خسروانه نذر قبول کی، اور یه پیش کش ظاهرا کام آئی. ۱٤ جمادی الأولیٰ کو سلطان، محمود أستادار کو خلعت سے سرفراز کرتا هے[3]. کچھ دنوں بعد جب ابن الطبلاوی مصر اور اسکندریه کی ٹکسالوں اور سرکاری سامان تجارت کی چھان بین کرتا هے تو معلوم هوتا هے که دارالضرب کے ساٹھ لاکھ درهم محمود کے ذمے هیں. لیکن آخر میں معامله اسطرح طے هوتا هے که محمود ڈیڑھ لاکھ دینار دے دے، محمود یه رقم ادا کردیتا هے تو سلطان عارضی طور پر اس سے راضی هوجاتا هے[4] اور ۱۳ ذوالقعده کو خود قلعے سے سوار هوکر جمال الدین محمود کے مکان واقع «موازنیین» پر پهنچتا هے اور اسے ملاقات کا شرف بخشتا هے. محمود حسب دستور کچھ قیمتی تحائف نذر میں پیش کرتا هے جن میں سے کچھ سلطان قبول بھی کرتا هے[5].

سلطان کی ناخوشنودی محمود و آل محمود پر پھر بھی کم نهیں هوئی. ابن الطبلاوی والی قاهره نے امیر ناصرالدین محمد اور محمود کے ملازمین اور قریب کے لوگوں کو کچھ اس طرح ستایا اور ایسی ایسی دردناک سزائیں دیں که وه لوگ خزانوں اور دفینوں کے راز کو زیاده مدت تک نه چھپاسکے ان لوگوں کی ضروری اطلاع دهی پر تفتیش شروع هوئی تو ایسا معلوم هوتا تھا که زمین نے چاندی اور سونا اگلنا شروع کردیا هے.

(۱) ابن الفرات (۹ . ۴۰۲).
(۲) ایضاً (۹ . ٤۰٤).
(۳) " (۹ ٤۰۵)
(٤) " (۹ : ٤۱۱).
(۵) " (۹ . ٤۱٤)

وقت شاہی ممالیک جن کی تعداد چار[۱] پانچ[۲] ہزار سے کم نہ تھی ہر ایک کو دو ہزار درہم[۳] دیے گئے۔ ان لوگوں نے یہ بھی بادل ناخواستہ قبول کیا۔ غلاموں کے بعد امرا کی باری آئی اور انہیں بھی حسب حیثیت رقمیں دینی پڑیں یہ حالات دیکھکر اسکے سوا چارہ نہ تھا کہ سلطان مصر کے دولت مند کارمی تاجروں سے مدد لے چنانچہ المحلّی[۴]، الخرّوبی[۵] اور ابن مسلم[۶] سے سلطان نے دس[۷] لاکھ دینار قرض لیے اور ایک تحریر لکھ کر دے دی۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ ضمانت کے لیے امیر محمود بن علی أستادار کے خدمات حاصل کیے گئے[۸]۔ اس سے اسکی اہمیت ظاہر ہوتی ہے اور اسکی جلالت شان کا پتا چلتا ہے۔

یہ جلالت شان لیکن محمود کو راس نہ آئی اور حالات کچھ ایسے پیدا ہوگئے کہ وہ سلطان کے عتاب کا شکار ہوگیا۔ ۱۳ ربیع الاول سنہ ۷۹۷ کو سلطان نے امیر ابن الطبلاوی[۹] کو اس کے پاس بھیجا اور ۵ لاکھ دینار طلب کیے، انکار کی صورت میں شاہی حکم تھا کہ اسکی جائدادیں نیلام کرکے یہ رقم وصول کی جائے۔ ابن الطبلاوی نے محمود اور سلطان کے درمیان مصالحت کرادی اور اس کی توجہ سے معاملہ ڈیڑھ لاکھ دینار پر طے ہوگیا[۱۰]۔ اسے معتوب سلطانی پاکر، اسکے

(۱) ابن الفرات ۹ : ۳۷۱) (۲) النجوم (۵ ۵۵۶).

(۳) ابن تغری بردی نے ہر فوجی کو جو رقم دی گئی تھی اسکی تعداد سو دینار بتائی ہے دینار اور درہم کی مبادلہ کی شرح بدلتی رہتی تھی الملك الناصر محمد بن قلاوون کی عہد میں ایک وقت آیا جب ایک دینار ۱۷ درہم کے برابر ہوگیا تھا دیکھو *The Mamluke Dynasty of Egypt* مصنفہ Sir William Muir (London, 1896) p. 55. ۷۹٦ھ میں جب الملک الظاہر جنگ کی تیاریاں کررہا تھا ایک دینار ۲٦ اور نصف درہم کے برابر تھا۔ النجوم (۵ . ۵٦۰).

(٤) قاضی برہان الدین إبراہیم بن عمر بن علی المحلی المصری . † سنہ ۸۰٦ھ. النجوم (٦.۱٦۱)

(۵) قاضی نور الدین علی الخرّوبی الکارمی .

(٦) شہاب الدین احمد بن مسلم ناصر الدین الکارمی † سنہ ۸۰۱ ہجری. النجوم ۵.٦۲.۵

(۷) ابن الفرات (۹ ۳۷۹)، النجوم (۵: ٦۲ ۵ . لیکن ابن إیاس نے یہ رقم دو لاکھ بتائی ہے جو بالکل قرین قیاس نہیں بدائع الزہور (۱.۳۰۲ .

(۸) بدائع الزہور (۱ . ۳۰۲).

(۹) شہاب الدین أحمد بن محمد بن الطبلاوی † ۸۱٤ھ. النجوم (٦ ۲۵٤ .

(۱۰) ابن الفرات (۹ . ٤۰۲).

اور وہ وہاں ایک فیصلہ کن لڑائی لڑنی چاہتا ہے[1] . محمود کو اسلحہ اور جنگی ساز و سامان کی تیاری کے انتظام کے لیے مامور کیا جاتا ہے . ۳ ربیع الاخر سنہ ۷۹٦ھ کو آخر وہ سلطان کی بارگاہ میں حاضر ہوکر اسلحہ اور دوسرے سامان[2] کا معاینہ کراتا ہے جو اس نے جنگ کے لیے تیار کرائے ہیں . سامان کی کثرت کا اندازہ اس امر سے ہو سکتا ہے کہ یہ سامان ۸۰۰ اونٹوں پر لدکر بارگاہ سلطانی تک پہنچایا گیا تھا[3] .

۱۲ جمادی‌الاولیٰ کو جمال‌الدین محمود اپنے لاؤ لشکر سمیت قاہرہ سے شام کی طرف کوچ کرتا ہے . اسکے ساتھ خزانۂ شاہی ہے تاکہ وہاں جنگ کی فوجی ضروریات پر خرچ ہو سکے[4] . یہ فرض انجام دیکر وہ ۷ صفر سنہ ۷۹۷ کو مصر واپس آجاتا ہے، یہاں اس کی آمد کی خوشی میں چراغاں ہوتا ہے اور اسکے اعزاز میں « باب زویلہ[5] » سے اسکے مکان واقع «موازیین» تک ریشم اور بانات کا فرش بچھایا جاتا ہے[6].

یلبغا اور منطاش[7] جب مصر پر قابض تھے تو انھوں نے خزانۂ شاہی سے بے دریغ دولت خرچ کی تھی، جو سرمایہ بچا تھا اسکا بڑا حصہ منطاش کی بغاوت فرو کرنے میں صرف ہو گیا تھا . اب نئی فوجی تیاریوں نے خزانۂ شاہی خالی کر دیا . فوجوں کو شام کی روانگی کے

(۱) تیمور لنگ اور سلطان الملک الظاہر برقوق کے مابین اس سلسلے میں جو مراسلات ہوئے ہیں ان کے متون النجوم الزاہرۃ (۵ : ۵۵٦)، تاریخ ابن الفرات (۹ : ۳۷۱) المقریزی: السلوک ۲۲۵—۲۳٤ Chrestomathie Arabe نشر De Sacy (پیرس، ۱۸۰٦) میں موجود ہیں .

(۲) اسلحہ سے قطع نظر اس سلسلے میں محمود استادار نے جو زرہ، خود اور دوسری جنگی ضروریات کے اجناس تیار کرائے تھے ان کی مختصر فہرست ابن‌الفرات (۹ : ۳۷۱) نے درج کی ہے .

(۳) ابن الفرات (۹ : ۳۷۱)

(٤) ایضاً (۹ . ۳۸۱) .

(۵) باب زویلہ کے لیے دیکھیے مقریزی خطط (۱ : ۳۸۰، ۱) النجوم (٤ . ۳۷، ج ٦ : ۸، ٤۷، ج ۵ ، ۱۰ : ۳۷) طبع دارالکتب .

(٦) ابن الفرات (۹ : ۳۹۸)

(۷) ابن حجر، منطاش کے ترجمے میں لکھتے ہیں « کان کثیرالبذل، أهلك جميع ما كان [الملك] الظاهر حصله من الأموال في أيسر مدة » الدررالكامنة (٤ : ۳٦٦) .

طرف سے راہ بند پاکر دیار مصر کی طرف بڑھ رہا ہے۔ کچھ ہی دیر میں اطلاع ملی کہ اسکی فوجیں حلب میں داخل ہوگئیں۔ سلطان اس صورت حال سے سراسیمہ ہوگیا اور اس نے امرا کو مشورے کے لیے طلب کیا۔ طے ہوا کہ ألقان کو تیمور کے چنگل سے بچایا جائے اور اسے قاہرہ اعزاز و اکرام کے ساتھ بلایا جائے۔ اسطرف تیمور، ملک پر ملک فتح کیے جا رہا تھا اب بلاد اکراد بھی اسکے قبضے میں آگئے تھے اور اسکی کچھ فوجیں بصرے کا محاصرہ کیے پڑی تھیں۔ سلطان نے تیمور پر لشکر کشی کا اعلان کر دیا اور قاہرہ کے قلعے کا میدان ایک بار پھر اسلحہ کی جھنجھناہٹ اور گھوڑں کی ٹاپوں سے گونج اٹھا[1]۔

جنگ کی اس مہیب فضا میں ألقان اور سلطان الملک‌الظاہر برقوق کی ملاقات ہوتی ہے۔ بڑے اعلیٰ پیمانے پر ضیافت کا انتظام ہوتا ہے، اس ضیافت کے اہتمام میں ہم (وسط ربیع‌الاول سنہ ۷۹۲ میں) محمود أستادار کو مصروف پاتے ہیں[2]۔ چہارشنبہ ۱۶ ربیع‌الاول[3] کو سلطان، محمود کو خلعت بخشتا ہے اور أستادار کے ساتھ ساتھ اسے «ناظر خواص شریفہ» اور «مشیر الدولۃ»[4] کے عہدوں پر بھی سرفراز کرتا ہے۔

اسطرف تیموری حملوں کو روکنے کے لیے جنگی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ سلطان، مصر کے حدود سے آگے نکل کر شام کی سرحدوں میں داخل ہوکر تیموری لشکروں کے بڑھتے ہوئے سیلاب کا منہ موڑ دینا چاہتا ہے

(۱) بدائع الزہور (۱ : ۲۹۹—۳۰۳) اس ایاس نے یہ حالات تفصیل سے لکھے ہیں، ہم نے سلسلۂ واقعات کو مربوط رکھنے کے لیے اختصار سے یہ واقعات درج کردیے ہیں۔

(۲) النجوم (۵ : ۵۵۵)، تاریخ ابن الفرات (۹ : ۳۶۷).

(۳) بدائع (۱ : ۲۹۲)

(٤) «مشير الدولة» is a title held occasionally by certain officials (in addition to the usual title proper to their rank and office) when they exercised exceptional, supreme authority over the treasury or (and) chancellery (not precisely, then, a "doublet or synonym" of wazir, as stated in *Encyclopaedia of Islam*, s. v. *Mushir*, and Qalqashandi, in the passage cited, VI, 70, states that it is a title not only of the Wazir but "of others of his class"), cp. Ibn Taghri Birdi IV, MS. paris 1783, fol. 113a, held by ناظر الجيش و الخاص in 743 A.H., when there was also a wazir, by الأمير آخور الكبير in 783, by الوزير in 791, by الأستادار in 792. In the 9th century a similar title was عظيم الدولة. (W. Popper, *An Nujum* Vol. v, p. xxv)

منطاش اور ظاہر برقوق کی فوجیں ایک دوسرے کے سامنے آئیں[1]۔ منطاش کی فوجیں پسپا ہوئیں اور اسے شکست فاش نصیب ہوئی، اس طرح دولت منطاشیہ کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ ہوگیا اور الملک الظاہر ایک بار پھر مصر پر حکومت کرنے لگا۔

جنگ کے بادل ہٹتے ہیں اور غبار آلود مطلع صاف ہوتا ہے تو ہم محمود بن علی أستادار کو جو امیر بطا کی جدوجہد میں آزاد ہوچکا ہے ۲۷ صفر ۷۹۲ کو ظاہر برقوق کی بارگاہ میں «مشیرالدولہ» کی حیثیت سے سرفراز پاتے ہیں[2]۔ أستاداریہ کے عہدے پر امیر قرقماس الطشتری مقرر ہوا تھا لیکن اس کی وفات کے بعد ۲۹ جمادی الاولیٰ کو محمود سابق کی طرح ایک بار پھر اس عہدے پر فائز ہوجاتا ہے[3]۔

منطاش کا آتش فتنہ ابھی ابھی سرد ہوا تھا کہ تاتاریوں اور منگولوں نے ہر طرف غارت‌گری کا بازار گرم کردیا۔ تیمور صاحبقران کی فوجیں آگ کی طرح پھیلتی ہوئی اور طوفان کی طرح چڑھتی ہوئی آگے بڑھ رہی ہیں۔ سلطان کو ماردین سے اطلاع ملی کہ تبریز فتح ہوگیا۔ اب بسطام سے قاصد آیا کہ شیراز مفتوح ہو گیا۔ ادھر رحبہ سے تیز رو ناقہ سوار خبر لایا کہ بغداد پر اب تیموری جھنڈے لہرا رہے ہیں۔ ارغوان بن بوسعید ملک التتار کا جانشین غیاث‌الدین ألقآن[4] احمد ابن اویس ابن آقبغا ابن أیلکان، تیموری فوجوں کا حصار توڑ کر باہر نکل آیا ہے اور ہر

(۱) اس امر کی اطلاع دلچسپی کا موجب ہوگی کہ اس جنگ میں فریقین نے آتشیں اسلحہ کا استعمال کیا تھا Quatremere کا خیال ہے کہ آتشیں اسلحہ کا استعمال دنیائے اسلام میں پہلی مرتبہ مملوک عہد میں ہوا ہے، اور غالباً اسی جنگ میں۔ وہ ان اسلحہ کے استعمال کی قدیم ترین تاریخ ۷۹۲/۱۳۹۰ بتاتا ہے *Journal Asiatique* (Paris, 1850) p. 23. ایکن David Ayalon نے اس تاریخ سے کچھ سال پہلے کی جنگوں میں ان کا استعمال ہونا ثابت کیا ہے دیکھیے *Gunpowder and Firearms in the Mamluk Kingdom* (London, 1956) pp. 2-3

(۲) النجوم (۵ ۵۲۲)۔ تاریخ ابن الفرات کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ۱۵ ذوالقعدہ ۷۹۱ کو آزاد ہوگیا تھا اور ۱۷ صفر ۷۹۲ کو مشیر دولت کی حیثیت سے اس نے کام کرنا شروع کردیا تھا (۹۔ ۲۰۳) (۳) النجوم (۵۔ ۵۲٤)۔

(٤) احمد بن أویس؛ سنه ۸۱۳ ہجری النجوم ٦ ۲۹۷؛ شذرات الذہب ۷ ۱۰۱)۔

لیکن یہ آزادی عارضی ثابت ہوتی ہے اور ہم کچھ ہی دنوں کے بعد اسے کچھ دوسرے ظاہری امیروں اور مملوکوں کے ساتھ «خزانة الشمایل[1]» میں محبوس پاتے ہیں[2].

مصر میں اس اثناء میں حالات نے کئی پلٹے کھا ئے . امیر کبیر یلبغا الناصری[3] اور اس کا دست راست منطاش تمربغا[4] دو تلواروں کی طرح زیادہ عرصہ تک ایک میان میں نہیں رہ سکتے تھے . نتیجہ یہ ہوا کہ دونوں میں جنگ ہوئی اور منطاش نے یلبغا کی فوج کو شکست دے کر اسے گرفتار کرلیا . ایک دشمن پر فتح یابی کے بعد اسے اپنے دوسرے دشمن، الملک الظاہر برقوق کی یاد آئی جو «کرک» کے ایک قلعے میں اب تک قیدی کی زندگی گزار رہا تھا . منطاش نے شہاب البریدی کو خفیہ طور پر «کرک» بھیجا کہ وہ وہاں کے نائب حسام الدین الکجکنی[5] کی مدد سے سلطان کا کام تمام کردے . شہاب کی بے پروائی اور اسکی جلد بازی کی وجہ سے یہ راز قبل از وقت فاش ہوگیا اور جو قاتل بننے آیا تھا وہ خود مقتول ہوگیا . یعنی سلطان کے جان نثاروں میں سے ایک نے اسے قتل کر دیا اور اس کی لاش گھسیٹ کر سلطان کے قدموں پر ڈال دی . عوام میں جوش پھیل گیا اور صرف «کرک» ہی نہیں دور دور کے علاقوں سے جوق در جوق لوگ اپنے بادشاہ کی جلو میں آکر جمع ہونے لگے . ١٤ محرم ٧٩٢ کو

(١) «خزانة الشمائل» قاہرہ کی قید خانوں میں سے ایک مشہور قید خانہ تھا . یہ باب زویلہ کے قریب واقع تھا اور علم الدین شمائل والی قاہرہ کے نام پر بنا تھا . یہ قید خانہ مصر کے بدترین اور تکلیف دہ قید خانوں میں تھا اور اس میں عام طور پر واجب القتل اور بدترین قسم کے مجرم رکھے جاتے تھے یا وہ جنہیں سلطان ہلاک کرنا چاہتا ہو .

نویں صدی ہجری کی ابتدا تک اس قید خانے کی عمارت موجود تھی . سنہ ٨١٨ میں شیخ محمودی نے اسے ڈھاکر اپنے مدرسے میں داخل کرلیا . باب زویلہ کے قریب شارع المعز لدین اللہ میں جو جامع المؤید ہے اسکی عمارت میں بھی کچھ حصہ اس قدیم قید خانے کا آگیا ہے . مقریزی : خطط (٢ : ١٨٨) ؛ النجوم الزاہرة (١٠ : ٣١٥) ح (١) طبع دارالکتب المصریہ .

(٢) النجوم (٥ : ٤٨٩) .

(٣) یلبغا الناصری الیلبغاوی † سنہ ٧٩٣ ھ الدرر الکامنہ (٤:٤٤) ؛ النجوم (٥ : ٦١٠) .

(٤) منطاش تمربغا الأفضل الأشرفی † ٧٩٥ ھ الدرر الکامنة (٤ : ٣٦٤) ؛ ابن الفرات (٩ : ٢٢٨) .

(٥) امیر حسام الدین حسن نائب کرک † سنہ ٨٠١ ہجری . النجوم (٦ : ١٢٧) .

اپنی ساری دولت اس کے حوالے کردے گا. قاهره میں خبر اڑتی هے[1] که یلبغا نے آزاد کر کے أستادار کی جگه پر اسے مقرر کر دیا هے. ۱۰ کو امیر منطاش تمربغا الأفضلی الأشرفی، یلبغا سے ملتا هے اورمحمود کی رهائی پر اس کی توبیخ کرتا هے اور اسے اس قدر مجبور کرتا هے که وه محمود اور اس کے بیٹے امیر ناصرالدین محمد دونوں کو پھر گرفتار کر لیتا هے اور محمود کے پاؤں میں ۴۰ رطل[2] وزن کی بیڑیاں اور گردن میں تین وزنی طوق ڈال دیے جاتے هیں. ۱۲ ماه رواں کو هم محمود کو «زرد خانه[3]» میں محبوس پاتے هیں[4]. الملک الظاهر کے خفیه خزانوں اور اس کے هم نشینوں کی دولت کا پتا چلانے کا کام امیر منطاش کے ذمے کیا جاتا هے. محمود، الملک الظاهر کی ساری دولت جو اس کے پاس چاندی اور سونے کی اینٹوں کی شکل میں امانت تھی. اور جو جامع ازهر کے قریب ایک مکان میں پوشیده تھی، منطاش کے حواله کر دیتا هے اسی کے ساتھ ساتھ وه محمود أستادار کی دولت کا بھی بڑا حصه حاصل کر لیتا هے. محمود، آزاد کر دیا جاتا هے اور خلعت فاخره سے نوازا جاتا هے[5]

(۱) یه تفصیلات صرف ابن الفرات نے دی هیں، ابن تغری بردی اور ابن إیاس نے اس کی رهائی اور دوباره گرفتاری کا کوئی ذکر نہیں کیا هے.

(۲) رطل = ۴۰ توله = نصف سیر. گویا محمود کے پاؤں میں نصف من وزنی بیڑیاں ڈالی گئی تھیں.

(۳) زردخانه (= زرد خانه) قلقشندی، سلاح خانه (= سلاح خانه) کی تشریح کرتے هوئے لکھتا هے: «معناها بیت السلاح، وربما قیل الزردخاناه، ومعناها بیت الزرد» صبح الأعشی (۴. ۱۱). Steingass کی *Persian English Dictionary* میں «زرد» کے معنی Coat of mail اور زرد خانه کو Armoury لکھا هے. جو لوگ یه کام کرتے تھے وه زردکاش (= زردکش) کہلاتے تھے قلقشندی (۴ : ۲۰) اور مقریزی لکھتے هیں که زردخانه میں قیدی اور طرِبند رکھے جاتے تھے لیکن یہاں ان کے قیام کی مدت زیاده نہیں هوتی تھی عام طور پر قیدی یا تو جلد قتل کردیے جاتے تھے یا انہیں آزاد کردیا جاتا تھا (خطط ۲. ۲۲۲). اس بیان سے معلوم هوتا هے که اس جگه طرِبند اور قیدی رکھے جاتے تھے لیکن ابن تغری بردی نے جو کچھ لکھا هے النجوم (۱۰. ۲۷) (قاهره، ۱۹۴۹) اس سے مستفاد هوتا هے که اسکے زمانے میں یه جگه قیدخانے کے طور پر استعمال نه هوتی تھی بلکه یه مقام شاهی اسلحه خانه تھا جہاں تلواریں، تیر، کمان، زره، خود اور دوسرے اسلحه رکھے جاتے تھے. اس کی تائید قلقشندی کے بیان سے بھی هوتی هے صبح الأعشی (۴. ۱۲)

(۴) النجوم (۵. ۴۵۰)، بدائع (۱. ۲۲۵).

(۵) النجوم (۵. ۴۷۰).

یکم جمادی الاخری ۷۹۰ھ کو امیر سیف الدین بہادر بن عبد اللہ المجکی أستادار کی وفات ہوتی ہے اور ۳ کو الملک الظاہر، جمال الدین محمود بن علی «شاد الدواوین» کو «أستاداریہ» کی خدمات تفویض کرتا ہے[1]. کچھ ہی دنوں کے بعد امیر کبیر یلبغا الناصری، الملک الظاہر کے خلاف صف آرا ہوتا ہے اور اس کی فوجیں یلغار کرتی ہوئی آگے بڑھتی ہیں. سلطان کو مجبوراً روپوش ہوجانا پڑتا ہے. اس کے امرا اور مقربین گرفتار ہونے شروع ہوجاتے ہیں یہ صورت حال دیکھکر محمود بھی کہیں روپوش ہو جاتا ہے. حملہ آور دولت کی تلاش میں اور امرا کے ساتھ ساتھ محمود کے محل کی بنیاد اور چھت تک کھود ڈالتے ہیں اور دروازے اور شہتیر تک اٹھا کر لے جاتے ہیں. جب امن و امان قائم ہو جاتا ہے تو محمود ۸ جمادی الاخریٰ کو اپنی پوشیدہ جگہ سے باہر نکلتا ہے اور ابن مکانس[2] سے مدد چاہتا ہے اور وہ یلبغا سے اس کی سفارش کرتا ہے. محمود زر ونقد اور قیمتی تحائف دیکر کسی طرح اپنی جان چھڑاتا ہے اور اس طرح اسے امان مل جاتی ہے[3]. لیکن یہ امان دیرپا ثابت نہیں ہوتی اور وہ تیسرے ہی دن آٹھ اور ظاہری امرا کے ساتھ گرفتار کرلیا جاتا ہے[4]. ۹ جمادی الاولیٰ کو محبوس امرا اسکندریہ بھیج دیے جاتے ہیں لیکن محمود قاہرہ کے «قلعة الجبل[5]» میں قید رہتا ہے[6]. محمود یلبغا کو بہت قیمتی تحفے بھیجتا ہے اور وعدہ کرتا ہے کہ اگر اسے آزادی مل گئی تو وہ

(۱) ابن تغری بردی، النجوم الزاهرة فی ملوک مصر والقاهرة (۵: ٤٤٤) مرتبہ William Popper (California, 1936)؛ ابن إیاس، بدائع الزهور فی وقائع الدهور (۱: ۲٦۸). (مصر، ۱۳۱۱).

(۲) وزیر کریم الدین عبدالکریم بن عبدالرزاق بن ابراهیم ابن مکانس القبطی المصری م سنہ ۸۰۳ ھجری. النجوم ٦: ۱۵۱).

(۳) النجوم (۵: ٤٤۸)؛ تاریخ ابن الفرات (۹: ۹٦).

(٤) النجوم (۵: ٤٤۸)، تاریخ ابن الفرات (۹: ۹۷)

(۵) یہ قلعہ صلاح الدین یوسف بن ایوب نے سنہ ۵۷۲ میں قاہرہ میں تعمیر کیا تھا اور اسمیں کچھ دن اس نے اور اس کے بیٹے الملک العزیز نے اقامت بھی اختیار کی تھی. بعد میں حکومت کے مختلف دفاتر اس میں منتقل ہوتے رہے اور تعمیرات کا سلسلہ بھی جاری رہا. ایک عرصے سے اب یہ فوجیوں کی رہایش گاہ ہے. الخطط (۲: ۲۰۱)؛ النجوم (٦: ۵٤) ح (۱).

طبع دارالکتب المصریہ قاہرہ، ۱۹۲٦) (٦) النجوم (۵: ٤۵۰).

جمال الدین محمود کے حالات جن مآخذ میں ملتے ھیں یا ملنے کے امکانات ھیں، ان کا بڑا حصہ یا تو فنا ھوچکا ھے یا عام طور پر ان کے وجود کی اطلاع نہیں. جو موجود ھیں ان میں کچھ اب تک منظر عام پر نہیں آئے ھیں. ممکن الحصول مصادر میں اس کی ابتدائی زندگی، اس کے قیام حلب اور قیام مصر کے ابتدائی ایام کے متعلق کوئی روشنی نہیں ملتی. ابن الفرات، ابن إیاس اور ابن تغری بردی کی تاریخوں میں محمود کا ذکر مختلف سنین کے حوادث کے تحت کہیں کہیں ملتا ھے لیکن بہت مجمل اور منتشر طور پر، اور یہ منتشر اطلاعات بھی اس کی زندگی کے صرف آخری دس گیارہ سال سے متعلق ھیں.

جمال الدین محمود کا ذکر سب سے پہلی مرتبہ الملک الظاھر کے جلوس سال چہارم (۷۸۷ھ) کے واقعات میں آتا ھے جب وہ «شادّ الدواوین» کے عہدے پر متمکن تھا. اس سال یلبغا الناصری نائب حلب سرکشی و بغاوت پر آمادہ نظر آتا ھے سلطان اسے گرفتار کراکے ثغر اسکندریہ کے قیدخانے میں محبوس کردیتا ھے، جمال الدین محمود اس کی جائداد کی ضبطی کے لیے حلب بھیجا جاتا ھے. اواخر محرم ۷۸۹ میں الملک الظاھر، محمود کو شام سے قاھرہ واپس آنے کا حکم دیتا ھے جہاں وہ امیر بیدمر الخوارزمی کے مال و متاع پر قبضہ کرنے کو بھیجا گیا تھا[1]. اوائل صفر میں محمود قاھرہ واپس پہنچتا ھے اور الملک الظاھر سے اس کی ملاقات ھوتی ھے[2]. ربیع الاول میں محمود، ابن مکانس اور چند دوسرے امرا کو شاھی حکم سے گرفتار کرتا ھے[3]. ربیع الاخر میں میخاییل الظاھری، ناظر اسکندریہ کے ظلم و ستم کی اطلاع دارالسلطنت قاھرہ پہنچتی ھے اور سلطان، محمود کو اسکندریہ بھیجتا ھے کہ وہ میخاییل کو معزول کرکے قید میں ڈال دے[4].

جمال الدین محمود کے اس زمانے کی جب وہ «شادّ الدیوان» تھا بس یہی غیر مربوط اور نامکمل سی اطلاعیں ھم تک پہنچی ھیں، اب وہ دور شروع ھوتا ھے جب وہ أستادار کے عہدے پر متمکن ھوتا ھے.

---

(۱) تاریخ ابن الفرات (۹ : ۳).
(۲) ایضاً (۹ : ۳).
(۳) ایضاً (۹ : ۵).
(۴) ایضاً (۹ : ٦).

که الملک الظاهر نے اسے جلد ہی «أستاداریہ»[1] جیسے اہم منصب پر فائز کر دیا اور چند ہی دنوں کے بعد اسے سلطان کے مشیر خاص ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہوا. یلبغا الناصری کے خروج کے بعد دوسرے ظاہری امرا کے ساتھ وہ بھی قید میں ڈال دیا گیا. امیر بطا الطولوتمری الظاہری نے یلبغا کی غلامی کا طوق گردن سے نکال پھینکنے اور اپنے آقا الملك الظاہر کو دوبارہ سریرآرائے سلطنت بنانے کی جو مہم شروع کی اس میں دوسرے قیدیوں کے ساتھ محمود بھی رہا ہوا اور جب الملك الظاہر دوبارہ مصر آکر تخت نشین ہوا تو اس نے اسے حسب معمول مشیر خاص اور أستادار بنا دیا. آخر عمر میں اسے بڑے حوادث و مصائب کا سامنا کرنا پڑا، اس کا سارا مال و متاع ضبط ہوا اور اسے قیدوبند کی مصیبتوں سے بھی دوچار ہونا پڑا، اس کی وفات قاہرہ میں سنہ ۷۹۹ ہجری میں ہوئی.

(۱) مصر میں مملوک سلاطین کے عہد (٦٤٨ ھ — ۹۲۳ ھ) میں جو اصحاب وظائف خاص سلطان سے متعلق ہوتے تھے ان کی دو قسمیں تھیں. ایک وہ لوگ جو سلطان سے دور ہوتے تھے جیسے نائب یا والی. دوسرے وہ جنکا سلطان سے قریب رہنا ضرور تھا جیسے اتابک، دوادار، حاجب، مہمندار وغیرہ. قلقشندی نے ارباب سیوف میں ایسے عہدہ داروں کی پچیس قسمیں لکھی ہیں. انہیں میں ایک اہم عہدہ «أستادار» کا ہوا کرتا تھا.

أستادار کے ذمے شاہی محل، شاہی مطبخ، شاہی شراب خانے کی دیکھ بھال ہوتی تھی. محل کے غلام اولڈیاں، نوکر چاکر، اور سارے ملازمین کی تنخواہ کی تقسیم، ان کے لیے پوشاک اور دوسرے ضروریات کی فراہمی کا کام اسکے ذمے ہوتا تھا.

یہ بہت اہم عہدہ ہوا کرتا تھا اور أستادار اپنے حدود میں آمر مطلق ہوا کرتا تھا اور متعلقہ اخراجات کے سلسلے میں اسے تصرف تام کا پورا پورا حق ہوتا تھا. یک وقت کئی استادار ہوا کرتے تھے. أستادار خاص الخاص، أستادار دیوان المفرد، أستادار الدار العالیہ، أستادار الصحبة (آخرالذکر کے ذمے مطبخ سلطانی کی دیکھ بھال ہوتی تھی) بادشاہ تو بادشاہ بہت سے امراء کے بھی اپنے أستادار ہوا کرتے تھے. صبح الأعشیٰ (٤:۲۰) ؛ النجوم الزاہرة (۸:۲۲۲) دارالکتب المصریة.

عجمی اثرات کی وجہ سے کچھ عہد ایوبی میں اور زیادہ تر عہدمملوک میں فارسی کے متعدد الفاظ عربی زبان میں داخل ہوئے اور زبان وادب میں رس بس گئے. جیسے طبل خاناہ، (خاناہ = خانہ) طشت خاناہ، شراب خاناہ، زرد خاناہ، حوائج خاناہ، فراش خاناہ، رکاب خاناہ، امیر آخور، امیر شکار، جاندار، دوادار، سلاح دار، خازن دار، طبردار، زمام دار، باب دار، شراب دار، مہمندار اسی طرح «أستادار» جسکے معنی Stiengass نے Steward اور Major-domo کے دیے ہیں.

اس کلمے کی اصل اور اس کے مختلف اشکال پر مشہور فرانسیسی مستشرق Quatremer نے *Histoire des Sultans Mamlouks de l' Egypte.* i, 25 میں اور Van Berchem نے اپنی کتاب *Materiaux pour un Corpus Inscriptionum Arabicarum* p.159 مطبوعہ (Paris, 1903) میں بحث کی ہے.

محمود بن علی الأستادار الظاهری

ڈاکٹر مختارالدین احمد*

جمال الدین محمود بن علی بن أصفرعینه السودونی أستادار الظاهری کا شمار آٹھویں صدی ھجری کے مشہور مصری عمائد میں ھے۔ اس کی زندگی کے ابتدائی حالات زیادہ تر پردۂ تاریکی میں ھیں۔ صرف اس قدر معلوم ھوسکا ھے کہ اس کی ابتدائی زندگی غربت و فاقہ کشی کی زندگی تھی اور جسم و جان کا رشتہ برقرار رکھنے کے لیے اسے کسی قسم کا کام کرنے میں بھی عار نہ تھا۔ اس زمانے میں «سودون» نام کے متعدد ترکی غلام تھے ان میں ایک مشہور سردار سودون باق التمربای[1] ایک اونچے عہدے پر فائز تھا، خوش قسمتی سے جمال الدین محمود کی رسائی اس امیر کے یہاں ھوئی اور اس کی حالت بہتر ھو گئی۔ محمود چونکہ «سودون» کا پروردہ تھا غالباً اسی مناسبت سے اپنے کو «السودونی» کہتا تھا۔ وہ الملک الظاہر سیف الدین ابو سعید برقوق الجرکسی العثمانی کے عہد میں حلب پہنچا اور پھر وہاں سے مصر۔ الملک الظاہر سے دیرینہ وابستگی کی بنا پر اور امرا کی طرح وہ بھی «الظاھری» کہلانے لگا۔ یہاں حکومت کے مختلف عہدوں پر متمکن ھوکر وہ قاھرہ کا «شادّ الدواوین[2]» مقرر ھوا۔ اس نے یہ کام ایسے سلیقے اور محنت سے کیا

(۱) امیر سودون باق السیفی تمربای الظاھری† سنہ ۷۹۲ ھجری۔ ابن الفرات، تاریخ الدول والملوک (۹ : ۸۲) نشر الدکتور قسطنطین رزیق (بیروت، ۱۹۳۶)۔

(۲) شادّ الدواوین ایک اھم عہدہ تھا اور عہدہ دار کا کام اموال سلطانی کی تحصیل میں وزیر کی مدد ورفاقت تھی۔ القلقشندی۔ صبح الأعشی (٤ : ۲۲)۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے Quatremere کی کتاب *History des Sultan Mamlouks de l' Egypte* i, 25 (Paris, 1845)

*ڈاکٹر مختارالدین احمد۔ ریڈر ادارۂ علوم اسلامیہ، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔

کہ «عرض السمآوات والأرض» بگوش حقیقت نیوش اهل هوش در داده و خجسته ماوای که چون مهمان سرای خلیل هر جانب نعم بیکران بر خوان احسان نهاده.

سخن کوته ز هر مأکول و مشروب   که بنمودی خرد را در نظر خوب
ملک زانگونه جمعش کرد وافر   که شد بسیار ازآن زاد مسافر

اشتات اسباب مسرت وانشراح آماده و ابواب شادمانی و ارتیاح کشاده شد، جمهور خواص و عوام از سادات عظام و علمای کرام و امرای ملک آرای بهرام‌انتقام و وزرای روشن رای عطاردفطنت و نواب جلیل‌القدر کثیرالموهبت و خوانین کامگار و سلاطین نامدار هر یک بحسب رتبت و فراخور همت خود برسم سابق و نثار سحاب آثار خوانهای گوناگون چون سپهر بوقلمون از زر و سیم و الوان و عطریات عبهر شمیم و گلها و ریاحین و حقهای عنبر آگین احضار نموده.

فلک ریخت بر گوهر شاهوار   دران سور فرخنده بهر نثار

تذکرۂ «نفائس المآثر» اپنی بعض خامیوں[۱] کے باوجود اهم تاریخی ماخذوں میں شمار کیا جاسکتا هے۔ جیسا که ذکر کیاجا چکا هے بدایونی نے اس سے خاصا استفاده کیا هے اور یه تذکره «منتخب التواریخ» کا اهم ترین مأخذ هے جس کا اب تک کوئی اعلیٰ تنقیدی ایڈیشن شائع نہیں هوا، ایسا ایڈیشن تیار کرنے میں «نفائس المآثر» سے خاصی مدد مل سکتی هے۔

[۱۹۵۹/۱/۱۵]

۱- نفائس کی بعض اندراجات پر عبدالقادر بدایونی نے جو تنقید کی هے اس کو ایو دیکھیے: منتخب التواریخ (۳ . ۷۷، ۲، ۳ : ۲۷۳)، (۳ : ۲۷۸) اور (۳ : ۱۲۳).

«نفائس‌المآثر» کے حسب ذیل نسخے اب تک دریافت ہوسکے ہیں:

(۱) کتب خانۂ مسلم یونیورسٹی علی‌گڑھ (ذخیرۂ سبحان اللہ) میں ایک مکمل نسخہ موجود ہے، البتہ اس کے بعض اوراق آب رسیدہ اور کرم‌خوردہ ہیں۔ یہ ۲۷٤ اوراق پر مشتمل ہے۔ مکتوبہ ۱۰ ربیع‌الاول سنہ ۱۰۸۵ھ۔

(۲) کتب خانۂ رام پور میں ایک نسخہ ہے جو آخر سے کسی قدر ناقص ہے۔ اس کا تاریخی حصہ مکمل اور برٹش میوزیم کے نسخے کے مطابق ہے۔

(۳) برٹش‌میوزیم میں اس تذکرے کے ۹۵ اوراق ہیں جو مقدمہ، فہرست مضامین خاتمہ، تاریخی حصہ (سنہ ۹۸٦ھ عصر اکبری تک) اور چند شعرا کے غیر مربوط حالات پر مشتمل ہیں۔ ٦ اوراق اور بھی وہاں کسی نسخے میں مخلوط پائے جاتے ہیں۔

(٤) ازبکستان کے اورینٹل مخطوطات کے ذخیرے میں بھی ایک ناقص نسخہ ہے، جس کی کتابت ظاہرا انیسویں صدی میں ہوئی ہے*۔

«نفائس‌المآثر» کی نثر رنگین و مقفیٰ اور صنائع لفظی و معنوی سے پر ہے، عربی ضرب‌الامثال، قرانی آیات اور احادیث کے حوالے جا بجا ملتے ہیں۔ اساتذۂ فارسی کے اشعار نوک قلم ہیں۔ ذیل میں اس کی نثر کا ایک اقتباس پیش کیا جاتا ہے جو اس نے جہانگیر کی پیدایش کے موقع پر لکھی ہے:

«بزمی چنان روی داد و جشنی آنچنان آراسته شد که «لا عین رأت ولا أذن سمعت»، نزهت سرای که صدای جنت «عرضها

* [یہاں «نفائس المآثر» کے کچھ مزید نسخوں کا ذکر کیا جاتا ہے:

(الف) نسخۂ میونک: کتب خانۂ میونک (جرمنی) میں اس کتاب کا ایک نسخہ ہے جو غالباً ۹۸۹ھ کا لکھا ہوا ہے۔ اوراق ۲۳۵، سطور فی صفحہ ۱۷۔ کتب خانے میں اس کا نمبر ۳ ہے اور اس کا حال وہاں کی فہرست کتب فارسی‌مطبوعہ (جرمنی، ۱۸٦٦) کی صفحہ ۳ پر مندرج ہے۔

(ب) نسخۂ لاہور: پروفیسر سراج‌الدین آذر مرحوم (لاہور) کے پاس «نفائس» کا ایک نسخہ تھا جس سے کچھ اقتباسات پروفیسر محمد شفیع صاحب نے اورینٹل کالج میگزین (لاہور) میں شائع کیے تھے۔

(ج) نسخۂ موتی محل لکھنو: شاہان اودھ کے کتب خانے میں اس کا ایک نسخہ تھا جس کا تفصیلی ذکر اشپرنگر نے اپنی فہرست میں کیا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ شعرا کی مکمل فہرست بھی درج کردی ہے۔

مزید نسخوں کے لیے دیکھیے Storey, *Persian Literature* I, p. 180 (ایڈیٹر)]

(ط) سنه ۹۹۸ھ میں عتابی قلعۂ گوالیار میں مقید تھا .

(ع) سنه ۹۹۸ھ ۳ محرم کو درباری گوے سید علی غجکی نے وفات پائی.

اس سے یه ثابت ھوتا ھے که اصل کام تو سنه ۹۸۲ھ ھی میں ختم ھوگیا تھا لیکن مؤلف اس میں وقتاً فوقتاً اضافے کرتا رھا .

«نفائس المآثر» مندرجه ذیل عنوانات پر مشتمل ھے :

(۱) مطلع . اس میں حسب ذیل مضامین ھیں :

(الف) حمد و نعت .

(ب) شاعری کی قدامت اور نثر پر اس کی فضیلت کے متعلق ایک مبسوط مضمون .

(ج) سبب تصنیف .

(د) بادشاہ وقت ، اکبر کی تعریف .

(س) اصناف شاعری

(۲) احوال شعرا .

معاصر اور قریب العہد اور نیز چند بعیدالعہد شعرا کے حالات حروف تہجی کے اعتبار سے درج کیے ھیں . ھر شاعر کے حال کے ساتھ اس کے آثار، دیگر کارناموں کا ذکر اور اس کے اشعار کا نمونه ھے، اس کے بعد شاعر کے وطن کا جغرافیائی اور تاریخی حال بھی درج ھے .

(۳) مطالب :

یه حصه تاریخ پر مشتمل ھے جس میں مؤلف نے تاریخی ترتیب سے :

(الف) بابر کے حالات زندگی، اس کا کلام اور تاریخی واقعات .

(ب) ھمایون کے حالات زندگی، اس کا کلام اور تاریخی واقعات .

(ج) اکبر کے حالات زندگی اس کا کلام، اور تاریخی واقعات پیش کیے ھیں .

اسی سلسلے میں مؤلف نے چند مشہور درباری گویوں کا بھی ذکر کیا ھے .

مفصل کوئی ماخذ نہیں. یہ تذکرہ عملاً ۹۸۲ میں ختم ہوجاتا ھے اور بعد کے شعرا مثلاً عرفی، عتابی اور مظہری کے حالات اور گویوں کے متعلق معلومات کا بعد میں اضافہ کیا گیا ھے لہذا یہ بھی مسلم ھے کہ یہ اکبر ھی نہیں بلکہ ھمایون کے عہد کا بھی قدیم ترین تذکرہ ھے حتی' کہ «تاریخ عارف قندھاری» بھی بعد میں لکھی گئی ھے، اس لیے کہ پہلی مرتبہ عارف ۹۸۲ میں اکبر کے سامنے پیش ھوا تھا. بایزید کی «تاریخ ھمایونی» اصلاً ھمایون کے وقت کی تاریخ ھے مگر ۹۹۹ میں ختم ھوتی ھے، اس لیے وہ بھی بعد کی تصنیف ھے. صرف «ھمایون نامہ» یا «قانون ھمایونی» مصنفہ خوندمیر ایسی تصنیف ھے جو «نفائس المآثر» سے قدیم ھے لہذا «نفائس» «تاریخ ھمایونی» کے مطالعہ کے لیے بھی ایک اھم ماخذ ھے.

«نفائس المآثر» جیسا کہ مؤلف نے اپنے مقدمے میں لکھا ھے باعتبار آغاز اس کتاب کا تاریخی نام ھے اور علیگڑہ، برٹش میوزیم اور رام پور کے نسخے اس پر متفق ھیں، لیکن انجام کے متعلق بہت اختلاف ھے، اس لیے کہ تاریخی حصہ تو تینوں نسخوں میں سنہ ۹۸۳ھ ھی میں ختم ھوجاتا ھے اور ریو (Rieu)[1] اسی کو سال اختتام تسلیم کرلیتا ھے. رام پور اور علی گڑہ میں تاریخ کے علاوہ اور حصوں میں مندرجہ ذیل تاریخیں اس کے بعد کی ملتی ھیں.

(۱) نسخۂ رام پور:

(الف) سنہ ۹۸۶ھ میں مشفقی ھندوستان آیا.

(۲) نسخۂ علیگڑہ:

(الف) سنہ ۹۸۳ھ میں جذبی کی شہادت ھوئی.

(ب) سنہ ۹۸۴ھ میں مروی کی وفات ھوئی.

(ج) سنہ ۹۹۶ھ میں عرفی، ابوالفتح گیلانی کی معیت میں تھا

(د) سنہ ۹۹۶ھ میں ملک قمی دکن میں تھا.

(س) سنہ ۹۹۷ھ میں مظہری کشمیری اکبر سے کشمیر میں ملا.

1 Charles Rieu, *Catalogue of the Persian Manuscripts in the British Museum* (London, 1883), iii p. 1022*b*.

اکبری دور کے شعرا کا حصہ اسی تذکرے سے ماخوذ ہے[1] اور «منتخب» کو مستشرقین نے اکبری دور کے شعرا اور مشاہیر کے متعلق «معدن اطلاعات» کہا ہے .

«نفائس المآثر» کی سب سے بڑی اہمیت یہ ہے کہ وہ ان اہم مآخذ میں ہے جن سے ہمیں اکبر کے عہد کے شعرا کے حالات معلوم ہوتے ہیں. دوسری اہمیت اسکی جامعیت ہے ؛ یہ ایک گلدستۂ ادبی اور مجموعۂ اشعار ہے جس میں عصر بابری سے عہد اکبری تک کے ان شعرا کا حال اور کلام درج ملتا ہے جنھوں نے فارسی زبان میں شعر کہے ان شعرا میں بعض ایرانی تھے بعض ہندوستانی اور کچھ ایسے بھی جن کا دونوں ملکوں سے تعلق تھا. اسمیں مؤلف نے تمام پیشہ ور، غیر پیشہ ور شعرا ، سلاطین و امرا ، ان کے اعزہ اور ندما جنھیں شعر و سخن سے دل چسپی تھی سبھوں کو شامل کر لیا ہے . جن شعرا کے تراجم اس نے درج کیے ہیں ان میں بعض ایسے ہیں جن سے مؤلف خود ملا تھا اور کچھ ایسے ہیں جنھیں وہ ذاتی طور سے جانتا تھا. اس نے اپنی اس ضخیم تالیف میں ضمناً چند بعیدالعہد شعرا کو بھی شامل کرلیا ہی مثلاً جامی ، خسرو ، سلمان اور ظہیر فاریابی ، کچھ تو غالباً «تیمن و تبرک» کے لیے اور کچھہ اس لیے کہ ان شعرا کے متعلق اس نے مزید تحقیق کر کے عام معلومات میں اضافے کی کوشش کی ہے.

اکبر کو موسیقی کا خاص مذاق تھا. اسکی سرپرستی موسیقی کے مشہور استادوں کو حاصل تھی. ابوالفضل نے « آئین اکبری » میں موسیقی کے باکمال لوگوں کی فہرست پر قناعت کی ہے لیکن علاءالدولہ نے ایسے لوگوں کے کچھ مختصر حالات بھی درج کر دیے ہیں.

مختصراً یہ کہ «نفائس المآثر» قدیم ترین تذکرہ ہے جس سے اکبری دور کے شعرا کا حال معلوم ہوتا ہے. مغلوں کے شاہی خاندان اور امرائے دربار کا علمی اور ادبی مذاق معلوم کرنے کا اس سے زیادہ

۱- منتخب التواریخ ، ۳ : ۱۷۰).

ز بدنامی زهدم نیست ره در حلقهٔ رندان
مگر این سبحهٔ صد دانه را از گردن اندازم
چو «کامی» هردم از خوناب دیده پرکنم دامان
ز برق آه هر دم آتشی در مسکن اندازم

علاءالدوله اپنی تصانیف کے سلسلے میں حسب ذیل رسالوں کا ذکر کرتا ھے :

(۱) رسالہ موسوم بہ «صحیفة الارقام» فن خوش نویسی پر .
(۲) رسالہ مشتمل بر صنائع شعریہ .
(۳) چند دوسرے رسائل جن کی تفصیل معلوم نہیں لیکن جن کا ذکر مؤلف نے صرفی کشمیری کے ذکر میں کیا ھے . ان رسالوں کے کسی نسخے کا پتا مشہور کتب خانوں کے موجودہ فہارس میں نہیں ملتا .

علاءالدولہ کا نام جس کتاب سے زندہ ھے وہ «نفائس المآثر» ھے . یہ کتاب اکبری دور کے شعرا کا تذکرہ ھے جسکی ابتدا سنہ ۹۷۳[1] میں ھوئی لیکن اسکی ترتیب و تالیف کا کام سنہ ۹۹۸ تک جاری رہا[2]. چونکہ مؤلف، اکبر کے استاد میر عبداللطیف قزوینی کا بھائی تھا اس لیے اُسے دربار میں رسوخ حاصل تھا اور وہ اکثر شعراء کو ذاتی طور سے جانتا تھا .

اس تذکرے کا آخری حصہ تاریخ پر مشتمل ھے جسمیں بابر، همایون اور اکبر کے عہد کے تاریخی واقعات ترتیب وار درج کیے گئے ھیں . اکبری دور کا حصہ اہم ھے کیونکہ بیشتر واقعات یا تو خود مؤلف کے سامنے وقوع پذیر ھوئے یا اس کو معتبر ترین ذرائع سے معلوم ھوئے . عبدالقادر بدایونی کی «منتخب التواریخ» کی تیسری جلد میں

۱- مؤلف نے دیباچے میں لکھا ھے کہ «نفائس المآثر» تاریخی نام ھے . اس سے ۹۷۳ (سال آغاز) کے اعداد حاصل ھوتے ھیں .

۲ نفائس کا تاریخی حصہ سنہ ۹۸۲ میں ختم ھوجاتا ھے اسی لیے برٹش میوزیم کی فہرست نگار چارلس ریو (Charles Rieu) نے اسی سال اختتام فرض کیا ھے مگر داخلی شہادتوں کی بنا پر یہ امر اب یقینی ھوجاتا ھے کہ اس کی تالیف کا کام سنہ ۹۹۸ تک جاری رہا .

چنین کز آتش رخسار او بیتابیی دارم
عجب نبود که رازی درمیان مردمان افتد
ز قاصد چون توانم داشت پنهان عشق جانان را
که از تغییر حالم گاه پرسش در گمان افتد
کسان را صد هوس در خاطر و«کامی» درین سودا
که باز امشب خیال زلف او در دل چنان افتد

*

ز کویش قاصد امشب باز شوق انگیز می آید
ازو آورده لطف آمیز حرفِ تیز می آید
نبودم دوش در برمش مگر با غیر شد همدم
که باز امروز پیغامش عتاب انگیز می آید
خوش آنساعت که چون سر در فراقِ او نهم ناگه
فتد شوری که اینک آن بت خونریز می آید
کند فرهاد جان از هجر شیرین وی غم دیگر
که از بهر تسلی بر سرش پرویز می آید
که خواهد برد جان از دست او«کامی» چنین کز ره
عتاب آلوده آن شوخ بلا انگیز می آید

*

دمی کز بی گلِ رویش نظر بر گلشن اندازم
چو غنچه از گریبان چاکها تا دامن اندازم
ببندم دیده چون نبود مرا تاب نظر سویش
بجان خویش تا کی آتشی زین روزن اندازم
نیابد اضطراب شوقش از خاطر دمی تسکین
ز بیتابی اگر صد چاک در پیراهن اندازم
خوش آن دیوانگی کز شوق آن لیلی صفت امشب
چو مجنون در بیابان ملامت شیون اندازم

اس کی مذہبی دلچسپی کا اندازہ «نفائس المآثر» کی نثر سے ہو سکتا ہے جو قرآن و حدیث کے اقتباسات اور حوالوں سے پر ہے. اس کو تصوف سے بھی شغف تھا چنانچہ صوفیاے کرام کی مدح بھی اس نے بڑی آب و تاب سے کی ہے.

علاءالدوله شاعر بھی تھا. اس کے اشعار کا پایه زیاده بلند نہیں مگر بعض قطعات تاریخی جو اس نے نظم کیے ہیں لطف سے خالی نہیں. اس کے قطعات سے اس دور کے کچھ اشخاص کے سنین ولادت و وفات معلوم ہونے ہیں اور بعض سے کچھ واقعات پر روشنی پڑتی ہے.

مندرجه ذیل اشعار سے اس کی شاعری کے متعلق راے قائم کرنے میں آسانی ہوگی:

این شب آن کام دل و آرزوی جان اینجاست
از من آرام مجوئید که جانان اینجاست
گرچه درد دل ما از ستمش بسیارست
چه غم از درد دل ماست چو درمان اینجاست
چارهٔ کار چه سازیم تو رحم ار نه کنی
درد دل پیش که گوئیم چو سلطان اینجاست
کی شود میل بگلزار و هوای چمنم
گل خود روی من و غنچهٔ خندان اینجاست
دل ز شوقم شده از دست و ز غم مرده رقیب
کو پی قصد دل و دین شده مهمان اینجاست
دید «کامی» قد رعنای تو جان داد از شوق
چه غم از رفتن جان است چو جانان اینجاست

*

گذر با همرهان چون سوی آن نامهربان افتد
کند گرمی بهر کس تا مرا آتش بجان افتد
نمی رنجم اگر صد جنگ دارد بی جهت با من
که می ترسم برای صلح غیری درمیان افتد

آن شوخ نشد مرهم ریش دل افگار   دردا که ز بیماری دل نیست خبردار

*

باید گریه کردن دمبدم در روزگار من   که من محروم و دشمن محرم اندر بزم یار من

*

خون شد ز هجر تو جگر چاک چاک من   از هجر نیست چارهٔ دل جز هلاک من

*

نمیتوان بتو گفتن حکایتی که مراست   خدای را بکه گویم شکایتی که مراست

میر یحییٰ[1] کا تیسرا بیٹا میر علاءالدوله السیفی الحسنی المتخلص به «کامی» تھا. اس کی ابتدائی زندگی اور ورود ھند کے متعلق نه اس نے کہیں صراحت کی ھے اور نه اسکے مشہور معاصرین نے، یہاں تک که ملا عبدالقادر بدایونی جس نے اس آفتاب علم سے روشنی حاصل کی وہ بھی اس کے بارے میں خاموش ھے. «نفائس المآثر» ھی ایک ایسا مآخذ ھے جس سے اس کے جسته جسته حالات معلوم ھوتے ھیں. اس کو بچپن ھی سے شعر و شاعری سے شغف تھا. شعر و شاعری کے علاوہ وہ فن خوشنویسی سے گہری دل چسپی رکھتا تھا. اس کی مشق اس نے امیر کانگ کی زیر نگرانی کی تھی. اس نے اس فن کے متعلق ایک رساله[1] بھی لکھا تھا. سنه ۹٦۲ھ میں وہ آذربایجان میں تھا جب اس کو شاہ طہماسب کے قہر و غضب کی اطلاع ملی[2]، اس کر اپنی جان بچانے کے لیے ترک وطن کر کے ھندوستان آنا پڑا.

جہاں تک اس کے طرز تحریر اور ضمنی حالات سے اندازہ ھوسکا علاءالدوله نہایت نرم‌خو اور صلح کل طبیعت کا آدمی تھا. اس نے ہر ممکن کوشش کی ھے که کسی کی برائی سے اپنا قلم آلودہ نه کرے لیکن یہی وصف تنقید میں عیب ثابت ھوا اور اسی بنا پر عبدالقادر بدایونی نے جابجا اس پر اعتراضات کیے ھیں. اس نے اپنی اس ضخیم تالیف میں شاذ و نادر ھی کسی کے لیے ایسے الفاظ استعمال کیے ھیں جو قابل اعتراض ھوں.

۱- نفائس المآثر : ورق ۱۹ (الف)   ۲- منتخب التواریخ (۳. ۹۷)

از آن در بزم او هر دم بغیری همسخن گردم
که شاید آن مه نامهربان از من سخن پرسد
برغم غیر باشد نی ز روی لطف و دلجوئی
اگر حرفی ز من آن نازنین در انجمن پرسد

*

آرزو دارم که ترک من کند بسمل مرا
تا نماند آرزوی تیغ او در دل مرا
سالها در کوی او تخم محبت کاشتم
غیر نومیدی نشد از بخت بد حاصل مرا
چون من بیدل توانم رفتن از کویش برون
اینچنین کز آب دیده مانده پا در گل مرا

*

با چنین بخت بد که من دارم هوس آن لب و دهن دارم
از لب یار چون سخن گویم گوئیا قند در دهن دارم
دهنش بی سخن سر مویست و اندران نیز من سخن دارم

میر عبداللطیف کا بیٹا جس کا نام غیاث‌الدین علی احمد اور لقب نقیب خاں تھا، تاریخ وسیر میں اپنا جواب نہیں رکھتا تھا. اکبر کو وہ اس حد تک عزیز تھا کہ ایک لمحہ بھی اس کی جدائی اسے گوارا نہ تھی. اس کی شادی میر محمود محوی کی بیٹی سے ہوئی تھی[۱].

میر شکراللہ شکری[۲] بھی علاءالدولہ کا بھتیجا تھا. خاندانی علم و فضل سے بہرہ ور تھا، شاعر بھی تھا. «نفائس» میں اس کے حسب ذیل اشعار منقول ہیں[۳]:

نازک ترست گفته ام از موميان ترا باید اگر بخاطر نازک گران ترا

۱- منتخب التواریخ (۳ ۲۲۱)
۲- نفائس المآثر: ورق ۹۵ (الف) سال ولادت مؤلف نے ۹۴۲ لکھا ہے سال وفات معلوم نہیں لیکن نفائس کی ترتیب وقت تک وہ زندہ تھا. ۳- نفائس ورق ۹۵ (الف)

یحییٰ شاعر بھی تھا چنانچہ علاءالدولہ نے «نفائس‌المآثر» میں اس کے حسب ذیل اشعار نقل کیے ھیں :

ایکہ بر لالۂ تر زلف سمن سا داری
قصد شوریدگی عاشق شیدا داری
ساعد سیم نمائی و دل از دست بری
تو درین کار نگارا ید بیضا داری
کی بجا ماند از آن قامت و چشم و مژہ دین
کہ پی غارت آن هر سہ مہیا داری

اوائل حال میں شاہ طہماسب اس کی بڑی عزت کرتا تھا اور اس کو « یحییٰ معصوم » کے نام سے یاد کرتا تھا. لیکن آخر عمر میں اس کا ستارہ گردش میں آگیا، شاہ کے حکم سے اسے قید کر کے اصفہان لایا گیا جہاں قید ھی کی حالت میں اس نے سنہ ۹۶۲ھ میں وفات پائی[۱].

میر یحییٰ نے ظاھرا تین بیٹے چھوڑے. میر عبداللطیف، قاضی صفی‌الدین عیسیٰ اور میر علاءالدولہ مؤلف «نفائس‌المآثر». میر عبداللطیف، قزوین سے بھاگ کر ھندوستان آیا اور اس نے ھمایون کے دربار میں پناہ لی. ھمایون نے اکبر کی اتالیقی کی خدمت اسکے سپرد کی[۲]. اس کی وفات ھندوستان میں سنہ ۹۸۱ھ میں ھوئی[۳].

قاضی صفی الدین عیسیٰ، علاءالدولہ کا دوسرا بھائی تھا اور علاءالدولہ سے عمر میں بڑا. وہ بھی عالم اور شاعر تھا. سنہ ۹۷۶ھ میں ھندوستان آیا اور شاھی خاندان میں منشی کے عہدے پر فائز ھوا. ۱۲ ربیع‌الاول سنہ ۹۸۰ھ کو اس نے بمقام آگرہ انتقال کیا. علاءالدولہ نے «نفائس» میں اس کے حسب ذیل اشعار درج کیے ھیں :

مرا آن قدر کی باشد کہ یار از من سخن پرسد
وگر در کنج غم میرم ز کس احوال من پرسد

۱- نفائس المآثر. ۲۲۱ (ب) ایک نسخۂ رامپور میں سال وفات ۹۷۲ھ درج ھے.
۲- منتخب التواریخ (۳. ۹۸)   ۳- نفائس المآثر : ۲۲۲ (الف)

میرعلاءالدولہ کامی قزوینی

ڈاکٹر امہانی بیگم*

میر علاءالدولہ «کامی»، قزوین کے ایک مشہور علمی اور ادبی خاندان کا چشم و چراغ تھا۔ اس خاندان کی علمی شہرت ایران سے ہندوستان تک پھیلی ہوئی تھی۔ اس کا باپ میر یحییٰ بن عبداللطیف السیفی الحسنی (م ۹۶۲/۱۵۵۵) اپنے زمانے میں تاریخ کا بڑا عالم مانا جاتا تھا۔ اس کے حافظے کے متعلق یہ روایت مشہور ہے کہ سرور کائنات کے زمانے سے اپنے عہد تک کے اکثر مشہور واقعات اسے زبانی یاد تھے۔ کہا جاتا ہے کہ جب ہمایوں قزوین گیا تو اس نے یحییٰ سے تاریخ کے متعلق کچھ سوالات کیے، یحییٰ کے فوری جوابات سن کر وہ اسقدر خوش ہوا کہ اس نے کہا کہ عراق میں آنے سے مجھے جو فائدے ہوئے ان میں سے ایک یحییٰ کی ملاقات بھی ہے[1]۔ دیگر رسائل کے علاوہ ابوالفتح بہرام میرزا (م۹۵۶ھ) کی فرمایش پر اس نے ایک عام تاریخ بھی «لب التواریخ[2]» کے نام سے لکھی جو زمانۂ قدیم سے سنہ ۹۴۸ھ تک کے واقعات پر مشتمل ہے۔ مؤرخ کی حیثیت سے اس نے بڑی مقبولیت حاصل کی «حیرتی» کہتا ہے:

قصۂ تاریخ از و باید شنید   کس دریں تاریخ مثل او ندید

۱۔ مآثر المآثر ورق ۲۲۵ (الف)   (نسخۂ علی گڑھ)

۲۔ [اس کتاب کے مختلف نسخوں کے لیے دیکھیے: Storey: Persian Literature, p. 111]

* ڈاکٹر ام ہانی بیگم۔ لکچرر ویمنس کالج، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔

مختصراً یہ کہا جا سکتا ہے کہ نسخۂ علی گڑھ (یا مصری ایڈیشن، یا کاررادیوہ کے فرنچ ترجمے) کے پہلے حصہ کے مصنف کا صحیح پتا اُس وقت چل سکتا ہے جب ہم اس حصے کا المسعودی کی تصانیف اور مختلف مؤرخین کی اُن کتابوں سے بھی اس کا مقابلہ کرلیں جن میں «أخبار الزمان» یا «کتاب الأوسط» کے حوالوں سے مشابہ عبارتیں پائی جاتی ھیں. بظاہر المسعودی کا طرز تحریر، طریقۂ بحث و تنقید یا اُس کا خصوصی نقطۂ نظر اس حصے کے پڑھنے سے ظاہر نہیں ہوتا.*

[۱۵ / ۱۱ / ۱۹۵۹]

* آل انڈیا اسلامک اسٹڈیز کانفرنس کے اجلاس دوم (۲۷، ۲۸ دسمبر ۱۹۵۹) منعقدۂ علی گڑھ میں پڑھا گیا.

المسعودی کی تاریخ «أخبار الزمان» کے ایک چھوٹے ٹکڑے کا اختصار ھے صحیح نہیں معلوم ھوتی اور نہ ھی یہ اشارہ قابل قبول ھے کہ اگر اس کتاب میں خاتمہ نہ ھوتا اور اگر مجموعی طور پر یہ کتاب مکمل نہ ھوتی، تو یہ مان لینے میں تامل نہ ھوتا کہ یہ المسعودی کی تاریخ کا ایک حصہ یا اُس کا ایک جزو ھے. المسعودی کی «أخبار الزمان» ایک بہت اہم اور ضخیم کتاب تھی جو بد قسمتی سے اب تک مفقود ھے اور المسعودی خود اسے «کتابنا الأعظم» کے نام سے یاد کرتا ھے[۱]. حاجی خلیفہ نے یہ کتاب دیکھی تھی جو تیس ابواب پر مشتمل تھی جب کہ پیش نظر مصری ایڈیشن، ایک مختصر سی کتاب ھے اور اُس بھی کا بڑا حصہ قدیم مصر پر ھے. یہ حصہ جیسا کہ اوپر بحث میں واضح کردیا گیا ھے ابراھیم بن وصیف شاہ کی تصنیف ھے. دوسرے، اگر یہ کتاب المسعودی کی تاریخ کے کسی چھوٹے حصے کا اختصار ھوتی، تو کم از کم وہ تمام موضوعات اس میں مختصراً شامل ھوتے جن کی تفصیل کے بارے میں المسعودی نے اپنی کتابوں میں اشارہ کیا ھے. اس کے علاوہ کسی ایک حصے کا اختصار چند موضوعات پر مشتمل ھوتا. مصری ایڈیشن میں کئی موضوع ھیں. المسعودی جب کبھی «مروج الذھب» یا «التنبیہ والإشراف» میں کسی بحث کا تفصیلی ذکر نہیں کرنا چاھتا ھے تو وہ اپنے قارئین سے درخواست کرتا ھے کہ وہ اس موضوع کی تفصیلی بحث «أخبار الزمان» یا «کتاب الأوسط» میں دیکھیں. پھر مصری ایڈیشن میں جہاں جہاں ایسے موضوع پائے جاتے ھیں، وہ اُس عالمانہ انداز میں بیان نہیں کیے گئے ھیں جس کی توقع ھمیں المسعودی جیسے مؤرخ سے ھوتی ھے. اگر تھوڑی دیر کے لیے یہ مان لیا جائے کہ یہ کتاب المسعودی کی «أخبار الزمان» یا «کتاب الأوسط» کے ایک حصے کا اختصار ھی ھے، تب بھی یہ بات مشکل سے مانی جا سکتی ھے کہ اسے خود المسعودی ھی نے مختصر کر کے پیش کیا ھے جیسا کہ عبداللہ الصاوی کا خیال ھے.

۱- المسعودی مروج الذھب (۱ ٤) نشر بار بیردی مینارد، (پیرس، ۷۷ — ۱۸٦۱)

صلاح‌الدین ایوبی نے قلعۂ قاہرہ کی تعمیر کے سلسلے میں، جیزہ کے کئی چھوٹے چھوٹے اہرام منہدم کروا دیے تھے۔ ملک عزیز نے ایک بڑے ہرم کو توڑنے کی ناکام کوشش کی۔ بارھویں صدی عیسوی کے مصنفین مقبروں کی ایک اہم دریافت کا ذکر کرتے ہیں۔ ابراہیم بن وصیف شاہ اور اس زمانے کے بعض دوسرے مؤرخین اپنی کتابوں میں قدیم مصر کے بارے میں معلومات نہایت انہماک سے جمع کرتے ہیں۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی عبداللطیف کی تصنیف تھی جو ۱۲۰۷ع میں لکھی گئی اور جمال‌الدین محمد بن عبدالعزیز الإدریسی کی ایک کتاب اہرام مصر کے اسرار و رموز پر تیرھویں صدی میں لکھی گئی۔[1]

اگر مستشرقین کی ان رایوں پر غور کیا جائے تو سب سے مدلل اور صحیح رائے مسیو ویت کی معلوم ہوتی ہے۔ چونکہ L'Abrégé اور مصری ایڈیشن اور نسخۂ علی‌گڑہ ایک ہی کتابیں ہیں، اس لیے ویت کی جو رائے L'Abrégé کے بارے میں ہے اس کو نسخۂ علی‌گڑہ کے بارے میں بھی صحیح سمجھنا چاہیے چونکہ یہی دلیلیں اس نسخے پر بھی عائد ہوتی ہیں۔ موصوف نے دوسرے حصے کے بارے میں جو قدیم مصر کے متعلق ہے نہایت مدلل طور سے یہ واضح کر دیا ہے کہ یہ حصہ ابراہیم بن وصیف شاہ کی کتاب پر مبنی ہے بلکہ اُسے ابراہیم ہی کی تصنیف سمجھنی چاہیے اور یہ حصہ سنہ ۱۲۰۹ع میں لکھا گیا تھا۔ چنانچہ نسخۂ علی‌گڑہ کے صفحات (۱۱۱ــــ۳۳۴)، ابراہیم بن وصیف شاہ ہی کی تصنیف ہیں۔ اب رہا سوال پہلے حصے کا یعنی صفحات (۲ــــ۱۱۰)، تو یہ حصہ المسعودی کی طرف منسوب ہے۔ لیکن المسعودی کا ذکر صرف سرورق پر آتا ہے اور داخلی ثبوت بنو امیہ کا ذکر ہے۔ ظاہر ہے یہ دلیلیں ایسی تھیں جن سے یہ ثابت کیا جا سکے کہ کتاب کا یہ حصہ المسعودی ہی کی تصنیف ہے۔ عبداللہ الصاوی کی یہ رائے کہ مصری ایڈیشن

۱۔ اس کتاب کا انتساب یا تو ملک کامل کیطرف سنہ ۱۲۲۶ع میں کیا گیا تھا یا ملک عادل ثانی کیطرف سنہ ۱۲۳۸ع میں۔

(ص ۱٦۱—٤۰۲)میں قدیم مصر کا ذکر ھے . نویری اور مقریزی کی تاریخوں میں بھی کم و بیش یہی معلومات پائے جاتے ھیں اور یہاں اُنھیں ابراھیم بن وصیف شاہ کی طرف منسوب کیا گیا ھے . لہذا سیبولڈ کی یہ دلیل کہ ابراھیم وصیف شاہ نے یہ کتاب سنہ۱۰۰۰ع میں لکھی تھی ' غلط ثابت ھوجاتی ھے . فرراں نے بھی یہی دلیل پیش کی ھے . در اصل یہ بات المسعودی کے متن سے ثابت ھوتی ھے کہ اس کتاب کی تصنیف کے زمانے میں بنوامیہ کی حکومت اسپین میں موجود تھی . ایک قابل تعجب بات یہ بھی ھے کہ المسعودی نے «مروج الذھب» اور «التنبیہ والإشراف» میں مصر کا جہاں تذکرہ کیا ھے وھاں اپنی تاریخ «أخبارالزمان» کا حوالہ نہیں دیا ، حالانکہ اور بیانوں کے سلسلے میں اس تاریخ کے حوالے پائے جاتے ھیں . ابراھیم بن وصیف شاہ کی تصنیف ٦۰٦ھ ۱۲۰۹ ع کی مانی جاتی ھے . بظاھر ایسا معلوم ھوتا ھے کہ نویری اور مقریزی نے ایک ھی نسخہ استعمال کیا تھا ؛ یہ الگ بات ھے کہ مقریزی نے نویری سے معلومات نقل کیے ھوں . نویری نے ابراھیم بن وصیف شاہ کی کتاب Grand Livre de merveilles سے براہ راست اخذ نہیں کیا ھے ' بلکہ ابراھیم بن القاسم کے اختصار سے بالواسطہ نقل کیا ھے . یہی وجہ ھے کہ مسئلہ زیادہ پیچیدہ ھو گیا ھے . مقریزی نے ابراھیم بن وصیف شاہ کی کتاب سے کافی اخذ کیا ھے حالانکہ مؤخرالذکر کا نام اُس نے کم لیا ھے . مقریزی ' ابراھیم بن وصیف شاہ کی مصر قدیم کے متعلق معلومات کی بہت تعریف کرتا ھے اور المسعودی کے مقابلے میں اُس کے معلومات کو زیادہ صحیح مانتا ھے . القلقشندی ' ابوالمحاسن اور ابن ایاس نے بھی ابراھیم بن وصیف شاہ سے ایسے معلومات کافی مقدار میں لیے ھیں جن کا تعلق مصر قدیم سے ھے . ان مصنفین کے علاوہ سیوطی ' ھرچند ابراھیم کا ذکر نہیں کرتا ھے ' لیکن طوفان نوح کے قبل کے بادشاھوں سے وہ نا آشنا نہیں اور اِن کا علم صرف ابراھیم بن وصیف شاہ ھی کو تھا . دور اسلامی میں قدیم مصر کی تاریخ نے ایک عملی شکل اختیار کرلی تھی .

المسعودی کی تاریخ مذکور ہی کا ایک حصہ ہے ۔ اس طرح اُس کی رائے میں یہ کہنا کہ اسے مختصر کرنے والا المسعودی کے علاوہ کوئی اور شخص ہے، قرین قیاس نہیں ۔ الصاوی نے اس کتاب کی تصحیح کے سلسلے میں «تاریخ القرمانی» اور تیمور پاشا کے کتب خانے کے ایک نسخے سے متن کا مقابلہ کیا تھا[1]۔ بروکلمان، پیرس کے نسخۂ «أخبارالزمان و عجائب البلدان» یا «مختصر العجائب و العرائب» کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے کہ یہ کتاب المسعودی کی سب سے اہم تصنیف یعنی «أخبارالزمان» کا اختصار ہے جو کسی غیر معروف شخص نے کیا تھا ۔ اس میں بحر ہند کے جغرافیائی فرضی قصے، جو بزرگ بن شہریار الرامہرمری کی کتاب «عجائب الهند»[2] سے لیے گئے ہیں، خاص طور سے شامل کیے گئے ہیں ۔ اس کتاب میں قدیم مصر کی تاریخ بھی شامل ہے ۔ مسیو فرراں، کار رادی وہ کے فرنچ ترجمے کے بارے میں لکھتا ہے کہ این سی ایف سیبولڈ نے داخلی ثبوت کی بنا پر یہ رائے قائم کی ہے کہ ابراہیم بن وصیف شاہ نے یہ کتاب تقریباً ١٠٠٠ع میں لکھی تھی ۔ مصنف نے کتاب میں بنوامیہ کی حکومت کا ذکر کیا ہے اور یہ حکومت ٤٢٢ھ / ١٠٣١ع میں ختم ہوچکی تھی ۔[3] L'Abreg. کے مصنف کے بارے میں غالباً سب سے وقیع بحث مسیو وی‌یت نے کی ہے ۔ L'Egypte de Murtadi کے مقدمے میں اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے وہ کہتا ہے کہ اس کتاب کے دو حصے ہیں[4]۔ پہلا حصہ یعنی (ص ٣—١٥٧) عجائبات مخلوقات اور پیغمبروں کی تاریخ اور دیگر موضوعات پر مشتمل ہے ۔ یہ حصہ المسعودی کی طرف منسوب ہے جس کا ذکر پہلے صفحے پر بھی درج ہے ۔ اس کے علاوہ مقریزی کے اکثر اقتباسات جو المسعودی کی تاریخ «أخبارالزمان» کی طرف منسوب ہیں، اسی حصے میں پائے جاتے ہیں ۔ دوسرے حصے

١- أخبار الزمان صفحہ ی (قاهره ، ١٩٣٨)

٢- Brockelmann, *GAL.* Suppl. I p 221

٣- Ferrand, G , *Relation des Voyages et textes géographiques*, Vol I, p 137

٤- Wiet, G. *L'Egypte de Murtadi* pp 5—7

اس کا مصنف کون تھا؟ نسخۂ علی‌گڑھ کے سرورق پر مصنف کا نام «المسعودی» دیا گیا ہے ۔ الإدریسی ایک جگہ «کتاب العجائب» کا ذکر کرتا ہے لیکن اُس کے مصنف کا نام نہیں دیتا ہے[۱]؛ دوسری جگہ وہ حسان بن المنذر کو اس کتاب کا مصنف بتاتا ہے[۲]، لیکن اپنے مقدمے میں اُسے المسعودی کی طرف منسوب کرتا ہے اور جزائر برطانیہ کے بیان میں صرف «صاحب کتاب العجائب» کہتا ہے[۳] ۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس کتاب کے کئی نسخے رائج تھے اور مختلف مصنفوں کی طرف منسوب تھے ۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس کتاب کا مصنف، المسعودی مصنف «مروج الذهب» ہے یا کوئی اور شخص ہے اور المسعودی کی شہرت اور عظمت کی بنا پر یہ کتاب اُس کی طرف غلط طریقے سے منسوب ہو گئی ہے ۔ یہ مسئلہ بھی قابل غور ہے کہ یہ کتاب، المسعودی کی «کتاب أخبار الزمان» یا «کتاب الأوسط» ہے یا ان میں سے کسی کا جزو یا اختصار یا اس کتاب کا اس سے کوئی تعلق نہیں اور یہ ایک بالکل مختلف تصنیف ہے؟

ان سوالوں کا جواب دینے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ مصری ایڈیشن اور کاررادی وہ کے وریج ترجمے کے متصمین کا صحیح جائزہ لیا جائے ۔ اُس کے بعد نسخۂ علی‌گڑھ کے حقیقی مصنف کا بھی اندازہ ہو سکے گا کیونکہ یہ تینوں کتابیں تقریباً ایک ہی ہیں ۔ مصری ایڈیشن یعنی «أخبار الزمان و من أباده الحدثان، و عجائب البلدان و العامر بالماء و العمران» کے سرورق پر مصنف کا نام یوں دیا گیا ہے : «تصنیف المؤرخ الکبیر أبی الحسن علی بن الحسین بن علی المسعودی» ۔ عبدالله الصاوی کی رائے میں یہ کتاب المسعودی کی تاریخ «کتاب أخبار الزمان» کے ایک چھوٹے ٹکڑے کی تلخیص ہے اور اگر اس میں خاتمہ نہ ہوتا اور کتاب مکمل نہ ہوتی، تو وہ یہ کہتا کہ یہ

۱- [illegible] and the Neighbouring Territories, ed. by S. Maqbul Ahmad, [illegible]
[illegible] p. [illegible]
۲- [illegible] Suppl. p. [illegible]
۳- [illegible] referred elsewhere in Idrisi's work means Mas'udi" [illegible] JSOAS, V. XIII, 1949–50, p. 273.

مواد کے لحاظ سے یہ کتاب دو حصوں میں تقسیم کی جاسکتی ہے
پہلے حصے (ص۲ - ۱۱۰) میں زمین کی پیدائش کا قصہ ، جغرافیائی معلومات ،
پیغمبروں ، قوموں ، ملکوں اور بادشاہوں کے حالات درج ہیں .
یہ حصہ «خبرالیمامة» کا ذکر کرتے ہوئے نابغہ کے اشعار پر ختم
ہوتا ہے . دوسرے حصے (ص ۱۱۱ - ۳۲٤) میں قدیم مصر کی تاریخ،
عجائبات ، فراعنہ کے حالات اور طوفان نوح کے بعد کے بادشاہوں
کا ذکر ہے . یہ حصہ فرعون کی فوجوں کے غرق ہونے کے واقعہ
پر ختم ہوتا ہے .

عبداللہ الصاوی کے مصری ایڈیشن اور نسخۂ علی گڑھ کے مقابلہ سے
یہ ظاہر ہوتا ہے کہ در اصل یہ دونوں ایک ہی مأخذ سے نقل کیے
گئے ہیں. اول الذکر زیادہ قدیم ہے ، لیکن متن ، نفس مضمون اور عنوانات میں بہت
کم فرق ہے . اسی طرح مسیو کارادی وہ کا ترجمہ *L'Abrege des
merveilles* بھی اسی مأخذ سے لیا گیا ہے . یہاں اتنا اشارہ
کردینا کافی ہوگا کہ علی گڑھ کے نسخے کی اہمیت اتنی ہے کہ
اس کی مدد اور قرمانی ، نویری ، شریف إدریسی، إبن إیاس ، مسعودی ،
أبوالمحاسن ، وغیرہ کی کتابوں کی عبارتوں کے مقابلے سے ایک نیا اور
زیادہ صحیح ایڈیشن اس کتاب کا تیار کیا جاسکتا ہے .

نسخۂ علی گڑھ پر جو نام درج ہے اس کی بظاہر کوئی اہمیت نہیں .
اس کتاب کے مختلف نسخوں میں مختلف نام پائے جاتے ہیں . نسخۂ
علی گڑھ کا نام سر ورق پر «عجائب الدنیا للمسعودی» دیا ہوا ہے ،
لیکن خاتمے میں اس کا نام «کتاب العجائب» ہے . مصری ایڈیشن کا
نام «کتاب أخبارالزمان» ہے اور مسیو کارادی وہ نے جس نسخے سے
ترجمہ کیا تھا اُس کا نام «مختصرالعجائب» ہے .کتب خانۂ باڈلین کے نسخے
کا نام «کتاب الأوسط» ہے . اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مصنف
یا کاتب کی نظر میں کتاب کے صحیح نام کی اتنی اہمیت نہ تھی جتنی
کہ اُس موضوع کی جو اس میں زیر بحث ہے .
دوسرا سوال اس کتاب کے مصنف کے بارے میں پیدا ہوتا ہے

«مختصر العجائب» کا فرنچ ترجمہ کارادی وہ (Carra de Vaux) نے پیرس سے ۱۸۹۸ع میں شائع کیا تھا[1]. اسی طرح پیرس کے ایک نسخے کی عکسی تصویر کی بنیاد پر عبداللہ الصاوی نے اصل متن مصر سے ۱۹۳۸ع میں «کتاب أخبار الزمان» کے نام سے شائع کیا تھا .

کتب خانۂ علی گڑھ یونیورسٹی کے شعبۂ مخطوطات میں ایک قلمی نسخہ[2] موجود ھے جس کے سرورق پر یہ عبارت درج ھے : ,, کتاب عجائب الدنیا للمسعودی، وما فیہا من الجرآئر و العجائب و الملوك و الکہان و الأهرام و البرابی ،، . تتمے میں کتاب کا نام « کتاب العجائب » دیا ھوا ھے. کاتب محمد بن خلیل السقبی ھے اور تاریخ کتابت روز سه شنبه (نہار الثلاثاء) ۱۲ شہر جمادی الأخری ۹۸۲ھ دی ھوئی ھے . نسخه کل ۲۳٦ صفحوں پر مشتمل ھے . عبارت صاف نسخ میں ھے اور کتاب کی تقطیع $7\frac{1}{4} \times 5\frac{1}{4}$ انچ ھے.

اس نسخے کے مطالعہ سے یہ خیال ھوتا ھے کہ یہ کسی دوسرے نسخہ کی نقل ھے. چونکہ کاتب نفس مضمون سے واقف نہ تھا اور جہاں جہاں اصل مضمون سمجھنے سے قاصر تھا، وھاں جگہ خالی چھوڑ دی ھے[3] اس کے علاوہ کئی جگہ نام غلط درج کیے گئے ھیں . نسخہ مکمل ھے اور اس کے ابتدائی الفاظ یہ ھیں :

''بسم اللہ الرحمن الرحیم. نبتدیء بذکر اللہ و حمدہ و الثناء علیہ و الشکر لہ و الصلاۃ علی سائر أنبیاءہ و ملائکتہ و تخصیص محمد صلی اللہ علیہ و سلم و آلہ بأفضل صلواتہ و أکمل زکواتہ . ثم نذکر ماوقع إلینا من عجائب أسرار الطبائع وأصناف الخلق مما یکون منشا کلاً لقصدنا و نصل ذلک بذکر من یجب ذکرہ من ملوك الأرض و ما عملوہ من غرائب الأعمال و شیدوہ من عجیب البنیان . . ،،

۱- Baron Carra de Vaux, *L'Abrégé des merveilles*, (Paris, 1898).

۲- ذخیرۂ قطب الدین نمبر ۳٦/۱

۳- عجائب الدنیا ورق ۷۵ ، ۷٦، ۲۳۲ (نسخۂ علی گڑھ)

مسعودی کی عجائب الدنیا کا نسخۂ علی گڑھ

ڈاکٹر سید مقبول احمد *

« عجائب‌الدنیا » کا در اصل اُن کتابوں میں شمار ہوتا ہے جو قرون وسطیٰ میں عجائبات دنیا اور دیگر دلچسپ معلومات فراہم کرنے کے سلسلے میں لکھی جاتی تھیں . ان کتابوں کے مضامین تقریباً ایک ہی نوعیت کے ہیں اور معلومات بھی تقریباً ایک سی ہیں . چند تبدیلیوں اور ردوبدل کے ساتھ مختلف نسخے تیار کیے جاتے تھے اور زیادہ تر عوام کی دلچسپی کو مدنظر رکھا جاتا تھا . ان کتابوں کے مختلف نسخے دنیا کے مختلف کتب خانوں میں محفوظ ہیں . پیرس کے کتب خانۂ ملی میں جو نسخے موجود ہیں اُن کا تفصیلی ذکر مسیو رینو نے اپنی کتاب میں کیا ہے.[1] علی گڈھ اور پیرس کے علاوہ چند نسخے ، کتب خانۂ لائڈن یونیورسٹی اور کتب خانۂ باڈلین آکسفورڈ میں بھی موجود ہیں . نسخۂ لائڈن کا ذکر فورھوفے نے اپنی ھینڈلسٹ میں کیا ہے[2] اور باڈلین کے نسخے کا ذکر وھاں کے فہرست نگار نے . اس نسخے پر کتاب کا نام «کتاب‌الأوسط» درج ہے . بروکلمان نے ان نسخوں کا ذکر اپنی کتاب تاریخ ادب عربی میں کیا ہے[3]. پیرس کے ایک نسخے

۱- *Introduction Generale ala Geograph e des Orientaux*

۲- P. Voorhoeve, *Handlist of Arabic Manuscripts, Leiden, 1957 p 4*

۳- C. Brockelmann, GAL I, p 152, Suppl. I, p 221

* ڈاکٹر سید مقبول احمد . ریڈر شعبۂ عربی و اسلامیات ، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ .

تمہید میں گزرچکا ہے کہ عرّام کے ورود خراسان کا زمانہ حسب تحقیق استاذ عبدالعزیز المیمنی ٢١٧ھ کے لگ بھگ ہے . مضمون کے خاتمے پر استاذ موصوف کا ایڈیشن ڈاکٹر مختارالدین احمد کی مہربانی سے ہمارے مطالعہ میں آیا[1] . اس سے مذکورہ بالا بیان کی تصدیق ہوئی ۔ لیکن ہماری گذارش یہ ہے کہ عبداللہ بن طاہر(م ٢٣٠ھ) کو خراسان کی ولایت بہ تصریح حمزہ اصفہانی ٢١٧ھ سے کم از کم دو برس پہلے ملی تھی اور ٢١٥ھ میں وہ مرو میں طرح اقامت ڈال چکا تھا[2] .

رسالۂ عرام ص ٤٠٢ س٧ کی عبارت سے بحث ہو چکی ہے . کلمۂ «یعلو» پر حاشیے میں استاذ عبدالسلام نے لکھا ہے : قرأهاالعلاّمة المیمنی «یفلق» ، و رسمہا فی الأصل لا یساعد فی ذالک» (ح ٩) اب اس ایڈیشن کی مراجعت سے معلوم ہوا ہے کہ استاذ عبدالسلام نے حوالہ دینے میں غلطی کی ہے . استاذ میمنی نے متن کتاب میں واضح طور پر «یعلو»[3] برقرار رکھا ہے اور حاشیہ پر «معجم مااستعجم» کے حوالے سے « یقطع » کا کلمہ درج کیا ہے . بہر حال ہمارے خیال میں «یعلو» یہاں پر چسپاں نہیں ہوتا ، ہم اسے «یفلق» کی تحریف سمجھتے ہیں .

استاذ میمنی[4] نے عرّام کے سلسلے میں « کتاب العین » کے جن صفحات کی نشان دہی فرمائی ہے ان پر حسب ذیل صفحات کا اضافہ کیا جاسکتا ہے[5] : صفحات ٦٦ ، ١٢٥ ، ١٢٧ ، ١٣٩ . والفضل للمتقدم .

[١٩٥٩.٩ ١٢]

١ ـ أسماء جبال تہامة . ٢٦٧ ، نشر استاذ عبدالعزیز المیمنی ، شائع کردۂ ادارۂ معارف اسلامیہ (لاہور ، ١٩٤٢)

٢ ـ تاریخ سنی ملوک الأرض ١٤٦ (مطبع کاویانی ، برلن ، ١٣٤٠)

٣ ـ أسماء جبال تہامة ، ٢٧٤ (ح ٤)

٤ ـ مقالۂ میمنی . عرّام بن الأصبغ السلمی الأعرابی و کتابہ أسماء جبال تہامة ١١ (ح ١) روئداد ادارۂ معارف اسلامیہ ، (لاہور ، ١٩٤٢) .

٥ ـ کتاب العین (مطبوعہ بغداد) .

ھے . البکری اس کا وزن فعلان بتاتے ھیں ، ھم اس پر اتنا اضافہ کرینگے کہ فیروزآبادی کے یہاں اس کا ضبط بالکسر بصیغۂ جمع مذکور ھے .

۳۶. ص ۴۳۹س ٤ــ« وبحذائها جبل یقال له هکران » . **لفظ «هکران»** بالفتح والسکون مشکول ھے ، سمهودی[1] اسے محرک قرار دیتے ھیں . «کتاب التعلیقات والنوادر» کے نسخے میں بضبط قلم، کاف ساکن ھے . ایک بات قابل ذکر یہ ھے کہ عرام نے اسکو پہاڑ کا نام قرار دیا ھے ، ابوعلی الهجری کا بیان یہ ھے کہ «هکران» تالاب کا نام ھے ، اصل الفاظ یہ ھیں[2] : «وهکران غدیر وروضة شرقی کشب عن مرّان بمرحلة » سمهودی کا بیان غالباً عرّام اور الهجری دونوں کی کتابوں سے ماخوذ ھے اسی بنا پر وہ «هکران» کو پہاڑ قرار دیتے ہوئے اس کا محل قباء کی محاذات میں بجانب «کشب» قرار دیتے ھیں .

آخر میں ھم دو اھم تحقیقی مسائل کے ذکر پر اس سلسلے کو ختم کرنا چاھتے ھیں . ھمیں یاقوت کی «معجم‌البلدان» میں «إحلیلی» کا تعارف ملتا ھے جو بظاھر عرّام کی جغرافیائی روایات کا بقیہ ھے. «إحلیلی» کا ذکر رسالۂ عرام میں نہیں ھے، یاقوت کی عبارت مندرجہ ذیل ھے[3] :

إحليلي: بالكسر ثم السكون و كسر اللام و ياء ساكنة ولام أخرى، مقصور ممال، اسم شعب لبني أسد، فيه نخل لهم . و أنشد عرّام بن الأصبغ يقول (؟) :

طللنا بإحليلي بيوم تلفّنا   إلى نخلات قد صوين سموم

دوسرا تحقیقی نکتہ ایک لغوی فائدے سے عبارت ھے جو بظاھر تنہا عرّام کی روایت سے منقول ھے . یہ تحقیق یاقوت کے علاوہ «لسان العرب» میں بھی عرّام کے حوالے سے ملتی ھے[4] .

ــ«وقال عرّام : الحثلة بالتحريك ، مستقر الطعام ، تكون للإنسان كالكرش للشاة» . اس لفظ کی تفسیر میں عام اھل لغت کا انداز بیان بالکل جداگانہ ھے[5] .

۱ـ وفاء (۲ : ۳۸۷)   ۲ـ التعلیقات . ۹۵

۳ـ البلدان (۱ : ۱۵۵) ، تاج‌العروس (۷ : ٦ ، ۲۸۷) . غالباً زمخشری کو بھی عرّام کی روایت پہنچی تھی دیکھیو کتاب‌الجبال والأمکنة والمیاه : ٤۹ (طبع یورپ) .

٤ـ البلدان (۱ : ۱۵۵) ، لسان (۱۳ : ۲۱۲) .

۵ـ جمهرة اللغة (٦ : ۳٦) ، (۳ : ۳۱۷) ؛ صحاح (۲ : ۱۷۸) .

—« هدانان ، جبلان من وراء السوارقية من بيضان وأرثم جبل آخر من بيضان» ھمارے نزدیک أرثم (بالالف) یاقوت کے «يرثم» ھی کی دوسری شکل ھے؛ حرف الياء المثناة کا الف سے بدلنا لغت عرب میں معروف ھے . علاوہ برایں «أرثم» کا موقع و محل «يرثم» کے موقع سے قطعاً جداگانہ نہیں . فیروز آبادی «يرثم» کا ضبط «ينصر» کے وزن پر بتاتے ہوئے اسکو بنو سلیم کا ایک پہاڑ قرار دیتے ھیں .

وادی «بیضان» پر استاذ عبدالسلام کی تعلیق یہ ھے . «رسم له البكرى ولم يرسم له ياقوت» (رقم ۲) یاقوت کے بارے میں استاذ موصوف کا یہ دعویٰ ھمارے نزدیک بالکل غلط ھے . «معجم البلدان» میں «بیضان» کا مستقل ترجمہ درج ملتا ھے لیکن یاقوت کو اسکی بابت صرف اسیقدر معلوم ھو سکا کہ « بيضان جبل لبني سليم بالحجاز» ، اس کے بعد ھی «بيضان الزروب» کے تذکرے میں اس نے اپنی لاعلمی ظاھر کردی ھے[۱]: «لا أدرى أهى الاولىٰ أم غيرها» بہر حال یاقوت کے یہاں «بیضان» کا تذکرہ موجود ھے البتہ حیرت ھوتی ھے کہ اس سلسلے میں اس نے رسالۂ عرّام کو فراموش کردیا

«بیضان» کے متعلق ابو علی الھجری کا بیان مجمل ھونے کے باوجود فائدے سے خالی نہیں[۲] :

—« بيضان موضعان ، أحدهما جبل عامد وهو المشهور عندالعرب ، والآخر موضع بناحية السوارقية لاأدرى ظاهره أوبلد» .

اس عبارت سے ایک حد تک یاقوت کے بیان کی تصدیق ھوجاتی ھے اس کے علاوہ خود عرّام کے بیان کی تائید بھی ظاھر ھے کہ عرّام کے سیاق میں وادی «بیضان» کا ذکر «سوارقیہ» ھی کے نواحی میں آتا ھے . «سوارقیہ» اور اس کے اطراف و جوانب میں بنوسلیم آباد تھے لہذا «بیضان» کے متعلق مذکورۂ بالا اختلاف کو ھمارے نزدیک کچھ زیادہ اھمیت دینے کی ضرورت نہیں .

«بیضان» کے ضبط میں مرتب نے غالباً ابوعبید البکری کی تقلید کی

۱- معجم البلدان (۱ : ۷۹٤)　　۲- التعليقات والنوادر ۲۳۵

۳۵. ص ۴۳۵ س ۱ — «وهنالك برثم وهو جبل شامخ كثير النمور والأروى قليل النبات إلاّ ماكان من ثغام و غضور وما أشبهه» یاقوت کی مذکورۂ بالا صراحت که دوسری جگه عرّام نے یرثم (بالیاء المثناة التحتیه) کا ذکر کیا هے بظاهر اسی جگه سے متعلق هے. ابوعبید البکری کے متعلق واضح کیا جاچکا هے که اسکی ضخیم کتاب میں برثم (بالباء الموحده) یا یرثم (بالمثناة التحتیه) کا ذکر نہیں.

اس موقع کی عبارت میں ابوعبید نے «برس» کا ذکر کیا هے چنانچه «برس» (بضم اوله و اسکان ثانیه و بالسین المهمله) کے تحت السکونی کے حوالے سے یه الفاظ ملتے هیں[1] : «هو جبل كثير النمور والأروى وهو تلقاء شواحط» یه بیان بلاشبه زیر بحث «برثم» یا بقول یاقوت «یرثم» (بالیاء المثناة) پر منطبق هوتا هے. عرّام کے رسالے میں «برثم» کے بالمقابل وادی بیضان کا موقع بتایا گیا هے جس میں بهت سے کنوئیں تھے. البکری «بیضان» کے بارے میں رقمطراز هے[2] : «ماءة من مياه خزاعة عند برس». مکرراً یه الفاظ «شواحط» کے تحت منقول هیں[3]. «برس» کی محاذات میں «بیضان» کا وقوع صاف بتاتا هے که «برس» ابوعبید البکری کے اقتباسات میں «برثم» کی جگه مذکور هے. گویا «برس» اور «برثم» میں به اعتبار موقع و محل کوئی مغایرت نہیں یا ممکن هے دونوں جگہیں پاس پاس کی هوں. اسی بنا پر عرّام کے قدیم نسخوں میں اختلاف رها هوگا. ورنه کوئی وجه نہیں که السکونی جسکی کتاب رسالۂ عرّام پر مبنی تھی «برس» کا ذکر کرے اور «برثم» کا یکسر ذکر نه کرے. «برس» کے باره میں یاقوت کو کوئی اطلاع نہیں[4] یه بھی قرینه هے عرّام کے قدیم نسخوں کے اختلاف کا.

یاقوت کے نشان داده نسخے «یرثم» (بیائے مثناة تحتیه) کو هم تحریک پر محمول نہیں کرسکتے اس نسخے کی تائید ابوعلی الهجری کی ایک عبارت سے هوتی هے جو درج ذیل هے[5] :

۱- معجم ۲۴۱ ۔ ۲- ایضاً (۵ : ۲۹۶) ۔ ۳- ایضاً (۳ . ۸۱۴)
۴- معجم البلدان (۱ ۵۶۵) میں اس نام کی ایک جگه کا ذکر ملتا هو جهاں بخت نصر کر آثار تھو یه جگه بابل میں واقع تھی.
۵- التعلیقات والنوادر (نسخۂ ایشاٹک سوسائٹی، بنگال)

حاشیے پر یاقوت الحموی کے حوالے سے کلمہ «غوادی» نقل کیا گیا ہے حالانکہ « معجم البلدان » میں « العوادی » مع الف لام ملتا ہے . بہر حال صحیح «غوادی» بلام تعریف ہے جیسا کہ معجم البکری[1] میں ہے .

۳۳. ص ۴۳۳س ۲ــــ«لقف ماء آبار کثیرة». لفظ « لقف » بفتح اللاّم ہے اس کا ضبط فیروزآبادی[2] اور سمہودی[3] بکسر اللاّم بتاتے ہیں .

۳۴. ص۴۳۴س۱ــــ«وبه ماء یقال له (الویرة) وهی عذبة طیبة ، من (بئر شلكّ) وهی العیقة الشجوة ، لکنها لاتنرف » . اس عبارت میں کئی تحریفات ہیں . حمدالجاسر کو بھی ان تحریفات پر اشتباہ نہیں ہوا . بہر حال مرتب کے خیال میں «بئر شلكّ، العیقة الشحوة» تینوں مقامات کے نام ہیں چنانچہ حاشیہ پر اس فقرے کو نقل کرتے ہوئے انہوں نے لکھا ہے : کذا وردت . . ومما هو جدیر بالذکر أن «شجوة » واد بتهامة ، و «عیقة» بین مکة و المدینة (حاشیه رقم ۱ ص ۴۳۵)

یہ صحیح ہے کہ «شحوة» تہامہ کی ایک وادی اور «عیقہ» مکہ و مدینہ کے درمیان واقع ہے لیکن ہمارے خیال میں اس عبارت میں ان مقامات کا ذکر نہیں ، بلکہ یہ فقرہ «البویرة» کی وضاحت و تفصیل کر رہا ہے . ہمارے نزدیک (بئر شلكّ) تحریف ہے (بئر سكّ) کی . سكّ بہ سین مہملہ مضمومہ یا مفتوحہ ، تنگ دہانہ کے کنویں کو کہتے ہیں . « لسان » کی عبارت ہے[4] : « یقال بئر سكّ [بضم السین] و سكّ [بفتح] السین ای ضیقة الحرق و قیل الضیقة المحفر من أولها إلیٰ آخرها» . اسی طرح «العیقة» تحریف ہے «الضیقة» کی اور «الشجوة» (بالجیم) کے بجائے «السحوة» بالحاء المهملة صحیح ہے . لسان کی تصریح ہے[5] : «بئر واسعة السحوة و ضیقتها أی الفم» ان تصریحات سے ظاہر ہوتا ہے کہ « هی الغیقة السجوة» کا محرف فقرہ دراصل «بئر سكّ» کی تفسیر ہے ، پس عبارت کی تصحیح یوں ہونی چاہیے : « و به ماء یقال له البویرة وهی عذبة طیبة ، من بئر سكّ ــــ وهی الضیقة السحوة ــــ لکنها لاتنزف» . واللہ اعلم

۱- معجم ۱۰۰ ۲ قاموس (۳ . ۱۹۶) ۳- وفاء (۲ ۳۶۷)
۴- لسان (۱۲ ۳۲۴) ۵- ایضاً (۱۹ ۱۵۳)

بعد میں بحث کرینگے ؛ یہاں سردست یہ واضح کردینا ھے کہ «أحامر» «یرمرم» ، برثم (بالباء الموحدة) یا یرثم (بیاے مثناة) قریب قریب کی پہاڑیاں ھیں اسی بنا پر رسالۂ عرام کے نسخوں میں اختلاف پیدا ھوا . اس اختلاف پر پوری توجہ سے روشنی ڈالنے کی ضرورت تھی لیکن مرتب رسالہ نے اسکی طرف توجہ نہیں کی .

متن میں «برثم» اور «تعار» کے بعد «الخرب» کا نام آتا ھے . اسے «الأخرب» بھی کہتے تھے چنانچہ ابوعبید کی منقولہ بالا عبارت میں «الأخرب» ھی مذکور ھے .

۳۱. ص۴۳۲س۱—«وهم بادية إلاّ من وَلَد بها عانهم تانون فيها» کلمۂ «تانون» کی قراءت و تحقیق کے سلسلے میں حمدالجاسر اور عبدالرحمن العلمی کے حوالے دیے گئے ھیں . ھمارا خیال یہ ھے کہ جو بات کتب لغت میں عام ھو اسکی تحقیق میں صرف معاصر اشخاص کے حوالوں پر اکتفا کرنے کے بجائے اصل مراجع سے بھی رجوع کرلینا چاھیے . اس لفظ کا ثبوت معاجم میں عام ھے اور ھمیں یقین ھے کہ ان دونوں کی راے انھیں ماخذوں پر مبنی ھے ، اگرچہ ان دونوں سے کسی نے معاجم سے استفادہ کرنیکی صراحت نہیں کی ھے . « جمہرة ابن درید » میں صاف مذکور ھے[1] : تنا بالمكان يتنو فهو تان—كماتری—والجمع تناء ، إذا أقام به ، فی لغة من لم يهمز». ابن سیدہ کا بیان مختصراً یہی ھے[2] ، زمخشری کی «اساس البلاغة» میں ابو نخیلہ سے منسوب رجز کا ایک شطر ھے :

ضيفاً ولا نلقاه إلاّ تانيا

البتہ «لسان» میں باب الواو والیاء کے تحت اس لفظ کا اندراج نہیں لیکن باب الهمز ، مادہ (تنأ) میں تسہیل ھمزہ کی صراحت ملتی ھے .

۳۲. ص۴۳۲س۱۰—« بذی مجر أسقيت صوب الغوادی »

الغوادی بہ الف‌لام تعریف ، وزن شعری کے لحاظ سے غلط ھے .

۱- ابن درید . جمهرة اللغة (۳ : ۲۱۶)

۲- ابن سیدہ : المخصص (۱۲ : ۶۵)

میں سے ابوعلی الهجری کے بیان سے سمهودی کے اقتباس کی تائید اس حد تک هوجاتی هے که «یرمرم» معدن بنی سلیم کے قریب کا پهاڑ تها . چنانچه «کتاب التعلیقات والنوادر[1]» میں ایک جگه یه الفاظ ملتے هیں:
« وقال السلمیون ، یرمرم علم من الأعلام أسود ، أقرب المنازل إلیه معدن بنی سلیم عن یمین الذهب إلی مکة من العراق » .

اسی کتاب کے دوسرے حصے میں یه الفاظ ملتے هیں[2] :
« وسألت الربابی عن رأیان ، فقال جبل بالطاقة ، بجانب یرمرم ، أقرب المنازل إلیه المعدن ، معدن بنی سلیم ، أبیض علم من الأعلام ، وهو عن یمین الحجاج إذا أموا العراق قافلین من مکة إذا کانوا من المعدن علی خمسة أمیال » غرض یه بات واضح هوجاتی هے که «یرمرم» معدن بنی سلیم کے قرب و جوار کا پهاڑ تها اور همیں معلوم هے که زیربحث عبارت میں جن پهاڑوں کے نام آئے هیں سب معدن اور اس کے قرب و جوار میں بتائے گئے هیں .

«یرمرم» کے تعارف میں یاقوت اور ابوعبید کے الفاظ بڑے مجمل هیں البته یاقوت نے مذکورهٔ بالا اشعار درج کردیے هیں اس سے گمان هوتا هے ، که شاید عرام هی کے رسالے سے اس نے یه اشعار نقل کیے هونگے ، ابوعبید نے صرف ایک فقرے پر اکتفا کیا هے[3] . « جبل ومن قبله هدابان ». اس طرح «یرمرم» کی جائےوقوع معلوم کرنے کےلیے «هدابین» کا محل وقوع معلوم کرنا ضروری هوجاتا هے . اس کا موقع ابو علی الهجری کے ذریعه معلوم هوتا هے وه لکهتا هے: «جبلان من وراء السوارقیة من بیضان[2]» .
« سوارقیه » اور «بیضان» ، معدن بنی سلیم کے قریبی حدود میں هیں .

(ج) تنها یاقوت کا اقتباس نسخهٔ سعیدیه سے مطابقت رکهتا هے لیکن یاقوت نے ایک دوسرے نسخے کی نشاندهی بر موقع اس طرح کی هے[4] .
« وقال فی موضع آخر ، یرثم أوله یاء تحتها نقطتان ، جبل شامخ کثیرالنمور والأروی قلیل النبات إلاّ ما کان من ثمام و غضور وما أشبهه» . مؤخرالذکر نسخے سے هم

١- التعلیقات والنوادر ٢٩ (نسخة دارالکتب المصریه)
٢- التعلیقات والنوادر (نسخة ایشاٹک سوسائٹی ، بنگال)
٣- معجم : ١٣٧٤ ، ١٣٩٣ ٤- معجم البلدان (١ ٥٤٧)

سمهودی کے اس اقتباس کی توثیق ابوعبید البکری کی درج کردہ عبارت سے ہوتی ہے، چنانچہ « معجم ما استعجم » کے الفاظ حسب ذیل ہیں :
« وتلقاءه عن يمينه من قبل القبلة جبل يقال له أحامر .. وهناك تعار والأخرب جبلان لاينبتان شيئاً ، قال الشاعر [1] :

بليت ولا تبلى تعار ولا أرى

ان اقتباسات میں بظاہر جبل « أحامر » کا موقع و محل وہی ہے جو متن رسالہ میں «برثم» کا بیان ہوا ہے .

(ب) مادۂ (تعار) کے تحت سمہودی کی کتاب میں جبل «أحامر» کی جگہ «یرمرم» کا ذکر ہے یہاں بھی عرّام کا حوالہ دیا گیا ہے پورا اقتباس مندرجہ ذیل ہے[2]:

« قال عرّام فيها بجهة أبلى ما لفظه : ومن قبل القبلة جبل يقال له يرمرم وجبل يقال له تعار وهما عاليان لاينبتان شيئاً فيهما النمران كثيرة قال لبيد :

عشت دهراً ولا يعيش مع الأيّـــــام إلاّ يرمرم و تعـار

صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہاں « یرمرم » دراصل نسخۂ سعیدیہ کے «برثم» کی جگہ ذکر کیا گیا ہے. خود سمہودی کی نقل کردہ عبارتوں میں ایک جگہ «أحامر» اور دوسری جگہ «یرمرم» کا ذکر ہمارے خیال میں سمہودی کے پیش نظر ہر دو نسخوں کے اختلاف پر مبنی ہے اس لیے کہ ایک نسخہ کا اقتباس انہوں نے ترجمۂ «أحامر» میں اور دوسرے نسخے کا اقتباس مادۂ (تعار) کے تحت دیا ہے . غالباً لبید کا شعر بھی اس نسخے میں درج رہا ہوگا بہر حال خود عرام کے نقل کردہ اشعار سے اس کی تائید ہوتی ہے لہذا یہاں نقل کیے جاتے ہیں :

بليت ولا تبلى تعار ولا أرى   يرمرم إلاّ ثابتاً يتجدد
ولاالخرب الداني كأنّ قلاله   بخات عليهنّ الأجلّة هجّد

ان اشعار کے متن کا یہ اختلاف قابل لحاظ ہے کہ «یرمرم» کا ذکر متن میں نہیں آتا اور اسکی جگہ «برثم» کا ذکر ملتا ہے . خارجی شواہد

١ - معجم ، ٩٩ ٢ - وفاءالوفاء (٣ . ٢٧٠) ، ایضاً (٤ : ١١٦١)

«ذو جماجم أو حماحم» ہے جیسا کہ ابوعبید[1]، یاقوت[2] اور سمہودی[3] کی کتابوں میں محفوظ ہے، علاوہ برایں ــ حماجم ــ (بالحیمین) کے ضبط میں فتح الجیم الاولیٰ کے بجائے ضمہ بھی ثابت ہے بلکہ یاقوت کے یہاں اسی کو ترجیح ہے.

۲۹. ص ۴۳۰ س ۳ ــ «و حذاء أبلیٰ جبل یقال له ذوالموقعة . . . وفی أسفل من شرقیه بئر یقال لها الشقیقة». مؤخرالذکر لفظ کی ایک شکل بحوالۂ یاقوت «الشفیقة» بالفاء ثم القاف حاشیہ میں بتائی گئی ہے (رقم ۴) ہم اس پر اتنا اضافہ کرنا چاہتے ہیں کہ خود یاقوت نے اسکی تیسری شکل «شفیفة» بصیغۂ تصغیر بالفائین بتائی ہے[4].

۳۰. ص ۴۳۰ س ۳ ــ «و حذاءه عن یمینه من قبل القبلة جبل یقال له برثم، و جبل یقال له تعار، وهما جبلان عالیان لا ینبتان» یہ عبارت صحیح اور واضح ہونے کے باوجود متن رسالہ کے کئی مشکل مقامات میں سے ایک ہے. اس کی تحقیق میں بڑے غور و فکر کی ضرورت تھی، ہمیں یقین ہے کہ اس مقام پر وہ قدیم نسخے جو ابوعبیدالبکری. یاقوت اور سمہودی کے پیش نظر رہے سب باہم مختلف تھے ان میں سے یاقوت کا نسخہ متن رسالہ سے مطابقت رکھتا تھا، نسخوں کے اس اختلاف کی کیفیت ذیل کی سطروں سے واضح ہوگی:

(ا) سمہودی کے پیش نظر نسخے میں «برثم» کی جگہ «أحامر» تھا جس کا ذکر موجودہ متن میں کہیں نہیں آتا، سمہودی کے الفاظ نقل کیے جاتے ہیں کہ متن کی منقولۂ بالا عبارت سے تقابل کیا جاسکے:

«قال عرّام: وحذاء أبلیٰ جبل یقال له ذوالموقعة من شرقیها، وهو جبل معدن بنی سلیم، و حذاءه عن یمینه من تلقاء القبلة جبل یقال له أحامر[5]»

۱ـ معجم مااستعجم: ۹۸، ۳۹۰ ۲ـ البلدان (۱. ۹۸)، (۲. ۱۱۲)
۳ـ وفاء (۲: ۲۵۷) ۴ـ البلدان (۳: ۳۱)، مراصد الإطلاع (۲: ۱۲۰)
۵ـ وفاءالوفاء (۲: ۲۴۲)، ایضاً (۴. ۱۱۲۱)

«اساس البلاغه» اور جمهرة ابن درید وغیره میں جو الفاظ اس لفظ کی تشر میں ملتے ھیں سب حمدالجاسر کی تفسیر کی تائید کرتے ھیں . الأزهر کا بیان صاحب «لسان العرب» نے نقل کیا ھے ھم اسی پر اکتفا کر چاھتے ھیں[1]: «ورأیت بالصمّان فی قیعانها مساکات للماء، و اخا متحویة، تسمی الأمعاء و تسمی الحوایا وهی شبه الغدران، غیرأنها متضائقة لاعر لها، و ربما ذهبت فی القاع غلوة».

۲۶. ص ٤۲۷ س ۳ــ« الرحضیة قریة للأنصار و بنی سلیم الرحضیه (بفتح الراء) طباعت کی غلطی ھے اس لیے که حاشیه میں یاقو کا حواله دیا گیا ھے (رقم ۱) اور یاقوت نے اس کا ضبط بکسر الراء بتایا ھے لیکن اس امر کی وضاحت ضروری تھی که اس کا معروف نام أرحضی (بالالف) ھے چنانچه عرام کا اقتباس سمهودی کے یہاں حرف الالف میں «الأرحضیة» کے تحت درج ملتا ھے[2] . سمهودی کے پیش نظر عرا کے رسالے کا ایك اور نسخه تھا جس میں الرحضیة بضم الراء تھا اس کا ذکر سمهودی نے بالفاظ ذیل کیا ھے[3] «وتعرف الیوم بالرحضیة بضم الراء وکذا هو فی نسخة لعرّام» . مرتب نے الأرحضیة یا الرحضیة بضم الراء کے بارے میں کچھ نہیں لکھا .

۲۷. ص ٤۲۹ س ۱ــ«الصعبیة[4] وهی آبار ینزع علیها» . اس عبارت میں «ینزع» کے مقابله میں زیاده چسپاں «یزرع» کا کلمه ھے جیسا که ابوعبید، یاقوت[5] اور سمهودی[6] کے اقتباسات میں وارد ھے .

۲۸. ص ٤۲۹ س ٥ــ«جماجم أو حماحم و الوسباء»[7] صحیح تر

۱- ابن منظور : لسان العرب (۲۰ : ۱٥۷)
۲- وفاء (۲ : ۲٤٤)
۳- ایضاً (۲ : ۲٤٥)
٤- وفاء الوفاء کے دونوں ایڈیشنوں میں «الدازیه» کے تحت اس کی شکل محرف ہوکر «الضبعیة» ہوگئی ہے . (٤ : ۱۲۱۷ طبع جدید)
٥- البلدان (۳ : ۳۸۸)
٦- وفاء (۲ : ۲۳٥، ۳۸۰)
۷- وفاءالوفاء کے دونوں ایڈیشنوں میں یاء موحده کی جگه یاء مثناة تحتیه ہے . اس پر استاذ محی الدین عبدالحمید نے سوالیه نشان لگایا ہے (٤ : ۱۱٤۲).

« البجرات » بالجیم مع تتابع حرکات ضبط کیا گیا ھے[۱]. نئے ایڈیشن میں تحت مادہ (شوران) البجیرات بصیغۂ تصغیر درج ھے اس کی صحت میں بھی کلام نہیں جیسا کہ خود سمہودی کی تصریح ھے اور غالباً ان کا مأخذ یاقوت ھے .

اصل تحریف کی جگہ « وامعاوھم ماءکون السیں » ھے. ہر موقع حاشیہ سے ظاہر ھوتا ھے کہ طبعۂ اولیٰ پر تبصرہ کرتے ھوئے استاذ حمدالجاسر نے « وفاءالوفاء» کے حوالے سے اسکی تصحیح اس طرح کی تھی «وأمعاء وھو ماء یکونالسنین» حمدالجاسر نے اپنے معاصر محقق پر شدید نکتہ چینی کی ھے بہرحال انھوں نے لفظ (أمعاء) کی تشریح میں لکھا ھے : «ولورجع إلى كتب اللغة لوجد أن الأمعاء هي أمكنة تجتمع فيها المياه و تبقى مدة طويلة » (حاشیہ رقم۳) اس جملے کے بعد مرتب نے بینالقوسین میں ایك فقرہ لکھا ھے (كذا . ولست أدري أيالمعاجمالمطبوعة ورد فيها هذا النصالعريب الذى ساقه الشيخ) راقمالحروف کو سخت حیرت ھے کہ استاذ موصوف کے قلم سے یہ فقرہ کیوں کر نکلا . یہ مانا کہ استاد الجاسر نے « أمعاء » کی جو تشریح کی ھے وہ لفظ بہ لفظ کسی لغوی معجم سے ماخوذ و منقول نہیں ، لیکن مفہوم کی حد تک اس کو بے اصل قرار دینا بہت مشکل ھے. الجاسر کے تلخ و درشت لہجہ سے صرفِ نظر کرتے ھوئے کہنا یہ چاھیے کہ اس کی پیش کردہ تصحیح سے بےاعتنائی برتنا بڑی ھٹ دھرمی ھے . پھر یہ تصحیح اصلاً حمدالجاسر کے غور و فکر کا نتیجہ نہیں بلکہ « وفاءالوفاء » کے اقتباس پر مبنی ھے؛ ھمارے خیال میں اس عرف فقرے کی تصحیح اس سے بہتر نہیں ھوسکتی . مرتب کا یہ خیال کہ بدلالت سیاق « کرم »، «عین» اور «أمعاء» قدرتی چشموں اور تالابوں کے نام ھیں ، ھمارے نزدیک غلط ھے . نیز استاذ موصوف کی یہ لاادریت کہ « أمعاء » کی وہ تفسیر کس مطبوعہ معجم میں ملتی ھے جو الجاسر نے پیش کی ھے ، بہت عجیب ھے . صرف«لسانالعرب»کی مراجعت سے یہ مسئلہ طے ھوسکتا تھا ، اس کے علاوہ

۱ ـ وفاءالوفاء (۲ ۲۵۸)

سمہودی نے مندرجہ بالا اقتباس مجدالدین فیروز آبادی کی رد میں پیش کیا ہے . فیروز آبادی نے لکھا تھا کہ « الطرف » کا احاطہ جن تین پہاڑوں سے ہوتا ہے انہیں میں تیسرا « اللعباء » ہے . عرّام کی عبارت کے ابتدائی جملوں اور آخر کے دو فقروں کی نقل سے سمہودی نے واضح کیا ہے کہ فیروزآبادی کا خیال « اللعباء » کے جبل ثالث ہونے کے بارے میں عرّام کے بیان کی رو سے صحیح نہیں. اس بحث کے خاتمے میں سمہودی کے یہ الفاظ ہیں « فليس فيه أن اللعباء الجبل الثالث، وظاهره أن حزم بنى عوال جبلان، أوفى النسخة خلل » .

ہمیں یہ واضح کرنا مقصود ہے کہ سمہودی کے اقتباس سے بالکل ظاہر ہے کہ عرّام کی عبارت میں « واللعباء ماء سماء » کا فقرہ یقیناً موجود تھا ، یہ فقرہ نسخۂ حیدرآباد سے ساقط ہے اور اسی بنا پر مرتب کے موجودہ ایڈیشن سے خارج رہ گیا ہے . حیرت اس پر ہے کہ استاذ حمدالجاسر نے اپنے قیمتی تبصرے میں جبال ثلاثہ پر نوٹ لکھنے اور سمہودی کے اس اقتباس کا حوالہ دینے کے باوجود نسخۂ حیدرآباد کی اس خامی کی طرف اشارہ نہیں کیا .

آخری جملہ «ومنها القرقرة ماء سماء» کے بارے میں یہ عرض کرنا ہے کہ یاقوت[1] اور سمہودی[2] کے سامنے جو نسخے تھے ان میں «القرقرة» کے بجائے «بئرالكدر» تھا . اختلاف نسخ کے ضمن میں یہ بات قابل تحریر تھی .

۲۵. ص۴۲٦ س۱ــــ« البحرات و كرم و عين و أمعاوهم ماءكون السين » یہ جملہ محرف ہے. سب سے پہلے یہ عرض کرنا ہے کہ ــــالبجراتــــ (بالباء والجیم) پر مرتب کی جو تعلیق ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ابوعبید البکری کے یہاں ــــالبحراتــــ (بالحاء المهمله) ہے اور اسی طرح « وفاءالوفا » میں درج ہے (حاشیہ رقم۱)

مرتب نے مادہ (شوران) کے تحت اس اقتباس کو دیکھا اور اسی کے حوالے پر اکتفا کیا . ورنہ «وفاء الوفاء» میں تحت حرف الباء الموحدہ

۱ـ معجم البلدان (۴ : ۲۴۴)　　　۲ـ وفاء الوفاء (۲ : ۳٦۵)

کی اهمیت ظاهر هے ؛ تعجب هے که اس اقتباس پر استاذ حمدالجاسر کو بھی انتباہ نہوا .

۲۳. ص ٤۲۱ س ۳ — « وفی حد تبالة قرية يقال لها رنية » اس لفظ کے ضبط میں سخت اختلاف هے . محقق رساله ، یاقوت کے حوالے سے اس کی ایک شکل «زبية» (به زائے معجمه و بائے موحده) حاشیه میں نقل کرتے هیں . یہاں مزید اقوال کی نشاندهی غیر مناسب نہوگی . ابو ذؤیب هذلی کے کلام میں «رنية» کا ذکر آتا هے چنانچه اشعار هذیل کے معروف شارح ابو سعید السکری کی روایت هے :

برنية لا يهدّ و لا يخيب

ابوعلی القالی کی روایت میں — رقية — (قاف و یاء مثناة تحتیه) ، نحیرمی کی روایت میں — زقية — (زاء معجمه وقاف و یاء مثناة تحتیه) اور ثعلب کی روایت میں — رقبة — (راء مهملة وقاف و باء موحده) هے . جمله روایات کا ذکر ابوعبیدالبکری نے کیا هے[1]. «نوادر الهجری» میں کئی جگه — رنئة — (راء مهملة مفتوحه و نون مکسورة ، یاء مثناة تحتیه مع همزه مفتوحه) البته ایک جگه زنئة (بزائے معجمه) ملتا هے . نسخهٔ دارالکتب المصریه میں بھی به راء مهمله مرقوم هے . چونکه اس کتاب کا نسخه قدیم اور صحیح هے لہذا اس کے ضبط کی کافی اهمیت هے .

۲٤. ص ٤۲٤ س ٦ — « ثم الطرف لمن أم المدينة ، يكنفه ثلاثة جبال، أحدها ظلم وهو جبل أسود شامخ لا ينبت شيئاً ، و حرم بنی عوال ، وهما جميعاً لغطفان ، و فی عوال آبار منها ألية . . والسدّ ماء سماء أمر رسول الله صلی الله عليه وسلم بسدّه ، و منها القرقرة ماء سماء». یہی عبارت سمهودی کی کتاب میں منقول هے اصل بحث کو سمجھنے کیلیے اسکی عبارت درج کیجاتی هے[2].

«وعبارة عرّام: الطرف يكنفه ثلاثة أجبال ، ظلم وحرم بنی عوال ، وهما لغطفان ، وفی عوال آبار ، منها بئر ألية[3]؛ ثم قال : والسدّ ماء سماء والعباء ماء سماء» .

۱- معجم ما استعجم : ٦۷۸ ۲- وفاء (۲ ۳٤۷)

۳- وفاءالوفاء کے قدیم ایڈیشن میں حرف الف ساقط هوگیا هے جدید ایڈیشن (نشر محیالدین عبدالحمید) میں بھی یه سقوط موجود هے .

قریش و غوث من الیمن وھی من أمہات القری» اس عبارت کے سلسلے میں اولاً یہ عرض کرنا ھے کہ یاقوت کی نقل میں : «وقوم من قریش» کے بعد ھی یہ جملہ زائد ملتا ھے[1]. «وھی علی ظہر جبل غزوان ، وبغزوان قبائل ھذیل» بعد کا جملہ : وغوث من الیمن الخ اس موقع پر یاقوت نے نقل نہیں کیا . اس کی خاص وجہ ذیل میں بتائی جائیگی . مرتب نے حاشیہ رقم (۳) کے تحت صرف اتنا لکھا ھے : « ''وغوث من الیمن'' لم ترد فیما نقل یاقوت عن عرام » واقعہ یہ ھے کہ یہ جملہ یاقوت کی اس کتاب میں دوسری جگہ پر درج ھے ، اسکی اطلاع مرتب کو نہیں ھوسکی .

بظاھر عرام کی عبارت سے مترشح ھے کہ اس نے طائف کے بسنے والے قبائل کو شمار کرتے ھوئے یمن کے قبیلۂ «غوث» کا ذکر کیا ھے . اس کے برخلاف یاقوت کے خیال میں «غوث» کسی قبیلے کا نام نہیں بلکہ قریہ کا نام ھے . نیز یاقوت کے سامنے عرام کا جو نسخہ تھا اس میں «غوث» کے بجائے «غویث» تھا . اسی بناء پر حرف الغین المعجمہ کے تحت یاقوت نے «غویث» کا مستقل ذکر کیا اور عرام کا حوالہ دیا ھے . پوری عبارت یہ ھے [2]:

—«غویث : بالتصغیر ، و آخرہ ثاء مثلثة و لم یتحقق عندی أولہ ، ھل ھو بالعین ، أو ھی قریة بعدالطائف من الیمن من أمہات القری . عن عرام» کئی یمنی الاصل قبائل کا نام «غوث» تھا ان میں سے ایک کا ذکر کسی راجز کے قول میں بہ صیغۂ تصغیر ملتا ھے[3]، بہت ممکن ھے کہ یاقوت کے نسخے میں بھی «غویث» بہ صیغۂ تصغیر قبیلہ ھی کا نام رھا ھو اور یاقوت سے اصل مفہوم کے سمجھنے میں تسامح ھوا ھو . لیکن ھم واضح طور پر ثابت کر چکے ھیں کہ نسخۂ حیدرآباد سے بہت سے جملے ساقط ھیں اور آیندہ سطور میں بھی اس کے شواھد ملینگے ، لہذا قوی احتمال اس کا ھے کہ اصل نسخۂ کتاب ھی سے ایک فقرہ ساقط ھوگیا ھوگا . بہر حال اس حصۂ متن کی تحقیق میں یاقوت کے مذکورۂ بالا اقتباس

۱ - معجم البلدان (۳ : ۴۹۶)
۲- ایضاً (۳ : ۸۲۷)
۳- معجم ما استعجم . ۱۰۲۷

غالباً قزوینی کو یہ روایت اسی محرف شکل میں پہنچی ، یا کسی غلط فہمی کی بنا پر اس نے اصل نام کی جگہ « مھیمہ » کو علم قرار دے دیا بہر حال قزوینی کا ماخذ رسالۂ عرام یا عرام سے ماخوذ کوئی روایت ہے . اس عبارت میں خاص بات یہ ہے کہ «مواٰۃ» کا صیغہ درج ہے جو صرف عرام کے رسالے میں آیا ہے اور جہاں تک مرتب کی تحقیق کا تعلق ہے ان کو یہ صیغہ یاقوت کی « معجم البلدان » میں بحوالۂ عرام ملا ہے . اصل رسالے میں یہ صیغہ محرف تھا اس کی تصحیح یاقوت کی بنیاد پر کی گئی ہے .

۲۰. ص ۴۱۱ س ۶ — « ثم هرشى — لاينبت غيرالارطى » یاقوت اور سمہودی کی نقل کردہ عبارتوں کا مقابلہ رسالے کی ہر موقع عبارت سے کیجیے تو ان دونوں کے یہاں یہ جملہ زائد ملیگا : « وهی علی ملتقى طريق الشام و طريق المدينة»[۱]

۲۱. ص ۴۱۲ س ۳ — وادی «دوران» کے ذکر میں یہ فقرہ ملتا ہے . «وبه بئران معلومتان ، يقال لاحداهما رحبة ، وللاخرى سكوبة ». کلمہ «سکوبة» کی قراءت بالباء الموحدہ کی گئی ہے حاشیہ پر یاقوت کا حوالہ ہے کہ (دوران) کے تحت یہ عبارت منقول ہے . ہمارے خیال میں — رحبہ — (بالباء الموحدہ) اصل رسالے کے علاوہ یاقوت کی «معجم» میں بھی صحیح ضبط نہیں ہوا . اس کا صحیح ضبط (رحية) بہ صیغۂ تصغیر بیائے مثناۃ تحتیہ ہے . چنانچہ سمہودی کے الفاظ ہیں[۲] : «رحية : تصغير رحى ، بئر بين المدينة والجحفة» اس سے زیادہ صریح بیان خود یاقوت کی « معجم » میں باب الراء کے تحت ملتا ہے[۳] : « رحية : تصغير رحى ، بئر فی وادی دوران ، قرب الجحفة» . مرتب نے صرف مادہ (دوران) سے رجوع کیا اور زیر بحث لفظ کے تحت یاقوت کا جو بیان ہے اسکو نظر انداز کردیا .

۲۲. ص ۴۲۰ س ۳ — « وجل أهل الطائف ، ثقيف و حمير و قوم من

۱- معجم البلدان (۴ : ۹۶۱)، وفاءالوفا (۲ : ۳۷۸)
۲- وفاء الوفا (۲ : ۳۱۱) ۳- معجم البلدان (۲ : ۷۶۹)

۱۹. ص۰۱ ٤ س ۱۱ — «وهو براد يقال له البعق، واد بكنفته اليسرى [واد] يقال له شسّ وهو بلد مهيمة موبأة» اس عبارت کے سلسلے میں کئی امور تشریح طلب هیں :

اول یه که ابوعبید البکری کے یہاں مستقل مادے کی حیثیت سے — البقع — (بتقدیم القاف علی العین) مذکور هے اور اسکی جگه وهی بتائی گئی هے جو عرام کے رساله میں «البعق» کی هے . اصل الفاظ یه هیں : «البقع موضع تلقاء شسّ»[1] . مادهٔ (شسّ) کے تحت ابوعبید نے «کثیر» کا شعر به روایت ابن حبیب درج کیا هے اسمیں «البقع» کا لفظ ملتا هے جبکه عرام کی روایت میں «البعق» هے . صرف یاقوت کی روایت متن رساله سے مطابقت رکھتی هے . بظاهر اس نام کے تلفظ میں قدماء کے عہد سے اختلاف رها هے .

یه امر قابل ذکر هے که «کثیر» کا شعر ابن قتیبه کی کتاب «المعانی الکبیر» میں «أبیات فی الحیة» کے تحت غالباً ابن حبیب کی روایت کے بموجب درج ملتا هے . ابن قتیبه نے اس کی شرح میں (البقع) کو کسی جگه کا نام قرار نہیں دیا بلکه اسکی تفسیر «حیات» سے کی هے[2] .

دوم یه که دوسرے فقرے میں لفظ (واد) کی تکرار غلط هے اسکی تصحیح اس طرح هونی چاهیے : «وبکنفته الیسری [واد] یقال له شسّ»

سوم یه که «مهیمه» کسی جگه کا نام نہیں بلکه «شسّ» کی صفت هے لیکن ذکریا قزوینی کی «آثارالبلاد» میں «مهیمه» بطور علم مندرج هے . اس کے تعارف میں قزوینی کے الفاظ عرام کے بیان سے قریب تر هیں ، ملاحظه فرمائیں[3] :

— «مهيمة : قرية بين مكة والمدينة ، على ميل من الأبواء ، بها ماء مهيمة ، وهو ماء ساكن لايجرى ، إذا شربه الإبل يأخذها الهيام ، وهو حمى الإبل ، لا تعيش الإبل بها ، والقرية موبأة لفساد مائها» .

۱- معجم ما استعجم ۲٦٤
۲- ابن قتیبة المعانی الکبیر (۲ ٦٧۰)
۳- قزوینی آثارالبلاد ۸۳

ایڈیشن کے تبصرے میں کردی ہے[1]؛ لیکن خود استاذ الجاسر نے نقل میں جو غلطیاں کی ہیں وہ بہت عجیب ہیں . اس مخطوطے کے عکسی نسخے سے ان اغلاط کی تصحیح ذیل میں پیش کی جاتی ہے .

(۱) غزلان الثمامی کے مطالع میں « ثم دعانیا » قافیہ ہے . یہ استاذ الجاسر کا صریح تصرف ہے اس لیے کہ اصل نسخے میں « ثم ذرانیا » واضح طور پر مرقوم ہے .

(۲) مرّغنیب ، (بالنون والیاء المثناة التحتیہ) نقل کی غلطی ہے اصل نسخے میں اس کی صحیح شکل مرّعنب '(بالنون والیاء الموحدۃ) بلا اشتباہ مرقوم ہے . بائے موحدہ اولیٰ کے ضبط میں روایتیں مختلف ہیں بعض اسے مفتوح اور بعض مضموم کہتے ہیں[2] .

(۳) ایک فقرہ : «وخلص آرۃ والرقاء ہاہنا قاع» صفحہ ۴۰۶ سطر ۱۱ میں ملتا ہے . « وخلص آرۃ » کے بعد ایک لفظ استاذ الجاسر کی نقل سے رہ گیا ہے؛ صحیح یوں ہے : «وخلص آرۃ جبل»[3].

۱۶. ص ۴۰۵ س ۶ — « وقریۃ یقال لہا وبعان» وبعان (بالباءالموحدہ) پر اتنا اضافہ کیا جاسکتا ہے کہ اسے ولعان (باللام) بھی کہتے ہیں جیسا یاقوت[4] اور سمہودی کی تصریح ہے[5] .

۱۷. ص ۴۰۹ س ۷ — « رہاط وھی واد یسمیٰ عران » سمہودی کے اقتباس میں «رہاط» کے بعد ایک فقرہ زائد ملتا ہے. «رہاط بقرب مکۃ علی طریق المدینۃ»[6]

۱۸. ص ۴۱۰ س ۳ — « وبحذا ئہا جبل یقال لہ صعاصع » اس لفظ کے ضبط میں سمہودی کی صراحت قابل اندراج ہے ان کے الفاظ یہ ہیں : «بصادین و غینین معجمات[7]».

۱ - مجلۃ المجمع العلمی العربی (دمشق) جلد ۳۱ ص ۳۹۰
۲ - معجم البلدان (۳ ۷۳۴)
۳ - الہجری التعلیقات والنوادر ۲۹۶ . ۲۹۷ (نسخۂ دارالکتب المصریہ
۴ - معجم البلدان (۴ . ۹۴۰)
۵ - وفاء الوفا (۲ ۳۸۹ ۳۹۱)
۶ - ایضاً (۲ ۳۱۶)
۷ - ایضاً (۲ ۳۳۹)

میں صرف یاقوت کا حوالہ دیا گیا ہے حالانکہ اسکے ضبط میں سخت اختلاف ہے اس سلسلے میں سمھودی کی تحقیق قیمتی ہے[١].

١٣. ص ٤٠٤ س ٦ — «أم العيال قرية صدقة فاطمة بنت رسول الله» مرتب نے سمھودی کی کتاب سے رجوع نہیں کیا ورنہ متن کی تحقیق و تحشیہ میں اس سے مدد ملتی . «أم العيال» کے بارے میں ابن حزم کا بیان فائدے سے خالی نہیں، سمھودی ناقل ہیں[٢] : «وقال ابن حزم هي عين لجعفر بن طلحة بن عبيدالله التيمي أنفق عليها مائتي[٣] ألف دينار و كانت تسقي أزيد من عشرين ألف نخلة» . حاشیہ پر البکری کا جو اقتباس دیا گیا ہے اس میں بعض غلطیاں ہیں، تصحیح کے لیے مصعب بن عبدالله کی کتاب «نسب قریش» سے رجوع کرنا چاہیے[٤] .

١٤. ص ٤٠٥ س ٥ — «وإسم وادي آرة، حقل» سمھودی کے بیان کا اقتضا ہے کہ اس کی تصحیح اس طرح ہونی چاہیے : «وإسم الوادي، آرة حقل» چنانچہ مادہ (آرہ) کے تحت عرام کے یہ الفاظ منقول ہیں : «ويسمى الوادي، آرة حقل»[٥] لیکن «وفاء الوفا» کے نئے ایڈیشن کی عبارت یہ ہے[٦] : «ويسمى وادي آرة حقيل» . حقيل (بہ یائے مثناة تحتیہ) یہاں پر غلط ہے، صحیح «آرة حقل» اضافت کے ساتھ ہے، قدیم ایڈیشن ان غلطیوں سے محفوظ ہے . ہماری تصحیح سمھودی کی اس صراحت پر مبنی ہے جو مادۂ (حقل) میں ملتی ہے کہ «يضاف اليه آرة حقل»[٧].

١٥. ص ٤٠٥ س ٢٤ (حاشیہ رقم ٧) یہاں پر «كتاب التعليقات والنوادر» کا ایک طویل اقتباس بحوالۂ حمد الجاسر درج ہے . نقل میں مرتب سے کچھ سہو ہوگیا تھا جس کی تصحیح حمد الجاسر نے زیر بحث

١ - وفاء الوفا (٢ : ٣٥٥) ٢ - ایضاً (٢ : ٢٤٨)
٣ - إبن حزم : ثمانين ألف دينار و كان يغل من ثمرتها خاصة أربعة الاف دينار . جمهرة أنساب العرب : ١٣١)
٤ - نسب قريش : ٢٩٠ ٥ - وفاء الوفا (٢ : ٢٢٩)
٦ - وفاء الوفا (٤ : ١١٧) طبعة محي الدين عبدالحميد (القاهرة، ١٩٥٥)
٧ - ایضاً (٤ : ١١٩٢)

کے مطالعے کے بغیر نہیں کیا جاسکتا ؛ لیکن سمہودی کی روایت میمنی کی قراءت کے مطابق ھے[1] .

۱۱. ص ٤٠٤ س ۲ــ «ووادی العرج یقال له مسیحة» حاشیے پر جو فوائد درج ھیں ان پر اتنا اضافہ مناسب ہوگا کہ سمہودی کے یہاں (وادی العرج) کا نام «المنبجس» ھے[2] اس موقع پر مرتب نے یاقوت کا حوالہ بے محل دیا ھے . مرتب کے الفاظ یہ ھیں : «وذکر یاقوت فی (سمیحة) ثلاث لغات ، تقال بالتصغیر، والتکبیر، وبتقدیم المیم کماهنا» (حاشیہ رقم ۲) . واقعہ یہ ھے کہ «سمیحہ» کے تعارف میں یاقوت نے جو مختلف عوان نقل کیے ھیں انکا خلاصہ یہ ھے کہ مدینہ میں «قدید» کے ناحیہ میں ایک جگہ یا کنوان یا چشمۂ آب کا یہی نام تھا ، ہر تقدیر یہ مصغر ھے . اس کے بعد یاقوت نے اشعار هذیل میں سے حسب ذیل شعر السکری کے قول کے ساتھہ درج کیا ھے[3] :

إلى أيّ نساق وقد بلغنا ظماء عن سميحة ماء بثر

وقال السكري: يروى «سميحة» [بضم السين] و «سميحة» [بفتح السين] و «مسيحة» .

هذلی شاعر کے کلام میں جس «سمیحہ» کا ذکر ھے وہ یقیناً مقدم الذکر «سمیحہ» سے الگ کوئی جگہ یا چشمۂ آب ھے . السکری کا بیان صرف اس شعر سے متعلق ھے . آیندہ هم اس مختلف الضبط «سمیحہ» یا «مسیحہ» کا موقع و محل متعین کرینگے . زیر بحث «مسیحہ» جس کا ذکر عرام نے کیا ھے اس شعر کے «مسیحہ» یا «سمیحہ» سے مختلف ھے جس کا عرام نے ذکر کیا ھے . اس کا موقع مدینہ کے قریب ھے اور اشعار هذیل کے «سمیحہ» یا «مسیحہ» کا محل و قوع «الظهران» کے قرب جوار میں ھے . یاقوت نے «سمیحہ» کے تحت عرام کا حوالہ نہیں دیا ھے یہ بھی ایک قرینہ ھے «سمیحہ» و «مسیحہ» کی مغایرت کا .

۱۲. ص ٤٠٤ س ٥ ــ «قرية غناء كبيرة يقال لها الفرع» الفرع کے ضبط

۱ - وفاءالوفا (۲ ۳۸٦) ۲ - ایضاً (۲ ۳۷۸)
۳ - معجم البلدان (۳ : ۷)

بیان سے ہوتی ہے[1] جس سے مرتب ناواقف نہیں ۔ زیادہ دلچسپ بات یہ ہے کہ سمہودی کی کتاب میں ہمیں مادۂ (قدس)[2] کے تحت یہی اقتباس ملتا ہے، اس موقع پر «یفلق» کا صیغہ آیا ہے[3]. مرتب نے جس موقع کا حوالہ دیا ہے وہاں پر عرام کے بیان کی تلخیص درج ہے ، یا اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ سمہودی کے پیش نظر دو نسخے تھے . اس کے علاوہ سیاق کلام ایسا بھی ہے کہ یہاں پر «یعلو» کا لفظ چسپاں نہیں ہوتا .

۹. ص ۴۰۳ س ٦ ـــ «ویقابلهما من غیرالطریق المصعد جبلان» لفظ «غیر» پر حاشیہ ہے کہ اصل نسخے میں یہ لفظ غیر منقوط ہے . استاذ میمنی کی قراءت میں «غیر» ہے اور حمدالجاسر اسے «یمین» قرار دیتے ہیں . ترجیح میمنی کی قراءت کو دی گئی ہے . ہمارے خیال میں استاذ حمدالجاسر کی قراءت زیادہ بہتر ہے اور اسکی تائید سمہودی کے اقتباس سے ہوتی ہے[4] .

۱۰. ص ۴۰۳ س ۱۱ـــ «ذوخیمی» حاشیے میں مذکور ہے کہ ہمدانی اور ابوعبید کی کتابوں میں «ذوخیم» لکھا ہے ؛ یاقوت اور زمخشری کے نسخے متن کے مطابق ہیں (حاشیہ رقم ۱۱) . ہمیں یہ واضح کرنا ہے کہ سمہودی نے مادہ (نهبان) کے تحت غالباً عرام کی کتاب سے براہ‌راست نقل کیا ہے اور اس جگہ کا نام «ذوخیما» لکھا ہے جس سے یاقوت اور زمخشری کی تائید مزید ہوتی ہے .

ماقبل کا ایک فقرہ «بئر واحدة کبیرة» بہ اضافۂ حرف عطف یعنی «وبئر واحدة» صحیح ہے . اس فقرے کے آخر میں «نخیلات» کی قراءت استاذ میمنی کے یہاں «نخلات» ہے مرتب نے اس قراءت کو غیر ضروری تصرف قرار دیا ہے (حاشیہ رقم ۱۰) . اس کا فیصلہ اصل نسخے

۱- وفاءالوفا (۲ . ۳۹۰)
۲- ایضاً (۲ : ۳۱۲)
۳- ایضاً : (۲ . ۳۰۹)
٤- ایضاً (۲ : ۳۸٦)

جملہ مادۂ (ثافل) میں مندرج ہے. ممکن ہے کہ یہ تسامح خود استاذالجاسر کا ہو، بہر حال یہ جملہ مادۂ (ثافل) میں مذکور نہیں[1].

۷. ص ۴۰۱ س ۱۰ — «ویقال للمتعشی : الجیّ» حاشیے میں لکھا ہے کہ الجیّ (بکسر الجیم) کا ترجمہ «معجم البکری» میں درج نہیں ہے. (حاشیہ رقم ۷) اس موقع پر قابل ذکر بات یہ ہے کہ البکری کے یہاں ضمنی طور پر ایک جگہ «الجیّ» کا ذکر موجود ہے. چنانچہ لفظ «یمة» کے تحت لکھا ہے: موضع من الجیّ، والجیّ من وادی الرویثة[2] » اس کتاب کے مصری ایڈیشن میں جس کی تحقیق استاذ مصطفی السقا نے کی ہے یہ نام مصحف ہوگیا ہے. اس ایڈیشن میں یہ الفاظ ملتے ہیں: — «موضع من الحبی والحبی من وادی الرویثة[3] » حاشیے پر اختلاف نسخ کے ضبط میں «الجیّ والجیّ» کا نسخہ نقل کیا ہے اس سے واضح ہوتا ہے کہ انھوں نے دانستہ اس نسخے کو متن سے خارج رکھا ہے اور غلط فہمی کی بنا پر ایک محرف شکل کو صحیح قرار دیتے ہوئے شامل متن کرلیا ہے. مرتب کے پیش نظر «معجم» کا مصری ایڈیشن ہے لہذا انکو اس ضمنی تذکرے پر انتباہ نہوسکا؛ سمہودی کی کتاب میں «الجیّ» کا مستقل ترجمہ درج ہے[4].

۸. ص ۴۰۲ س ۷ — « ویعلو بینه و بین قدس الأبیض ثنیة » حاشیے سے ظاہر ہوتا ہے کہ لفظ « یعلو » کی قراءت استاذ المیمنی کے ایڈیشن میں « یفلق » ہے. استاذ عبدالسلام ہارون اس کو اختیار کرنا نہیں چاہتے کہ ان کے نزدیک اصل نسخے کی کتابت استاذ میمنی کی تائید نہیں کرتی. پھر خود ہی سمہودی کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ اس کے ایک اقتباس میں « یفصل » کا لفظ ملتا ہے. راقم السطور کے خیال میں استاذ میمنی کی قراءت کو ترجیح ہونی چاہیے، اس لیے کہ «یعلو» دراصل « یفلق» کی بگڑی ہوئی شکل ہے. اس کی تائید معمولی «سمہودی» نے

۱- البکری معجم ما استعجم ۱۳۶ (طبعة ویستنفلد)　۲- ایضاً ۱۸۷
۳- ایضاً : ۲۹۸ (مصر ، ۱۳٦٤)　۴- وفاءالوفا (۲ ۲٦٤)

٤. ص ٤٠١ س ١ — «وفی ثاول الأکبر عدة آبار فی بطن وادیقال له یرثد» «معجم ما استعجم» میں بحوالۂ ابوعبیداللہ السکونی — أرثد — (الألف) معول ھے. یاقوت اور سمہودی کی کتابوں میں بھی اسی طرح ھے اور اس کا ترجمہ ھر سہ ماخذوں میں حرف الألف کے تحت درج ملتا ھے[1]. ارثال الألف بالیاء اہل عرب میں معروف ھے.

٥. ص ٤٠١ س ٣ — «وفی ثاول الأصغر ماء فی دوار فی جوفہ یقال له القاحة» حاشیے میں یاقوت کے حوالے سے — الفاجة — (بالفاء والجیم) نقل کیا گیا ھے (حاشیہ رو ٢) ھمارے خیال میں اس پر مندرج ذیل امور کا اضافہ ھونا چاھیے

(ا) ایک روایت — الفاحة — (بالفاء والحاء المهملة) کی ھے. قاضی عیاض اسکو مصحف قرار دیتے ھیں. اس روایت پر صرف القابسی اور الھمدانی کا اتفاق ھے. فیروز آبادی اس کا ذکر کرتے ھیں لیکن اس کی تصحیف کی صراحت نہیں کرتے.

(ب) عرام کے الفاظ فیروزآبادی نے نقل کیے ھیں بظاھر فیروزآبادی کو عرام کی جو روایت موصول ھوئی یا جو نسخہ ان کے پیش نظر تھا اس میں — القاحة — (بالقاف والحاء المهملة) مشہور روایت کے مطابق تھا

(ج) سمہودی کی تصریح ھے کہ ان کے پیش نظر رسالۂ عرام کے دو نسخے تھے دونوں میں — الفاجة — (بالفاء والجیم) تھا. رسالۂ عرام کے دو نسخوں سے استفادے کی صراحت ھمارے علم میں سمہودی[2] نے صرف اسی موقع پر کی ھے.

٦. ص ٤٠١ س ٥ — «بینها و بین رضوی و عزور سبع مراحل» صحیح «بینهما» بصیغہ تثنیہ ھے، مراد دونوں پہاڑ ثاول اصغر اور ثاول اکبر ھیں یہ فقرہ «معجم البکری» میں مادۂ (أرثد) کے تحت درج ھے. لیکن استاذ ھارون نے استاد حمدالجاسر کی تصحیحات کے حوالے سے لکھا ھے کہ :

[1] معجم ما استعجم ١٣٦ ، البلدان (١ ١٩٢) ، وفاء الوفا (٢ : ٢٤٤)
[2] وفاء الوفا (٢ ٣٥٧)

سے منقول ہے. دونوں کی نقل میں ــ« میامنة طریق مكة »ــ کے الفاظ ہیں . ہمارے خیال میں یہاں پر صحیح «طریق مكة» ہی ہے، سیاق و سباق سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے . پھر یاقوت اور سمہودی کا اتفاق گویا تین مختلف نسخوں کا اتفاق ہے .

۲. ص ۳۹۶ ، س ۹ــ«والرنف وهو شجر یشبه الضهیاء ، والضهیاء : شجر یشبه العناب تأكله الإبل ، وللضهیاء ثمر یشبه العفص » چوتھی بار پھر لکھا ہےــ« ولافی جمیع جبال مكة إلاشئ یسیر من الضهیاء » (ص ۴۱۹ س ۱ ، نیز حاشیہ رقم ۱) یہ لفظ ہر جگہ ممدود لکھا گیا ہے ، حالانکہ صحیحــضهیأــ(مہموز بلامد) ہے . فیروزآبادی اسکو «عسجد» کا ہموزن لکھتے ہیں . مد وقصر کا فرق بتاتے ہوئے ابوحیان التوحیدی نے ابن الأعرابی کا حسب ذیل قول نقل کیا ہے[1] :

قال :ــالذی حصلته عن الاعراب ، ان الضهیاء الممدودة هی التی لاتحیض ، وان المقصورة هی الیاسمینــعرام نے «ضهیأ» کی جو تشریح ہے وہ متداول معاجم و کتب نباتات میں نہیں ملتی. اسی طرح توحیدی کی روایت میں جو تشریح ہے وہ بھی کہیں اور منقول نہیں . بہر حال ہمارا مقصد یہ واضح کرنا ہے کہ «ضهیاء[2]» بالمد کا تعلق نباتات سے نہیں ہے . اس ولاد کے بیان سے مترشح ہوتا ہے کہ عموماً اہل لغت ہر دو معنوں میں « ضهیأ » بلامد کہتے تھے .

۳. ص ۳۹۹ ، س ۵ــ« وهم أصحاب حلال ورعیة ویسار » لفظ «حلال» صرف «معجم البكری» میں ہے . سمہودی کے نقل کردہ الفاظ میں بجائےــحلالــ(بالحاء المهملة)ــغلالــ(بالعین المعجمة) ملتا ہے . یہ روایت بھی صحیح ہے اور اس قابل ہے کہ پیش نظر رکھی جائے .

۱ توحیدی الإمتاع والمؤانسة (۲ ۱۹۸)

۲ استاد عبدالسلام کی تائید صرف جوہری کے بیان سے ہوتی ہے (صحاح)

۳ [Edward William Lane نے اپنی لغت *An Arabic-English Lexicon* (New York 1956) میں ص ۱۸۰۹ پر «قاموس» ، تہذیب اللغة للأزہری کے علاوہ صاغانی کی «العباب الزاخر» کا بھی حوالہ دیا ہے . (ایڈیٹر)]

نازک کام ہے کہ انتہائی حزم و احتیاط اور عمیق بحث و نظر کے باوجود، سہو و خطأ کے احتمالات سے بچ نہیں سکتا ۔

ان سطور کا مقصد متن کتاب سے متعلق چند ایسے نکات کا زیر بحث لانا ہے جو ہمارے خیال میں یقیناً ان بزرگوں کی خاص توجہ کے مستحق تھے ۔ ان تحقیق طلب مقامات کی نشان دہی کے علاوہ بعض ضمنی افادات بھی دائرۂ بحث میں آجاتے ہیں جن کی ضرورت تحشیے میں محسوس کی جاسکتی ہے ۔

ہمارے سامنے اس بحث کے سلسلے میں وہی کتابیں ہیں جو اصحاب ثلاثہ کے پیش نظر اساسی مراجع کی حیثیت سے رہ چکی ہیں. البتہ استاذ حمدالجاسر کے سامنے ایک نادرالوجود کتاب «التعلیقات والنوادر» لأبی علی الہجری[1] کا نسخۂ یگانہ[2] بھی ہے ۔ جس سے انہوں نے اپنے تبصرے میں دو موقعوں پر استفادہ کیا ہے ۔ یہ حسن اتفاق ہے کہ راقم کے سامنے بھی اس نسخے کا عکس موجود ہے اور اس کے علاوہ اسے اس کتاب کے ایک اور قلمی نسخے[3] سے بھی فائدہ اٹھانے کا موقعہ ملا ہے ۔

ہم نے ہر بحث کے آغاز میں رسالۂ «أسماء جبال تہامة» کے اصل الفاظ بحوالۂ صفحات و سطور، دوسری اشاعت کے مطابق نقل کیے ہیں ۔ یہ اشاعت مجموعۂ «نوادر المخطوطات» کی ایک کڑی ہے جو اس مجموعے کے دوسرے حصے میں ص ۲۷۳ سے ص ٤٤١ تک مع مقدمہ و پیش لفظ وغیرہ درج ہے ۔ متن آغاز ص ۳۹۵ سے ہوتا ہے، اس طرح کل ۲٤ ورقوں میں رسالہ تمام ہوتا ہے ۔

۱. ص۳۹٦، س٤ — «ومن المدینة علی سبع مراحل، میامنة طریق المدینة» یہ جملہ یاقوت[4] کی «معجم البلدان» اور سمہودی[5] کی «وفاء الوفا» میں عرام

۱- [Brockelmann GAL Sup ii, p 919]

۲- [نسخۂ دارالکتب المصریہ (فہرست ۲/۸) نمبر ۲٤۲]

۳- [نسخۂ ایشیاٹک سوسائٹی، بنگال]

٤ معجم البلدان (۲ ۷۹۰)

۵- وفاءالوفا (۲ . ۳۱۱)

پہنچی تھی ۔ ابو عبیداللہ السکونی کی کتاب جو ابو عبیدالبکری کے اہم ترین ماخذوں میں ہے عرام کی اسی تالیف پر مبنی تھی ۔ اس نے عرام کے پیش کردہ مواد پر اپنے دوسرے شیوخ کی روایات و افادات کا غیر معمولی اضافہ کیا تھا ۔ بہرحال ابو عبیدالبکری کی کتاب "معجم ما استعجم" میں عرام کے جو اقتباسات ملتے ہیں سب السکونی کی کتاب سے ماخوذ ہیں ۔ بظاہر خود عرام کی تالیف کا کوئی مستقل نسخہ ابو عبید کے سامنے نہ تھا ۔

معروف جغرافیہ نگار یاقوت الحموی (م ٦٢٦ھ/١٢٢٨ع) کے پیش نظر رسالۂ عرام کا ایک مستقل نسخہ ضرور تھا ۔ چنانچہ "معجم البلدان" میں عرام کے اقوال اسی نسخے کے حوالے سے درج ملتے ہیں لیکن مقدمۂ "معجم البلدان" میں یاقوت سے تسامح ہو گیا ہے کہ اپنے اہم ماخذوں کی تصریح میں اس نے رسالۂ عرام کو اصل مؤلف کے بجائے اس کے راوی ابوالأشعث الکندی سے منسوب کر دیا ہے[1] ۔

متاخرین میں سے نورالدین [علی بن عبداللہ بن] احمد بن علی السمہودی[2] جن کی کتاب "وفاء الوفا بأخبار دارالمصطفی" مدینۂ منورہ اور اس کے مضافات کے جغرافیہ میں جامع ترین کتاب ہے ، ان کے سامنے عرام کے اس رسالے کے دو نسخے تھے ۔ اپنی کتاب میں انھوں نے عرام کے اقوال ہر دو نسخوں سے نقل کیے ہیں ۔

استاد عبدالعزیز میمنی ، استاد عبدالسلام ہارون اور استاد حمدالجاسر جیسے منتخب اصحاب تحقیق کی طبع آزمائیوں کے بعد کہا جا سکتا ہے کہ رسالۂ عرام کا متن ، صحت و تحقیق اور ضبط و اتقان کے اعتبار سے نہایت بہتر شکل میں علمی دنیا کے سامنے ہے ۔ لیکن کسی قدیم متن کی تصحیح و تحقیق ، وہ بھی نسخۂ یگانہ و قدیم الخط کی بنیاد پر ، کچھ ایسا

۱- [Wadie Jwaideh] نے جنھوں نے اپنی کتاب The Introductory Chapters of Yāqūt's Muʿjam al-Buldān (Leiden, 1959) کے مقدمے کا انگریزی میں ترجمہ کیا ہے ، حاشیے میں لکھا ہے یاقوت کی اس غلطی طرف قارئین کی توجہ مبذول نہیں کرائی ... (ص ۱۰)]

۲- [السمہودی (م ۹۱۱ھ) کے لیے دیکھیے Brockelmann GAL Suppl. II p. ...]

مع ولدیت و نسبت ملتا ہے[1] . وہ یقینی طور پر قبیلۂ بنو سلیم کے ان صحرا نورد اعراب میں سے تھا جن کا تعلق دولت عباسیہ کے امرا سے رہا . بقول میمنی، عرام بن الأصبغ سنہ ۲۱۷ میں عبداللہ بن طاہر (بن الحسین) کے رکاب میں خراسان گیا تھا . اس کے بعد دونوں متفقہ طور پر عرام کا زمانہ قرن ثانی کے اواخر سے اوائل قرن ثالث تک متعین کرتے ہیں . استاذ ہارون کی تصریح کے بموجب زیر بحث عرام کی شخصیت ، قطعاً عرام النحوی[2] (ابوالفضل عباس بن محمد) کی شخصیت سے الگ ہے[3] .

کتاب کا موضوع تہامہ کا جغرافیہ ہے . شمال میں جبل رضویٰ سے شروع ہوکر جنوب میں طائف اور اسکے مضافاتی قریٰ پر تہامہ کی حد ختم ہوجاتی ہے . کتاب کا ایک معتدبہ حصہ حجاز کے جغرافیہ پر ہے لیکن اس کی حیثیت ضمنی افادات کی ہے .

کتاب کا راوی ابوالأشعث الکندی (عبدالرحمن بن عبدالملک) ہے جس کے حالات اصل مؤلف کی طرح تاریکی میں ہیں . یہ کتاب قدیم طرز تعلیم کے بموجب أبوالأشعث کو املا کرائی گئی تھی ، نسخۂ حیدرآباد جسکی بنیاد پر یہ کتاب شائع ہوئی ہے ، ابوسعید الحسن بن عبداللہ السیرافی (م سنہ ٣٦٧) کی روایت کا ہے . أبوالأشعث کے درمیان علی الترتیب ابو محمد بن عبدالرحمن السکری (م سنہ ٣٢٣) اور عبداللہ بن عمرو بن عبدالرحمن الوراق معروف بہ ابن سعد (م سنہ ٢٧٤) کے دو واسطے ہیں .

ابو عبید البکری کی صراحت سے ثابت ہے کہ اس کتاب کی روایت أبوالأشعث الکندی سے بلا واسطہ ابوعبیداللہ بن بشر السکونی کو

۱ - عبدالسلام ہارون کی الفاظ یہ ہیں وقد ذکرہ باسمه کاملا " عرام بن الأصبغ السلمی " حوالی میں لکھا ہو ابن الندیم الفہرست ١٢٧ (طبع مصر) لیکن ہمیں ابن الندیم کی کتاب میں صرف اتنا ملا ابن الأصبغ السلمی (الفہرست ٧١ ، مصر ١٣٤٨ ھ)

۲ - [اس کا مختصر ترجمہ قفطی کی إنباہ الرواۃ علی أنباء النحاۃ، (٣ ٣٨٤) نشر استاذ ابوالفضل ابراهیم ، (قاہرہ ، ١٩٥٢) میں مذکور ہو ، وہاں عرام کا نام الفضل بن العباس بن محمد درج ہو . (ایڈیٹر)]

۳ - مقدمۂ کتاب اسماء جبال تہامة . ٣٧٦ - ٣٧٨ (نشرۂ ثانیہ)

سنہ ۱۳۷۳ ھجری میں اپنا ایڈیشن نکالا. ان سے پیشتر کئی دوسرے عرب فضلا کی داچسپی اس سے وابستہ رہ چکی تھی اور ان میں سے بعض اس کی تصحیح و تحقیق پر کسی قدر محنت بھی صرف کر چکے تھے لیکن ظروف و احوال استاذ ھارون ھی کے حق مین رھے. انہوں نے دوبارہ سلسلۂ «نوادرالمخطوطات» کے تحت نظر ثانی کے بعد کتاب کی دوسری اشاعت سنہ ۷۵-۱۳۷٤ میں پیش کی جو ھمارے مضمون کا محور ھے.

استاذ عبدالسلام محمد ھاروں کی ھر دو اشاعتوں پر ایک مستند فاضل استاذ حمد الجاسر نے انتقادات[1] شائع ھوئے. پہلی اشاعت کے وقت استاذ ھارون کے پیش نظر استاذ المیمنی کا ایڈیشن نہ تھا دوسری اشاعت تک ان کو یہ ایڈیشن مل چکا تھا لہذا نظر ثانی کے وقت انھوں نے المیمنی کی قراءت و تصیحات کو بھی پر کھا اور کئی ایک جگہ ان کی قراءت کو ترجیح دی. اس سلسلے میں حمد الجاسر کی تحقیقات سے مرتب نے کافی استفادہ کیا اور بڑی کشادہ جبینی سے ان کی قراءتوں اور تجویزوں کے حوالے دیے. غرض یہ اشاعت اگلی دونوں اشاعتوں کی جامع اور اس عہد کے تین معروف اصحاب تحقیق و نظر کے افادات و آراء کا مرقع ھے. جس میں متن کتاب کی تصحیح و تحقیق کی تدریجی کیفیت کے علاوہ ان محققین کے انداز بحث و تمحیص کی پوری تصویر نظر آتی ھے اس اعتبار سے عرام کی یہ مختصر تالیف ھمارے خیال میں ایک امتیازی شان رکھتی ھے.

عرام بن الأصبغ السلمی کے حالات پردۂ خفا میں ھیں[2]. مرتب رسالہ استاذ ھارون اور استاذ المیمنی کی تحقیقات کا خلاصہ یہ ھے کہ ابن ندیم کی «کتاب الفھرست» میں کئی اعراب کے ضمن میں اسکا نام

۱- مجلۃ مجمع العلمی العربی (دمشق، ۱۳۷۲) جلد ۲۸، صفحات ۳۹٦-۲ ٤، ۵۹۲- ۵۹۹ و جلد ۳۱ صفحات ٦۹۲-٦۹۹

۲- [براکلمان نے سیرافی کے ترجمے میں عرام اور اس کے رسالے کا استطراداً دو مقامات پر مختصر طور پر ذکر کیا ھے. دیکھیے Brockelmann, GAL sup I, p. 175, 403 (ایڈیٹر)

شدت سے وفد کے لوگ زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے آخر امرؤالقیس کے مندرج ذیل اشعار کی نشان دھی پر اهل وفد کو قریب کے ایک پہاڑی چشمے کی دریافت میں کامیابی ہوئی اور سب کی جان میں جان آئی :

فلما رأت ان الشريعة همہا　　　وان البياض من فرائصہا[1] دامی

تيممت العين التی عند ضارج　　　يفئ عليہا الظل عرمضہا الطامی

تدوین کتب کا زمانہ آیا تو جزیرۃ العرب کے جغرافیہ کے سلسلے میں اولیں ماخذ جاھلی شعرا کا کلام تھا یا ان صحرا نشین اعراب کی روایات کا مجموعہ جن سے بہتر اطلاع دوسروں کو نہیں ہو سکتی تھی. ایسے کتنے اعراب ملتے ہیں جو کوفہ، بصرہ، دمشق اور اسکے بعد بغداد کے علمی حلقوں کی تحقیقات کے اصلی منبع تھے، انمیں سے بعض خلفاء اور امرا کے درباروں سے وابستہ رہے. ان سے طالبان تحقیق کو اساطیر، ایام عرب، ادب اور لغة کے علاوہ جزیرۃالعرب کے بارے میں جغرافیائی معلومات حاصل کرنیکا موقعہ مل جایا کرتا تھا. عہد عباسی کے ایک بدوی جن کے اقوال جزیرہ نمائے عرب کے جغرافیے میں حرف آخر کا حکم رکھتے ہیں اور جنکی کتابیں بعد کے جغرافیہ نویسوں کے لیے بنیادی ماخذ کی حیثیت رکھتی ہیں، ان کے نام محفوظ رہ گئے ہیں. ان میں سے ایک اہم شخصیت «عرام بن الأصبغ السلمی» کی ہے جس کی کتاب تہامہ کے جغرافیہ پر نہایت قدیم اور مستند دستاویز ہے .

اس کتاب کا نسخۂ یگانہ حیدرآباد (دکن) کے کتبخانۂ سعیدیہ میں (مجموعہ رقم: ۳۵۵ حدیث) محفوظ ہے . اس کی اہمیت کا اندازہ اس واقعہ سے کیا جاسکتا ہے کہ وقت کے دو بہترین فاضلوں نے اس مفرد نسخے کی تحقیق و تحشیہ میں حصہ لیا، پہلے استاذ عبدالعزیز المیمنی نے «اوریئنٹل کالج میگزین» لاهور میں اس کی اشاعت فرمائی . پھر مصر کے استاذ عبدالسلام محمد هارون نے اسی نسخۂ حیدرآباد کی تصویر حاصل کی اور

۱ - ابواسحق الحربی کے نزدیک صحیح «من فرائسہا» ہے (جوالیقی : المعرب ۲۲۱)

رسالۂ عرّام بن الأَصْبَغ السُّلَمی

كتاب أسماء جبال تهامة و سكانها

ابو محفوظ الکریم معصومی*

جغرافیہ کے فن سے عربوں کو طبعی مناسبت رہی ہے۔ جاہلی معاشرت کے محدود تقاضوں کے باوجود صحرانورد عربوں کے لیے قدرتی طور پر اپنے ملک کے جغرافیہ سے واقف رہنا ناگزیر تھا۔ ان کی دولت و ثروت جو عموماً ازواج ثمانیہ کی شکل میں ہوتی تھی، اس کا انحصار صحراء کے خودرو پودوں، جڑی بوٹیوں، پہاڑیوں، چشموں، جوہڑوں اور وادیوں پر تھا۔ پھر انکی روایتی عصبیت اور باہمی آویزش کا اقتضا تھا کہ قبائلی حدود سے پوری طرح واقفیت رکھی جائے۔ ملک کے جغرافیہ کے بارے میں عرب جاہلیہ کی وسیع اطلاعات کا اندازہ ان کے قومی ورثۂ شعری کے ذخیرے سے ہوتا ہے جس میں مختلف مناسبتوں سے بکثرت جغرافیائی معلومات درج ملتے ہیں۔ ان معلومات کی صحت و قدر و قیمت سے انکار کی گنجائش نہیں۔ ایک یمنی وفد کا مشہور واقعہ ہے[1] کہ بارگاہ نبوی کے ارادہ سے روانہ ہوا تھا بے آب و گیاہ صحرا میں تین دن تک بھٹکتا رہا یہاں تک کہ پیاس کی

۱۔ واقعہ کی تفصیل کے لیے دیکھو ابو الفرج الاصفہانی الأغانی (۷: ۱۲۳)، یاقوت الحموی معجم البلدان (۳: ۲۳۰)، جوالیقی شرح ادب الکاتب ۱۲۱۔ ابو زید القرشی کی روایت میں وفد کے لوگ قبیلۂ جریہ کے تھے دیکھو (مقدمۂ جمہرۃ اشعار العرب ۲۰)

* ابو محفوظ الکریم معصومی۔ استاد مدرسۂ عالیہ، کلکتہ۔

آنم که بفہم درجہان ممتازم   با معنی بکر ہر نفس دمسازم
ہر چند غزل مسلم طبع من است   در فن قصیدہ کامیِ شیرازم

کامی نے ہجویں کم کہی ہیں۔ اس کے کلیات میں میر شیخ کشور خاں اور مظفر علی کی ہجویں ملتی ہیں۔

کامی کو اپنی شاعری پر بڑا فخر ہے[1]:

ز بعد حافظ و سعدی و اہلی و عرفی
کسے چو کامی شیراز نیست قافیہ سنج

*

کامی چو نظم بکرت اوراد قدسیان شد
حاسد چگونہ بندد در مدحتت زبان را

*

تا بر رخ کس درِ جفا باز بود
با غصۂ و غم ہمیشہ دمساز بود
بعد از حسن و حافظ و سعدی و کمال
سلطانِ سخن کامیِ شیراز بود

کلاسیکی شعرا میں سے کامی نے مندرجہ ذیل شعرا کا بڑے احترام سے ذکر کیا ہے:

گرچہ جاں معتقد حافظ شیراز بود
لیکن این فیض ز سعدی و فغانی داشت

[۱۹۵۹.۹ ۲۲]

۱- اپنی مثنوی "فتح نامۂ نورجہاں" کو جو شاعرانہ اعتبار سے نہایت کم درجے کی چیز ہے وہ فردوسی کو "شاہنامہ" پر ترجیح دیتا ہے (ادارہ)

تعمیر کی تاریخ ہے. چھٹی اور ساتویں مثنویوں کے پہلے شعر
الترتیب اس طرح ہیں :

اے نکو سیرت خجستہ بیان　　کان علمی و منبع احسان

*

شبی از روی روز روشن تر　　همچو شمع فلک نکو منظر

تین ترکیب بندوں میں سے ایک میں امام حسین اور دوسرے میں
د قلی قطب شاہ کا مرثیہ کہا گیا ہے. تیسرے میں محمد قلی قطب شاہ کی تعریف
. ان ترکیب بندوں کے ابتدائی شعر علی الترتیب درج کیے جاتے ہیں :

باز آشوب جہان شور محرم گردید
باز ماتم زده را نوبت ماتم گردید

*

باز آتش نوحه کارگر شد　　نخل غم و غصه بارور شد

:

اوکند باز غلغلهٔ عیش درجہان　　جام می مروق و گلہای بوستان

کامی نے صرف ایک ترجیع بند کہا ہے جو شاہ نواز خاں کی
ح میں ہے اور اس طرح شروع ہوتا ہے :

ساقی بده آن باده که یاقوت نشان است
لب تشنهٔ یک قطرهٔ آن کون و مکان است

اس کی بیت ترجیع یہ ہے :

ما دردکش بزمگه شاه نوازیم　　در دیدهٔ محمود بصد قرب ایازیم

کامی نے متعدد قصیدے کہے ہیں. ان قصیدوں میں سے سات
ضرت علی کی شان میں، پانچ قطب شاہ کی مدح میں، پانچ شاہ نواز خاں
ی تعریف میں، دو شاہ عباس کی مدح میں اور دو جہانگیر کی
ستایش میں ہیں. نیز اکبر بادشاہ، امام قلی خاں، آصف خاں،
ان خانان، روح الامین اور امام زمانہ کی مدح میں ایک ایک قصیدہ
تا ہے. اگرچہ غزل سرائی اسکی مسلم ہے لیکن وہ اپنے کو قصیدے
ں زیادہ ممتاز سمجھتا ہے :

بر گوی که از فراق رویت گشته
چون ماهی ز آب مانده بر خاک طپان

دو رباعیوں میں شاهنوار خاں اور قاسم بیگ کی وفات کی تار
کہی گئی هیں :

آن سرو که بود بر جنان تو بیخش
بر کند چون صرصر اجل از بیخش
چون سال وفاتش از خرد جستم، گفت:
از شاه نواز خان طلب تاریخش

ذیل کی رباعی میں عادل شاہ کے ، سبز محل ، کی تعریف ھے

گردید چنان سبزمحل عشرت گاه
کاید پی سیر کردنش ظل اله
این مرتبهٔ مقام ابراهیم است
یا بزمگهِ شاهِ دکن عادل شاه

کامی کی مختصر مثنویوں میں دو مثنویاں قطب شاہ کی مدح میں
ان کے ابتدائی اشعار یہ هیں :

بیا ساقی از خود رهاییم ده بدرد سبو آشناییم د

شبی چون روز عاشق تیره وتار شبی در تیرگی چو زلف دلدا

تیسری مثنوی میں جو ذیل کے شعر سے شروع ہوتی ھے حسرو ، شیر
اور فرهاد کی داستان کی طرف اشارہ کیا گیا ھے :

زبان نکته سنج پر فسانه چنین زد تیر معنی بر نشانه

چوتھی مثنوی اس شعر سے شروع هوتی ھے :

میدمد از زمین نورس پور گل شادی گیاه عیش و حضور

پانچویں مثنوی میں ابراهیم عادل شاہ کے قصر واقع ، نورس پو

۱- ابراهیم عادل شاہ ثانی نے تقریباً ۱۰۰۸ هجری میں بیجاپور کے قریب ایک نیا شہر ا
کرنا شروع کیا تھا (ادارہ)

یکبار دگر اگر دهد عمر امان
وصل شرف الهدای انجو[۱] خواهم

آنرا که چو خاک کرده گردون پستش
وز بادهٔ غم همیشه دارد مستش
از بیم ضرر چرخ بپایش افتد
گر لطف شریف خان بگیرد دستش

*

آنرا که بود دولت و اقبال پناه
در سایهٔ سایهٔ خدا یابد راه
بر تارک او بزیبدی تاج مراد
آن فرق که کرده سجدهٔ اکبر شاه

*

گر زانکه زلیخای جهان شد ز جهان
زد خیمهٔ زندگی بگلزار جنان
تا حشر فروزندگیش افزون باد
خورشید بقای دولت یوسف خان

شاهی که گرفت حشمتش هفت اقلیم
کورنش کندش جهان و گردون تسلیم
نوباوهٔ باغ دولت اکبر شاه
کام دل روزگار شهزاده سلیم

اے باد صبا عنان بیجای و مکان
از کامی دعا بشاد هرمز برسان

۱- اصل مضمون میں «انجم» ہے «انجو» کی خرابی معلوم ہوتی ہے (ادارہ)

در روز مصاف صد چو رستم بکند
آن فتح که خانداں قلی بگ[1] کرده

*

تا چند عبث بر در دو نان گردم
افسرده ز بخشش لئیمان گردم
رفتم که چو قدسیان عرش همت
گرد سر جود خان خانان گردم

*

هر چند مرا کوی ستم جا باشد
خورشید فراغتم نه پیدا باشد
بر جان نشاط خرمی افزایم
گر زانکه مربیم نصیرا باشد

شد فارس ز حسن جنتی رشک ارم
نوشد رضوان ز فرقتش زهر الم
یارب که مباد تا دم بازپسین
تیر نگهش ز سینهٔ کامی کم

هر چند ز پامال حوادث پستم
وز یاس در امید بر دل بستم
بر فرق غم جهان نهم پای نشاط
گر لطف نقیب خان بگیرد دستم

*

از چرخ نه جاه و زور بازو[2] خواهم
نه جام شراب و روی نیکو خواهم

۱ـ غالباً امام قلی خان کی خاندان کی طرف اشاره هے (اداره)   ۲ـ اصل زور و بارو

میر قاسم که از کمال شرف   همچو خور هست طبعِ او روشن

*

شیخ قاضی عمادِ ملت و دین   ای جهانی بذاتِ تو خرم

*

جہان مکرمت شہزادہ خسرو   که برخوردار بادا از جوانی

*

ایکه نظیرت نبود در جهان   نادرهٔ عصر محمد زمان

اس کے علاوہ تین قطعات میں سے ایک میں فارس کے «چار باغ» اور دوسرے میں قطب شاہ کے «الہی محل» کی تاریخ کہی گئی ہے:

چار باغی نباشد اندر فارس   که از و رشک میبرد جنت
سال تاریخش ار همی جویی   دو بیفزا شانیِ جنت

*

قطب جہان جان جہان قطب شاہ   آنکه نظیرش نبود در جہان
گشت فلک بامِ الہی محل[1]   آمده تاریخ تمامی آن

رباعیات میں مندرجہ ذیل اصحاب کا ذکر ملتا ہے:

این بود همیشه آسمان را برمین
فخری که چومن نیست ترا روح امین
اکنون برمین برد سما رشک که نیست
چو روح امین[2] او مرا روح امین

*

تیغِ تو که فتح روم و ازبک کرده
از صفحهٔ چرخ حرفِ غم حک کرد

۱- محمدقلی قطب شاہ نے سنہ ۱۰۱۹ میں ایک سات منزلہ عمارت تیار کرائی تھی اس کی ساتویں منزل الہی محل تھی۔ فیرک معین سبزواری نے «دیار جان بخش» سے تاریخ ۱۰۱۹ھ نکالی ہو (ادارہ)

۲- مراد مرزا محمد امین، میر جملۂ محمد قلی قطب شاہ جو بعد میں جہانگیر کو دربار سے وابستہ ہوگیا تھا (ادارہ)

چگونه خلق جہان را بحکم خویش در آرد
شہی که بخشش سلطان سلیم شاه ندارد

*

روی نیاز آرد بر درگه آسمانم
یکرو بلطف بیند گر شه نواز خانم[1]

*

قطعات میں کامی نے مندرجہ ذیل حضرات کا ذکر کیا ہے جو اس کے معاصر تھے:

ملک خصال مسیحا کلام آصف خان — که شبہه و مثل تو دیگر نزاید از مادر

*

دُرِ بحر سیادت ابراهیم — کز وجودش جہان بود نازان

*

محمد امین بیگ کز باغ دولت — چو قدش نگردید سروی نمایان

*

بلاد فارس بدور محب‌علی بگ یافت — بخویش‌شادی بسیارو عیش‌بی پایان

*

میر سید حسن که در خوبی — هست مشہور عرصهٔ دوران

*

مرتضای[2] ممالکِ اسلام — که رسد یاوری ز معبودش

*

شیخ فاضل محمد خاتون[3] — که از و بس دلی شده خشنود

*

۱۔ شاهنوار خان شیرازی وزیر ابراهیم عادل شاہ (اداره)
۲۔ ممکن ہو میر میران یزدی کی طرف اشاره ہو (اداره)
۳۔ محمد خاتون عاملی جن کا پورا نام شیخ شمس‌الدین محمد بن علی العاملی تھا۔ وه محمد قطب‌شاه والی حیدرآباد کے دربار میں تھے۔ ۱۰۲۷ھ میں شاه عباس کے دربار میں بطور سفیر کے بھیجے گئے (اداره)

کامی از نواب مومن عذر بر مصحفها بخواه
کانچنین بهتان مرا تا گرمی بازار داشت

*

گری سعادت او زمیان برد در جهان
کز کشور امام قلی خان[1] بدر برفت

*

به رشکم آسمان و هم زمین است
که جایم در دل میرک معین[2] است

*

از آن سبب سخنم رشک آب حیوان است
که نظم من همه در مدح خان خانان است

*

هر که خواهد سروری در جهان
خدمت الله وردی خان کند

*

زمانه پست مرا همچو خاک ره میداشت
چنین بلند مکان ذوالفقار خانم کرد

*

شاه عباس آنکه حشمت او
لرزه در قصر قیصر اندازد

۱- یه شخص، الله وردی خان متوفی ۱۰۲۲ھ حاکم فارس کا بیٹا ہو کا جو پہلے حاکم لار وامیر دیوان تھا، باپ کی وفات کے بعد فارس کا حاکم ہوا (اداره)

۲- میرک معین سبزواری، احمد نگر کا مشہور شاعر تھا دیکھو تذکرۂ مخزن الغرائب مصنفۂ احمد علی خان سندیلوی، نسخۂ باڈلین، آکسفورڈ، رقم ۲۲۹۶ (اداره)

ممکن ہے اور مشہور جگہیں بھی اس نے دیکھی ہوں ۔ جن جن شہروں میں وہ گیا تھا وہاں کے حالات اس نے «وقائع الزمان» میں درج کردیے تھے ۔ اگر یہ کتاب دستیاب ہوجاتی تو ہماری معلومات میں قابل قدر اضافہ ہوتا ۔ اس سلسلے میں یہ بات بھی قابل غور ہے کہ شاہ ایران کے علاوہ جس کی مدح میں اس کے قصیدے موجود ہیں ، ایران کی دو اور شخصیتیں اس کی توجہ کا مرکز تھیں ۔ ایک اللہ وردی خاں جو سنہ ١٠٠٦ ھ سے ١٠٢٢ ھ تک فارس اور اس اطراف کے دوسرے مراکز کا حاکم تھا ، دوسرا اس کا بیٹا قلی خاں جو سنہ ١٠٢٢ ھ سے سنہ ١٠٣٧ ھ تک باپ کے عہدے پر فائز تھا ۔ معلوم نہیں کامی کی ان دونوں سے وابستگی کی کیا نوعیت تھی ۔ شاہ عباس سے کب اور کتنے دنوں تک وہ وابستہ رہا یہ بھی پوری طرح واضح نہیں ۔ ١٠١٦ ھجری کا لکھا ہوا ایک قطعہ ایرانی باغ کی تعریف میں ملتا ہے لیکن ممکن ہے کامی نے ہندوستان ہی سے یہ قطعہ لکھکر ایران بھیج دیا ہو ۔

کلیات کامی شیرازی میں تقریباً تمام اصناف سخن موجود ہیں، ذیل کی تفصیل سے اصناف اور اشعار کی تعداد معلوم ہو سکتی ہے :

غزل : (٣٢٤٥ ابیات) ، قطعہ : (٢٠٤ ابیات) ، رباعی : تعداد ٢٠٤، (٤٠٨ ابیات)، قصیدہ : ٣١ (١١٢١ ابیات)، ترکیب بند ٣٥ (١٩٩ ابیات)، ترجیع بند : ١ (١٠٠ ابیات)، اس طرح «کلیات کامی» کے موجودہ نسخے کے اشعار کی تعداد چھ ہزار سے زائد ہوتی ہے ۔

کامی نے غزلیات میں حسب ذیل بادشاہوں اور امیروں کا تذکرہ کیا ہے جو اس کے ممدوح اور مربی تھے :

هفت اقلیم ازان بردند شعر کامیِ شیراز
که چون روح الامین فرمان دهی گردید استادش

*

مرا که روح امین گشت در جهان ممدوح
بچرخ در سخن را بنرح جان ندهم

پہنچنے کے بعد اس کا مستقل قیام دکن ھی میں رھا اور اکبر کی وفات کے مدتوں بعد ھی وہ شمالی ھندوستان آ سکا ھے۔ کچھ ایسا خیال ھوتا ھے کہ کامی پہلے احمد نگر آیا، پھر سندھ گیا اور وھاں سے اکبر کے دربار میں پہنچا۔ یہ بھی ممکن ھے یہاں سے وہ پھر ایران واپس چلا گیا ھو (کیونکہ ایسا معلوم ھوتا ھے کہ وہ ھندوستان سے ایران گیا ھے) اور وھاں سے دریا کی راہ سے بیجاپور پہنچا ھو۔ یہاں اس کو شاہ نوار خان سے بڑی مدد ملی۔ اس کی مدح میں کامی نے متعدد نظمیں لکھی ھیں ایک ترجیع بند ،وحشی، کے اس ترجیع بند کے مقابل ھے جس کے جواب میں دوسرے اور بیجاپوری شعرا نے طبع آزمائی کی تھی بیجاپور ھی کے قیام میں کامی نے نورس پور کے نئے محل کا قطعہ بھی لکھا جو سنہ ۱۰۱٤ھ میں تعمیر ھوا تھا۔ ۱۰۲۰ ھ میں اس نے شاہ نوار کی وفات کی تاریخ کہی۔ گول کنڈے میں بھی اس کی آمد و رفت رھی۔ مرزا محمد امین میر جملہ شہرستانی، گول کنڈے میں اس کا خاص ممدوح تھا۔ یہی میر جملہ بعد میں جہانگیر کے دربار سے وابستہ ھوا۔ خیال ھے کہ جب کامی شمالی ھند گیا ھوگا تو میر جملہ کی سابقہ ملاقات سے اس کو بڑا فائدہ ھوا ھوگا۔ گول کنڈے ھی میں اس نے محمد علی قطب شاہ کے الہی محل کے لیے ایک قطعۂ تاریخ لکھا جس سے سنہ ۱۰۱۸ ھ کے اعداد نکلتے ھیں گو بعض بیان سے معلوم ھوتا ھے کہ یہ محل سنہ ۱۰۱۹ھ میں مکمل ھوا تھا۔ سنہ ۱۰۲۰ھ میں کامی نے محمد قلی کی وفات پر اس کا مرثیہ لکھا۔ کچھ دنوں وہ محمد قطب شاہ سے بھی وابستہ رھا ھوگا۔

«فتحنامۂ نور جہان» سے کچھ ایسا معلوم ھوتا ھے کہ جہانگیر کے دربار میں کامی ایران سے پہنچا ھے۔ اس صورت میں یہ قیاس کرنا پڑے گا کہ وہ دکن سے ایران واپس گیا اور وھیں سے وہ مغلیہ دربار میں آیا۔

جہانگیر کے دربار میں اس کی ترقی کا حال معلوم نہیں۔ البتہ فتحنامے سے قیاس ھوتا ھے کہ وہ لشکر شاھی کی معیت میں مختلف مقامات میں پھرتا رھا۔ لاھور کشمیر اور کابل کا تو اس نے صراحۃ ذکر کیا ھے

نہیں پایا تھا کہ سید مقتول کے خون کے نتیجے میں اس کو شہر بدر ہونا پڑا۔ وہ احمدنگر آیا مگر یہاں اس کی گنجائش نہیں ہوئی۔ آخر میں گول کنڈہ پہنچا اور وہاں سید مصطفیٰ کے ایک هموطن کے هاتھ وہ قتل کر دیا گیا۔[۱]

اگر کامی نے پہلے کشور خاں کی هجو لکھی هے تو اس کا سنہ ۹۷۵ھ کے قریب احمد نگر میں ہونا ثابت ہوگا۔ لیکن اگر هجو دوسرے کشورخاں کی هے تو ان ایام میں احمدنگر یا بیجا پور میں شاعر کی موجودگی ثابت ہوتی هے۔ بیجا پور میں چونکہ وہ زیادہ تر شاہ نواز خاں کی مداحی کرتا رہا اور اس کے ممدوح کو یہ خطاب سنہ ۱۰۰۳ سے قبل نہیں ملا تھا اس سے قیاس ہوتا هے کہ شاید کامی اس تاریخ سے قبل وہاں نہ گیا ہو۔ بہر حال امکان اس کا بھی هے کہ سنہ ۹۸۸ھ کے قریب وہ بیجا پور هی پہنچا ہو۔ مگر احمد نگر میں بھی کشور خاں پہنچا تھا اور اس کے هاتھ ایک ایرانی سید کا قتل ہونا عام ہوچکا تھا پھر اس کا باپ بھی احمد نگر کا سخت دشمن رہ چکا تھا۔ ان وجوہ سے احتمال هے کہ کامی نے سنہ ۹۸۹ھ میں احمد نگر هی میں کشور خاں کی هجو لکھی ہو۔

ان امور سے قیاس کیا جا سکتا هے کہ کامی، بیجا پور پہنچنے کے قبل احمد نگر میں مقیم رہا ہوگا کیونکہ یہ بات زیادہ قرین قیاس هے کہ وہ بیجاپور اس وقت پہنچا ہو جب اس کا هم وطن شاہ نواز خاں شیرازی، ابراهیم عادل شاہ کا وزیر اور شاہ نواز خاں کے لقب سے ملقب ہوچکا ہو۔ تاریخ فرشتہ[۲] سے واضح هے کہ خان مذکور کو سنہ ۱۰۰۳ھ میں یہ لقب ملا تھا۔ اس لیے اس سال سے پہلے اس کی بیجا پور میں آمد ثابت نہیں ہوسکتی۔

ایک اور امر قابل توجہ یہ هے کہ کامی کے اشعار سے ظاهر ہوتا هے کہ وہ اکبر کے دربار میں رہ چکا هے۔ اکبر کے مدحیہ قصیدے کے علاوہ اسکے اشعار میں شاهزادہ سلیم اور خسرو کا بھی کئی بار ذکر آیا هے۔ اکبر کے دربار سے وابستگی بھی بیجا پور سے پہلے ہوئی ہوگی اس لیے بیجاپور

۱۔ تاریخ فرشتہ ۲/۵۲ ۲۔ ایضاً ۲/۹۷

بادشاہ کی ماں سے اختلاف ہوجانے کی وجہ سے وہ گجرات چلا گیا جہاں سنہ ۹۳۷ ھجری سے کچھ پہلے وہ فوت ہوگیا ۔ کمال‌الدین باپ کی موجودگی ھی میں قید ہوگیا تھا مگر کچھ ھی دنوں بعد اس نے رھائی پائی اور اسے بھی قاسم بیگ[1] کا لقب ملا ۔ باپ کی طرح وہ علم طب میں بڑی دستگاہ رکھتا تھا اور مرتضیٰ نظام شاہ کے اخری زمانے میں نو دس ماہ کے لیے اس نے وزارت کا عہدہ بھی سنبھالا تھا ۔ سنہ ۹۹٦ ھ میں وہ معزول ھوا اور سنہ ۹۹۷ ھ میں جب پردیسیوں کا قتل عام ھوا تو فرشتہ کے قول کے مطابق تو وہ بچ گیا مگر خود ھمارے شاعر کے بیان کی رو سے اس نے اسی سال وفات پائی ۔

ایک غزل میں میرک معین کا نام آیا ھے ۔ یہ بھی مرتضیٰ نظام شاہ کے عہد کا ایک معزز امیر تھا جس نے مختلف موقعوں پر اھم خدمات انجام دی تھیں ۔ سنہ ۹۸۸ ھجری میں سفیر بنا کر وہ گول کنڈہ بھیجا گیا ۔

ایک شعر میں شاہ نصیر کا نام‌درج ھے ۔ مرتضیٰ نظام‌شاہ ھی کے عہد میں ایک شخص اس نام کا تھا جو اس کے وکیل صلابت خاں کی طرف سے احمد نگر کا قلعہ دار تھا ۔

اس سلسلے کی ایک اھم بات یہ ھے کہ کامی نے کشور خاں کی ھجو لکھی ھے ۔ اس نام کے دو وزیر عادلشاھیوں میں گذرے ھیں ، پہلا علی عادل شاہ کا وزیر تھا ۔ اس نے سنہ ۹۷۵ ھ میں احمد نگر[2] پر حملہ کیا لیکن اس حملے میں وہ خود مقتول ھوا اور عادل شاھی فوجوں کو شکست کھانی پڑی ۔ نظام شاھی حکومت کے اس خطرناک دشمن کے ساتھ جو سلوک ھوا اس کا حال برھان مآثر میں تفصیل کے ساتھ درج ھے[3] ۔

دوسرا کشور خاں اسی کا بیٹا تھا جو سنہ ۹۸۸ ھ میں ابراھیم عادل شاہ کا وزیر ھوگیا تھا ۔ وہ عوام میں سید مصطفیٰ خاں اردستانی کو قتل کرانے کے باعث یزید کے نام سے مشہور تھا ۔ ابھی زیادہ عرصہ گذرنے

۱۔ امین احمد رازی ۔ ھفت اقلیم ۱ ۲۸٤ (کلکتہ سنہ ۱۹۱۸ع)
۲۔ تاریخ فرشتہ ۲ ٤۱ ۳۔ برھان مآثر ٤٤٥ ۔ ٤٤٦

اشعار تو ایسے ھیں جن سے ظاھر ھوتا ھے کہ وہ دریا کے راستے سے ھندوستان آیا اور بیجاپور میں ابراھیم عادل شاہ ثانی (متوفیٰ سنہ ۱۰۳۷ ھ) اور اس کے وزیر شاہ نواز خاں شیرازی (متوفیٰ سنہ ۱۰۲۰ ھ) سے وابستہ ھوگیا۔ ممکن ھے اس وابستگی میں ھم وطنی کو بھی دخل رھا ھو، لیکن بعض اشعار سے پہلے لاھور اور سندھ آنے کا قیاس ھوتا ھے مثلاً:

بسکہ افسردگی ست در ایران　　　ھست کامی ھوای لاھورش

٭

کامی کہ زفارس رو با صفاھان کرد　　　بی بہر تماشای رخ جانان کرد
می خواست فلک ترقیش فرماید　　　رویش ھمہ جا بسوی غازی خان کرد

غازی خاں سے مراد غالباً غازی بیگ حاکم سندھ ھے جو سنہ ۱۰۰۰ ھجری میں اکبر بادشاہ کی طرف سے سندھ کا حاکم مقرر ھوا تھا بعد میں قندھار بھی اس کی حکومت میں شامل ھوگیا۔ وہ خود شاعر تھا اور «قاری» تخلص کرتا تھا۔ شعرا کا بڑا قدرداں تھا۔ سنہ ۱۰۲۱ ھجری میں کم عمری ھی میں وہ فوت ھوگیا۔

لیکن اگر کامی کے قطعات پر بھروسا کیا جائے تو کچھ اور ھی نتائج نکلتے ھیں۔ ذیل کے قطعے سے جو حکیم قاسم کے انتقال پر لکھا گیا تھا ظاھر ھوتا ھے کہ دسویں صدی ھجری کے خاتمے سے پہلے وہ احمد نگر میں نظام شاھی دربار سے وابستہ تھا:

طب است چو مجہول حکیم مصری　　　میرد ھمہ معلول حکیم مصری
کامی پئ سال مردن قاسم بیگ　　　گفت آہ ز مقتول حکیم مصری

دوسرے مصراع کے اعداد ۹۹۷ ھوتے ھیں اور اس اعتبار سے قاسم بیگ کی وفات کی تاریخ یہی قرار پاتی ھے۔ اس کا نام کمال الدین حسین تھا، اس کا باپ بھی قاسم بیگ کے نام سے مشہور تھا۔ وہ ایک ایرانی طبیب تھا جس نے حسین نظام شاہ (متوفی سنہ ۹۷۲ھ) کے دور میں بڑا اقتدار حاصل کرلیا تھا اور جو مدتوں اس کا وکیل السلطنت بھی رہ چکا تھا۔ مرتضیٰ نظام شاہ (متوفی سنہ ۹۹۶ھ) کے ابتدائی دور میں وھی وزیر تھا، مگر

کامی کے لیے ظاہرا یہ کشتی کا سفر بڑا کٹھن اور مہیب ثابت ہوا:

ہرگز ہوسِ پایۂ اعلیٰ نہ کنم — از کلبۂ فقر شکوۂ بے جا نہ کنم
گر سلطنت تمام هندم بخشند — دیگر ہوسِ کشتیِ دریا نہ کنم

یوں تو کامی نے ہندوستان میں متعدد شہر دیکھے مگر لاہور کا وہ خاص طور پر ذکر کرتا ہے:

نورِ حق را دو دیدہ‌ور دیدند — موسیٰ از طور و کامی از لاہور

ظاہر ہے کہ جس نے اپنا وطن چھوڑا ہوگا اس نے اس ملک کے متعلق طرح طرح کے رنگین خواب بھی دیکھے ہوں گے اور آرزوؤں کے تاج محل بھی تعمیر کیے ہوں گے مگر معلوم ہوتا ہے کہ یہاں آکر کامی کو حسب منشا کامیابی نہیں ہوئی اور وہ اپنے بخت زبوں اور قسمت کی نارسائی کا شکوہ سنج رہا:

کامی از ناکامیِ بختِ زبوں درهم مباش
از کہ می‌رنجی چو این تقدیر یزدان کردہ است

نیز فطری طور پر ہندوستان آکر اسے وطن اور اہل وطن کی خوبیاں بھی یاد آئی ہوں گی:

اگرچہ هند، ملکِ فیض بخش است
ز بہرِ سیر و عشرت، اصفہان بہ

*

در هند در دم و چین و ختا سیر کردہ ام
خوش طرز تر ز مردمِ ایران ندیدہ ام

ممکن ہے وہ ہندوستان سے ایران واپس بھی گیا ہو:

ز هند رخت سفر بستم و جدا گشتم
بکام دل همه جا تا بعرصۂ ایران

کامی کے ہندوستان آنے اور مختلف درباروں میں رہنے کا معاملہ نہایت الجھا ہوا ہے۔ خارجی ذرایع سے کچھ نہیں معلوم ہوسکا ہے جو کچھ رہنمائی ہوتی ہے وہ صرف اس کے اشعار سے ہوتی ہے۔ کچھ

کیے مگر حسب دل خواہ اسے داد نہ ملی اور نہ اسے وہ ترقیاں نصیب ہوئیں جن کے وہ خواب دیکھتا رہا تھا. کچھ شکستہ خاطر سا ہوا تو وطن کی شکایت بھی دبے دبے انداز میں اسے کرنی پڑی:

بتنگی گر تو از شیراز کامی　　مکان عشرتت ملک دگر باد

*

ببین تنگی ایران را که کامی　　هوائی رفتن از شیراز دارد

کامی کو سیاحت کا بڑا شوق تھا. ایران کے مختلف شہروں کے علاوہ اس نے ترکی کا بھی سفر کیا تھا. «فتح نامۂ نور جہان» سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اصفہان، تبریز، استانبول، حلب وغیرہ کی سیاحت کرچکا ہے. ان تمام شہروں کے کوائف اسی منظوم کتاب میں جمع کیے گئے تھے جو «وقائع الزمان» کے نام سے سنہ ۱۰۳۵ ہجری میں نور جہاں کی خدمت میں بمقام کابل پیش ہوئی تھی اور جس کا ایک حصہ موجودہ مثنوی «فتح نامۂ نورجہان» ہے.

کامی کی سیاحت کا ذکر ابھی گذرا، ممکن ہے اسی شوق نے ہندوستان آنے پر اسے مجبور کیا ہو، گو چند شعر ایسے ملتے ہیں جن سے خیال ہوتا ہے کہ وہ وطن میں تنگ دل ہوچکا تھا اور آخر کار اس نے ہندوستان کے سفر کا پختہ ارادہ کر لیا:

بسکه در شیراز ماندم همچو کامی تنگ دل
جانب هندوستان چندے سفر دارم هوس

کامی کو پہلے خشکی کے راستے سے لاہور آنے کا خیال تھا:

بسکه افسردگی ست در ایران　　هست کامی هوای لاهورش

لیکن بعد میں وہ بیجاپور کے ارادے سے ایران سے روانہ ہوا:

بسکه دل‌گیر شد دل از وطنم　　کرده ام عزم هند عادل شاه

اور ہندوستان کے ارادے سے وہ ایک «فرنگی کشتی» سے روانہ ہوا:

بس سعی نمود گنبد مینا رنگ　　تا داد مرا جای بکشتی فرنگ
از باد مخالفم چنان در تب و تاب　　کافتادهٔ بے گاه در کام نهنگ

گئی ۔ ڈاکٹر ذبیح اللہ صفا[1] نے گیارھویں صدی ھجری کے ابتدائی حماسہ سرایوں میں کامی شیرازی کا ذکر کیا ھے اور اس عہد کی حماسی مثنویوں میں انکی کتاب میں یہ مثنوی بھی مذکور ھے ۔ اس مثنوی کے دو قلمی نسخے کتب خانۂ ملی پیرس[2] میں محفوظ ھیں ۔ ایک ، بقول فہرست نگار سنہ ۱۶۲۶ع میں لکھا گیا ھے اور دوسرا ، سترھویں صدی ھجری کے اواخر میں ۔ اس میں مہابت خاں کی بغاوت اور نور جہاں سے جنگ اور آخر میں نور جہاں کی فتح کا ذکر کیا گیا ھے ۔ مثنوی کا ادبی پایہ تو کچھ ایسا بلند نہیں لیکن تاریخی لحاظ سے اس کی اھمیت ضرور ھے[3]۔ کتب خانوں کی متداول فہرستوں میں کامی کی مذکورہ بالا مثنوی کے علاوہ کسی اور تصنیف کا ذکر دیکھنے میں نہیں آیا ۔ ابھی حال میں اس کے کلیات کا ایک خوش خط قلمی نسخہ[4] ھماری نظر سے گذرا ھے جسکا ذکر آیندہ سطور میں آئے گا ۔ کلیات کے کسی اور نسخے کے وجود کی ھمیں اطلاع نہیں ۔

کامی کا تعلق شیراز کے مردم خیز خطے سے تھا ۔ اگرچہ اُس کا لڑکپن دوسرے صفوی بادشاھوں کے عہد میں گذرا ھوگا مگر در حقیقت وہ شاہ عباس کبیر (۹۹۵—۱۰۳۷ھ) کا معاصر معلوم ھوتا ھے ۔ وطن ھونے کی بنا پر شیراز سے اُسے بڑی محبت تھی اور غالباً وھیں اس کا نشوونما بھی ھوا ھوگا ۔ اصفہان سے بھی اس کو بڑا لگاؤ تھا چنانچہ اس کے بعض اشعار میں اس جذبے کی عکاسی ملتی ھے :

تمام ھند اگر گرددم مسخر حکم ‌ ‌ ‌ بخاک روبی شیراز و اصفہاں ندھم

کامی نے بادشاہ وقت کی مدح کی ، امرا کی تعریف میں قصیدے نظم

۱۔ ذبیح اللہ صفا حماسہ سرائی در ایران ۳۷۲ (تہران ۱۳۳۳)

۲۔ [illegible] de la Bibliothèque Nationale (Paris, 1905 –) Vol. [illegible] Nos. [illegible]

۳۔ [پیرس کے دونوں نسخوں کے عکس ، کتاب خانہ شعبۂ تاریخ ، مسلم یونیورسٹی میں محفوظ ھیں ۔ وقارالحسن صدیقی صاحب متعلم ایم اے (تاریخ) نے مثنوی کا فارسی متن اشاعت کے لیے مرتب کیا ھے ۔ انھوں نے اس کا انگریزی میں اختصار بھی کیا ھے اور اس پر حواشی و تعلیقات بھی لکھے ھیں یہ کتاب شعبۂ تاریخ کی طرف سے شائع ھونے والی ھے (ایڈیٹر)]

۴۔ یہ نسخہ چودھری سبط محمد صاحب (اکبرپور فیض آباد ، یوپی) کی ملکیت ھے

کامی شیرازی

ڈاکٹر امیرحسن عابدی*

ایراں و ھند کے رشتے زمانۂ قدیم سے بر قرار ھیں مغل سلاطین اور دکنی بادشاھوں کے زمانے میں یہ رشتے اور بھی مستحکم ھوگئے، اور ان کی داد و دھش کا حال سن کر ارباب ھنر برابر ایران سے سر زمین ھند کی طرف آتے رھے۔ ان میں سے کتنے ھیں جنھیں زمانے نے یاد رکھا اور نوازا، مگر بہت سے ایسے بھی ھیں جو اس طرح گم نام ھوئے کہ آج ان کا پتا لگانا مشکل ھے۔ ان میں سے ایک کامی شیرازی بھی ھے۔

کتب تواریخ اور شعرا کے تذکرے، کامی شیراری کے ذکر سے حالی ھیں، اور کتابوں کا تو کیا ذکر، «اقبال نامۂ جھانگیری» میں بھی جہاں اس عہد کے بیشتر شعرا کا ذکر ھے، کامی کا تذکرہ نہیں۔ تذکروں میں کامی لاھیجانی، کامی قزوینی اور کامی سبزواری کے حالات ملتے ھیں لیکن کامی شیرازی کا ذکر کہیں دیکھنے میں نہیں آیا۔ اسٹوری[1] نے اس کی مثنوی «وقائع الزمان» یا «فتح نامۂ نورجھاں بیگم» کا ذکر کیا ھے جو ۱۰۳۵ھ/ ۶-۱۶۲۵ع میں کابل میں تصنیف اور جھانگیر کے نام معنون کی

۱۔ C.A. Storey Persian Literature (London, 1927—) Vol. i p. 563

* ڈاکٹر سید امیر حسن عابدی۔ ریڈر شعبۂ فارسی، دھلی یونیورسٹی۔

ویضی نیم و دلم چو دریا	در مدح تو دُر فشان بجنبد
«فعی» یم و از گهر فشانی	سودم به دل زبان بجنبد
طبعم که به فیض لا یزالی	چون قلزم بیکران بجنبد
خورشید ز تاب گوهر او	تب لرزه گرفته ران بجنبد
کان رشک برد ز دُر نظمم	چون با سخنم دهان بجنبد
دریا شود ار گهر کنارم	گر با قلمم بنان بجنبد
بر درگه دل صف ملایک	چون مشتری دکان بجنبد

[ورق ۲۱ (الف)]

از حسرت همدمی نطقم	جان بر لب قدسیان بجنبد
در خدمت طبع نازنیم	اندیشه چو رایگان بجنبد
گر تیغ زبان کشد خیالم	دل در بر قهرمان بجنبد
کلکم که به کشور معانی	چون رایت کاویان بجنبد
از بهر دعا بجنبد این دم	تا کی ز پی فلان بجنبد
تا از اثر شکنجهٔ عشق	دل در بر عاشقان بجنبد
تا حشر چو درگه سلیمان	بر درگهت انس و جان بجنبد

[۱۷/۳/۱۹۵۹]

در کام زبان نجنبد الا / در مدح خدانگان بجنبد
در مدح شهی که با ثنایش / کام و لبِ خسروان بجنبد
حم کوکب شه سلیم کز قدر / در خدمتِ او شهان بجنبد
آن شه که بفتح ملک ایران / آندم که عنان کشان بجنبد
از حملهٔ او زحدِ کشمیر / تا کشور اصفهان بجنبد
آندم که زمین رزمگاهش / از نعل تکاوران بجنبد
بی زلزله صد هزار فرسنگ / در کشورِ لا مکان بجنبد
چون ماهی چشمه عکس تیغش / در دیدهٔ اختران بجنبد
تیغش که به کف نبرد کشیده / رخشش که بزیر ران بجنبد
از برق وی آسمان بسوزد / وز پویهٔ این جهان بجنبد
آن تیغ جلی که در دمِ جنگ / چون شعله، شرر فشان بجنبد

[ورق ۲۰ (ب)]

از تیغ قضا نشان دهد گر / در معرکه ناگهان بجنبد
آن رخش سبک خرام وچالاک / کز چابکیش جنان بجنبد
گردون بهوای جنبش او / چو دامنِ سایه بان بجنبد
گاهی که برای جلوه پایش / خم گشته چون صولجان بجنبد
در هر قدمش زمین ز صدمه / چون گوی زمان زمان بجنبد
گر میل کند بصید عنقا / عنقا هم از آشیان بجنبد
چون مرغ گلوبریده از شوق / می افتد و پر زنان بجنبد
از فیضِ نشاطِ مهد عدلش / نغمه ز رگِ فغان بجنبد
از شوقِ نثار خاک پایش / گوهر بدرون کان بجنبد
قهرش که یگانه قهر ماست / هر گه که غضب کنان بجنبد
گر مشت زند بفرق کیوان / چرخ افتد و فرقدان بجنبد
ای خسروِ کامران که مهرت / چون جان بدلم نهان بجنبد
در رومم[1] و خامه ام بمدحت / چون هندوی نکته دان بجنبد

۱ - اصل نسخہ میں « دورم » مگر نسخهٔ مؤرخه ۱۰۳۴ هجری (ملت کتبخانه سی ، استنبول نمبر : ۴۵۲) میں « در رومم ».

کرتے ہوئے یہ بھی بالکل قدرتی بات ہے کہ ‹نفعی› مغل دربار کے مشہور شاعر فیضی کا ذکر کرے اور فتح ایران کے سلسلے میں بادشاہ کا حملہ از حد کشمیر تا اصفہان بتائے (ابیات نمبر : ۱۲، ۱۳)

پروفیسر ڈاکٹر علی نہاد تارلان[1] نے ‹سلطان سلیم› لکھا ہے یہ واضح نہیں کیا کہ یہ کون سا ‹سلیم› ہے لیکن داخلی شہادت اور کتب خانۂ وزارت معارف (انقرہ) کے نسخے کے عنوان ‹‹قصیدہ در مدح پادشاہ ہند شاہ سلیم›› سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ یہ سولھویں صدی کے ترکی کا یاووز سلطان سلیم نہیں، ہندوستان کا سلیم (جہانگیر) ہے - بیت نمبر ۳۲ میں ‹‹در رومم›› (میں روم میں ہوں) سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ شاعر یہ محسوس کرانا چاہتا ہے کہ دیکھیے ’’ میں اگرچہ آپ سے دور، روم میں ہوں لیکن میرا قلم آپ کی مدح میں رطب اللساں ہے-‘‘

اب ذیل میں ‹نفعی› کا وہ فارسی قصیدہ پیش کیا جاتا ہے جو اس نے جہانگیر کی مدح میں لکھا ہے[2] :

قصیدہ در مدح پادشاہ ہند شاہ سلیم سلمہ

[ورق ۲۰ (الف)]

در سینہ دلم چنان بجنبد — کز جنبش او جہان بجنبد
از بس کہ بہ یک طپیدن دل — تن لرزد و استخوان بجنبد
هر موی تنم بہ کشش دل — سر تیز تر از سنان بجنبد
تا دل برود اگر بجا کم — این غم کہ دلم ازان بجنبد
بیم است کہ از تزلزل خاک — بہ کرسی آسمان بجنبد
در ملک دلم غم بپایی — چون لشکر بی امان بجنبد
آشفتہ دماغم از غم دل — کی کام مرا زبان بجنبد
می جنبد اگر زبان لالم — ترسم کہ دل از مکان بجنبد

۱- ترجمۂ ترکی دیوان نفعی ۰ ۸۵ ۰ یہ دیکھیے اس کا دیباچہ .
۲- دیوان فارسی ورق ۲۰ (الف) ۰ نسخۂ کتب خانۂ وزارت معارف ، انقرہ نمبر ۲۷

اس نے ہندوستان کی طرف نگاہ کی اور جہانگیر کی مدح میں فارسی میں ایک قصیدہ لکھا - یہ اب تک معلوم نہ ہوسکا کہ یہ قصیدہ جہانگیر تک پہنچا یا نہیں، بہر کیف ترکی کے سلطان کو غالباً یہ بات نا گوار گزری اور اس نے «نفعی» کی تہدید کی جس کے جواب میں وہ کہتا ہے[1]:

«اگر زمانہ امان دے تو میں عہد کرتا ہوں کہ اپنے تمام واردات الہامی تیرے ہی لیے وقف کردوں گا - فلک اگر تیغ قضا لے کر بھی اصرار کرے تو میں دوسرے کے لیے قصیدہ نہیں لکھوں گا، میں توبہ کرتا ہوں»

سلطان مراد رابع سنہ ۱۶۲۳ع میں تخت نشین ہوا، اس لحاظ سے «نفعی» نے جہانگیر کی مدح میں یہ قصیدہ سنہ ۱۶۲۳ع اور ۱۶۲۷ع (سال وفات جہانگیر) کے درمیان کبھی لکھا ہوگا انقرہ کا نسخۂ دیوان فارسی جو ہمارے پیش نظر ہے اس میں "سلیم سلمہ" لکھا ہے -

«نفعی» بڑا آزاد منش، ذکی الحس اور تیز مزاج انسان تھا - اپنے زمانے کے متشاعروں سے اس کی کبھی نہیں بنی - «سہام قضا» کے علاوہ قصائد میں بھی اس نے ان پر طنز کے خوب خوب تیر چلائے ہیں - حریف شعرا نے بھی اس کی سخت ہجویں لکھیں - «نفعی» ان کی دشمنی سے تنگ آکر ترک وطن کی سوچتا ہے اور قائم مقام محمد پاشا سے مخاطب ہوکر کہتا ہے[2]:

«اگر تیرا لطف شامل حال نہ ہوتا تو میں یہ حالت ہرگز برداشت نہ کرسکتا اور کہیں دور دراز کا سفر اختیار کر لیتا»

غرض ممکن ہے «نفعی» ان حالات سے متأثر ہوکر ہندوستان کی طرف متوجہ ہوا ہو - اس سلسلے میں یہ ملحوظ رہے کہ قصیدے کے ابتدائی اشعار ہی سے شاعر کا ذہنی انتشار آشکار ہے - ابیات نمبر ۳۳ اور ۳۴ میں «نفعی»، فیضی کے مقابلہ میں اپنا اس طرح تعارف کرا رہا ہے کہ اسے گویا فیضی پر رشک سا ہے - ہندوستان کے ایک بادشاہ کی تعریف

۱- دیوان : ۷۲   ۲- ایضاً، ۱۹۱

دولت کدہ نولہ (عرفی) کبی مشہور اواسم
وارمی بر بمحاین شاعر پاکیزہ ادا

سارے ترکی شاعروں میں (نفعی) سب سے زیادہ ھندوستان کے فارسی شعرا کا دلدادہ نظر آتا ھے۔ اس نے اپنے کلام میں امیر خسرو[1]، حسن دھلوی[2] اور فیضی[3] کا نام بڑے احترام کے ساتھ لیا ھے۔ وہ یہ بھی جانتا تھا کہ جس چمن میں (فیضی) کا طوطی بول رھا ھے اس کی دلکشی کس طرح ایرانی شاعروں کے لیے دام تسخیر بنی ہوئی ھے کہ وہ اپنا وطن چھوڑ چھوڑ کر ھندوستان کا رخ کر رھے ھیں۔ (نفعی) اپنے مخصوص انداز میں حسن تعلیل سے کام لیتے ہوئے اس حقیقت کی طرف اس طرح اشارہ کرتا ھے[4]:

قپلدی مدحکله رومی سواد نطمم
هده عزم ایتسه نوله رشکله یاران عجم

(میری شاعری تیری مدح سے (سارے) روم پر چھا گئی ھے یاران عجم میرے رشک سے ھندوستان کا رخ کرنے لگیں تو کوئی تعجب کی بات نہیں ھے)

(نفعی) بہت خود دار تھا اور اپنے ملک بالخصوص استنبول کا بیحد پرستار[5]۔ استنبول خود اس زمانہ میں علم و امارت کا عظیم الشان مرکز تھا لیکن نفعی خود کو ''فیضی'' اور ملک روم کو ''ھندوستان'' قرار دینے پر فخر کر رھا ھے[6]:

ملک رومی اول قدر طوتدی سوادی شعرمک
فیضی یم گویا بن اول هدوستانم در بم

(نفعی) کے قدرداں خاصی تعداد میں ترکی میں موجود تھے پھر بھی

۱- دیوان نفعی ۵، ۱٦٦ ۲- ایضاً ۳۰
۳- ایضاً ۳۵، ۵۳، ۱۲۰
٤- دیوان نفعی ۱٦۹ (طبع جریدۂ حوادث، استنبول ۱۲٦۹)
۵- دیکھیں راقم کا مقالہ ''نفعی کی بحث استنبول'' رسالہ ترک دلی ۳، ۲٦ (۱۹۵۳)
٦- دیوان نفعی، ۳۵

هندوستانی بادشاہ کی تعریف میں قصیدہ لکھ کر اس نے ثابت کردیا کہ اس زمانے میں علم نواز ہندوستان کی کشش کا دائرہ کس قدر وسیع ہو گیا تھا[1]۔

ارضروم (ترکی) میں حسن قلعہ ایک قصبہ ہے (نفعی) یہیں پیدا ہوا۔ تاریخ ولادت قطعی طور پر معلوم نہیں۔ پروفیسر عبدالقادر قرا خاں کی تحقیق کے مطابق اس کی پیدائش تقریباً سنہ ۹۸۰ھ/۱۵۷۲ع میں ہوئی[2] اس کا نام میرزا علی پاشازادہ اوغلی ہے[3] اور (نفعی) تخلص، جو ترکی مؤرخ عالی کا دیا ہوا ہے۔ عام روایت یہ ہے کہ (نفعی) سلطان احمد اول (۱۵۹۰-۱۶۱۷ع) کے عہد حکومت میں استنبول آیا اور سلطان مراد رابع کے زمانے میں اس کی شہرت نقطۂ عروج کو پہنچ گئی۔ شاعر کی عنان زبان اکثر بے قابو ہو جایا کرتی تھی نتیجہ یہ ہوا کہ اس کی ہجویات کا ہدف بننے والے اس کے درپئے آزار ہو گئے۔ آخر اس کی تیغ زبان کے زخمی ایک وزیر، بیرام پاشا کے ہاتھوں سنہ ۱۰۴۴ھ/۱۶۳۴ع میں اسے جان سے ہاتھ دھونا پڑا۔

(نفعی) کا کلام فارسی دیوان، ترکی دیوان اور «سہام قضا» (مجموعۂ ہجویات) پر مشتمل ہے[4]۔ اس نے غزلیں دلنشیں انداز میں کہی ہیں، لیکن اس کی طبیعت کا اصلی زور قصیدوں میں نظر آتا ہے جن کی موسیقیت، خوش بیان اور ندرت تخئیل پر سب ترکی نقادوں کا اتفاق ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ اس کے بعد ترکی قصیدہ نگاروں میں کسی کو فروغ نہ ہو سکا۔ وہ ترکی میں (عرفی) کی طرح مشہور ہوئے پر بجا طور پر فخر کرتا ہے:

۱۔ احوال نفعی کے لیے دیکھیے : *Encyclopaedia of Islam* (Leiden, 1913-38) p. 899

۲۔ مقالہ پروفیسر عبدالقادر قراخان رسالہ «ترک دلی» جلد سوم شمارہ ۲۹ (انقرہ ۱۹۵٤) ۲۶۳

۳ مقالہ پروفیسر عبدالقادر قراخان اخبار «جمہوریت» (استنبول، ۳۰ جنوری ۱۹۵٤)

٤۔ اشعار نفعی کے قلمی نسخوں کے لیے دیکھیے راقم کا مقالہ «نفعی کے نا معلوم قصائد» مجلۂ دانشکدہ دل و تاریخ و جغرافیہ، جلد ۱۱ شمارہ ۱ (انقرہ، ۱۹۵۳)

نفعی اور جہانگیر

ڈاکٹر سید نعیم الدین *

ھندوستاں کے مسلم حکمراں بالخصوص مغل بادشاہ اکثر خود شاعر تھے یا پھر حامی فن اور قدر دان سخن تھے۔ ان کی داد و دھش کی داستانیں ھندوستان کے باہر دور دور تک مشہور تھیں - اسی لیے ہم دیکھتے ھیں کہ مغلیہ دور میں ھندوستان ، شعرائے ایران کا کعبۂ امال بن گیا تھا - انھیں اپنی مملکت میں «سامان تحصیل کمال» نظر نہیں آتا تھا جیسا کہ سلیم تہرانی نے اعتراف کیا ھے :

نیست در ایران زمین سامان تحصیل کمال
تا نیامد سوی ھندستان حنا رنگین نه شد

کشش ھند اس قدر عام تھی کہ ایک شاعر ، سودائے محبوب کی عالمگیری ثابت کرنے کے لیے عزم سفر ھند کی مثال پیش کرتا ھے :

همچو عزم سفر ھند که در هر دل هست
رقص سودائے تو در هیچ سری نیست که نیست

اس زمانے میں اکثر شاعر ، ایران سے ھندوستان آئے - لیکن جہاں تک ھماری معلومات کا تعلق ھے ترکی سے غالباً کوئی شاعر یہاں نہیں آیا «نفعی» پہلا ترکی شاعر ھے جو اگرچہ ھندوستان کبھی نہیں آیا لیکن ایک

* ڈاکٹر سید نعیم الدین . صدر شعبۂ فارسی و اردو ناگپور مہاودیالیہ ، ناگپور .

جسے اس نے بڑی پسندیدہ نظروں سے دیکھا وہ اپنے تورک میں لکھتا ھے[1] :

الحق محنت بسیار کشیدہ و خوب پیروی ساختہ و جمیع لغات را
از اشعار علماء قدما مستشہد آوردہ درین فن کتابی مثل این نمیباشد

مصنف نے ٥٣ فرہنگوں (جن میں ٤٤ کے نام مذکور ہیں اور ٩ کے عنوان نامعلوم ہونے کی وجہ سے، ان کے نام نہیں دیے ہیں) اور سیکڑوں تاریخی و ادبی کتابوں کی مدد سے یہ فرہنگ مدون کی - اس میں حروف تہجی کے اعتبار سے بیس ابواب ہیں - مقدمہ بارہ آئین پر مشتمل ھے جس میں فارسی زبان کے اہم مطالب پر بحث کی گئی ھے - آخر میں خاتمہ اور در ہیں جن میں فارسی و عربی کے کنایات، اصطلاحات، استعارات و لغات جو اصل متن میں نہیں آسکے ہیں، بیان ہوئے ہیں -

اس کتاب پر سب سے دلچسپ اور جامع بحث بلوخمین نے اس اہم مقالے میں کی ھے جو 'فارسی لغات' کے عنوان سے جرنل ایشیاٹک سوسایٹی بنگال میں شایع ہوا ھے[2] - مدرسۂ سپہسالار کے کتابخانے کے فہرست نگار نے اس فرہنگ کے متعلق کچھ مفید باتیں درج کی ہیں[3] - اس کتاب کی بعض باتوں پر ڈاکٹر عبدالستار صدیقی صاحب نے اپنے ایک مقالے میں ایراد کیا ھے[4] - ان کے علاوہ مختلف تاریخوں، تذکروں اور کتب خانوں کی فہرستوں میں اس فرہنگ کے بارے میں تفصیلات مل جائیں گی - اس وقت اس فرہنگ کی تفصیلی بحث نظرانداز کی جاتی ھے -

[١٩٥٩ ٥ ٢٨]

١- تورک ٣٥٩ ٢ جلد ٣٧ صفحات ١٢—١٥، ٦٥—٧٠
٣- فہرست کتب خانۂ مدرسۂ سپہسالار ٢، ٢١٢ - ٢١٥
٤- ، دال معجمہ فارسی میں، - مطبوعہ ,, ارمغان علمی ,, (لاہور سنہ ١٩٥٥)
ڈاکٹر صاحب نے مجھے بتایا تھا کہ میر جمال الدین حسین ایران سے ایک مصور قلمی نسخہ اکبر کے لئے لایا تھا جس کی بعض تصویریں جرمن زبان کی ایک کتاب میں شائع ہوئی ہیں مگر بدقسمتی سے اس مطبوعہ کتاب کا کوئی نسخہ مجھے نہیں مل سکا - ممکن ہے اس کو دیکھنے سے میر کی زندگی کے متعلق کوئی کام کی بات مل جائے -

فرہنگ جہانگیری

یہ فارسی خالص کی بہترین فرہنگ ہے۔ اس کے مقدمے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب مؤلف کی تیس سالہ ریاضت کا ثمرہ ہے۔ جن دنوں[1] اکبر بادشاہ کشمیر کی سیر کر رہا تھا تو سری نگر میں اس نے میر انجو کو بلایا اور اسے لغت نویسی کی خدمت پر مامور کیا۔ شاہی حکم کے بموجب مختلف نسخوں کی فراہمی کے لئے معتدبہ رقم منظور ہوئی اور کچھ ایرانی فضلا بھی میر کی امداد کے لئے نامزد ہوئے میر نے بڑی توجہ سے لغات کی تدوین شروع کی۔ الفاظ کی تحقیق کے سلسلے میں بڑی کاوش کی گئی بعض لفظوں کے سلسلے میں شاہی مجلس میں بحث ہوئی اور بادشاہ نے لغت نویسی کے فن سے کافی دلچسپی کا ثبوت پیش کیا۔ ابھی اس کا کام جاری تھا کہ ١٠١٤ ھ میں بادشاہ کا انتقال ہو گیا۔

اس سانحہ سے کام کی رفتار پر کسی قسم کا اثر نہیں پڑا بلکہ مؤلف پورے انہماک سے اس فرہنگ کی تدوین میں مصروف رہا۔ یہاں تک کہ ١٠١٧ھ میں اس کی پہلی روایت مکمل ہو گئی اور "فرہنگ جہانگیری" کے نام سے وہ جہانگیر کے نام معنون ہوئی۔ "زہے فرہنگ نورالدین جہانگیر" سے تکمیل کا سال نکلتا ہے۔ بلوخمین[2] اس نام سے خوش نہیں اس کے نزدیک کتاب کا صحیح نام "فرہنگ اکبری" ہونا چاہئے۔

معلوم ہوتا ہے کہ مصنف نظر ثانی اور اضافے کا کام بعد تک کرتا رہا۔ گمان غالب یہ ہے کہ ١٠٣٢ میں اس کی دوسری روایت مکمل ہوئی اور اسی کا ایک نسخہ اس سال جہانگیر کے سامنے پیش ہوا

١۔ بلوخمین سنہ ١٠٠٠ ھ اور اس یوسف شیرازی نے سنہ ١٠٠٥ھ میں لکھا ہے۔ لطف یہ ہے کہ ان دونوں تاریخوں میں اکبر بادشاہ کشمیر کی سیر کو گیا تھا اکبر نامہ (٣ ٦١٦، ٧٢١) مگر اکبرنامہ ہی سے معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ٩٩٩ ھجری کے وسط میں میر انجو مالوہ دکن کی مہم پر چلا گیا تھا (٣ ٦٠٠) اس لئے سنہ ١٠٠٠ھ میں اس کا قیام کشمیر مشتبہ ہے۔
٢۔ جرنل ایشیاٹک سوسائٹی جلد ٣٧ ص ١٢

میر انجو کے بیٹے اور پوتے

میر کے تین بیٹوں کا حال معلوم ہوسکا ہے[1]:

(۱) میر امین الدین - یہ باپ کے ساتھ ساتھ مختلف خدمات پر مامور تھا - خان خانان کی بیٹی اس سے منسوب تھی - یہ جوانی کے عالم میں انتقال کر گیا -

(۲) میر حسام الدین - اس نامور فرزند کی وجہ سے باپ کا نام روشن ہوا - یہ (نور جہاں کے بھائی) ابراھیم خاں فتح جنگ کے بھتیجے احمد بیگ خاں کا حقیقی داماد تھا - جہانگیر نے جلوس کے دسوین سال سنہ ۱۰۲۳ ھ میں اسے هزاری ذات اور چار صدی سوار کا منصبدار مقرر کیا[2] - پھر وہ اسیر کا حاکم مقرر ہوا - شاہ جہاں کی بغاوت کے موقع پر میر حسام نے وہ قلعہ شاہ جہاں کے حوالے کر دیا - شاہ جہان کی تخت نشینی کے بعد اس کے اعزاز میں بڑی ترقی ہوئی - چند ھی دنوں میں اسے چہار هزاری ذات اور سہ هزاری سوار کا منصب عنایت ہوا - پھر ۵۰ هزار روپے نقد اور مرتضیٰ خاں کے خطاب سے سرفراز ہوا - آخر میں وہ ٹھٹھ کا گورنر مقرر ہوا اور وهین سنہ ۱۰۳۹ ھ میں اس کا انتقال ہوا -

(۳) میر خلیل اللہ[3] - توزک میں اس کو عضدالدولہ کا بیٹا بتایا گیا ہے - سنہ ۱۰۲۸ ھ میں جہانگیر نے اسے ششصدی ذات اور دو صد و پنجاہ سوار کا منصب عطا کیا تھا -

میر حسام الدین کے دو لڑکوں کا ذکر کتب سیر میں ملتا ہے:

(۱) شمس الدولہ - جو ۲۱ وین سال جلوس میں شاہ جہاں کا دیوان تھا - ۲۸ وین سال وہ اڑیسہ کا حاکم مقرر ہوا - وہ ڈیڑھ هزاری ذات اور پانچ سو سوار کا منصبدار تھا -

(۲) نوراللہ - بقول مصنف بادشاہ نامہ کے وہ ۹ سو ذات اور تین سو سوار کا منصبدار تھا -

۱- ترجمۂ آئین ۱ / ۵۰۱ نیز مآثرالامرا ۳ / ۳۸۲ بعد
۲- توزک جہانگیری، ۲۰۰
۳- ایضاً، ۲۶۷ مگر ترجمۂ آئین (۱ / ۵۰) میں صرف دو ھی بیٹے بتائے ھیں

میں آگرہ اور لاہور اس کے پسندیدہ مقام تھے اور انھیں میں سے کسی میں وہ اقامت گزیں ہونا چاہتا ہوگا۔

جلوس کے ۱۸ویں سال بلوچپور کے فتنے کو فرو کرنے کی غرض سے بادشاہ اس طرف روانہ ہوا۔ ۱۲ ورودین (۳ جمادی‌الثانی) ۱۰۳۲ھ کو شاہی لشکر موضع جہاسہ پہنچا۔ وہیں میر جمال‌الدین انجو، بارگاہ جہانگیری میں باریاب ہوا اور اس نے اپنی مشہور فرہنگ بادشاہ کی خدمت میں پیش کی۔ تکملۂ توزک میں ہے[1]:

> میر عضدالدولہ از آگرہ آمد ملازمت نمود فرہنگی کہ درلغت ترتیب دادہ بنظر در آورد الحق محنت بسیار کشیدہ وجوب پیروی ساختہ و جمیع لغات را از اشعار علماء قدماء مستشہد آوردہ دریں فن کتابی مثل این نمی باشد.

مآثر الامرا[2] میں یہ بھی ہے کہ ایک مدت تک وہ اپنی جاگیر بہرائچ میں مقیم تھا اور وہاں سے آگرہ آکر اس نے وفات پائی۔ اس کتاب میں نہ بہرائچ کی ابتدای سکونت کا ذکر ہے اور نہ وہاں سے آنے کا۔ بہرحال توزک سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۰۳۲ھ میں وہ آگرے میں موجود تھا۔ اگر بہرائچ کے قیام کی ابتدا اس کے بعد سے ہوتی ہے تو میر کی وفات کی تاریخ کچھ آگے بڑھ جائیگی کیونکہ بہرائچ کے بعد پھر کچھ دنوں اس کا آگرے میں قیام رہا ہوگا اور یہیں اس کی وفات ہوئی[3]۔

میر کی زندگی پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے ہندوستان کے بیشتر مقامات کی سیر کی تھی۔ مشرق میں بنگال، مغرب میں گجرات، شمال میں کشمیر اور جنوب میں بیجاپور وغیرہ تک اس نے متعدد سفر کئے اور اس طویل سیاحت کے بعد وہ ابدی نیند سوگیا۔

۱۔ توزک ۳۵۹

۲۔ مآثرالامرا ۳ ۳۶۰

۳۔ مآثرالامرا (۳ ۳۶۰) پر بادشاہ کرحضور میں اور ترجمۂ آئین اکبری (۱ ۵۰۱) میں آگرہ لکھا ہے۔

> بودند در غایت صفا و لطافت در حجم مقدار نصف بیضهٔ مرغی چنانچه بآن لطافت و کلانی از قسم یاقوت زرد نشده است با دیگر یاقوتها برنگ پسندیده و زمرد های کهنه بطرح واندام خاص صورت اتمام یافته بود - متیمان به پنجاه هزار روپیه قیمت نمودند - برمنصب میر مذکور هزار سوار افزودم که پنج هزاری ذات و سه هزار و پانصد سوار بوده باشد.

۱۹ ربیع‌الاول کو "روز شرف" تھا - اسی روز میر کو عضدالدوله[۱] کا خطاب عطا ہوا - چند ماہ کے اندر منصب اور درجے میں اتنے اضافوں کی مثال مشکل سے ملے گی -

۱٤ویں سال جلوس میں ۱۷ ربیع الثانی ۱۰۲٦ھ کو[۲] میر شاہ شجاع کا اتالیق مقرر کیا گیا - چند ہی روز بعد ۹ خورداد کو اُسے اپنی جاگیر پر جانے کی اجازت[۳] مل گئی - سولہویں سال جلوس کے نو روز کا جشن آگرے[٤] میں منایا گیا - انھیں ایام میں روز شنبه ٤ فروردین (دوم جمادی‌الاولیٰ) ۱۰۳۰ھ کو میر کی پینشن مقرر ہوئی - بادشاہ لکھتا ہے[٥] :

> میر عضدالدوله چون بسیار پیر و منحنی شده از عهدهٔ سامان لشکر و جاگیر نمیتواند برآمد اورا از تکلیف خدمت و تردد معاف داشته حکم فرمودم که هر ماه چهار هزار روپیه نقد از خزانهٔ عامره می گرفته باشد و در آگره و لاهور هرجا مرضی او بوده باشد اقامت گزیده آسوده و مرفه الحال بسر برده بدعای ازدیاد عمر و دولت اشتغال نماید.

اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ شمالی ہندوستان کے شہروں

۱- مآثر الامرا (۲۵۹۲ ۳٦۰) میں گیارھویں سال جلوس کو ضمن میں پہلی اس خطاب کا ذکر ہے پھر میر کی پیشکش کا حالانکہ پیشکش کو ۱۳ روز بعد اس کو یہ خطاب عطا ہوا تھا - صاحب مآثر کی پیروی بلوخمین نے بھی کی ہے دیکھئے ترجمۂ آئین‌اکبری (۱ ۰۰ ۵ . ۵۰۱)

۲- تزوک ۲٦۷ ۳- ایضاً ۲۷۲

٤- ایضاً ۳۲٦ ٥- ایضاً ۳۲۷

میر حسین انجو، دکن کی سفارت کا کام نہایت خوش اسلوبی سے سر انجام دے کر ۱۷ شعبان سنہ ۱۰۲٤ھ کو واپس آیا[1] اور اس نے نہایت قیمتی تحفے پیش کئے - ان میں ایک انگوٹھی تھی جس کا نگینہ ایسا یمنی عقیق کا تھا کہ جس طرح کے عقیق بہت کم دیکھے گئے ہیں - میر مذکور کے ساتھ ابراہیم عادل شاہ کی طرف سے سید کبیر سفیر ہو کر آیا تھا - ٢٤ شعبان کو سارے تحفے بادشاہ کی نظر سے گذرے[2]-

اس کامیابی پر میر کے منصب میں اضافہ ہوا - جہانگیر لکھتا ہے[3] :

> در چہارم ماہ مہر منصب میر جمال الدین حسین کہ دو ہزاری ذات و پانصد سوار بود چہار ہزاری ذات و دو ہزار سوار مقرر گشت.

قدیم منصب کے سلسلے میں شاید کوئی غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے، اس لئے کہ جلوس سال اول کے وقت ہی اس کا منصب سہ ہزاری بتایا گیا ہے - بہر حال جہانگیر نے اس کے چہار ہزاری ذات و دو ہزاری سوار منصب پر اکتفا نہ کر کے دس ہی روز کے اندر اس کو پنج ہزاری ذات و دو ہزاری و پانصد سوار کے منصب پر فائز کر دیا[4] -

گیارھویں جشن نوروز کے موقع پر ۷ ربیع الاول سنہ ۱۰۲۵ھ کو حسین انجو نے اپنے وہ نوادر بادشاہ کی خدمت میں پیش کئے جو دکن کی ٥—٦ سالہ سفارت کے دوران میں جمع کئے تھے - جہانگیر کے الفاظ میں ان کی تفصیلات ملاحظہ ہوں[5] :

> پیشکش میر جمال الدین حسین بنظر در آمد انچہ گذرانید ہمہ مستحسن و پسند افتاد ازانجملہ خنجر مرصعی خود ہنرکاری نمودہ باتمام رسانیدہ بود بر بالای دستہ آن یاقوت زردی نشانیدہ

۱- مآثر رحیمی ۳ ۳۹۷ اور ٤٤٨ سے معلوم ہوا کہ ۱۰۲٤ میں حسین انجو بیجاپور میں موجود تھا اور انہیں ایام میں واپس ہوا- ظہوری اور ملک برہان خاناں کو مدحیہ کلام اس کے ہاتھ بھیجے تھے - جب وہ کلام خان خاناں کی خدمت میں پیش ہوا تو صاحب مآثر رحیمی موجود تھا -

۲- تورک ۱٤٦ ۳- ایضاً ۱٤۷

٤- ایضاً ۱٤٦ ٥- ایضاً : ۱٥٥ ۱٥٦

جلوس سال پنجم کے ذیل میں میر کے دکن جانے کے متعلق بڑی ضروری باتیں درج ھیں[1]:

چون درین ایام (صفر ۱۰۱۹ھ) عرائض پرویز و امرای تعینات دکن و دولت خواهان آنجا متعاقب یکدیگر رسید که عادل خان بیجا پوری التماس و استدعا دارد که میر جمال الدین حسین انجو را که مجموع دنیاداران دکن بر قول و فعل او اعتماد تمام دارند نزد او فرستند تا باآن جماعت صحبت داشته تفرقه و وحشت را از خاطر آنها دور سازد و معاملهٔ آنجا را حسب الاستصواب عادل خان . صورت پسندیده دهد و بهمه جهت تفرقه و وحشت را از خاطر دور ساخته و دلاسای او نموده از الطاف و عنایات بادشاهی اورا امیدوار سازد بنا بر حصول این مدعا میر مومی الیه را بتاریخ شانزده ماه مذکور (صفر ۱۰۱۹ھ) مرخص ساخته ده هزار روپیه انعام عنایت کردم .

معلوم ھوتا ھے کہ برھان پور سے طلبی اسی مخصوص کام کے لئے ھوئی تھی - میر، توزک[2] کی رو سے ۲۲ شعبان ۱۰۱۹ھ کو بیجاپور پہنچا - ابراھیم عادل شاہ کے وزیر اعظم نے بیس کوس پر استقبال کیا اور خود بادشاہ تین کوس پر استقبال کر کے اُسے اپنے ساتھ شاھی محل میں لایا ماہ دے ۱۰۲۳ھ میں بختر خاں کلاونت عادل شاھی سفیر کی حیثیت سے آیا اور اجمیر میں جہانگیر کے دربار میں حاضر ھوا - بادشاہ نے اس کے ساتھ بڑی مہربانی کا برتاؤ کیا - اس خبر سے ابراھیم عادل شاہ بہت متأثر ھوا - ان دنوں میر بیجاپور ھی میں تھا اس نے عادل شاہ کے تاثرات کا حال جہانگیر کو اس طرح لکھ بھیجا[3]

عادل شاہ اظہار نمودہ کہ آنچه نسبت به بختر خان از جانب بندگان حضرت بوقوع آمد گویا آن شفقت و مرحمت دربارهٔ من از قوت بفعل آمده است .

۱- توزک ۸۴ ۸۵ ۲- ایضاً ۸۸ ۳- ایضاً ۱۲۳

مگر مآثر الامرا میں اس سلسلے میں بعض زیادہ تفصیلات ملتی ہیں اس میں مذکور ہے[1] کہ حسن انجو کو خسرو کے پاس یہ پیغام لے جانے کا حکم ملا کہ جو حصۂ ملک میرزا محمد حکیم سے متعلق تھا اس پر وہ قابض ہو جائے۔ مگر بیوقوفی اور بدقسمتی کی بنا پر وہ راضی نہ ہوا، جب پکڑ کر حضور شاہی میں لایا گیا تو اس کے مدار علیہ حسن بیگ بدخشی نے کہنا شروع کیا کہ صرف تنہا میں شہزادے کا ساتھی نہ تھا، تمام امرا جو کھڑے ہیں وہ سب بغاوت میں شریک تھے۔ کل میر جمال الدین انجو مصالحت کے لئے گئے تھے، ہماری طرف سے پنج ہزاری منصداری کا وعدہ لیکر واپس آئے ہیں۔ یہ سن کر میر کے حواس جاتے رہے۔ خان اعظم نے جرأت کر کے عرض کی کہ حضور اس گستاخ کی باتیں نہ سنیں۔ اس کو معلوم ہے کہ وہ قتل کردیا جائے گا چنانچہ اور لوگوں کو اپنی صف میں لانا چاہتا ہے۔ میں بھی اس امر میں شریک رہا ہوں آپ حسب سزا کا مستحق سمجھیں مجھے دیں۔ بادشاہ نے ان باتوں سے در گذر کی اور میر کو دلاسا دیا۔ اس کے بعد اُسے بہار کی حکومت کے لئے نامزد کیا۔

۳ محرم سنہ ۱۰۱۶ھ کو میرزا کامران کے باغ میں خسرو کو قید کر کے لایا گیا، اس منظر کی تصویر کشی خود جہانگیر کے قلم سے دیکھئے[2]:

حسین بیگ را بر دست راست او و عبدالرحیم را بر دست چپ او ایستاده کرده بودند۔ خسرو درمیان این هردو ایستاده می‌لرزید و میگریست۔ حسین بیگ بگمان آنکه شاید او را نفعی کند سخن پریشان گفتن آغاز نمود، چون غرض او معلوم گشت او را بحرف زدن نگذاشته الخ

غالباً سخن پریشان کی تفصیل وہی ہوگی جو مآثر الامرا میں دی ہوئی ہے۔ مگر بہار کی صوبیداری کا ذکر تورک میں نہیں آیا ہے۔

جلوس سال چہارم کے ذیل میں ہے کہ میر برہان پور میں تھا کہ اسے طلب کیا گیا پہلی ذی‌قعدہ سنہ ۱۰۱۸ھ کو وہ حاضر دربار ہوا۔[3]

۱۔ مآثر الامرا ۳/۵۸۳ ۲۔ تورک ۳۲ ۳۔ ایضاً ۷۷

اس کی تائید نہیں ہوتی۔ جہانگیر کی تخت نشینی پنج شنبہ ۸ جمادی الثانی سنہ ۱۰۱٤ھ میں واقع ہوئی۔ اس کے ۳ ماہ ۲۲ دن بعد عید رمضان کے موقع پر پہلی بار میر کا ذکر آتا ہے۔ اُسے منجملہ چند اور امرا کے ایک ایک لاکھ دام دئے گئے کہ وہ فقرا میں تقسیم کردئے جائیں۔ اسی روز اس کا منصب بھی سہ هزاری کر دیا گیا[1]۔ جہانگیر کا پہلا جشن نو روز ۱۱ ذیقعدہ ۱۰۱٤ ھ کو واقع ہوا۔ اسی درمیان میں خسرو نے بغاوت کردی اور وہ پنجاب کی طرف روانہ ہوگیا۔ جہانگیر بھی پنجاب کے ارادے سے روانہ ہوا۔ ۱۳ ذی الحجہ کو دہلی پہنچا۔ اسی روز حضرت نظام الدین اولیا کی قبر کی زیارت کے موقع پر میر حسین انجو اور حکیم مظفر کے ذریعہ ایک بڑی رقم فقرا و مستحقین میں تقسیم کرائی گئی[2] کچھ دنوں بعد اُسے خسرو کو نصیحت کرنے کے لئے بھیجا گیا مگر اس پر کچھ اثر نہ ہوا۔ اس کے برخلاف میر حسین انجو پر خسرو کی تیاری وغیرہ کا اتنا اثر ہوا کہ جب اس کے ہارنے کی خبر پہنچی تو اُسے یقین نہیں آتا تھا۔ جہانگیر لکھتا ہے[3]:

> میر جمال الدین حسین را کہ پیش ازیں بجہت نصیحت خسرو فرستادہ بودم در همین وقت رسیدہ از کثرت و شوکت مردم خسرو چندان گفت کہ باعث بیم مردم میشد با آنکہ خبر فتح متواتر رسیدہ ایں سید سادہ لوح بہیچ وجہ باور نمیکند و تعجب مینماید کہ این نوع لشکری کہ من دیدہ ام چگونہ از فوج شیخ فرید کہ در نہایت قلت و بی استعدادی اند شکست میخورند. وقتیکہ سنگھاسن خسرو را با دو خواجہ سرای او آوردند میر قبول ایں معنی نمود از اسب فرود آمدہ سر بر پای من نہاد و انواع خضوع و خشوع بتقدیم رسانید و گفت اقبال بالا تر ازین نمی باشد.

۱۔ تورک جہانگیری ۲۱ ۲۔ ایضاً ۲۷
۳۔ ایضاً ۳۰

بیجاپور کے لئے روانہ ہو گئے ۔ شہزادہ اپنی دلہن کے ساتھ برہان‌پور چلا گیا[1]۔ "مآثر الامرا[2]" سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ میر حسین وہاں سے سیدھا آگرے آیا اور بادشاہ کی خدمت میں اس نے ایسے تحایف پیش کئے کہ اس سے قبل دکن سے کبھی نہیں آئے تھے ۔

صاحب مآثرالامرا[3] اور بلوخمین[4] نے حسین انجو کو سہ ہزاری منصبدار بتایا ہے، مگر اس کی تصدیق اکبر نامے وغیرہ سے نہیں ہوتی۔ مآثرالامرا[5] میں ہے کہ جہانگیر نے تخت نشین ہوتے ہی اسے چہار ہزاری منصب‌دار بنا دیا تھا ۔ لیکن خود تورک جہانگیری کے فارسی[6] متن اور انگریزی ترجمے[7] سے معلوم ہوتا ہے کہ جہانگیر نے جلوس کے پہلے سال اس کو سہ ہزاری منصبدار مقرر کیا تھا۔ لیکن دسویں[8] سال جلوس میں اسکے منصب کی ترقی کے موقع پر خود جہانگیر نے اس کا قدیمی منصب دو ہزار ذات و پانصد سوار بتایا ہے ۔ بہرحال غلط فہمی کہیں بھی ہو ان بیانات کی روشنی میں عہد اکبری کے اواخر میں میر کا سہ ہزاری منصبدار ہونا مشتبہ معلوم ہوتا ہے ۔

حسین انجو اور جہانگیر (۱۰۱٤ تا بعد ۱۰۳۳ھ)

صاحب مآثر الامرا[9] کے قول کے مطابق جہانگیر سے میر کو بڑی خصوصیت تھی اس لئے اُس کی تخت نشینی پر اسے چار ہزاری کا منصب ملا اس کے ساتھ نقارہ و علم مرحمت ہوا۔ مگر خود تورک جہانگیری سے

۱۔ اکبر نامہ ۳ ۸۲۳، ۸۲۷، "واقعات اسد بیگ" کے علاوہ راقم حروف کی مرتبہ کتاب "نورس" ۸ (حاشیہ) اور راقم کا مقالہ "اسد بیگ"، معارف جلد ۷۵ صفحات ۱۸۸ ۱۹۳ دیکھئے۔
۲۔ مآثرالامرا ۳ ۳۵۸ ۳۵۹ ۳ ایضاً ۳ ۳۵۸
٤۔ ترجمۂ آئین اکبری ۱ ۵۰۰، ریو فہرست کتب خانۂ برٹش میوزیم (۲ ٤۹٦) میں دربار اکبری کی داخلی وغیرہ کی ضمن میں جو باتیں درج ہیں ان میں سے بیشتر ناقابل قبول ہیں ۔
۵۔ مآثرالامرا ۳ ۳۵۸
٦۔ تورک جہانگیری (سر سید ایڈیشن) ۲۱
۷۔ ۱ ٤٦ ۸ تورک ۱٤۷
۹۔ مآثرالامرا ۳ ۳۵۹

'' طبقات '' اور '' اکبر نامے '' میں جلوس کے سالوں میں ایک سال کا تفاوت ہے اس لئے ۲۸ویں سال کے بجائے اسے ۲۹واں سال سمجھنا چاہئے ۔ بہرحال ۴۰ویں سال سے قبل میر کے عہدے کی ترقی مسلم ہے ۔

عہد اکبری کے ۴۵ویں سال ۲۹ اسفندارمذ (۱۲ رمضان سنہ ۱۰۰۹ھ) کو میر، بیجاپور بھیجا گیا[1] ۔ اسی درمیان ابراهیم عادل شاہ والی بیجاپور نے خواہش کی تھی کہ اس کی لڑکی سلطانہ بیگم، شاہزادہ دانیال کے نکاح میں دے دی جائے[2] ۔ اکبر نے اس کی درخواست منظور کرلی اور شادی کے مراحل طے کرنے کے لئے میر کو روانہ کیا گیا ۔ مگر اس معاملے میں غیرمعمولی تاخیر ہوتی گئی ۔ یہ تاخیر بعض وجوہ سے بادشاہ کو بیحد ناگوار گزری ۔ ۴۸ویں سال جلوس (۱۰۱۲ھ) میں اسدبیگ قزوینی اس کام کی تکمیل کے لئے بیجاپور بھیجا گیا ۔ بیجاپور کے قریب جب وہ پہنچا تو اس کے استقبال کے لئے میر انجو اور دوسرے امرا آئے ۔ شعبان سنہ ۱۰۱۲ھ کو وہ بیجاپور میں داخل ہوا ۔ چند دنوں کے قیام کے بعد اس نے واپسی کا ارادہ کیا ۔ ابراهیم کی خواہش تھی کہ اسد، عجلت نہ کرے مگر وہ کسی طرح راضی نہ ہوا اور اس نے عادل شاہ کو اتنا مجبور کر دیا کہ چند ہی دنوں میں شادی کے سارے لوازم پورے ہو گئے ۔ ۲ رمضان سنہ ۱۰۱۲ھ کو شہزادی مع میر حسین انجو احمد نگر روانہ ہو گئی ۔ میر مذکور، شہزادہ دانیال کو لینے برھان پور چلا گیا اور اسد بیگ وغیرہ احمد نگر میں اقامت گزیں رہے ۔ شہزادہ اور خان خاناں فوراً احمد نگر آئے ۔ اور تیرماہ کی نویں تاریخ (صفر سنہ ۱۰۱۳ھ) کو گوداوری کے کنارے پٹن میں جشن عروسی منعقد ہوا ۔ عادل شاہی امرا جن میں مصطفیٰ خاں اور محمد قاسم فرشتہ بھی تھے، شاہزادی اور دانیال سے رخصت ہوکر

۱ ۔ اکبر نامہ ۳ ۷۸۵

۲ ۔ مگر تاریخ فرشتہ ۱/۲۷۱، بساتین السلاطین : ۲۵۵ سے معلوم ہوتا ہے کہ خود اکبر نے خواہش کی تھی ۔

> که بسیار یکسم و دل سوزی نه دارم، گفته شد از آنجا که بنده‌نوازی حضرتست اگر میر را درین ولایت جاگیر حکم شود و بجاگیر شما یکجا باشد چه دور، اما شما در ادای جدبات و اظهار آثار اخلاص بسیار اهمال کردید هرچند اهمال بقصد شما نبود و بناگهانی اتفاق افتاده و من‌هم مکرر از قرار واقع عرضداشت نموده‌ام.

جلوس اکبری کے تیسویں[1] سال ۱۹ فروردین (۹۹۳ھ) کو میر جمال‌الدین حسین انجو شش‌صدی منصبدار مقرر ہوا۔ اسی وقت اس کا سالا برہان الملک بھی پنجصدی منصدار کے عہدے پر فائز ہوا تھا۔ اسی سال خان اعظم راے‌سین اور گڑھ کی مہم پر روانہ ہوا۔ اس کے ساتھ جو سردار نامرد ہوے ان میں میر حسین انجو کا نام بھی[2] پایا جاتا ہے۔ جلوس کے ۳۶ویں سال ۹۹۹ھ میں[3] وہ اپنی مالوے کی جاگیر پر تھا کہ خان اعظم دکن کی طرف روانہ ہوا۔ میر مذکور کو بھی اس کے ساتھ جانے کا حکم جاری ہوا چنانچہ وہ بھی خان کے ساتھ دکن چلا گیا۔

"مآثر الامرا" کی رو سے جلوس کے ۴۰ویں سال (۱۰۰۳ھ) میر حسین انجو، ہزاری منصبدار کے عہدے پر فائز ہوا[4]۔ مگر "اکبر نامے" میں اس واقعے کا ذکر نہیں البتہ "طبقات اکبری" میں اس کا ذکر ہزاری منصدار[5] کی حیثیت سے موجود ہے۔ چونکہ یہ کتاب ۳۸ویں سال جلوس تک کے واقعات پر ختم ہو جاتی ہے اس لئے اسکی ترقی جلوس کے ۳۸ویں سال تک ہو چکی تھی[6]۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ

۱۔ اکبر نامہ ۳ ۴۵۷
۲۔ ایضاً ۴۶۴ ۳ ایضاً ۶۰۰
۴۔ مآثر الامرا ۳ ۳۵۸، جرنل ایشیاٹک سوسائٹی (۱۸۶۸ع) ۳۷ ۲۷ (حاشیہ)، بوحمین: ترجمۂ آئین اکبری ۴۹۹
۵۔ طبقات اکبری ۲ ۴۵۳
۶۔ ایضاً ۲ ۴۲۴ آئین اکبری لکھتے وقت میر، ہزاری منصدار تھا۔ بعض نسخوں میں پنجصدی ہے جو بلاخمین کے نزدیک غلط معلوم ہوتا ہے۔ دیکھئے جرنل ایشیاٹک سوسائٹی ۳۷ / ۲۵۔

پر بجا طور پر اظہار حیرت[1] کیا ہے - اس سلسلے میں ایک بات یہ عرض ہے کہ برہان، اپنی ماں خونزہ همایوں کا نہایت چہیتا[2] بیٹا تھا اور اگرچہ وہ مرتضیٰ نظام شاہ سے چھوٹا تھا مگر ماں اسی کو ترجیح دیتی تھی - لیکن بالآخر مرتضیٰ نظام شاہ کو تخت مل گیا اور خونزہ همایوں، اسکی نگراں مقرر ہوئی اور جیسا اوپر ذکر ہو چکا ہے اس کا غیر معمولی اقتدار تمام امرا کی نظروں میں کھٹکتا تھا - لطف یہ کہ خود اس کا حقیقی داماد، حسین انجو بھی اس کا سخت مخالف تھا چنانچہ خونزہ همایوں کو برطرف کرنے کی پہلی کوشش میں وہ گرفتار بھی ہو چکا تھا مگر دوسری بار امرا کامیاب ہو گئے اور خونزہ همایوں گرفتار کر لی گئی - ممکن ہے ان وجوہ کی بنا پر حسین انجو کے تعلقات برہان سے بہت اچھے نہ رہے ہوں - لیکن اس موقع پر یہ بات بھی پیش نظر رکھنی چاہیے کہ احمد نگر سے حسین انجو کا اخراج مرتضیٰ نظام شاہ ہی کی وجہ سے ہوا تھا اور اسی کی وجہ سے برہان بھی دربدر پھر رہا تھا - ان سوالوں کے جواب آسان نہیں - اس سلسلے میں ابوالفضل کے اس قول کی کہ جعلی برہان کا تعارف میر انجو نے کرایا پوری طرح تصدیق کرنے کی ضرورت ہے، اس لئے کہ میر انجو کا ذکر اس ضمن میں نہ ''طبقات اکبری'' میں ہے اور نہ ''مآثر رحیمی'' میں - برہان الملک اور حسین انجو ہند میں کئی موقعوں پر ساتھ ساتھ نظر آتے ہیں - اور ''انشاے فیضی'' سے معلوم ہوتا ہے کہ برہان، حسین انجو کا کس قدر دلدادہ تھا - اس نے فیضی سے سفارش کی کہ میر، دکن روانہ کرا دیا جائے - فیضی کے الفاظ یہ ہیں[3]:

> نظام الملک پیش ازین بدو سہ روز بندہ را میگفت کہ از حضرت التماس خواہم کرد کہ میر جمال الدین حسین را بمن عنایت فرمایند

۱- ترجمۂ اکبرنامہ (بیوریج) ۳ / ۶۰۵ (حاشیہ ۲)

۲- اکبرنامہ ۳ / ۴۰۷

۳- انشای فیضی (کتب خانۂ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، ضمیمہ فارسیہ ادب ۵۹) ورق ۳۴ ب

اس کے ہمراہ متعدد امرا جاتے ہیں۔ ان میں حسین انجو بھی شامل ہے۔ کچھ ہی دنوں کے بعد بنگال کے افسروں نے بغاوت کی۔ بغاوت کے محتملہ اسباب میں میر حسین انجو کی جاگیر کی تبدیلی بھی تھی۔ یہ جاگیر جلیسر میں تھی جو مدنا پور میں واقع ہے۔ مظفر خاں نے جن سرداروں کو باغیوں کے مقابلے میں بھیجا تھا ان میں حسین انجو بھی تھا۔ آخر میں مظفر کے ساتھیوں میں انتشار پیدا ہو گیا اور وہ اس سے کنارہ کش ہو گئے۔ چند سردار جو آخر وقت تک مظفر کے ہمرکاب تھے ان میں حسین انجو[1] بھی تھا۔

جلوس کے اٹھارھویں[2] سال امرداد (رجب سنہ ۹۹۱ھ) میں برہان الملک احمد نگر سے نکل کر دربار اکبری میں پناہ گزیں ہوا۔ بادشاہ نے اس کے ساتھ بڑا اچھا سلوک کیا۔ دو سال قبل برہان نام کا ایک اور شخص حاضر دربار ہوا تھا اور وہ بھی نظام شاہی خاندان کے دعویداروں میں تھا۔ ابوالفضل کا قول ہے کہ اس دعویدار کا تعارف حسین انجو[3] ہی نے کرایا تھا۔ جب برہان الملک آیا تو دونوں کا سامنا ہوا۔ آخر میں اس کا جعل ثابت ہوا اور وہ پکڑ کر قید کر دیا گیا۔

یہ بات تعجب خیز ضرور ہے کہ حسین انجو نے جعلی برہان کا تعارف کیوں کرایا تھا۔ برہان نظام الملک میر حسین کا حقیقی سالا تھا اس لئے اس کے لئے جعلی اور اصلی برہان میں تمیز نہ کر سکنے کا کوئی سوال ہی نہ تھا۔ مؤلف "اقبالنامۂ جہانگیری" نے حسین انجو اور برہان الملک کے رشتے کا ذکر کرتے ہوئے ایک جعلی آدمی کے تعارف

۱۔ اکبرنامہ ۳ ۲۶۶، ۲۹۲، ۲۹۳، ۳۰۲

۲۔ اکبرنامہ ۳ ۴۰۸ مگر طبقات اکبری (۲ ۳۶۹) اور مآثررحیمی (۱ ۷۷۸) پر اسی ان سال جلوس بتایا گیا ہے گو تاریخ وہی ہے۔ اکبری عہد میں سالوں کا اختلاف خاصہ قابل توجہ ہے۔ اس کے علاوہ تاریخ کی بعض ایسی غلطیاں مطبوعہ نسخوں میں پائی جاتی ہیں کہ ان سے بڑی گمراہی پیدا ہوتی ہے، ان امور کی طرف توجہ کی ضرورت ہے۔

۳۔ طبقات اکبری اور مآثررحیمی میں دعویدار کا ذکر ہے مگر میر حسین انجو کے تعارف کا مطلق ذکر نہیں۔

فیاضی و ایثار کا دریا جب جوش میں آیا تو سارا خزانہ خالی ہوگیا۔ اس وقت بادشاہ اور وزیر کی قابل ذکر گفتگو برہان مآثر کے الفاظ میں اس طرح ہے[1]:

> چون در آن ایام مسند وکالت و پیشوائی بہ وجود شریف نقاوۂ اولاد رسول ثقلین شاہ جمال الدین حسین زیب و زینت داشت شاہ کفایت دستگاہ بعرض رسانید کہ تمام نقود خزانۂ عامرہ در ایثار شہر یار کامگار مصروف گشتہ حالا نوبت باوانی و ظروف رسیدہ عمال آنرا شکستہ صرف مینمایند اگر در شیوۂ ایثار اعتدالی مرعی فرمایند ہرآینہ باصلاح و دولت اقرب و اسب خواہد بود۔ حضرت سلیمانی فرمود کہ اگر توانید ارباب سوال را نصیحت کنید کہ صورت احتیاج خویش در پایۂ سریر جاہ و جلال رفع نہ نمایند وإلاّ در مذہب مروت و فتوت روا نہ باشد کہ ما دست رد بر سینہ نہیم الخ

حسین انجو دربار اکبری میں (۹۸۰ــــ۱۰۱٤)

جیسا اشارہ کیا جاچکا ہے حسین انجو آگرہ جانے کے بجاے اکبر سے ملنے اجمیر یا گجرات کی طرف چلا گیا۔ چنانچہ اس جنگ میں جو شوال سنہ ۹۸۰ ہجری[2] میں اکبری فوجوں اور میرزائیوں کے درمیان پٹن[3] میں واقع ہوئی میر حسین انجو، قطب الدین کے ساتھ خان اعظم کی فوج میں میمنہ پر مقرر ہوا تھا۔ اس کے بعد ایک مدت تک اس کے متعلق کچھ بھی معلوم نہیں ہوتا۔ سنہ ۹۸۷ ھ میں دفعۃً وہ بنگال میں ملتا ہے۔ ۲٤ ویں سال جلوس میں مظفر خاں بنگال کا گورنر مقرر ہوتا ہے۔

۱۔ برہان مآثر، ۵٦۷ ۔ ۲۔ اکبر نامہ ۳، ۲٤

۳۔ اس کا نام نہروالہ تھا بعد میں پٹن ہوگیا، احمد نگر میں بھی ایک پٹن ہے جو دریاے گوداوری کے کنارے واقع ہے۔ پنجاب کا پٹن پاک پٹن کہلاتا ہے۔ سومنات کے قریب ایک اور پٹن ہے۔ کشمیر میں بھی اس نام کا ایک مقام ہے۔ میر انجو کا تعلق یہاں گجرات کے پٹن سے ہے لیکن، ۱۰۱۳ ھ میں وہ پٹن (دکن) میں بھی تھا۔

فرشته اور برهان مآثر کے بیان میں صرف اتنا فرق ہے کہ اول الذکر کے اعتبار سے وہ برهان پور چلا گیا جو اس وقت اکبری سلطنت کا جزء تھا اور آخرالذکر کے بیان کے مطابق اگرہ۔ مگر سنہ ۹۸۰ھ[1] میں وہ گجرات کی مہم میں شریک تھا اور پٹن کی جنگ میں وہ دوسرے سرداروں کے ساتھ مصروف کارزار تھا۔ اس سے یہ خیال ہوتا ہے کہ بجائے آگرہ جانے کے وہ برهان پور کی راہ سے اکبر سے ملنے کی غرض سے اجمیر کی طرف گیا ہوگا کیونکہ اکبر نامہ، مآثر رحیمی اور طبقات اکبری وغیرہ تاریخوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اکبر اپنے جلوس کے سترھویں سال گجرات کی تسخیر کے ارادہ سے ۲۰ صفر سنہ ۹۸۰ھ کو روانہ ہوا، ۱۵ ربیع الاول کو اجمیر پہنچا، وہاں چند دنوں قیام کیا۔ یہیں شاہزادہ دانیال ۲ جمادی الاولی کو پیدا ہوا۔ ۹ جمادی الاولی کو وہ ناگور پہنچا اور پہلی رجب کو شہر پٹن میں رونق افروز ہوا۔ گمان غالب ہے کہ اجمیر اور پٹن کے درمیان میرحسین انجو دربار اکبری میں باریاب ہوا ہوگا۔

ایک بات قابل ذکر یہ ہے کہ جب علی عادل شاہ اس کا حقیقی همزلف بیجاپور کا فرمان روا تھا اور اس کی سالی چاند بی بی جو چاند سلطان کے نام سے ہندوستان کی تاریخ میں مشہور ہے، بیجاپور میں موجود تھی تو وہ اس طرف کیوں نہ متوجہ ہوا۔ ایک بات یہ بھی ہے کہ قلعۂ کلیانی کے معاملے میں حسین انجو نے مرتضیٰ پر بڑا زور ڈالا تھا کہ وہ علی عادل شاہ کے سپرد کردیا جائے، اس واقعے سے علی عادل شاہ کے دل میں حسین انجو کی بڑی عزت بھی رہی ہوگی۔ بہر حال ان تمام چیزوں کے باوجود اس نے دربار اکبری کو ترجیح دی۔

مرتضیٰ نظام شاہ کی دوساله وکالت کا خاتمہ بخیر نہیں ہوا جس میں شاہ حسین انجو کی جوانی اور کم تجربہ کاری کو دخل تھا لیکن شاہ کے خلوص و دیانتداری سے انکار نہیں ہوسکتا۔ مرتضیٰ نظام شاہ کی

۱۔ ابوالفضل: اکبرنامہ (کلکتہ ایڈیشن ۱۸۸۶) ۳ ۲٤ ترجمۂ انگریزی اکبرنامہ (بیوریج کلکتہ ۱۹۱۲) ۳ ۳۲-۳۳

دوسرے متعلقین سمیت برہان پور کی طرف اخراج کردیا، اور میرک دبیر کو چنگیز خاں کا خطاب دیکر اپنا وکیل السلطنت بنا لیا۔ مندرجہ بالا واقعات فرشتہ[1] سے ماخوذ ہیں جو برہان مآثر کی حسب ذیل تفصیل پر پورے اترتے ہیں[2]:

نزدیک بود که چهرۀ فتح و نصرت از مرآۀ عنایات الٰهی مشاهد تابعان ملت حضرت رسالت پناهی گردد لیک چون ملازمان شاه جمال الدین حسین که در آن حین متکفل امور جمهور و مدار نظام مهام کافۀ انام بحسن کفایت و اهتمام او منوط ومربوط، از تمادی ایام محاصره و محاربه ملول گشته بمقتضای هوای نفسانی و باستیفای آرزوها و لذات جسمانی که لازمۀ ایام جوانیست مشغول گردید و تمام اوقات و ایام را باستماع نغمات دل آویز و ترنمات شوق انگیز گذرانیده کما ینبغی بنظام امور جهانبانی و تدابیر کشورستانی نمی‌پرداخت۔ چنگیز خان را به نیابت خویش جهت امور دیوانی مقرر فرموده.. شهریار گیتی ستان بموجب صوابدید چنگیز خان با مشرکان صلح گونه فرموده عنان عزیمت بصوب مستقر سریر سلطنت تافت و در اثناء راه چنگیز خان برمدارج تقرب ترقی یافته از مرتبۀ نیابت بمنصب وکالت سرفراز گردید.. و شاه جمال الدین حسین بمرور دست از تصدی امور جمهور کشیده چون موکب همایون بمرکز دولت روز افزون رسید حسب الحکم جهان مطاع با فرزندان و اتباع متوجه ولایت آگره و ملازمت اکبر شاه گردید و تا غایت که تاریخ هجرت حضرت رسالت پناه باثنی[1] والف رسیده در ملازمت آن سدۀ سلطنت با نهایت تقرب و عزت بصدارت امارت متمکن است۔ ظلال سیادتش پاینده و لایزال باد۔

۱۔ فرشته ۲ / ۱۳۰-۱۳۲ ۲۔ برهان مآثر ۴۵۶ - ۴۵۷

پیشوائی کے منصب پر سرفراز ہو جائے اس بنا پر بادشاہ سے اس کے قتل کی اجازت لیکر اس نے اس کا قصہ پاک کردیا ۔ مگر بادشاہ کو بعض خطرے ایسے لاحق ہوئے کہ مجبوراً اُسے خان خاناں کو معزول کرنا پڑا ۔ اس کے بعد حسین انجو کو خلعت اور وکالت کے منصب سے سرفراز کیا گیا ۔

اسی درمیان میں خبر ملی کہ ریکدنڈہ کے فرنگی، مسلمانوں کو بہت پریشان کر رہے ہیں ۔ مرتضیٰ نظام شاہ نے حسین انجو اور دوسرے سادات انجو کے مشورے سے فرنگیوں پر حملہ کر دیا اور وہ دو سال تک قلعے کا محاصرہ کیے پڑا رہا مگر کامیابی کی صورت نظر نہیں آتی تھی ۔ قلعہ والوں کو رسد کی بھی کمی نہ تھی ۔ متعدد نظام شاہی امیر خفیہ طور پر انکو سامان پہنچایا کرتے تھے ۔ اس میں شاہ حسین انجو کی سستی کو بھی بڑا دخل تھا ۔ وہ جوانی کی غیر ضروری مصروفیات میں پڑ کر اپنے فرائض سے غافل ہو گیا تھا ۔ فرشتہ میں ہے[1] :

جمال الدین حسین بمقتضائے جوانی بمہمات ملکی و مالی نہ پرداختہ بعیش و عشرت مشغول می بود و خواجۂ میرک دبیر را وکیل خود کردہ عشرت یک لحظہ را بسلطنت دکن برابر نمیگرفت۔

بادشاہ، محاصرے کے طول کھینچ جانے پر بہت ملول تھا اور بالآخر جب اس کو یہ اطلاع ملی کہ نظام شاہی سردار کی غداری کی وجہ سے قلعہ کسی طرح فتح نہیں ہو سکتا تو میرک دبیر کے مشورے سے اس نے محاصرہ اُٹھا لیا ۔ میرک کے خلوص سے بادشاہ بہت متأثر ہوا اور روز بروز اس کے اعزاز میں اضافہ کرتا گیا اور وہ حسین انجو سے بہت کبیدہ خاطر رہنے لگا ۔ احمدنگر کو اس واقعہ کی اطلاع ہوئی تو وہ احمد نگر کی طرف روانہ ہو گیا ۔ بادشاہ بھی چند دنوں بعد احمد نگر آیا تو اس نے سارے غدار امرا کو جن میں فرہاد خاں، اخلاص خاں اور حبشی خاں بھی شامل تھے، قید کر دیا ۔ حسین انجو کو اس نے قید نہیں کیا لیکن اس کو اس کی بی بی (جو خود بادشاہ کی بہن تھی) اور

۱۔ تاریخ فرشتہ ۲ ، ۱۳۴

رھتے تھے ۔ حالت یہ تھی کہ خود خونزہ ھمایوں[1] کا داماد ، حسین انجو اور بھتیجا مرتضیٰ خاں، اور امرا کے ھم خیال تھے۔ ایک روز، متعدد امرا نے جن میں حسین انجو اور مرتضیٰ خاں بھی شامل تھے مرتضیٰ نظام شاہ سے خونزہ ھمایوں کی شکایت کی اور اسے گرفتار کرنے کا مشورہ دیا۔ بادشاہ راضی ھوگیا اور حسین انجو، مرتضیٰ خاں اور شاہ احمد وغیرہ فرھاد خاں، اخلاص خاں اور حبشی خاں کے توسط سے خونزہ ھمایوں کو گرفتار کرنے کے ارادے سے مجلس سے اُٹھے ۔ اتفاق سے اسی درمیان میں خونزہ ھمایوں نے مرتضیٰ نظام شاہ کو طلب کر لیا بادشاہ نے خیال کیا کہ اسکی ماں کو لوگوں کے ارادے کی اطلاع ھوگئی ھے، اس لئے اس کو خطرہ محسوس ھوا ایسا نہ ھو وہ سلطنت سے معزول کر دیا جائے ۔ اس بنا پر اس نے سارا واقعہ ماں سے کہہ دیا ۔ اس کا نتیجہ یہ ھوا کہ حسین انجو گرفتار کر لیا گیا اور اس کے ساتھی اِدھر اُدھر منتشر ھو گئے ۔ قاسم بیگ، گجرات جا کر وھیں چند ھی دنوں میں مر گیا ۔ کچھ دنوں بعد خونزہ ھمایوں نے ملا عنایت اللہ کو بھی قید کر دیا ۔

سنہ ۹۷۷ ھ میں مرتضیٰ نظام شاہ کے مشیروں نے جن میں ملا حسین تبریزی ، شاہ احمد اور مرتضیٰ خاں قابل ذکر ھیں خونزہ ھمایوں کو گرفتار کرنے کا مشورہ دیا ۔ اس مرتبہ فرھاد خاں وغیرہ کی کوشش سے وہ گرفتار ھوکر مرتضیٰ نظام شاہ کے سامنے پالکی میں لائی گئی ۔ اس خبر سے تمام لوگوں میں اطمینان کی لہر دوڑ گئی اور خود بادشاہ کو بھی بڑا اطمینان ھوا ۔ اس نے حسین تبریزی کو خان خاناں کا خطاب دیکر اسے پیشوائی کا منصب عطا کیا ۔ مرتضیٰ خاں اور دوسرے امرا کے مراتب میں اضافہ ھوا۔ اس کے بعد کشور خاں پر لشکر کشی ھوئی اور وہ قتل ھوا ، اور عادل شاھیوں کی مدد سے قطب شاہ کی گوشمالی کی گئی۔ اسی درمیان میں خان خاناں کو خوف معلوم ھوا کہ مبادا عنایت اللہ قید سے رھائی پا کر

۱ ۔ خونزہ ھمایوں دختر میاںجیو س خواجگی پسر زادۂ جہاں شاہ قراقونیلو بادشاہ آذربائیجان است فرشتہ ۱ , ۱۴۰ اس کے دو بھائی تھے عین الدین اور تاج خاں ۔

چند ہی دنوں بعد جب رام راج کی مدد سے علی عادل شاہ نے احمد نگر پر حملہ کیا اور وہاں کے لوگوں کو بہت زیادہ تکلیف پہنچائی تو حسین شاہ، امرا کے مشورے پر پٹن چلا گیا - فرشتہ کے الفاظ ملاحظہ ہوں[۱] :

حسین نظام شاہ بحری . . . بمشورت قاسم بیگ حکیم و شاہ جعفر برادر شاہ طاہر و شاہ حسین انجو و دیگر اعیان دولت بجانب پٹن رفتہ بود و قلعۂ کلیانی را بعادل شاہ دادہ در آن سال بساط منازعت برچید.

شادی کے ایک سال بعد حسین نظام شاہ اور ابراہیم قطب شاہ دونوں کلیانی کا محاصرہ کیے ہوئے تھے - اس درمیان میں علی عادل شاہ کو رامراج اور برہان عمادالملک کی مدد مل گئی اس خبر سے حسین نظام شاہ کو محاصرہ اٹھانا پڑا - اس وقت نظام شاہ کے اہل و عیال بادشاہ کے لڑکے مرتضیٰ اور داماد حسین انجو کے ہمراہ قلعۂ اوسہ کی طرف چلے گئے - اس کے دو سال بعد حسین نظام شاہ کا انتقال ہو گیا -

مرتضیٰ نظام شاہ سے تعلقات (۹۷۲ تا ۹۷۹)

حسین انجو کی عظمت کا آفتاب مرتضیٰ نظام شاہ کے دور میں طلوع ہو کر نصف النہار تک پہنچ بھی جاتا ہے اور چند ہی دنوں میں غروب بھی ہو جاتا ہے - مرتضیٰ نظام شاہ، اپنے باپ حسین نظام شاہ کی وفات پر سنہ ۹۷۲ھ میں عنفوان جوانی میں تخت نشین ہوا اس لئے تقریباً ۵ - ٦ سال تک اس کی ماں خونزہ ہمایوں کے ہاتھ میں سلطنت کی باگ ڈور تھی - اس نے اپنے بھائیوں کو ممتاز عہدے دیکر ملا عنایت اللہ کو اپنا پیشوا اور حکیم قاسم بیگ کو امور ملکی ومالی کا مشیر مقرر کیا - اس کے غیر معمولی اقتدار سے سارے امرا خائف اور اس کے اقتدار کو ختم کرنے کے درپے

۱ - فرشتہ ۲ ۳٦ تاریخ مذکور میں یہ واقعہ ۹۷٦ھ کا قرار دیا گیا ہے، جو وجوہ بالا کے علاوہ اس بنا پر بھی غلط ہے کہ اس سنہ سے چار سال قبل حسین نظام شاہ انتقال کر چکا تھا.

در تدبیر نظام و انتظام مہام سلطنت . مدخل نمودہ .

سیاق و سباق عبارت سے یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ صاحب برہان مآثر نے "مصاہرت و مصاحبت آنحضرت" کے فقرے میں مرتضیٰ نظام شاہ ہی کی طرف اشارہ کیا ہے اور اس صورت میں مرتضیٰ نظام شاہ ہی کو میر کا خسر فرض کرنا پڑے گا ۔ لیکن یہ خیال صحیح نہیں معلوم ہوتا اس لئے کہ اولاً مرتضیٰ نظام شاہ، میر سے عمر میں چھوٹا معلوم ہوتا ہے، ثانیاً فرشتہ نے صراحةً کئی بار اس رشتے کا ذکر کیا ہے ۔ پس ہم یہی قیاس کرتے ہیں کہ حسین نظام شاہ ہی میر حسین[1] انجو کا خسر تھا ۔

حسین نظام شاہ کے دور میں میر نے کافی اقتدار حاصل کر لیا تھا چنانچہ بعض اہم مواقع پر وہ موجود تھا اور اس نے بادشاہ کو مشورہ دینے میں تامل نہیں کیا ۔ یہ واضح رہے کہ اس کا باپ حسن انجو بھی صحیح بات کے کہنے میں تامل نہیں کرتا تھا ۔ چنانچہ اس کا ایک ایسا ہی قول درج ہو چکا ہے ۔

جب حسین نظام شاہ اور علی عادل شاہ کے درمیان اختلاف رونما ہوا تو میر کی کوشش ہوئی کہ ان دونوں بادشاہوں میں صلح ہو جائے ۔ مگر اس کی کوشش بے سود ہوئی ۔ فرشتہ کے الفاظ یہ ہیں[2]:

> و نیز شاہ انجو کہ از مجلسیان نظام شاہ بحری بود ہرچند سعی نمود کہ قاعدۂ کلیائی بعدالت پناہ دادہ رفع نزاع گردد ہیچ سود مند نیفتاد .

۱ ۔ اقبال نامۂ جہانگیری میں بھی اسی رشتے کا ذکر ہے ملاحظہ ہو ترجمۂ اکبرنامہ (بیوریج) ۳ ۲۵ (حاشیہ ۲)

۲ ۔ تاریخ فرشتہ ۲/ ۳۶ تاریخ مذکور میں یہ واقعہ ۹۷۲ھ کا بتایا گیا ہے جو اس لحاظ سے غلط ہے کہ اس واقعے کے بہت بعد حسین نظام شاہ نے اپنی لڑکی بی بی جمال کی شادی ابراہیم قطب شاہ سے ۹۷۰ھ میں کی (ملاحظہ ہو تاریخ فرشتہ ۲/ ۱۲۶ ۔ مگر ۲/ ۱۷۰ پر سنہ ۹۷۱ لکھا ہوا ملتا ہے) اور ۹۷۲ھ میں تو حسین کا انتقال ہو گیا ہے ۔ ایک بات یہ بھی ہے کہ رام راج کی لڑائی سے بہت قبل کا یہ واقعہ ہے، اس لئے اسے ۹۷۲ کے بہت قبل کا فرض کرنا پڑے گا ۔ میری نزدیک ۹۶۸ کے قریب کا واقعہ ہوگا ۔

ہے جب میر کے والد اور حسن انجو جو گجرات میں مقیم تھے ان کا ایک ہونا ہر طرح مسلم ہو جاتی ہے۔ ساتھ ہی شادی کے سلسلے کے بعض قیاسات بھی حقیقت میں تبدیل ہو جائیں۔ موجودہ امور کے پیش نظر شادی کے وقت میر کی عمر ۲۵ سال کی ہوگی۔

حسین نظام شاہ سے تعلقات

اوپر ذکر ہوچکا ہے کہ میر کی شادی حسین نظام شاہ کی بڑی لڑکی سے ہوئی۔ فرشتہ نے اس سلسلے میں کافی معتبر اطلاع بہم پہنچائی ہے[1]:

در اوائل سنہ تسع و ستین و تسعمأیۃ، صبیۂ بزرگ خود بی بی خدیجہ کہ از بطن خونزہ ہمایون بود بعقد ازدواج شاہ جمال الدین حسین بن شاہ حسن در آورد۔

ایک جگہ اور لکھتا ہے[2]:

از بی بی خونزہ ہمایون دو پسر مرتضیٰ و برہان و دو دختر چاند بی بی زوجۂ علی عادل شاہ و بی بی خدیجہ منکوحۂ جمال الدین حسین انجو

ایک اور جگہ اس رشتے کا ذکر اس طرح آیا ہے[3]:

حسین نظام شاہ ترک محاصرہ کردہ احمال و اثقال و اہل و عیال را با شہزادۂ مرتضیٰ و داماد شاہ جمال الدین حسین بجانب قلعۂ اوسہ روانہ گردید۔

مگر فرشتہ کے ان صریحی بیانات کے باوجود برہان مآثر میں مرتضیٰ نظام شاہ کے تعلق سے یہ بیان ملتا ہے[4]:

بعد از مصالحت عادل شاہ.. و فرار قطب شاہ، شاہ ہدایت دستگاہ شاہ حیدر و سیادت و نقابت پناہ شاہ جمال الدین حسین انجو کہ بہ مصاہرت و مصاحبت آنحضرت اختصاص یافتہ بود بموجب اشارت

۱۔ تاریخ فرشتہ ۲/۱۲۵
۲۔ ایضاً ۲ ۱۲۹
۳۔ ایضاً ۲ ۱۲٦
٤۔ برہان مآثر: ٤٥٢

اسی موقع پر برہان مآثر میں یہ آیا ہے[1] :

> و ایک چون ملازمان شاہ جمال الدین حسین .. از تمادی ایام محاصرہ و محاربہ ملول گشت بمقتضای ہوای نفسانی باستیفاء آرزوہا و لذات جسمانی کہ لازمۂ ایام جوانیست مشغول گردید.

جو جوان شخص اپنے فرائض منصبی کی طرف سے غفلت کرتا ہو، اس کو مؤرخ اس اعتبار سے مورد الزام نہیں ٹھہراتا کہ جوانی میں اس طرح کی لغزشیں عموماً ہو جایا کرتی ہیں، اس لحاظ سے اگر اس جوان کی عمر ٣٥ سال قرار دی جائے تو بعید از قیاس نہ ہوگا۔ اس قیاس کی صحت کی صورت میں میر کی پیدائش سنہ ٩٤٤ ہجری کے قریب ہوئی ہوگی۔ اس سلسلے میں ایک بات یہ بھی پیش نظر رکھنی چاہیے کہ جہانگیر[2] نے سنہ ١٠٣٠ ہجری میں میر کی پینشن عمر کی زیادتی کی بنا پر مقرر کی۔ ہمارے حساب سے اس سنہ میں میر کی عمر ٨٦ سال کی ہوتی ہے۔ اتنی عمر کا آدمی عموماً فوجی خدمت کے لائق نہیں ہوا کرتا۔ پھر جہانگیر کے بیان سے ایسا مترشح ہوتا ہے کہ وہ بہت ہی زیادہ بوڑھا ہوچکا تھا اور یہ بیان ٨٦ سال کی عمر والے پر پوری طرح صادق آتا ہے۔ مختصر یہ کہ میر کی پیدائش موجودہ مواد کے اعتبار سے سنہ ٩٤٤ھ سے قبل فرض نہیں کی جا سکتی، اور چونکہ اس کا باپ میر حسن اس سنہ سے قبل گجرات آچکا تھا اس لیے قرین قیاس یہی ہے کہ میر کی پیدائش گجرات یا احمد نگر میں ہوئی ہوگی۔ اس کا ایرانی المولد[3] ہونا یقیناً مشتبہ ہے۔ مگر یہ سب اسی وقت قطعی ہو سکتا

١۔ برہان ٤٥٦   ٢ توزک جہانگیری ٣٢٧

٣۔ اس سلسلے میں اختلاف رای ہے۔ بعض لوگ اس کو ہندی قرار دیتے ہیں اور بعض ایرانی۔ ان دونوں کے بیان میں کچھ نہ کچھ حقیقت ہے۔ گروہ اول کا خیال اس لحاظ سے درست ہے کہ ہندوستان میں پیدا ہونے کی بنا پر وہ ہندی اور ہندوستانی قرار دیا جا سکتا ہے۔ دوسرے گروہ کا خیال اس اعتبار سے صحیح ہے کہ وہ شیراز کے نہایت مقتدر خاندان کا رکن ہونے کی بنا پر شیرازی ہی قرار دیا جائیگا۔ بہرحال جب ہندوستان میں پیدا ہوا تو اس کی زبان دانی کا معیار وہی ہوگا جو فرشتہ وغیرہ کا ہے کیونکہ اس کی پوری زندگی ہندوستان ہی میں گذری۔ عرفی، نظیری، ظہوری وغیرہ چونکہ ایران میں پیدا ہوئے، وہیں ایک مدت تک رہے اس لئے ان کو زبان دانی کے لحاظ سے میر انجو پر فوقیت حاصل ہے۔

شاہ حسن وہی ہیں جو برہان کے زمانے میں سنہ ۹۴۴ھ کے بعد احمد نگر آئے اور جن کو حسین نظام شاہ کے دور میں بڑا اقتدار حاصل ہوا۔

پیدائش اور ابتدائی زندگی وغیرہ

میر کی پیدائش اور ابتدائی زندگی کے بارے میں ہماری معلومات بہت ہی مختصر ہیں۔ اس کا نام میر حسین انجو اور لقب جمال الدین ہے۔ فرشتہ[1] عام طور پر اس کا نام میر حسین انجو لکھتا ہے، ممکن ہے باپ نے اپنے نام (حسن) کی رعایت سے اس کا نام (حسین) رکھا ہو اور باپ کے لقب فخر الدین کی طرح اس کا لقب جمال الدین ہو۔ شاہ حسن انجو تو برہان نظام شاہ کے دور میں موجود تھا لیکن حسین انجو کا ذکر برہان کے لڑکے حسین نظام شاہ کے عہد میں پہلی بار اس کی شادی کے ضمن میں ملتا ہے۔ سنہ ۹۶۹ ہجری میں میر کی شادی، حسین نظام شاہ کی لڑکی سے ہوئی، (اس کی تفصیل بعد میں آئے گی) اس وقت حسن کی عمر ۳۸ سال کی تھی (فرشتہ[2] نے سنہ ۹۶۱ھ میں برہان کی وفات کے وقت حسن شاہ کی عمر ۳۰ سال بتائی ہے اس اعتبار سے اس کی پیدائش سنہ ۹۳۱ ہجری میں ہوئی ہوگی) اس سے یہ قیاس حق بجانب ہوگا کہ میر کی عمر ۳۸ سال سے یقیناً کم ہوگی۔ اس سلسلے میں دو باتیں پیش نظر رکھنی چاہییں اولاً یہ کہ اپنے والدین کی بڑی لڑکی ہونے کے باوجود جو لڑکی میر کے عقد میں آئی اس کی عمر (باپ کی ۳۸ سالہ عمر کے لحاظ سے) زیادہ سے زیادہ ۲۰ کے قریب ہوگی۔ ثانیاً میر، جب سنہ ۹۷۷ھ میں مرتضیٰ[1] نظام شاہ کا وزیر مقرر ہوا تو وہ جوان تھا۔ سنہ ۹۷۹ھ میں فرنگیوں کی لڑائی کے موقع پر فرشتہ نے اس کے متعلق یہ لکھا ہے[3]:

> شاہ جمال الدین حسین بہ مقتضای جوانی بہ مہمات ملکی و مالی نہ پرداختہ بعیش و عشرت مشغول می بود۔

۱۔ تاریخ فرشتہ ۲ ۳۶
۲۔ ایضاً ۲ ۱۲۰
۳۔ ایضاً ۲، ۱۳۴

لا جرم از اطراف و اکناف آفاق ارباب احتیاج و استحقاق جهت تحصیل وجه معاش و کفاف روی توجه باین درگاه عالم مصاف نهاده این آستان ملایک آشیان را قبلۂ حاجات و کعبۂ آمال ساختند و سال بسال از بحر نوال شهر یار قدسی‌حصال بجانب مکۂ مشرفه و مدینۂ طیبه و نجف اشرف و کربلای معلی و باقی عتبات عالیات از نذورات و تصدقات بفرستاد، از جمله سادات عالیمقدار و نقباء نامدار که در آن روزگار بدیار دکن آمده سادت و نقابت پناه امیر سید علی حسینی مدنی بود الخ

"برهان مآثر" میں شاہ حسن انجو کا نام تو نہیں، البتہ اور بہت سے دوسرے علما کا نام دونوں تاریخوں میں مشترک ہے۔ بہر حال ان بیانات سے صاف ظاہر ہے کہ علما کی آمد، مذہبی تبدیلی کے بعد شروع ہوئی جو سنہ ۹۴۴ ھجری کے قبل عمل میں نہیں آئی جیسا کہ فرشتہ میں ہے[1]:

و در سنه اربع و اربعین و تسعمأیة برهان نظام شاه بدلالت شاه طاهر، محبت اهل بیت اختیار کرده نام خلفای ثلاثه از خطبه بینداخت

اس سے یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے کہ شاہ حسن انجو، سنہ ۹۴۴ ھجری کے بعد آئے ہونگے۔ اور اسی بنا پر "فارسنامۂ ناصری" میں لکھی ہوئی تاریخ سنہ ۹۲۸ ھجری غلط ہے۔ در اصل مؤلف کتاب کو شاہ طاہر کی آمد کی تاریخ (سنہ ۹۲۸)[2] سے التباس ہوگیا ہوگا کیونکہ شاہ حسن کی آمد میں شاہ طاہر کی کوشش کو بہت دخل تھا۔

خلاصہ یہ کہ برہان شاہ کے دور میں ایک بار، اور حسین نظام شاہ کے ضمن میں کئی بار، شاہ حسن انجو کا ذکر آیا ہے، اور اس ذکر کے فوراً بعد میر حسین انجو کی شادی کے سلسلے میں "بعقد ازدواج شاہ جمال الدین حسین بن شاہ حسن در آورد" کا جملہ ملتا ہے[3]

اس سے ہم یہی قیاس کرتے ہیں کہ میر جمال الدین کے والد

۱- تاریخ فرشتہ ۲/ ۱۰۹
۲- ایضاً ۲/ ۱۰۴، ۱۱۲
۳- ایضاً ۲/ ۱۲۵

کے سارے بادشاہ، نظام شاہ کہلاتے تھے۔ دوم اس کے یہاں شاہ حسن انجو کے ورود احمد نگر کی تاریخ ۹۲۸ ھجری غلط درج ہو گئی ھے۔ اس کے وجوہ حسب ذیل ھیں:

۱۔شاہ طاہر کاشانی، ۹۲۸ھجری[1] میں احمد نگر آئے اورانھوں نے برھان نظام شاہ کو اپنے علم و فضل سے متأثر کیا، رفتہ رفتہ ان کی کوشش سے احمد نگر کا سرکاری مذھب اثنا عشری ھوا۔ فرشتہ نے مذھبی تبدیلی کا سنہ، ۹۴۴ ھجری[2] بتایا ھے جو بعض دوسرے بیانات[3] کی جانچ کے بعد بالکل صحیح معلوم ھوتا ھے۔ اس تبدیلی کے بعد دوسرے علمائے اثنا عشری کو احمد نگر آنے کی دعوت دی گئی تھی چنانچہ فرشتہ میں ھے[4]:

القصه برهان شاه چون در ترویج آن مذهب بود وظایف به شیعه مذهبان داد و در مقابل قلعهٔ احمد نگر مدرسه بنا ساخته آنرا لنگر دوازده امام نام نهاد و شاه طاهر همگی همت بر رفعت خانهٔ نظام شاه گماشته در صدد آن شد که محبان خاندان رسالت را از اطراف و اکناف در آن دولت خانه جمع آورده پس از خزانهٔ بادشاهی زرها بعراق و خراسان و فارس و گجرات و آگره فرستاده طالب قدوم مردم اهل تشیع گردید[5]۔

اور برھان مآثر میں "ذکر تکالیف تکمل و تقلد امور وکالت.. بحضرت نقابت و افاضت منقبت حقایق و معارف پناہ شاہ طاھر علیہ غفران اللہ الملک القادر"، کے ذیل میں آیا ھے[6]

۱۔ تاریخ فرشتہ ۲ ۱۰۴، ۱۰۵ ۱۱۲
۲۔ ایضاً ۲ ۱۰۹
۳۔ مثلاً ان لڑائیوں کی تاریخیں جو نظام شاھی اور عادل شاھی بادشاھوں کے درمیان ھوئیں (فرشتہ ۲ ۱۱۶ وغیرہ)
۴۔ تاریخ فرشتہ ۲ ۱۱۶
۵۔ اس عبارت کے بعد شاہ حسن انجو کی دعوت کا ذکر ھو۔
۶۔ برھان مآثر ۲۸۱ ۲۸۵

داشت و بعد از فوت حضرت شاه مغفرت دستگاہ جنت آشیانی
حضرت سلیمانی در سوانح امور برای صواب نمای آن آصف
ثانی رجوع میفرمود الخ

قاسم بیگ کے اقتدار کا اندازہ اس سے ہوگا کہ اس کا ذکر برہان نظام شاہ کے وزیر اعظم حضرت شاہ طاہر کے ساتھ آیا ہے۔ فرشتہ کے حسب ذیل بیانات اس سلسلے میں قابل غور ہیں[1]:

(۱) بگفتۂ شاہ طاہر و قاسم بیگ و مخدوم خواجۂ جہان صلح کردہ پنج تپہ را کہ بدان یورش متصرف شدہ بود بعادل شاہ باز گذاشت۔

(۲) شاہ جعفر، برادر شاہ طاہر و قاسم بیگ این رای پسندیدند۔

(۳) برہان نظام شاہ، بہ تکلیف قاسم بیگ حکیم باحمدنگر رفت و در ہماں مرض جان بجان آفریں تسلیم نمود۔

اور اسی برہان نظام شاہ کی دعوت پر حسن انجو بھی گجرات سے احمد نگر آئے تھے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حسین نظام شاہ کے دور کے شاہ حسن انجو وہی ہیں جو برہان کے دور میں مہمان بن کر وارد ہوئے تھے۔ اور چونکہ حسین نظام شاہ کے دور کے ایک امیر، میر جمال الدین حسین انجو کے والد تھے اس لئے ہم اس طرح کے قیاس کرنے میں حق بجانب ہونگے کہ حسین انجو شیرازی کے والد گجرات سے احمد نگر برہان نظام شاہ کی دعوت پر آئے اس نتیجے "کو فارسنامۂ ناصری" کے بیان سے ملانے پر معلوم ہوتا ہے کہ شاہ حسین انجو کے والد اکتساب علمی کے بعد شیراز سے گجرات کی طرف متوجہ ہوئے۔ وہاں کچھ دنوں قیام کیا پھر برہان کے دور میں احمد نگر گئے۔ البتہ "فارسنامۂ ناصری" کے بیان میں دو قسم کے تسامحات ہیں۔ اول اس کے یہاں برہان نظام شاہ کے بجائے برہان نظام الدین شاہ درج ہے۔ در اصل نظام الدین، نام کا جزو یا لقب نہیں بلکہ بانی خاندان احمد نظام الملک کی وجہ سے اس خاندان

۱۔ تاریخ فرشتہ ۲/۱۱۶، ۱۱۹

با او مشورت نمود شاه حسن و قاسم بیگ گفتند چون مارا تاب مقاومت این سه پادشاه نیست صلاح دولت در آنست که قلعه کلیان بعادل‌شاه داده لوازم صلح درمیان آوریم - حسین نظام شاه گفت: قلعهٔ که پدرم بضرب شمشیر و مردانگی گرفته مرا عار و ننگست که بخصم سپارم - شاه حسن جرأت نمود و معروض داشت: ''هر وقت تقاضائی میکند، آن وقت مقتضی گرفتن و اکنون مقتضی دادنست و اهل دنیا را مثال این امور بسیار پیش آمد''

ایک جگہ اور لکھتا ھے[1] :

بمشورت و استصواب قاسم بیگ حکیم و شاه‌حسن انجو و ملا عنایت الله به رامراج طریقهٔ آشنائی‌مسلوک داشته طالب صلح گردید -

ان دونوں بیانات سے صاف ظاہر ھے کہ قاسم بیگ اور شاہ حسن انجو اُس دور کے نہایت مقتدر لوگوں میں تھے - قاسم بیگ نے حسین نظام شاہ کو تخت نشین کرانے میں حتی کوشش کی اس کا اندازہ فرشتہ کی حسب ذیل عبارت سے ہوسکے گا[2] :

ناگاہ چہار صد یا پنصد نفر از سلحداراں و حوالہ داران تدبیر قاسم بیگ، حکیم اروی جدا شده بملازمت حسین نظام شاه شتافتند و مردم قلعه از این معنی مستظهر گشته چتر و آفتاب گیر بر سرش گرفتند الخ

قاسم بیگ، برھان نظام شاہ کے دور میں سیاسی امور میں دخیل ہوچکا تھا، اس کا ذکر ''برھان ماثر'' میں اس طرح آیا ھے[3] :

حکمت پناه افادت دستگاه جالینوس زمانی مقرب الحضرت الخاقانی قاسم بیگ طبیب که از حکمای ممالک ایران بمزیت حذاقت منفرد بود و در مسلک مجلسیان شهریار گیتی‌ستان انتظام

۱- تاریخ فرشتہ ۲ ۱۲۵ ۲- ایضاً ۲/۲۰
۳- برھان ماثر ۳۴۸

سادات انجو کے ذیل میں صاحب فارسنامہ لکھتا ہے[1] :

و از اعیان این سلسلہ جناب محامد اکتساب شاہ حسن انجوی شیرازی کہ بعد از تحصیل کمالات علمیہ بہندوستان رفتہ در مملکت گجرات توقف نمود و در سال نہصد و بیست وھشت برہان نظام الدین (کذا) شاہ ھندوی او را از گجرات بولایت احمد نگر خواستہ مسائل و احکام مذھب اثنیٰ عشریہ را از او بیاموخت ۔

میرے خیال میں ابن یوسف شیرازی کا یہ قیاس صحیح معلوم ہوتا ہے کہ شاہ حسن انجو، جو برہان نظام شاہ کے عہد میں گجرات سے احمد نگر بلائے گئے وہی میرحسین انجو، صاحب "فرھنگ جہانگیری" کے والد تھے ۔ حسب ذیل قرائن اس قیاس کے مؤید ہیں :

۱۔ "فرھنگ جہانگیری" کے مؤلف کے باپ کا نام حسن انجو ہی تھا اور فخر الدین اس کا لقب ۔ "تاریخ فرشتہ" میں جہاں مؤلف کا پورا نام دیا ہے وہاں باپ کا نام صرف حسن ہی بتایا گیا ہے[2] ۔

۲۔ برہان نظام شاہ کے دور میں حضرت شاہ طاہر کی کوششوں سے جب احمد نگر کا سرکاری مذھب اثنا عشری قرار پایا تو ہر طرف سے محبان اہل بیت کو احمد نگر آنے کی دعوت دی گئی ۔ چنانچہ انہیں میں شاہ حسن انجو شیرازی بھی تھے جن کو بقول فرشتہ[3] بارہ ہزار ھون خرچ راہ دے کر احمد اباد گجرات سے بلایا گیا تھا ۔

۳۔ برہان نظام شاہ کے بیٹے اور جانشین حسین نظام شاہ کے دور میں ان کا نام، حکیم قاسم بیگ کے ساتھ کئی بار آیا ہے مثلاً فرشتہ ۹۶۷ھ کے واقعات میں لکھتا ہے[4] :

حسین نظام شاہ باستصواب قاسم بیگ شاہ، حسن انجو را کہ رخصت مکہ گرفتہ بہ بندر چیول رفتہ بود با احمد نگر طلبیدہ

۱۔ فارس نامۂ ناصری ۴۴
۲۔ تاریخ فرشتہ ۲ ۱۲۵
۳۔ ایضاً ۲ / ۱۱۶
۴۔ ایضاً ۲ / ۱۲۴

انجام دیتا رہا۔ آخر میں شاہ ولی سلطان ذوالقدر حاکم مشہد سے اختلاف ہو جانے سے اس عہدے سے بر طرف ہوگیا اور اپنے بھائی کے ساتھ اوقاف غازانی کا متولی مقرر ہوا۔ شاہ طہماسپ کے اخری دور میں پھر وہ مشہد کے آستانے کا متولی کر دیا گیا۔ سلطان محمد خدا بندہ کے عہد میں وہ فوج میں قاضی مقرر ہوا اور ابو طالب مرزا کی توجہ سے ۹۹٤ ھ میں صدر کا عہدہ اُسے تفویض ہوا۔ شاہ عباس کے جلوس کے وقت اعتماد الدولہ مرشد قلی، وزیر اعظم کی سفارش کی بنا پر صدارت کا عہدہ بدستور اس کے پاس رہا۔ جلوس کے بیسویں سال یعنی ۱۰۱٦ ھ میں بعض وجوہ سے وہ اس عہدے سے معزول ہوگیا۔

میر شاہ محمود کا دوسرا نامور فرزند میر ابوالمحمد شروع میں اپنے بھائی کے ساتھ اوقاف غازانی کا متولی تھا مگر بعد میں یہ تولیت اس کو مستقلاً مل گئی۔ میر کا ایک بھتیجا مرتضیٰ خاں[۱] تھا جو اس کے ساتھ مرتضیٰ نظام شاہ (بادشاہ احمد نگر) کے دربار میں بڑے اعلیٰ عہدوں پر فائز تھا، اور باوجود میر کی علیحدگی کے اس کا تعلق سلاطین احمد نگر سے ختم نہیں ہوا۔ برہان نظام شاہ ثانی کے زمانے میں اس کے اقتدار میں کافی اضافہ ہوچکا تھا۔

میر جمال الدین کے والد

میرحسین انجو کے باپ کا نام حسن انجو تھا جو فخر الدین کے لقب سے ممتاز تھا، مگر اس کی شخصیت کا قطعی تعین نہیں ہوسکا ہے۔ سب سے پہلے ابن یوسف شیرازی نے فہرست کتاب خانۂ مدرسۂ سپہ سالار میں "فارسنامۂ ناصری" کے حسب ذیل بیان کو حسین انجو پر اس طرح منطبق کیا ہے[۲]:

"شاید مؤلف فرہنگ، فرزند این عالم جلیل باشد و صاحب فارسنامہ از این مولف نام نبردہ است"

۱۔ تاریخ فرشتہ ۲ ۱۳۰، ۱۳۱، ۱۳۲ ۱۵٦۔ اتفاق سے اس کا ایک معاصر اور ہم نام یعنی مرتضیٰ خاں انجو، ابراہیم علی اور ابراہیم ثانی کے دربار میں بیجاپور میں معزز عہدے پر فائز تھا۔ اس کا بھائی شاہ ابوالقاسم انجو بھی عادل شاہی سلاطین کے یہاں بہت معزز تھا۔ (تاریخ فرشتہ ۲ / ۳۳، ٤۷، ۵۲)
۲۔ فہرست ۲، ۲۱۲ (حاشیہ)

میر کا خاندان اس کے اجداد اور دوسرے ممتاز افراد

شیراز کے سادات انجو[1] اپنے حسب و نسب کے اعتبار سے ہر دور میں نہایت مقتدر رہے ہیں - ایران کے علاوہ ہندوستان میں مدتوں اُنھیں اہم سیاسی اقتدار حاصل رہا - میر جمال الدین حسین اسی خاندان کا ایک فرد تھا - اسکا سلسلۂ نسب قاسم الراسی بن حسن بن ابراھیم طباطبائی حسینی تک[2] پہنچتا ہے - شاہ طہماسپ کے دور حکومت میں میر کے دو چچا زاد بھائیوں نے بڑی ناموری حاصل کرلی تھی - ایک میر شاہ محمود[3] تھا جو فارس کا شیخ الاسلام تھا، دوسرا، میر شاہ ابو تراب[4] جو شاہ طہماسپ کے عہد میں فارس کی اقضی القضاتی کے معزز عہدے پر مامور تھا - میر شاہ محمود کے دو نامور فرزند تھے ایک میر ابوالولی[5] جو بڑا فاضل فقیہ اور اپنے دوسرے بھائی سے فضائل و کمالات میں اور دوسرے فقہا سے عام فقہی مسائل میں ممتاز تھا، ابتدا میں آستانۂ رضوی (مشہد) کا متولی مقرر ہوا اور ایک مدت تک یہ خدمت

۱- فارس نامۂ ناصری گفتار ۲ ۴۱-۴۲ پر اس لفظ کی تشریح اس طرح ملتی ہے۔
,,انجو لفظ مغولی و بمعنی املاک خالصه است و جدّ اول سادات انجو زید اسود از اولاد زادی های حضرت حسن مجتبیٰ علیه السلام بوده و سال ۳۵۲ که عضدالدوله از مکه مراجعت می‌نموده بر حسب خوابیکه سید دیده و برایش نقل نموده و با خوابیکه چندی پیش در شیراز خواهرش دیده و برای او در همان هنگام نقل کرده بود سید را از مدینه طیبه شیراز آورد و خواهر خود را بوی داد' پس از چندی چون خواهرش بمرد دختر خود را بیز سید ترویج نمود و املاک زیادی را وقف کرد و تولیت آن را با اولاد ذکور این سید جلیل که دختر زادگان او بودند برگذار نمود - در فتنۂ مغول این موقوفات خالصۂ دولت یا بزبان مغولی انجو گردید' متولی وقف سعی نمود و پس از سالها بیمی از آنها را گرفت و چون نام انجو بر آن املاک گذارده بودند از آن پس این سادات را انجوی گفتند'
اس وقت تک شیراز میں یہ لوگ موجود ہیں اور انجو کی سمت سے یاد کیے جاتے ہیں -
(دیکھیے فہرست کتاب خانۂ مجلس ۲ ۲۱۲ حاشیہ).

بلوخمین لکھتا ہے 'انجو' لفظ عام طور پر اَنجو (بالفتح) تلفظ کرتے ہوے سنا گیا ہے لیکن میری نزدیک صحیح لفظ بالکسر ہے کیونکہ یہ لفظ 'اینجو' سے ماخوذ ہے جس کی تشریح Quatremère نے "تاریخ مغول" ص ۱۳۰ پر کی ہے (جرنل ایشیاٹک سوسائٹی جلد ۳۷ ص ۶۹)
تاریخ وصاف کی ایک عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ شیراز کا ایک حصہ انجو کہلاتا تھا -

۲- مآثر الامرا ۳ ۲۵۸

۳- عالم آرای عباسی (تہران ۵-۱۳۳۴ شمسی) ۱ ۱۴۸

۴- ایضاً ۱۵۱

۵- ایضاً ۱۴۸، ۳۲۷، ۳۸۵، ۷۱۹، ۱۰۸۹

میر جمال الدین حسین انجوی شیرازی

ڈاکٹر نذیر احمد[*]

فارسی کی فرہنگوں میں میر جمال الدین حسین انجو کی "فرہنگ جہانگیری" کا ایک خاص درجہ ہے۔ اس کا مؤلف غالباً تمام فرہنگ نویسوں میں سب سے زیادہ ممتاز سیاسی شخصیت کا مالک تھا، اس لئے اس کے حالات تفصیل سے پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ متعدد علما نے اس کے حالات زندگی جمع کئے ہیں۔ ان میں سب سے زیادہ تفصیل مؤلف مآثر الامرا نے آئین اکبری، اکبر نامہ، طبقات اکبری، تاریخ فرشتہ، مآثر رحیمی، تزک جہانگیری وغیرہ کی مدد سے فراہم کی ہے۔ بعد کے لکھنے والوں نے سب سے زیادہ اسی کتاب سے استفادہ کیا ہے۔ اگرچہ بلوخمین[1] وغیرہ نے اس سلسلے میں کافی لکھا ہے پھر بھی میر کی زندگی کے سب گوشے پوری طرح روشن نہیں ہو سکے ہیں، خصوصاً اس کی ابتدائی زندگی کا حال بہت کم معلوم ہو سکا ہے۔ اس مضمون میں میر کی زندگی کی ضروری تفصیلات پیش کی جاتی ہیں۔

۱۔ ملاحظہ ہو جرنل ایشیاٹک سوسائٹی بنگال (۱۸۶۸ء) جلد ۳۷، ص ۱۲، ۶۵۔ ۷۰، ترجمۂ آئین اکبری (۱۹۲۷ء) ص ۴۹۹ بعد (شمارہ ۱۶۴)۔ ریو، فہرست کتب خانہ برٹش میوزیم ۲ ۴۹۶ بعد۔

* ڈاکٹر نذیر احمد۔ ریڈر شعبۂ فارسی، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔

۱۶- **هزاك**[1] در رسالهٔ ابو حفص سغدی بمعنی زبون آمده و این بیت دقیقی را مؤید خود آورده که شعر:

بباید داشت قانم خویش را راست[2] نباید بود مردم را هزاکا

[۱۹/ ۲/ ۱۹۵۹]

---

۱. هزاک، فرهنگ جهانگیری میں ہے، مگر معنی زبون نہیں، سند کا شعر بھی اس سے غیر حاضر ہے۔ لغت فرس، اسدی میں: هزاک ابله بود و نادان که فریفته شود۔

۲- لغت فرس میں، اس طرح ہے:

که بارد داشت با او خویشتن راست

۱۲- غوشت[۱] رهه مادر زاد باشد، رودکی گوید:

شد مگر ما به برون استاد غوشت   بود فربی و کلان بسیار گوشت

در اکثر نسخه چنین آمده، اما ابو حفص سغدی عوش را باین معنی آورده -

۱۳- کسک[۲] در رسالهٔ ابو حفص سغدی بمعنی قلیه آمده و باین بیت عمعق بخاری متمسک شده - شعر:

هرگز نبود خاک بشوری چو نمک   ور کاه چگونه می سازند کسک

۱٤- ماژ[۳] در نسخهٔ ابو حفص سغدی بمعنی عشرت و سور کردن آمده - لبیبی گوید، شعر:

درین محنت سرای شادی و غم   که گاهی ماژ باشد گاه ماتم

۱۵- نونده[٤] در نسخهٔ ابو حفص سغدی بمعنی فهم و ادراک آمده و باین بیت متمسک شده، شعر:

بشناس که مردیست او بدانش   فرهنگ و خرد دارد و نونده

۱- غوشت، مع شعر رودکی فرہنگ جہانگیری و اسدی فرس میں ہے مگر غوش بمعنی 'رهه مادر زاد' نہیں اس کے دوسرے معنی ہیں -

۲- فرہنگ جہانگیری میں کسک بمعنی کلہ بدون شعر سند اسدی فرس میں کسک بمعنی قلیہ یعنی عمعق سند شعر محمودی

هرگز نبود شکر بشوری چو نمک   نه گاه شکر باشد چون بار کسک

۳- ماژ فرہنگ جہانگیری میں مع شعر لبیبی مذکور ہے یہ اسدی فرس میں نہیں -

٤- اسدی فرس اسدی میں نونده بمعنی تیز فہم - اور سند میں اشعار یوسف عروضی

هیچ نبین سوی او بچشم حقارت   زانکه یکی خلد کرد است و نونده

گر بر در این میر تو بینی   مردی که بود خوار و سر فگنده

بشناس که مردیست او بدانش   فرهنگ و خرد دارد و نونده

فرہنگ میں نونده بمعنی فہم و ادراک معلوم ہوتا ہے- فرہنگ جہانگیری میں کچھ اور معنی ہیں اور یہ اشعار بھی اس میں نہیں -

متمسک شده که:

ایا سرو من در تنگ و پوی آنم   که دیرند آسا به پیچم[1] بتو بر

۹- دفنوک[2] در رسالهٔ ابو حفص سغدی بمعنی چماق آمده، و باین بیت متمسک شده که برای معنی غاشیه نیز خوب ست، بیت:

از بزرگی که هستی ای خشنوک[3]   چاکرت بر کتف نهد دفنوک

و محمد[4] هندو شاه نیز بمعنی غاشیه گفته و این بیت را از منجیک آورده باین عنوان که:

کون چو دفنوک پاره پاره شده   چاکرت بر کتف نهد دفنوک

۱۰- سماروغ[5] در رسالهٔ ابو حفص سغدی بمعنی خاک شوره آمده، و باین بیت عنصری متمسک شده، شعر:

کجا من چشم دارم بر سخایت   گل و لاله بروید از سماروغ

۱۱- ستیم[6] حسین وفائی بمعنی خونی آورده که در جراحت ریم شود (شعر ناصر خسرو) و در نسخهٔ ابوحفص سغدی نیز باین معنی آمده، چنانچه رودکی گوید، شعر:

گفت فردا نشتر آرم پیش تو   خود بیا هنجم[7] ستیم از ریش تو

۱- [لغت فرس میں یہ شعر موجود ہے لیکن 'دیرند' کی بجائے فرغند کی ذیل میں۔ اختلاف روایت: 'سرو من' کی بجائے 'سرو تو' 'دیرند آسا' کی جگہ: فرغند واری (ایڈیٹر)]

۲- دفنوک، جہانگیری اور لغت فرس میں ہے مگر بہ معنی چماق نہیں۔

۳- خشنوک، فرہنگ جہانگیری میں مذکور ہے، مگر نام شاعر نہیں مجمع الفرس میں 'نہد' مگر فرہنگ جہانگیری [اور لغت فرس اسدی (ایڈیٹر)] میں 'نهد' جس میں نے ترجیح دی ہے۔

٤- یہ عبارت مع شعر منجیک مجمع الفرس کی روایت دوم میں ہے [شعر لغت فرس میں بھی ہے بہ ذیل دفنوک بہ معنی غاشیہ (ایڈیٹر)]

۵- سماروغ، فرہنگ جہانگیری [اور لغت فرس] میں ہے مگر بہ معنی خاک شورہ نہیں۔

٦- مجمع الفرس میں صراحةً شعر رودکی کا فرہنگ ابو حفص میں ہونا مذکور نہیں۔

۷- یہ شعر فرہنگ جہانگیری میں نہیں لیکن لغت اسدی میں ہے۔ مجمع الفرس میں 'بیا هنجم' جس پر 'بیاهنجم' کو جو لغت فرس میں ہے میں نے ترجیح دی ہے۔

ابوحفص سغدی بشتر را بمعنی ابر آورده و همین بیت مرقوم را باستشهاد آورده۔

٤- جلب[۱] در نسخهٔ ابوحفص سغدی بمعنی شور و فتنه و غوغا نیز آمده، چنانچه حکیم سوزنی گوید، شعر:

بناگاه از دشت درنیم شب   بر آمد ز هر سوی بانگ جلب[۲]

٥- چرگر[۳] در نسخهٔ ابوحفص سغدی بمعنی مفتی آمده و این بیت را مؤید قول خود آورده، شعر:

بوس و نظرش حلال باشد با یار   این حجت من گرفتم از چرگر

٦- خاش[٤] در نسخهٔ ابوحفص سغدی بمعنی خائیدن آمده و مثال این معنی در لغت خش و حاش گذشت۔

۷- خش و خاش[٥] ابوحفص سغدی خاش را بمعنی خائیدن آورده خواه از انسان و خواه از حیوان، و باین بیت رودکی متمسک شده که:

نشست و سخن را همی خاش زد   ز آب دهن کوه را شاش زد

۸- دیرند[٦] ابوحفص سغدی، بمعنی تعویذ آورده و باین بیت رودکی

۱- مجمع‌الفرس روایت دوم میں شعر سوزنی کی جگه شعر ناصر خسرو (یه فرهنگ جهانگیری میں بھی ہو) لیکن ان دونوں میں سے کسی میں صراحةً مرقوم نہیں که شعر، فرهنگ ابوحفص میں ہو۔

۲- فرهنگ جهانگیری میں جلب (بجیم عربی) نہیں، چلب (بجیم فارسی) ہو به معنی آشوب و فتنه لغت فرس میں جلب ہو چلب نہیں، مگر معنی شور و فتنه نہیں، کچھ اور ہیں۔

۳۔ ''مفتی باشد، ابوالحفص سغدی نظم آورده:

بوس و نظرم حلال باشد با یار   وین فتوی من گرفتم از چرگر

(فرهنگ جهانگیری)

مفتی بود، زینبی گوید:

بوسه و نظرت حلال باشد باری   حجت دارم برین سخن ز دو چرگر''

ظاہرا، صاحب فرهنگ جهانگیری نے غلط فهمی سے اس شعر کو ابوحفص کی طرف منسوب کیا ہو۔

٤ خاش کا ذکر مجمع الفرس کی پہلی روایت میں نہیں، دوسری میں ہو۔

٥ فرهنگ جهانگیری میں خاش ہو، مگر به معنی خائیدن نہیں، اس میں خش‌وخاش اور خاش‌وخش دونوں ہیں، مگر به معنی خائیدن نہیں۔

٦ دیرند، جهانگیری اور لغت فرس میں ہو مگر به معنی تعویذ نہیں۔

''فرهنگ جهانگیری،، منظر عام پر آچکی تھی اور سروری نے اپنے دیباچے میں اس سے استفادے کا اعتراف کیا ہے -

آقای سعید نفیسی کا بیان ہے کہ ''مجمع الفرس'' میں پانچ جگه فرهنگ ابوحفص کا حواله ملتا ہے' یه صحیح نہیں' پانچ کے عوض سوله چاهیے - ''فرهنگ جہانگیری'' اور ''در دری'' میں کسی مقام پر صراحةً فرهنگ ابوحفص کا حواله نہیں، فرهنگ جہانگیری کے بعض معانی واشعار جو سروری نے فرهنگ ابوحفص کے حوالے سے لکھے ہیں، درج نہیں' اور یہی حال ''در دری'' کا ہے - آقای نفیسی کا فرهنگ ابوحفص سغدی کو ' کتابی کوچک ' کہنا ظاهرا اس بنا پر ہے که سروری نے اسے رساله لکھا ہے- یه فرهنگ مدتوں سے ناپید ہے، زمانۂ حال کا کوئی شخص اس کے دیکھنے کا مدعی نہیں -

ذیل میں مجمع الفرس کے وہ عبارات جن میں ''فرهنگ ابوحفص'' کا نام آیا ہے' درج کیے جاتے ہیں:

۱- **اخش** در رسالهٔ ابوحفص سغدی بروزن رخش آمده و باین بیت حکیم عصری متمسک شده:

حود فزاید همیشه گوهر احش[1] خود نماید همیشه مهر فروغ

۲- **استیم**[2] خسروی گوید- شعر:

خیز و پیش آر ازان می حوشبو زود بگشای خیک را استیم

و در نسخهٔ ابوحفص سغدی دهن طروف آمده و بهمین بیت متمسک شده

۳- **بشتر** شاعر گوید:

گرچه[3] بشتر را عطا باران بود مر ترا زر[4] و گهر باشد عطا

۱- یه شعر فرهنگ جهانگیری میں هو- لغت فرس مولفهٔ اسدی (طبع تهران ۱۳۱۹ شمسی) میں بھی بنام عصری ' ایک مصرعوں کی ترتیب مختلف هو -

۲- فرهنگ جهانگیری میں نه یه معنی درج هو اور نه خسروی کا شعر لغت فرس میں استیم بمعنی آستین' بسند شعر خسروی -

۳- فرهنگ جهانگیری اور لغت فرس میں یه شعر هو مگر شاعر کا نام درج نہیں -

٤- مجمع الفرس کی روایت دوم' فرهنگ جهانگیری اور لغت فرس میں زر کی جگه دُر-

ہجری ہوگا۔ آقای سعید نفیسی کی اس کے بارے میں کیا رائے ہے اس کے متعلق میں اس وقت کچھ کہنے سے قاصر ہوں، ان کی عبارت ذیل سے اس کے زمانۂ تالیف کے متعلق جو نتیجہ نکلتا ہے ظاہر ہے:

"اما ابوحفص[۱] که رساله ای در لغت فارسی نوشته قطعاً پس از رودکی وحتی پس از منجیک و عنصری و خسروی و لااقل معاصر با ایشان بوده، زیرا که اشعار ایشان را در کتاب خود آورده است"

فرہنگ ابوحفص میں شعرائے مذکور ہی نہیں، عمعق بخاری کا شعر بھی بطور سند آیا ہے۔ عمعق کا سال وفات تذکرۂ تقی الدین کاشی[۲] میں ۵۴۳ھ درج ہے اور قزوینی[۳] نے ظاہرا اسے تسلیم کیا ہے۔ ابوحفص فرہنگ نگار یا تو عمعق کا معاصر ہے، یا اس کے بھی کچھ بعد کا آدمی ہے۔ بہت بعد کا ہونا میرے نزدیک قرین قیاس نہیں۔ اس کا شاعر ہونا مطلقاً ثابت نہیں۔

فرہنگ ابوحفص سغدی کا ذکر جہاں تک میرا علم ہے، گیارہویں صدی ہجری کے نصف اول سے قبل کسی کتاب میں نہیں۔ اس زمانے کے تین فرہنگ نگاروں نے اپنی فہرست مآخذ میں اسے شامل کیا ہے۔ یہ مؤلفین مجمع الفرس[۴]، فرہنگ جہانگیری[۵] اور در دری[۶] ہیں۔ ان فرہنگوں میں تقدم زمانی مجمع الفرس کو حاصل ہے، جس کی پہلی روایت فرہنگ جہانگیری کے مآخذ میں ہے۔ اس کی روایت دوم کی تحریر کے وقت

---

۱ یہ عبارت ڈاکٹر مختارالدین احمد نے نقل کرکے بھیجی ہے

۲۔ اشپرنگر فہرست مخطوطات فارسی و ہندوستانی کتب خانۂ شاہان اودھ (کلکتہ ۱۸۵٤) ۱٦

۳۔ قزوینی تعلیقات چہار مقالہ ۱۵۲ (گب میموریل سیریز ۱۹۰۹ع) حاشیے میں تاریخ جہان آرا [مصنفۂ قاضی احمد غفاری] کا حوالہ ہے، ظاہرا وقت تحریر تذکرۂ تقی الدین کاشی ان کے پیش نظر نہ تھا

٤۔ یہ کتاب فرہنگ سروری کے نام سے بھی مشہور ہے اس کی پہلی روایت کا مکمل اور دوسری روایت کا ناقص نسخہ کتب خانۂ خدابخش، بانکی پور میں ہے

۵۔ اس کا مطبوعہ نسخہ بہت غلط ہے، پیش نظر نسخہ کتب خانۂ خدا بخش کا ہے۔ نمبر فارسی، ۷۹۷

٦۔ در دری کا ایک نسخہ کتب خانۂ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال میں ہے۔ اس کا حال فہرست مخطوطات فارسی (ذخیرۂ کرزن) مرتبہ ایوانف میں درج ہے نمبر ۵۲۵۔ میں نے اسے دیکھا ہے، لیکن اس وقت پیش نظر نہیں

اس میں شبہہ کرنا ٹھیک نہیں، لیکن اس کے فارسی گو شاعر ہونے کا ثبوت اتنا قوی نہیں، جتنا موجد شہرود ہونے کا ہے - ساتویں صدی سے قبل کی کتابیں (مثلاً ترجمان البلاغت، چہار مقالہ، رسالۂ و طواط وغیرہ) اس کے ذکر سے خالی ہیں، اور ساتویں صدی کی بھی کسی دوسری کتاب (مثلاً لباب الالباب) میں بھی اس کا نام نہیں آیا - عرفی کے بعد جو اہم تذکرے لکھے گئے ہیں ان سے یہ عموماً غیر حاضر ہے[1] - شمس الدین محمد کے بعد جس شخص نے پہلے پہل اس کا ذکر کیا ہے، فضل اللہ قروینی ہے، جس کی کتاب ہندوستان میں "تاریخ معجم" کے نام سے چھپی ہے - اس نے ابوحفص کا زمانہ تیسری صدی بتایا ہے، لیکن تعجب رضا قلی خاں "ہدایت" پر ہے جو گزشتہ صدی میں کسی سند کے بغیر تیسری کی جگہ پہلی صدی لکھتے ہیں[2] -

آقای سعید نفیسی کا خیال ہے کہ "ابوحفص جس نے شہرود ایجاد کیا، وہ موسیقی‌داں تھا اور حدود سنہ ۳۰۰ میں زندگی بسر کرتا تھا، اس کا اس ابوحفص سے جو فارسی کا قدیم ترین شاعر ہے، کوئی تعلق نہیں ہو سکتا"، میرے نزدیک یہ تو متیقن ہے کہ تیسری صدی میں ایک شخص ابوحفص تھا جس نے شہرود ایجاد کیا تھا، مگر یہ متیقن نہیں کہ وہ فارسی میں شعر بھی کہتا تھا - اگر وہ فارسی گو تھا، تو فارسی کا پہلا شاعر نہیں ہو سکتا - اس نام کے کسی اور شخص کا جو موجد شہرود پر تقدم زمانی رکھتا تھا، فارسی گو ہونا کہیں سے ثابت نہیں -

محمود شیرانی وغیرہ اس کے قائل ہیں کہ "فرہنگ ابوحفص سعدی" کا مؤلف وہی ابوحفص ہے جسکا ذکر "المعجم" میں ہے، اس صورت میں ظاہر ہے کہ ان اصحاب کے نزدیک اس فرہنگ کا زمانۂ تالیف تیسری صدی

---

۱ - تاریخ گزیدہ ہفت اقلیم، عرفات العاشقین، تذکرۂ تقی الدین کاشی میں ابوحفص کا ذکر نہیں - تذکرۂ تقی الدین کاشی کی وہ جلد جس میں ابوحفص کا ذکر ہوسکتا تھا میری نظر سے نہیں گزری، یہ بات کہ اس میں ابوحفص کا ترجمہ نہیں، فہرست اشپرنگر ص ۱۵و۱۶ سے مستفاد ہوتی ہے -

۲ - مجمع الفصحا (تہران ۱۳۳۶ شمسی) ۱ : ۳۰

فرہنگ ابوحفص سغدی

قاضی عبدالودود*

قدیم ترین کتاب جس میں ابوحفص سغدی کا ذکر میری نظر سے گزرا ہے، شمس‌الدین محمد بن قیس رازی کی ''المعجم'' ہے جو اوائل مأۃ ہفتم کی تصنیف ہے۔ ''المعجم'' میں اس کے متعلق مرقوم ہے : ''بعضی می گویند که اول شعر فارسی ابوحفص حکیم ابن احوص سغدی گفته است، از سغد سمرقند، و او در صناعت موسیقی دستی تمام داشته است - ابونصر فارابی در کتاب خویش ذکر او کرده است، و صورت آلتی موسیقاری نام آن 'شہرود' که بعد از ابوحفص هیچ کس آن را در عمل نتوانست آورد، بر کشیده - او در سنهٔ ثلث مأۃ هجری[1] بوده است، وشعری که نسبت باو کنند این است :

آهوی کوهی در دشت چگونه دودا یار ندارد بی یار چگونه رودا[2]

یہ بات کہ ابوحفص جو تیسری صدی کا آدمی ہے 'شہرود' کا موجد تھا، بعض کتب عربی سے جو ''المعجم'' سے قدیم تر ہیں ثابت ہے[3]، اور

۱۔ اس کا مطلب میں نے یہ لیا ہے کہ ابوحفص تیسری صدی میں تھا

۲۔ شمس‌الدین محمد بن قیس رازی : المعجم فی معاییر اشعار العجم (مرتبۂ قزوینی لیڈن ۱۹۰۹ع) ص ۱۷۰

۳۔ بعض کتب عربی کا اقتباس ' جیسا کہ مجھے یاد ہے آقای سعید نفیسی کی کتاب '' احوال و اشعار رودکی '' جلد ۳ میں ہے - یہ اس وقت میری دسترس سے باہر ہے - فرہنگ ابوحفص کے متعلق اس میں جو کچھ مرقوم ہے اس کا خلاصہ ڈاکٹر مختارالدین احمد نے براہ کرم میری فرمایش پر مجھے بھیجا ہے - میں اس کے لئے ان کا شکر گزار ہوں -

* قاضی عبدالودود، بار ایٹ لا ' بانی و صدر ادارۂ تحقیقات اردو ' بانکی پور پٹنہ -

لَمْ يَزَلْ يُخْلِفُ صِدْقَ وَعْدِهِ   بِتَسَلُّوتِهِ
شَادِنٌ أَعْيَا مَطَالَ صَدِّهِ   لِمُحِبِّيهِ
فَتَغَنَّيْتُ لِطُولِ بُعْدِهِ   وَتَجَنِّيهِ
يَتَمَنَّانِي اِذَا لَمْ يَرَنِي   يَتَمَنَّانِي
فَإِذَا اَرَانِي تَوَلَّى مُعْرِضًا   كُنْ مَا اَرَانِي

[١ / ١٢ / ١٩٥٩]

مُوَشَّحَة

عَبَثَتْ فِي خَلَدِي يَدُ الهَوَى　　فَمَنِ الآسِي
وَالَّذِي صَيَّرَنِي رَهْنَ الجَوَى　　فِيهِ إِينَاسِي
بِأَبِي مَنْ ذِكْرُهُ عَلَى النَّوَى　　هَاجَ وَسْوَاسِي
شَادِنٌ فَوَّقَ سَهْمَ الفِتَنِ　　نَحْوَ إِنْسَانِي
فَرَمَانِي فَجَعَلْتُ الغَرَضَا　　قَلْبِيَ الثَّانِي

بَصُرَتْ عَيْنَايَ عَيْنَيْ سَاحِرٍ　　عِنْدَ مَا رَمَقَا
وَوَرَدْتُ الحُبَّ غَيْرَ صَادِرِ　　وَيْحَ مَنْ عَشِقَا
فَلَكَمْ بِتُّ وَبَاتَ نَاظِرِي　　يَعْشَقُ الأَرَقَا
جُنْحَ لَيْلٍ لَمْ تَزَلْ تَطْرُقُنِي　　مِنْهُ جَيْشَانِ
فَإِذَا مَا قُلْتُ جَيْشٌ قَدْ مَضَى　　عَطَفَ الثَّانِي

〈...〉(٥) فِي حُسْنِهِ أَضْحَى عَلَمْ　　حُسْنُهُ عَجَبُ
أَيُّ وَجْهٍ سَافِرٍ عَنْ بَدْرِ تَمّ　　رِيقُهُ شَنَبُ
عَبَثَتْ زَهْرَةُ خَدَّيْهِ وَلَمْ　　يَدْرِ مَا السَّبَبُ
فَإِذَا مَا شَاءَ أَنْ يَزُورَنِي　　طَيْفُ سُلْوَانِ
عَطَفَتْ مِنْهُ دَلَائِلُ الرِّضَا　　نَمَّ حَيَانِي

(٥) تنقص هنا كلمة مثل «شادن»

[شادن] في حسنه أضحى علم

و يحتمل انه قد حذف جزء كامل من هذه الموشحة لأن المعتاد الا ينقص عدد أجزاء الموشح من خمسة أجزاء بينما عددها في هذه الموشحة لايزيد على الأربعة .

قُلْتُ لَمّا زارني طيفُ الخيالْ   من رشا الإنسِ
مرحباً بالزائرِ الحلوِ الخلالْ   مُخجلِ الشمسِ
والذى سوّاهُ من ماءِ الجمالْ   واحدِ الجنسِ
ما برا جسمى ولا غيّرنى   خوفُ هجرانى (٢)
إنما غيّر جسمى مرضاً   لحظُهُ الرّانى

لم تزلْ تُظهِر فيه الكَلَفا (٣)   عند ما عنّت
غادةٌ لو رامَ منها النَّصَفا   غيرَهُ ضنّت
فهو يهواها ويُبدى الصَّلَفا   فلذا غنّت
يتمنّانى إذا لم يرنى   يتمنّانى
فإذا رانى تولّى مُعرضاً   كنّ ما رانى (٤)

* * *

أورد ابن بشرى بعد موشحة « برهون » موشحة أخرى لم يسمّ صاحبها على نفس العروض والقافية تنتهى على نفس الخرجة — أو بعبارة أخرى ان احدى الموشحتين معارضة للأخرى لكنا لاندرى لأىّ الموشحتين السبق وأيهما المعارضة. وقد أطلت الكلام فى أسلوب المعارضة التى أعجب به الوشحون فى مجلة « الأندلس » المجلد السادس عشر (سنة ١٩٥١) ص ٣٨٥ و ما يتليها فلير اجع. ولإتمام الفائدة أردت أن أنشر تلك الموشحة أيضاً.

(٢) فى المخطوطة خوفَ
(٣) فى المخطوطة الكلفا (بضم الكاف)
(٤) رانى فى لغة أهل الأندلس الدارجة « رانى » و « كأنه » و « كنه ».

٥

من مجموعة إبن بشرى» التى نشرت فى مجلة «الأندلس» المجلد الثالث والعشرين (سنة ١٩٥٨) ص ٣٣٩—٣٦٩ . وتوجد الموشحة فى ص ١٤٨ من المخطوطة الوحيدة التى تفضل الأستاذ ج . س . كلين بإعارتها إياى .

مُوَشَّحَةٌ لِنَزْهُونَ بِنْتِ ٱلْوَزِيرِ ٱلْقِلَيْعِي

بأبي من هدّم جسمي القوى   لطرفه الأحور
وسقاني ما سقى يوم النوى   ويح من غرّر(١)
كلما رمت خضوعا في الهوى   تاه واستكبر
يا له من شادن صيّرني   رهن أشجان
لم يدع لي الحور منه عوضا   عند رضوان

مرّ بي في ربرب من سربه   يقطف الزهرا
وهو يتلو آية من حزبه   يبتغي الأجرا
بعد ما ذكّرني من حبّه   آية أخرا
والذي لو شاء ما ذكّرني   بعد نسيان
قلّب القلب على جمر الغضا   فهو في شان

حفظ الله حبيبا نزحا   خشية الهجر
جاءت البشرى به فانشرحا   عند ما صدري
واستطار القلب مني فرحا   ثم لا أدري
أمن الإنس الذي بشّرني   ام من الجان
غير أني شمت برقا أومضا   حين حيّاني

(١) فى المخطوطة . ويح من غرّز

لكنه اكتفى بايراد قطعة من شعرها. والشقندى فى رسالة الذى يعدّد فيها مفاخر الأندلس يذكر نزهوناً بين شاعرات غرناطة[1].

أما أسماء الكتب التى توجد فيها تراجم لنزهون فهى: الضبّى، «بغية الملتمس» نشر كوديرا وريبيرا رقم: ١٥٨٨؛ إبن الأبار: «التكملة لكتاب الصلة» الجزء الذى نشره الاركون و غنصالص بالنصيا فى مجموعة Miscelánea de Estudios y textos arabes التى طبعت فى مدريد سنة ١٩٠٥، رقم: ٢٨٨٤؛ نفس المؤلف «تحفة القادم»، نشر البستانى فى مجلة «المشرق» (سنة ١٩٤٧) رقم: ١٠٠ ص ٥٨٣—٥٨٤؛ إبن سعيد، «المغرب فى حلى المغرب»، نشر شوقى ضيف (٢: ١٢١)؛ نفس المؤلف: «رايات المبرّزين»، نشر غرصيا غومص رقم: ٨٢؛ المقرى: «نفح الطيب فى غصن الأندلس الرطيب»، طبع ليدن، (١: ١٠٨) و (٢: ١٤٧) (نقلاً عن الشقندى)، (١: ١١٧—١١٩) (نقلاً عن «الطالع السعيد» لابن سعيد)، (٢: ٦٣٥—٦٤٧) (نقلا عن إبن سعيد وغيره). وقد تحدّث الأستاذ دى جا كومو عن «نزهون» فى دراسته لحياة الشاعرة حفصة بنت الحاجّ فى مجلة Hesperis سنة ١٩٤٧، ص ١٧، حاشية ٨، واستفدت منه؛ وقد ذكر أقوال بعض المؤلفين المحدثين فيها لا فائدة فى إعادتها هنا. أما أنا فلم أطلع على ترجمة نزهون فى «إحاطة» إبن الخطيب التى لم تجىء فيما طبع من هذا الكتاب إلى الآن؛ وعلى «زاد المسافر» لصفوان بن إدريس حيث يمرّ ذكر الشاعرة فى ص ٧٥ من نشر محمد؛ وعلى «رفع الحجب المستورة فى محاسن المقصورة»[2] للشريف الغرناطى الذى يورد خبر إجازة «نزهون» لبيت الكتندى الشاعر.

أما الموشحة الفريدة التى أبقاها الزمان لنزهون فانها وردت فى مجموعة الموشحات لابن بشرى الغرناطى المسمىٰ «عدّة الجليس» (من المائة الثامنة) وقد تحدّثت عنها بصورة مفصلة فى مقالتى الإنكليزية: «أربع موشحات مشهورة

(١) نفح الطيب (١. ١٠٨)، (٢: ١٤٧) مع اختلاف فى سنتها، فمرة نجد فى النسخة المطبوعة: القاضى، ومرة: القلاعى.

(٢) (١: ١٨٧)، طبع القاهرة، ١٣٤٤)

(أو قلعة يحصب) بالقرب من غرناطة، الذى ينتسب إليهم المؤرخ ابن سعيد أيضاً وكان أبو بكر هذا والى غرناطة أيام المرابطين كما يشهد بذلك ابن سعيد[1] (الذى كان أبو بكر عم جدّه) وقد أورد ابن سعيد فى ترجمته لنزهون فى «كتاب رايات المبرّزين» بيتين بعث بهما أبو بكر هذا إلى «نزهون» يمازحها كما أورد جواب «نزهون» للبيتين، لا يخلوا من ملحة نادرة.

لقد عاشرت «نزهون» عدّة من مشاهير شعراء عصرها ولا سيّما الشاعر الأعمى أبا بكر المخزومى. و سيجد القارىء حديث التقائهما فى مجلس أبى بكر ابن سعيد فى فقرة من كتاب المؤرخ ابن سعيد فى تاريخ اسرته («الطالع السعيد فى تاريخ بنى سعيد» الذى لم يصل إلينا—أوردها لسان الدين فى ترجمته للمخزومى فى «الاحاطة»[2] والمقرى فى «نفح الطيب»[3] يظهر منها انه كان المخزومى ما حما عنّ من هجّائى الأندلس وقد لا يموت مجونه مجون «نزهون»! لكننا نستفيد من حكاية أوردها ابن سعيد عن والده فى «الرّايات» «والمغرب» أن الشاعر والشاعرة قد أصلحا حالهما فيما بينهما فنجد نزهوناً تقرأ الأدب على المخزومى: يقول ابن سعيد أنه دخل يوماً الكندى الشاعر الغرناطى المشهور، على المخزومى «و نزهون تقرأ عليه» وطلب من المخزومى أن يجيز بيتاً من الشعر ولم يأت بشىء حتى أجازته «نزهون» وأتت ببيتين جيدين (روى الحكاية باختلاف يسير ابن الأبار فى «التكملة» عن «بعض أصحابه الثقاف».

و يؤثر عن «نزهون» أيضاً أنها التقت بابن قزمان صاحب الأزجال المشهورة ورأته يوماً وعليه عمارة صفراء و شبهته ببقرة بنى إسرائيل المارّ ذكرها فى القرآن و أضافت «لكنه لا يسرّ الناظرين» و مرا إلى الآية التى وصفت تلك البقرة بأنها «تسرّ الناظرين» و هكذا نرى أن نزهوناً تمضى على طريقتها فى الفكاهة والدعابة. (ورد هذا الخبر فى «المغرب» و فى «رايات المبرّزين» لابن سعيد و فى «نفح الطيب»[4] مع زيادة تفصيله.)

لقد أتينا على أقوال المؤرخين عن «نزهون» ولم يبق إلا بعض نذكرها هنا فأول من ترجم لها من المؤرخين ممن لعتنا كتبهم الضبى فى «بغية الملتمس»

(١) كتاب المغرب (٢، ١٦٣).
(٢) الإحاطة (١، ٤٣١—٤٣٥).
(٣) نفح الطيب (١، ١١٧—١١٩).
(٤) أيضاً ٢، ٢٣٦).

أحمد القليعى، ولكنه هو نفسه يشير إلى كون هذا افتراضاً لا غير حيث يقول: «فى ما أحسب». وان أصاب حدسه، فقد انتسبت «نزهون» إلى أهل بيت اصالة فى غرناطه. إذ كان والد أبى بكر القليعى هذا، يعنى أبا جعفر أحمد بن خلف الغسانى القليعى من «حلة أعيان غرناطة» كما يقول لسان الدين ابن الخطيب فى ترجمته له فى «كتاب الإحاطة فى أخبار غرناطة»[1] وقد ولى الوزارة أيام دولة بنى زيرى فكان من الرجال الذين أعانوا على انقراض تلك الدولة وبقى مكرّماً من قبل أمير المرابطين الذى استولى على بلاد الأندلس. توفى الوزير أحمد القليعى فى سنة ٤٩٨[2].

وكان إبنه محمد بن أحمد القليعى الذى يحسب إبن الأبار أنه كان والد «نزهون» قاضى غرناطة وقد توفى سنة ٥١٠ كما يحدّث إبن الأبار فى ترجمته فى «التكملة لكتاب الصلة»[3] لكننا إذا اعتبرنا ما عنون به إبن بشرى الموشحة التى أوردها فى كتابه والتى نحن بصدد نشرها: «موشحة لنزهون بنت الوزير القليعى» لا يسعنا أن لا يعرض لنا الشك هل مازج رواية إبن الأبار شىء من الوهم فوالد «نزهون» هو أحمد بن خلف القليعى الذى يلقبه إبن الخطيب بالوزير، لا محمد بن أحمد القاضى القليعى؛ لكن ليس من المحال أن القاضى محمد بن أحمد قد لقب أيضا بالوزير على عادة أهل الأندلس الذين كثر عندهم إستعمال هذا اللقب. ومع هذا كله فان إبن سعيد إن أصاب فى تسميته لنزهون بنت القلاعى عوض القليعى، فلعله لا صلة لنزهون بالقليعيين أصلا!

كاد المؤرخون الا يريدوا فى ترجمتهم لنزهون على إيراد بعض الأبيات لها من غير أن يعرّفوا بأحوال حياتها. ولكن قد يمرّ خلال كلامهم ذكر بعض معاصريه حيث نستفيد منهم معرفة العصر الذى عاشت فيه وهو النصف الاول من المائة السادسة، عصر سيطرة المرابطين على الأندلس. وقد يذكر المؤرخون أنها اتصلت بأبى بكر بن سعيد، من أهل بيت بنى سعيد من رؤساء قلعة بنى سعيد

(١) الإحاطة فى أخبار غرناطة (١ ١٥٣ — ١٥٦) نشر محمد عبدالله عنان القاهرة، ١٩٥٦)

(٢) انظر فى حقه «مذكرات» الأمير عبدالله بن بلكين، آخر ملوك بنى زيرى فى مجلة «الأندلس» المجلد الرابع، ص ٨٠ — ٨١، ٨٥، ٩٩ — ١٠١، ١١١، و«كتاب الصلة» لإبن بشكوال، نشر كوديرا، رقم، ١٥٤)

(٣) التكملة لكتاب الصلة (٢، ١٤٦) نشر كوديرا (مدريد، ١٨٨٧).

موشحة للشاعرة الأندلسية نزهون

ذاكتر س. م. اسٹرن*

اشتهرت في بلاد الأندلس عدّة شاعرات من جملتهنّ «نزهون» التي عاشت في النصف الأول من المائة السادسة للهجرة. انّ لهذه الشاعرة مزية انفردت بها بين الشاعرات أو كادت أن تنفرد — وهو أنها لم تكن تنظم الشعر في بحور العروض المعتادة فحسب بل كانت وشاحة، نعني أنها نظمت أشعاراً على منوال ذلك الأسلوب الجديد الذي اخترعه أهل الأندلس وسمّوه الموشّح. فأننا لا نعرف امراة غيرها نظمت الموشّحات سوى «قسمونة بنت إسماعيل» اليهودية التي يخبرنا عنها المقري[1]: «ربما صنع (يعني أباها إسماعيل الذي كان شاعراً مثلها) من الموشحة قسماً فأتمتها هي بقسم آخر»؛ ولكن بينما لم يبلغنا شيء من موشحات «قسمونة»، فقد أتاح الزمن أن يحفظ لنا موشحة فريدة لنزهون نحن الآن بصدد نشرها على هذه الصفحات.

إن المعلومات التي وردت عن «نزهون» بكتب الأدب ليست وافرة وليس لدينا العلم اليقيني الكافي حتى بنسبتها الحقيقية. فقد يسميها أكثر المؤرخين بنزهون بنت القليعي ولكن إبن سعيد وهو مؤرخ شهير أصله من نواحي غرناطة، المدينة التي توطنتها «نزهون» والذي هو حريّ أن يتخذ ثقة بأخبار وطنه وان نزح عنه (لأنه ألف كتبه في المشرق) — اقول أن إبن سعيد سماها بجميع مؤلفاته بنزهون بنت التلاعي. لذا فلا يمكننا القطع بصحة إحدى الروايتين المتباينتين دون الأخرى. يقول إبن الأبار أن نزهوناً كانت بنت أبي بكر محمد بن

(١) نفح الطيب (٢ : ٣٥٦).

*ذاكتر س. م. اسٹرن. فيلو آل سولز كالج، اوكسفورڈ.

متون :

معلومات و مراسلات :

مطبوعات جدیدہ :

وفیات :

فہرست مضامین

مقالات :

مجلس ادارت

پروفیسر عبدالعلیم

ڈاکٹر سید مقبول احمد

ڈاکٹر منیب الرحمن

ڈاکٹر مختار الدین احمد (مدیر)

مجلۂ علوم اسلامیہ سال میں دو بار شائع ہوگا۔

قیمت فی پرچہ پانچ روپے

مسلم یونیورسٹی پریس علی گڑھ

نمبر ۱

مجلۂ علوم اسلامیہ

جون ۱۹۶۰

ادارۂ علوم اسلامیہ
مسلم یونیورسٹی علی گڑھ